قواعد الصرف
دوم
از
مولانا محمد نظام الدین قادری مصباحی
استاذ دار العلوم علیمیہ، جمدا شاہی، بستی
مع ضمیمہ بیانِ واحد و جمع
از
مولانا محمد احمد مصباحی
صدر المدرسین جامعہ اشرفیہ، مبارک پور
باہتمام
مجلسِ برکات، جامعہ اشرفیہ مبارک پور
Misbahi Library
مصباحی لائبریری
Team of Misbahi Library
Creator
Scanned with CamScanner

محمد سیف علی رجی مصباحی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سلسلۂ اشاعت نمبر ۸۲

قَوَاعِدُ الصَّرْف

دوم

از: مولانا محمد نظام الدین قادری مصباحی
استاذ دار العلوم علیمیہ ۔ جمداشاہی ۔ بستی

مع ضمیمہ: بیانِ واحد و جمع

از: مولانا محمد احمد مصباحی
صدر المدرسین جامعہ اشرفیہ، مبارک پور

زیر اہتمام

مجلس برکات، الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور، ضلع اعظم گڑھ

اشاعت اول۔ ذی قعدہ ۱۴۳۳ھ / اکتوبر ۲۰۱۲ء

فہرست مضامین قواعد الصرف ۔ دوم

تعارف مؤلف قواعد الصرف

نام ونسب: محمد نظام الدین قادری بن محمد یوسف بن انوار الحق بن شہادت علی بن گلزار احمد۔

آبائی وطن: بتھریا کلاں، پوسٹ: بتھریا خورد، ضلع سدھارتھ نگر۔ یو پی۔

تاریخ پیدائش: بارہ اگست سن انیس سو بہتر (12. 08. 1972)

وہ مدارس جہاں تعلیم حاصل کی:

☆ (۱) مدرسہ محی الاسلام بتھریا کلاں، سدھارتھ نگر۔ (پرائمری درجات)

☆ (۲) دار العلوم اہلِ سنت نور العلوم ٹنڈوا، ضلع سدھارتھ نگر۔ (ابتدائی فارسی عربی درجات)

☆ (۳) دار العلوم اہلِ سنت فیض الرسول براؤں شریف سدھارتھ نگر۔ (جماعت اولی، ثانیہ)

☆ (۴) دار العلوم علیمیہ جمدا شاہی بستی۔ (جماعتِ ثالثہ تا خامسہ)

☆ (۵) دار العلوم اہل سنت اشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور، ضلع اعظم گڑھ (عالمیت سالِ اخیر تا فضیلت سالِ اخیر)

فراغت: دار العلوم اہلِ سنت اشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ۔

اسناد: ۱-منشی ۲-کامل ۳-مولوی ۴-عالم ۵-فاضل دینیات ۶-فاضل ادب (مدرسہ تعلیمی بورڈ لکھنؤ) ۷-عالمیت ۸-فضیلت (جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ)

تدریسی خدمات:

☆ دار العلوم امام احمد رضا کونڈیورے، رتنا گیری، مہاراشٹر۔ ۱۹۹۳ء (ایک سال)

☆ دار العلوم علیمیہ جمدا شاہی بستی - یو پی۔ ۱۹۹۴ء تا حال ستمبر ۲۰۱۲ء

شرف بیعت: پیرِ طریقت، شہزادۂ شعیب الاولیاء حضور صوفی محمد صدیق صاحب رحمہ اللہ براؤں شریف۔

قلمی خدمات:

☆ (۱) حاشیہ مقامات حریری (باہتمام مجلس برکات، جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ، یو پی)

☆ (۲) قواعد الصرف اول (باہتمام مجلس برکات، جامعہ اشرفیہ مبارک پور، اعظم گڑھ، یو پی)

☆ (۳) قواعد الصرف دوم (باہتمام مجلس برکات، جامعہ اشرفیہ مبارک پور، اعظم گڑھ، یو پی)

☆ (۳) تحقیق شرح دیوان حماسہ (زیرِ طبع)

☆ (۴) مختلف موضوعات پر متعدد مذہبی ماہناموں کے لیے مضامین اور مجلس شرعی جامعہ اشرفیہ مبارک پور کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے فقہی سیمیناروں کے لیے درجنوں مقالات۔ ❁❁❁

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ حامداً و مصلیاً و مسلماً

اِعادۂ ماسبق

نصاب کے مطابق قواعد الصرف دوم کی ابتداشش ماہی اول میں ہوگی جب کہ قواعد الصرف اول ختم ہونے کے بعد تقریباً تین ماہ کا عرصہ گزر چکا ہوگا۔ نئے درجے میں کچھ طلبہ ایسے بھی ہو سکتے ہیں جنھوں نے علم الصیغہ یا قواعد الصرف اول ختم نہ کی ہو اور کچھ ایسے بھی ہوں گے جو پڑھ کر بہت کچھ غائب کر چکے ہوں گے، اس لیے تمام طلبہ کو چاہیے کہ حصہ اول کے پورے مضامین از سرِ نو تازہ کرلیں تاکہ فن میں پختگی پیدا ہو۔

یہاں حصۂ اول سے متعلق کچھ قواعد اور گردانوں کو بہت اختصار کے ساتھ اور ذرا نئے انداز میں دوبارہ درج کیا جاتا ہے تاکہ اساتذہ ان کا اعادہ کرا کے طلبہ کی خامیاں دور کریں اور اچھی طرح اِجرا اور مشق کرا کے ان کی صرفی استعداد مضبوط بنائیں۔

گردانوں کو یہاں نقشہ (۱ تا ۱۱) کے عنوان سے لکھا گیا ہے اور گردانوں کا نمبر شمار بھی دیا گیا ہے جو ع۱ سے شروع ہو کر ع۱۵۰ پر ختم ہوتا ہے۔ پھر نقشہ ع۱۲ میں صرف الفاظ اور معانی دیے گئے ہیں، ان کی گردان ع۱ سے ع۱۵۰ تک میں سے جس نمبر کے مطابق ہوگی وہ نمبر الفاظ کے ساتھ درج کر دیا گیا ہے۔ الفاظ کی ترتیب میں حروف تہجی کا لحاظ کیا گیا ہے۔

نقشہ (۱) سالم سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

نقشے میں باب کے خانہ میں آنے والی تفصیل کے مطابق باب کا ایک نمبر مان لیا گیا ہے: (۱) نصر (۲) ضرب (۳) سمع (۴) فتح (۵) کرم (۶) افتعال (۷) استفعال (۸) انفعال (۹) افعال (۱۰) تفعیل (۱۱) مفاعلۃ (۱۲) تفعل (۱۳) تفاعل (۱۴) فعللۃ (۱۵) تفعلل۔ ان کے علاوہ دیگر ابواب کا الگ نقشہ دیا گیا ہے۔ نقشہ نمبر (۱۲) میں کچھ افعال دیے گیے ہیں، تاکہ زیادہ افعال نظر میں آجائیں اور محنتی طلبہ ان کا اِجرا بھی کرلیں ــــــ جس فعل میں تبدیلی ہوئی ہے اس کو نمایاں کر دیا گیا ہے اور جاری ہونے والے قاعدہ کا نمبر بعد میں دے دیا گیا ہے۔ اگر مہموز یا معتل یا مضاعف سے کوئی باب نہیں آتا ہے تو اس کا خانہ خالی ہے۔ بعض وہ گردانیں جو پوری نہیں لکھی گئی ہیں، ان کو سالم کے انداز پر گردانا چاہیے۔ افعال کے معانی اگر نہ معلوم ہوں تو لغات کی طرف رجوع کریں یا اساتذہ سے معلوم کریں۔

باب	گردانیں
۱	(۱) **ماضی**: دَخَلَ، دَخَلا، دَخَلُوْا، دَخَلَتْ، دَخَلَتا، دَخَلْنَ، دَخَلْتَ، دَخَلْتُما، دَخَلْتُم، دَخَلْتِ، دَخَلْتُنَّ، دَخَلْتُ، دَخَلْنا. **مضارع**: يَدْخُلُ، يَدْخُلان، يَدْخُلُوْنَ، تَدْخُلُ، تَدْخُلانَ، يَدْخُلْنَ، تَدْخُلُوْنَ، تَدْخُلِيْنَ، تَدْخُلْنَ، اَدْخُلُ، نَدْخُلُ. **امر**: اُدْخُلْ، اُدْخُلا، اُدْخُلُوْا، اُدْخُلي، اُدْخُلْنَ.
۲	(۲) **ماضی**: عَرَفَ، عَرَفا، عَرَفُوْا، عَرَفَتْ، عَرَفَتا، عَرَفْنَ، عَرَفْتَ، عَرَفْتُما، عَرَفْتُم، عَرَفْتِ، عَرَفْتُنَّ، عَرَفْتُ، عَرَفْنا. **مضارع**: يَعْرِفُ، يَعْرِفان، يَعْرِفُوْنَ، تَعْرِفُ، تَعْرِفانِ، يَعْرِفْنَ، تَعْرِفُوْنَ، تَعْرِفِيْنَ، تَعْرِفْنَ، اَعْرِفُ، نَعْرِفُ. **امر**: اِعْرِفْ، اِعْرِفا، اِعْرِفُوْا، اِعْرِفي، اِعْرِفْنَ

۳	(۳) **ماضی**: حَفِظَ، حَفِظا، حَفِظُوْا، حَفِظَتْ، حَفِظَتا، حَفِظْنَ، حَفِظْتَ، حَفِظْتُما، حَفِظْتُمْ، حَفِظْتِ، حَفِظْتُنَّ، حَفِظْتُ، حَفِظْنا. **مضارع**: يَحْفَظُ، يَحْفَظانِ، يَحْفَظُوْنَ، تَحْفَظُ، تَحْفَظانِ، يَحْفَظْنَ، تَحْفَظُوْنَ، تَحْفَظِيْنَ، تَحْفَظْنَ، اَحْفَظُ، نَحْفَظُ. **امر**: اِحْفَظْ، اِحْفَظا، اِحْفَظُوا، اِحْفَظِيْ، اِحْفَظْنَ.
۴	(٤) **ماضی**: لَدَغَ، لَدَغا، لَدَغُوْا، لَدَغَتْ، لَدَغَتا، لَدَغْنَ، لَدَغْتَ، لَدَغْتُما، لَدَغْتُمْ، لَدَغْتِ، لَدَغْتُنَّ، لَدَغْتُ، لَدَغْنا. **مضارع**: يَلْدَغُ، يَلْدَغانِ، يَلْدَغُوْنَ، تَلْدَغُ، تَلْدَغانِ، يَلْدَغْنَ، تَلْدَغُوْنَ، تَلْدَغِيْنَ، تَلْدَغْنَ، اَلْدَغُ، نَلْدَغُ. **امر**: اِلْدَغْ، اِلْدَغا، اِلْدَغُوْا، اِلْدَغِيْ، اِلْدَغْنَ.
۵	(۵)**ماضی**: نَجُبَ، نَجُبا، نَجُبُوْا، نَجُبَتْ، نَجُبَتا، نَجُبْنَ، نَجُبْتَ، نَجُبْتُما، نَجُبْتُمْ، نَجُبْتِ، نَجُبْتُنَّ، نَجُبْتُ، نَجُبْنا. **مضارع**: يَنْجُبُ، يَنْجُبانِ، يَنْجُبُوْنَ، تَنْجُبُ، تَنْجُبانِ، يَنْجُبْنَ، تَنْجُبُوْنَ، تَنْجُبِيْنَ، تَنْجُبْنَ، اَنْجُبُ، نَنْجُبُ. **امر**: اُنْجُبْ، اُنْجُبا، اُنْجُبُوْا، اُنْجُبِي، اُنْجُبْنَ.
٦	(٦) **ماضی**: اِبْتَسَمَ، اِبْتَسَما، اِبْتَسَمُوْا، اِبْتَسَمَتْ، اِبْتَسَمَتا، اِبْتَبَسْنَ، اِبْتَسَمْتَ، اِبْتَسَمْتُما، اِبْتَسَمْتُمْ، اِبْتَسَمْتِ، اِبْتَسَمْتُنَّ، اِبْتَسَمْتُ، اِبْتَسَمْنا. **مضارع**: يَبْتَسِمُ، يَبْتَسِمانِ، يَبْتَسِمُوْنَ، تَبْتَسِمُ، تَبْتَسِمانِ، يَبْتَسِمْنَ، تَبْتَسِمُوْنَ، تَبْتَسِمِيْنَ، تَبْتَسِمْنَ، اَبْتَسِمُ، نَبْتَسِمُ. **امر**: اِبْتَسِمْ، اِبْتَسِما، اِبْتَسِمُوْا، اِبْتَسِمِيْ، اِبْتَسِمْنَ.
۷	(۷) **ماضی**: اِسْتَحْسَنَ، اِسْتَحْسَنا، اِسْتَحْسَنُوْا، اِسْتَحْسَنَتْ، اِسْتَحْسَنَتا، اِسْتَحْسَنَّ، اِسْتَحْسَنْتَ، اِسْتَحْسَنْتُما، اِسْتَحْسَنْتُم، اِسْتَحْسَنْتِ، اِسْتَحْسَنْتُنَّ، اِسْتَحْسَنْتُ، اِسْتَحْسَنّا. **مضارع**: يَسْتَحْسِنُ، يَسْتَحْسِنانِ، يَسْتَحْسِنُوْنَ، تَسْتَحْسِنُ، تَسْتَحْسِنانِ، يَسْتَحْسِنَّ، تَسْتَحْسِنُوْنَ، تَسْتَحْسِنِيْنَ، تَسْتَحْسِنَّ، اَسْتَحْسِنُ، نَسْتَحْسِنُ. **امر**: اِسْتَحْسِنْ، اِسْتَحْسِنا، اِسْتَحْسِنُوْا، اِسْتَحْسِنِي، اِسْتَحْسِنَّ
۸	(۸) **ماضی**: اِنْصَرَفَ، اِنْصَرَفا، اِنْصَرَفُوْا، اِنْصَرَفَتْ، اِنْصَرَفَتا، اِنْصَرَفْنَ، اِنْصَرَفْتَ، اِنْصَرَفْتُما، اِنْصَرَفْتُم، اِنْصَرَفْتِ، اِنْصَرَفْتُنَّ، اِنْصَرَفْتُ، اِنْصَرَفْنا. **مضارع** : يَنْصَرِفُ، يَنْصَرِفانِ، يَنْصَرِفُوْنَ، تَنْصَرِفُ، تَنْصَرِفانِ، يَنْصَرِفْنَ، تَنْصَرِفُوْنَ، تَنْصَرِفِيْنَ، تَنْصَرِفْنَ، اَنْصَرِفُ، نَنْصَرِفُ. **امر** : اِنْصَرِفْ، اِنْصَرِفا، اِنْصَرِفُوا، اِنْصَرِفِي، اِنْصَرِفْنَ
۹	(۹) **ماضی** : اَرْشَدَ، اَرْشَدَا، اَرْشَدُوْا، اَرْشَدَتْ، اَرْشَدَتا، اَرْشَدْنَ، اَرْشَدْتَ، اَرْشَدْتُما، اَرْشَدْتُمْ، اَرْشَدْتِ، اَرْشَدْتُنَّ، اَرْشَدْتُ، اَرْشَدْنا. **مضارع** : يُرْشِدُ، يُرْشِدَانِ، يُرْشِدُوْنَ، تُرْشِدُ، تُرْشِدَانِ، يُرْشِدْنَ، تُرْشِدُوْنَ، تُرْشِدِيْنَ، تُرْشِدْنَ، اُرْشِدُ، نُرْشِدُ. **امر**: اَرْشِدْ، اَرْشِدَا، اَرْشِدُوْا، اَرْشِدِيْ، اَرْشِدْنَ.

۱۰ مزین کرنا	(۱۰) **ماضی** : هَذَّبَ، هَذَّبا، هَذَّبُوْا، هَذَّبَتْ، هَذَّبَتا، هَذَّبْنَ، هَذَّبْتَ، هَذَّبْتُما، هَذَّبْتُمْ، هَذَّبْتِ، هَذَّبْتُنَّ، هَذَّبْتُ، هَذَّبْنا. **مضارع**: يُهَذِّبُ، يُهَذِّبان، يُهَذِّبُوْنَ، تُهَذِّبُ، تُهَذِّبان، يُهَذِّبْنَ، تُهَذِّبُوْنَ، تُهَذِّبِيْنَ، تُهَذِّبْنَ، اُهَذِّبُ. نُهَذِّبُ. **امر** : هَذِّبْ، هَذِّبا، هَذِّبُوْا، هَذِّبِي، هَذِّبْنَ.
۱۱ مباحثہ کرنا	(۱۱)**ماضی**: باحَثَ، باحَثا، باحَثُوْا، باحَثَتْ، باحَثَتا، باحَثْنَ، باحَثْتَ، باحَثْتُما، باحَثْتُمْ، باحَثْتِ، باحَثْتُنَّ، باحَثْتُ، باحَثْنا. **مضارع**: يُباحِثُ، يُباحِثان، يُباحِثُوْنَ،تُباحِثُ، تُباحِثان، يُباحِثْنَ، تُباحِثُوْنَ، تُباحِثِيْنَ، تُباحِثْنَ، اُباحِثُ، نُباحِثُ. **امر** : باحِثْ، باحِثا، باحِثُوْا، باحِثِي، باحِثْنَ.
۱۲	(۱۲)**ماضی**: تَعَلَّمَ، تَعَلَّما، تَعَلَّمُوْا، تَعَلَّمَتْ، تَعَلَّمَتا، تَعَلَّمْنَ، تَعَلَّمْتَ، تَعَلَّمْتُما، تَعَلَّمْتُمْ، تَعَلَّمْتِ، تَعَلَّمْتُنَّ، تَعَلَّمْتُ، تَعَلَّمْنا. **مضارع**: يَتَعَلَّمُ، يَتَعَلَّمان، يَتَعَلَّمُوْنَ، تَتَعَلَّمُ، تَتَعَلَّمان، يَتَعَلَّمْنَ، تَتَعَلَّمُوْنَ، تَتَعَلَّمِيْنَ، تَتَعَلَّمْنَ، اَتَعَلَّمُ، نَتَعَلَّمُ. **امر**: تَعَلَّمْ، تَعَلَّما، تَعَلَّمُوْا، تَعَلَّمِيْ، تَعَلَّمْنَ.
۱۳	(۱۳) **ماضی**: تَصالَحَ، تَصالَحا، تَصالَحُوْا، تَصالَحَتْ، تَصالَحَتا، تَصالَحْنَ، تَصالَحْتَ، تَصالَحْتُما، تَصالَحْتُمْ، تَصالَحْتِ، تَصالَحْتُنَّ، تَصالَحْتُ، تَصالَحْنا. **مضارع** : يَتَصالَحُ، يَتَصالَحان، يَتَصالَحُوْنَ، تَتَصالَحُ، تَتَصالَحان، يَتَصالَحْنَ، تَتَصالَحُوْنَ، تَتَصالَحِيْنَ، تَتَصالَحْنَ، اَتَصالَحُ، نَتَصالَحُ. **امر**: تَصالَحْ، تَصالَحا، تَصالَحُوْا، تَصالَحِيْ، تَصالَحْنَ.
۱۴	(۱۴)**ماضی**: بَسْمَلَ، بَسْمَلا، بَسْمَلُوْا، بَسْمَلَتْ، بَسْمَلَتا، بَسْمَلْنَ، بَسْمَلْتَ، بَسْمَلْتُما، بَسْمَلْتُمْ، بَسْمَلْتِ، بَسْمَلْتُنَّ، بَسْمَلْتُ، بَسْمَلْنا. **مضارع**: يُبَسْمِلُ يُبَسْمِلان، يُبَسْمِلُوْنَ، تُبَسْمِلُ، تُبَسْمِلان، يُبَسْمِلْنَ، تُبَسْمِلُوْنَ، تُبَسْمِلِيْنَ، تُبَسْمِلْنَ، اُبَسْمِلُ، نُبَسْمِلُ. **امر**:بَسْمِلْ، بَسْمِلا، بَسْمِلُوْا، بَسْمِلِيْ، بَسْمِلْنَ.
۱۵	(۱۵)**ماضی**: :تَسَرْبَلَ، تَسَرْبَلا، تَسَرْبَلُوْا، تَسَرْبَلَتْ، تَسَرْبَلَتا، تَسَرْبَلْنَ، تَسَرْبَلْتَ، تَسَرْبَلْتُما، تَسَرْبَلْتُمْ، تَسَرْبَلْتِ، تَسَرْبَلْتُنَّ، تَسَرْبَلْتُ، تَسَرْبَلْنَ. **مضارع**: يَتَسَرْبَلُ، يَتَسَرْبَلان، يَتَسَرْبَلُوْنَ، تَتَسَرْبَلُ، تَتَسَرْبَلانِ، يَتَسَرْبَلْنَ، تَتَسَرْبَلُوْنَ، تَتَسَرْبَلِيْنَ، تَتَسَرْبَلْنَ، اَتَسَرْبَلُ، نَتَسَرْبَلُ. **امر**:تَسَرْبَلْ، تَسَرْبَلا، تَسَرْبَلُوْا، تَسَرْبَلِيْ، تَسَرْبَلْنَ.

قواعد مہموز

ہمزہ کی ادائیگی عربوں کے نزدیک دشوار ہے، اسی وجہ سے وہ کہیں کہیں ہمزہ میں تبدیلی کر لیتے ہیں۔ ہمزہ میں ہونے والی تبدیلی کو "تخفیف" کہا جاتا ہے۔ تخفیف کی تین صورتیں ہیں۔ (۱) ابدال (۲) حذف (۳) بین بین (تسهيل).

قاعدہ (۱) ہمزۂ منفردہ (یعنی وہ ہمزہ جس کے ساتھ دوسرا ہمزہ نہ ہو) اگر ساکن ہو تو فتحہ کے بعد الف سے، کسرہ

کے بعد یا سے اور ضمّہ کے بعد واو سے تبدیل کر دینا جائز ہے، جیسے: یَأْکُلُ، اِئْتَمِرْ، یُؤْمَرُ، رَأْسٌ، ذِئْبٌ، بُؤْسٌ سے یَاکُلُ، اِیْتَمِرْ، یُوْمَرُ، رَاسٌ، ذِیْبٌ، بُوْسٌ.

قاعدہ (۲) ہمزۂ منفردہ اگر مفتوح ہو تو جائز ہے کہ ضمّہ کے بعد واو اور کسرہ کے بعد یا سے بدل دیا جائے، جیسے: جُؤَنٌ، مِئَرٌ سے جُوَنٌ، مِیَرٌ.

قاعدہ (۳) ہمزۂ ساکنہ اگر ہمزۂ متحرّکہ کے بعد ہو تو فتحہ کے بعد الف، ضمّہ کے بعد واو اور کسرہ کے بعد یا سے تبدیل کرنا واجب ہے، جیسے: أَأْمَنَ، أُؤْمِنَ، إِئْمَاناً سے آمَنَ، أُوْمِنَ، إِیْمَاناً. اور اگر ہمزۂ متحرکہ، ہمزۂ ساکنہ کے بعد ہو تو اول کو ثانی میں ادغام کر دیا جائے گا، جیسے: سَئَّالٌ. (بہت زیادہ مانگنے والا)

قاعدہ (٤) ہمزۂ متحرّکہ سے پہلے اگر وہ واو یا یائے ساکنہ زائدہ واقع ہو جو الحاق کے لیے نہ ہو تو جائز ہے کہ اس کو ماقبل کی جنس سے تبدیل کر دیا جائے، مگر تبدیل کے بعد ادغام لازم ہے، جیسے "خَطِیْئَة"، "مَقْرُوْءَة" سے "خَطِیَّة"، "مَقْرُوَّة"۔ اور اگر ہمزۂ متحرکہ سے پہلے الف ہو تو بین بین قریب کے طور پر تخفیف کر سکتے ہیں [بین بین قریب کی تعریف آگے آ رہی ہے] اور اگر ہمزۂ متحرکہ سے پہلے جو ساکن ہے وہ حرف صحیح یا مذکورہ صورتوں کے علاوہ حرفِ علّت ہو تو اس ہمزہ کی حرکت ماقبل کو منتقل کر کے ہمزہ کو حذف کرنا جائز ہے، جیسے: "یَسْأَلُ"، "قَدْأَفْلَح"، "یَرْمِیْ أَخاہ" سے "یَسَلُ"، "قَدَفْلَحَ"، "یَرْمِیَخاہ".

نوٹ: مذکورہ بالا قاعدہ "رَأَی" کے فعلِ مضارع اور فعلِ امر یوں ہی اس مادہ سے باب اِفْعال کے تمام صیغوں میں بطورِ وجوب مستعمل ہے، جیسے: یَرَی، یُرَی، رَ، یُرِی. یونہی یہ قاعدہ "سَلْ" میں اکثری ہے۔

قاعدہ (۵) ہمزۂ متحرّکہ اگر حرفِ متحرّک کے بعد واقع ہو تو کُل نو صورتیں ہو سکتی ہیں۔ (۱ تا ۳) ہمزہ مفتوح ہو اور اس کے پہلے حرف پر ضمّہ یا فتحہ یا کسرہ ہو، جیسے: مُؤَجَّل، سَأَلَ، مِئَة. (۴ تا ٦) ہمزہ مکسور ہو اور اس سے پہلے حرف پر ضمہ یا فتحہ یا کسرہ ہو، جیسے: سُئِلَ، سَئِمَ، مُسْتَهْزِئِیْنَ (۷ تا ۹) ہمزہ مضموم ہو اور اس سے پہلے حرف پر ضمّہ یا فتحہ یا کسرہ ہو، جیسے: رُءُوْسٌ، رَءُوْفٌ، مُسْتَهْزِءُوْنَ. اب اگر ہمزۂ مفتوحہ سے پہلے حرفِ مضموم ہو تو ہمزہ کو واو سے بدل دیتے ہیں۔ اور اگر حرفِ مکسور ہو تو یا سے بدل دیتے ہیں اور بقیہ سات صورتوں میں "بین بین قریب" ہے۔ اور ایک قول کے مطابق دو صورتوں ([۱] ہمزہ مکسور ماقبل مضموم، جیسے "سُئِلَ" [۲] ہمزہ مضموم ماقبل مکسور، جیسے: "مُسْتَهْزِءُوْنَ") میں "بین بین بعید" ہے۔

نوٹ: "بین بین" کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) بین بین قریب (۲) بین بین بعید.

بین بین قریب: ہمزۂ متحرّکہ کو اگر اس طرح پڑھا جائے کہ ہمزہ کی آواز کے ساتھ ہمزہ پر موجود حرکت کے موافق حرف علت کی آواز ادا ہو (یعنی ایسی آواز ہو جو نہ مکمل ہمزہ ہو نہ مکمل حرف علت بلکہ دونوں کے درمیان کی آواز ہو) تو یہ بین بین قریب ہے۔ (اس کو "بین بین مشهور" بھی کہا جاتا ہے)

بین بین بعید: ہمزۂ متحرّکہ کو اگر اس طرح پڑھا جائے کہ ہمزہ کی آواز کے ساتھ ہمزہ سے پہلے حرفِ متحرّک کے موافق حرفِ علّت کی آواز ادا ہو تو یہ بین بین بعید ہے۔ (اس کو "بین بین غیر مشهور" بھی کہا جاتا ہے)

قاعدہ (٦) دو ہمزۂ متحرکہ میں اگر ایک بھی مکسور ہو تو دوسرا ہمزہ وجوباً یا ہو جائے گا، جیسے: جاءٍ، أیِمّة. اور اگر دونوں میں کوئی مکسور نہ ہو تو دوسرا ہمزہ واو ہو جائے گا، جیسے: أوَادِمُ، أوَمّلُ. (**نوٹ:** "أُکْرِمُ" ("أأکرِمُ" کی اصل) میں خلافِ قیاس حذف لازم ہے۔

نوٹ: بعض قراءات متواترہ میں "أئِمّة" جو ہمزۂ دوم کی تحقیق یا تسہیل کے ساتھ آیا ہے وہ خلافِ قیاس اور شاذ ہے، جس پر قیاس نہیں کیا جا سکتا ہے۔

قاعدہ (۷) ہمزہ اگر الفِ مفاعل کے بعد یا سے پہلے واقع ہو تو ہمزہ کو یائے مفتوحہ سے اور یا کو الف سے تبدیل کر دیتے ہیں، جیسے: خَطایا.

قاعدہ (۸) دو کلموں کے ہمزہ اگر یکجا ہوں، جیسے: جاءَ أحَدٌ (کوئی آیا)، یَدْرَأُ أحَدٌ (کوئی دفع کرتا ہے)، مِنْ تِلْقاءِ أحَدٍ (کسی کی جانب سے)، لَمْ یَدْرَأْ أحَدٌ (کسی نے دفع نہیں کیا) وغیرہ تو تین صورتیں جائز ہیں۔(۱) دونوں کو برقرار رکھا جائے (۲) دونوں میں قاعدہ کے مطابق تخفیف کی جائے (۳) کسی ایک میں قاعدہ کے مطابق تخفیف کی جائے۔ اور اگر پہلا کلمہ ہمزۂ استفہام ہو تو دونوں ہمزوں کے درمیان الف بڑھانا بھی جائز ہے، جیسے: أاأنْتَ.

قاعدہ (۹) ہمزہ اگر حرفِ متحرّک کے بعد طرف میں واقع ہو تو اس کو برقرار رکھنا (تحقیقِ ہمزہ) اور ماقبل کی حرکت کے موافق حرفِ علّت سے بدل دینا جائز ہے۔ جیسے: قَرَءَ اور قَرَاْ (پڑھا)، جَرُءَ اور جَرُوَ (دلیری کی) اور أخْطَأَ اور أخْطَا (خطا کی).

قاعدہ (۱۰) بابِ افعال کے ہمزہ کو فعلِ مضارع اور جملہ مشتقات میں حذف کرنا واجب ہے

نقشہ (۲) مہموزِ فا سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	(۱٦) **ماضی:** اَخَذَ، اَخَذا، اَخَذُوْا، اَخَذَتْ، اَخَذَتا، اَخَذْنَ، اَخَذْتَ، اَخَذْتُما، اَخَذْتُمْ، اَخَذْتِ، اَخَذْتُنَّ، اَخَذْتُ، اَخَذْنا۔ **مضارع: یاخُذُ، یاخُذانِ، یاخُذُوْنَ، تاخُذُ، تاخُذانِ، یاخُذْنَ، تاخُذُوْنَ، تاخُذِیْنَ، تاخُذْنَ [۱] آخُذُ [۳]، ناخُذُ [۱] امر:** خُذْ، خُذا، خُذُوْا، خُذِيْ، خُذْنَ۔[1]
۲	(۱۷) **ماضی:** اَثَرَ، اَثَرا، اَثَرُوْا، اَثَرَتْ، اَثَرَتا، اَثَرْنَ، اَثَرْتَ، اَثَرْتُما، اَثَرْتُمْ، اَثَرْتِ، اَثَرْتُنَّ، اَثَرْتُ، اَثَرْنا۔ **مضارع: یاثِرُ، یاثِرانِ، یاثِرُوْنَ، تاثِرُ ، تاثِران، یاثِرْنَ، تاثِرُوْنَ، تاثِرِیْنَ، تاثِرْنَ [۱] آثِرُ [۳] ناثِرُ [۱] امر:** اِیْثِر، اِیْثِرا، اِیْثِرُوْا، اِیْثِرِيْ، اِیْثِرْنَ۔

(۱) صرفیوں نے مہموز فا کے امر (کُلْ، خُذْ وغیرہ) میں حذفِ ہمزتین کو شاذ کہا ہے، اس شذوذ کو قلبِ مکانی مان کر دور کیا جا سکتا ہے، یعنی "أوْخُذْ" قلب کے ذریعہ "اُخْوُذْ" ہوا، پھر "یَسَلُ" کے قاعدہ سے ہمزہ کو حذف کر دیا گیا۔

۳	**(۱۸) ماضی:** اَلِفَ، اَلِفا، اَلِفُوْا، اَلِفَتْ، اَلِفَتا، اَلِفْنَ، اَلِفْتَ، اَلِفْتُما، اَلِفْتُمْ، اَلِفْتِ، اَلِفْتُنَّ، اَلِفْتُ، اَلِفْنا۔ **مضارع: یاَلَفُ، یاَلَفانِ، یاَلَفُوْنَ، تاَلَفُ، تاَلَفانِ، یاَلَفْنَ، تاَلَفُوْنَ، تاَلَفِیْنَ، تاَلَفْنَ، [ا] آلَفُ[۳] ناَلَفُ** [ا] **امر:** اِئْلَفْ، اِئْلَفا، اِئْلَفُوْا، اِئْلَفِيْ، اِئْلَفْنَ۔
۴	**(۱۹) ماضی:** اَلِهَ، اَلِها، اَلِهُوْا، اَلِهَتْ، اَلِهَتا، اَلِهْنَ، اَلِهْتَ، اَلِهْتُما، اَلِهْتُمْ، اَلِهْتِ، اَلِهْتُنَّ، اَلِهْتُ، اَلِهْنا۔ **مضارع: یاَلَهُ، یاَلَهانِ، یاَلَهُوْنَ، تاَلَهُ، تاَلَهانِ، یاَلَهْنَ، تاَلَهُوْنَ، تاَلَهِیْنَ، تاَلَهْنَ [ا] آلَهُ[۳]، ناَلَهُ[ا] امر:** اِئْلَهْ، اِئْلَها، اِئْلَهُوْا، اِئْلَهِيْ، اِئْلَهْنَ۔
۵	**(۲۰) ماضی:** اَصُلَ، اَصُلا، اَصُلُوْا، اَصُلَتْ، اَصُلَتا، اَصُلْنَ، اَصُلْتَ، اَصُلْتُما، اَصُلْتُمْ، اَصُلْتِ، اَصُلْتُنَّ، اَصُلْتُ، اَصُلْنا۔ **مضارع: یاصُلُ، یاصُلانِ، یاصُلُوْنَ، تاصُلُ، تاصُلانِ، یاصُلْنَ، تاصُلُوْنَ، تاصُلِیْنَ، تاصُلْنَ [ا] آصُلُ [۳] ناصُلُ [ا] امر:** اُوْصُلْ، اُوْصُلا، اُوْصُلُوْا، اُوْصُلِيْ، اُوْصُلْنَ۔
۶	**(۲۱) ماضی: اِیْتَلَفَ، اِیْتَلَفا، اِیْتَلَفُوْا، اِیْتَلَفَتْ، اِیْتَلَفَتا، اِیْتَلَفْنَ، اِیْتَلَفْتَ، اِیْتَلَفْتُما، اِیْتَلَفْتُمْ، اِیْتَلَفْتِ، اِیْتَلَفْتُنَّ، اِیْتَلَفْتُ، اِیْتَلَفْنا[۳]. مضارع: یاْتَلِفُ، یاْتَلِفانِ، یاْتَلِفُوْنَ، تاْتَلِفُ، تاْتَلِفانِ، یاْتَلِفْنَ، تاْتَلِفُوْنَ، تاْتَلِفِیْنَ، تاْتَلِفْنَ[ا]آتَلِفُ [۳] ناْتَلِفُ [ا] امر: اِیْتَلِفْ، اِیْتَلِفا، اِیْتَلِفُوْا، اِیْتَلِفِيْ، اِیْتَلِفْنَ [۳]**
۷	**(۲۲) ماضی: اِسْتَأنَفَ، اِسْتَأنَفا، اِسْتَأنَفُوْا، اِسْتَأنَفَتْ، اِسْتَأنَفَتا، اِسْتَأنَفْنَ، اِسْتَأنَفْتَ، اِسْتَأنَفْتُما، اِسْتَأنَفْتُمْ، اِسْتَأنَفْتِ، اِسْتَأنَفْتُنَّ، اِسْتَأنَفْتُ، اِسْتَأنَفْنا[ا]. مضارع : یَسْتانِفُ، یَسْتانِفانِ، یَسْتانِفُوْنَ، تَسْتانِفُ، تَسْتانِفانِ، یَسْتانِفْنَ، تَسْتانِفُوْنَ، تَسْتانِفِیْنَ، تَسْتانِفْنَ، اَسْتانِفُ، نَسْتانِفُ.[ا] امر:اِسْتانِفْ.....[ا]**
۸	**(۲۳) ماضی:اِناْطَرَ،اِناْطَرا، اِناْطَرُوْا،اِناْطَرَتْ، اِناْطَرَتا، اِناْطَرْنَ، اِناْطَرْتَ، اِناْطَرْتُما، اِناْطَرْتُمْ، اِناْطَرْتِ، اِناْطَرْتُنَّ، اِناْطَرْتُ، اِناْطَرْنا[۴]. مضارع: یَناْطِرُ، یَناْطِرانِ، یَناْطِرُوْنَ، تَناْطِرُ، تَناْطِرانِ، یَناْطِرْنَ، تَناْطِرُوْنَ، تَناْطِرِیْنَ، تَناْطِرْنَ، اَناْطِرُ، نَناْطِرُ [۴]امر:اِناْطِرْ، اِناْطِرا، اِناْطِرُوْا، اِناْطِرِيْ، اِناْطِرْنَ [۴]**
۹	**(۲۴)ماضی : آجَرَ، آجَرا، آجَرُوْا آجَرَتْ،آجَرَتا، آجَرْنَ، آجَرْتَ، آجَرْتُما، آجَرْتُمْ، آجَرْتِ، آجَرْتُنَّ، آجَرْتُ، آجَرْنا [۳] مضارع:یُؤْجِرُ، یُؤْجِرانِ، یُؤْجِرُوْنَ، تُؤْجِرُ، تُؤْجِرانِ، یُؤْجِرْنَ، تُؤْجِرُوْنَ، تُؤْجِرِیْنَ، تُؤْجِرْنَ [ا] اُوْجِرُ[۳] نُوْجِرُ [ا] امر: آجِرْ، آجِرا، آجِرُوْا، آجِرِيْ، آجِرْنَ [۳]**

۱۰	(۲۵)**ماضی**: أمَّنَ، أمَّنا، أمَّنُوا، أمَّنَتْ، أمَّنَتا، أمَّنَّ، أمَّنْتَ، أمَّنْتُما، أمَّنْتُم،أمَّنْتِ، أمَّنْتُنَّ، أمَّنْتُ، أمَّنّا۔ **مضارع**: يُؤَمِّنُ، يُؤَمِّنانِ،يُؤَمِّنُونَ، تُؤَمِّنُ، تُؤَمِّنانِ، يُؤَمِّنَّ، تُؤَمِّنُ، تُؤَمِّنُونَ، تُؤَمِّنِينَ، تُؤَمِّنَّ، اُؤَمِّنُ، نُؤَمِّنُ [۲] [۵] **امر**: أمِّنْ، أمِّنا، أمِّنُوا، أمِّنِي، أمِّنَّ۔ آمین کہنا
۱۱	(۲۶)**ماضی**: آخَذَ، آخَذا، آخَذُوا،آخَذَتْ، آخَذَتا، آخَذْنَ، آخَذْتَ، آخَذْتُما، آخَذْتُمْ، آخَذْتِ، آخَذْتُنَّ، آخَذْتُ، آخَذْنا[۳] **مضارع**: يُؤاخِذُ، يُؤاخِذانِ، يُؤاخِذُونَ، تُؤاخِذُ، تُؤاخِذانِ، يُؤاخِذْنَ، تُؤاخِذُونَ، تُؤاخِذِينَ،تُؤاخِذْنَ، اُؤاخِذُ ، نُؤاخِذُ[۲] [۵] **امر**: آخِذْ، آخِذا، آخِذُوا، آخِذِي، آخِذْنَ [۳] سزا دینا
۱۲	(۲۷)**ماضی**: تَأَثَّرَ، تَأَثَّرا، تَأَثَّرُوا، تَأَثَّرَتْ، تَأَثَّرَتا، تَأَثَّرْنَ، تَأَثَّرْتَ، تَأَثَّرْتُما، تَأَثَّرْتُم، تَأَثَّرْتِ، تَأَثَّرْتُنَّ، تَأَثَّرْتُ، تَأَثَّرْنا۔ **مضارع**: يَتَأَثَّرُ، يَتَأَثَّرانِ، يَتَأَثَّرُونَ، تَتَأَثَّرُ، تَتَأَثَّرانِ يَتَأَثَّرْنَ، تَتَأَثَّرُونَ، تَتَأَثَّرِينَ، تَتَأَثَّرْنَ، اَتَأَثَّرُ، نَتَأَثَّرُ۔ **امر**: تَأَثَّرْ، تَأَثَّرا، تَأَثَّرُوا، تَأَثَّرِي، تَأَثَّرْنَ۔ [illegible]
۱۳	(۲۸)**ماضی**: تَآلَفَ، تَآلَفا، تَآلَفُوا، تَآلَفَتْ، تَآلَفَتا، تَآلَفْنَ، تَآلَفْتَ، تَآلَفْتُما، تَآلَفْتُم، تَآلَفْتِ، تَآلَفْتُنَّ، تَآلَفْتُ، تَآلَفْنا۔ **مضارع**: يَتَآلَفُ، يَتَآلَفانِ، يَتَآلَفُونَ، تَتَآلَفُ، تَتَآلَفانِ، يَتَآلَفْنَ، تَتَآلَفُونَ، تَتَآلَفِينَ، تَتَآلَفْنَ، اَتَآلَفُ، نَتَآلَفُ۔ **امر**: تَآلَفْ، تَآلَفا، تَآلَفُوا، تَآلَفِي، تَآلَفْنَ۔ یکجا ہونا
۱۴	
۱۵	

نقشہ (۳) مہموزِ عین سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	
۲ سردار قوم ہونا	(۲۹)**ماضی**: رَأَسَ، رَأَسا، رَأَسُوا، رَأَسَتْ، رَأَسَتا، رَأَسْنَ، رَأَسْتَ، رَأَسْتُما، رَأَسْتُم، رَأَسْتِ، رَأَسْتُنَّ، رَأَسْتُ، رَأَسْنا۔ **مضارع**: يَرْئِسُ، يَرْئِسانِ، يَرْئِسُونَ،تَرْئِسُ، تَرْئِسانِ، يَرْئِسْنَ، تَرْئِسُونَ، تَرْئِسِينَ، تَرْئِسْنَ،اَرْئِسُ، نَرْئِسُ[۴] **امر**: اِرْئِسْ، اِرْئِسا، اِرْئِسُوا، اِرْئِسِي، اِرْئِسْنَ.[۴]
۳ برے حال محتاج	(۳۰)**ماضی**: بَئِسَ، بَئِسا، بَئِسُوا، بَئِسَتْ، بَئِسَتا، بَئِسْنَ، بَئِسْتَ، بَئِسْتُما، بَئِسْتُم، بَئِسْتِ، بَئِسْتُنَّ، بَئِسْتُ، بَئِسْنا۔ **مضارع**: يَبْأَسُ، يَبْأَسانِ، يَبْأَسُونَ، تَبْأَسُ، تَبْأَسانِ، يَبْأَسْنَ، تَبْأَسُونَ، تَبْأَسِينَ، تَبْأَسْنَ، اَبْأَسُ، نَبْأَسُ[۴] **امر**: اِبْأَسْ، اِبْأَسا، اِبْأَسُوا، اِبْأَسِي، اِبْأَسْنَ [۴]

۴ مسلسل لگاتار	(۳۱) **ماضی:** دَأَبَ، دَأَبا، دَأَبُوْا، دَأَبَتْ، دَأَبَتا، دَأَبْنَ، دَأَبْتَ، دَأَبْتُما، دَأَبْتُمْ، دَأَبْتِ، دَأَبْتُنَّ، دَأَبْتُ، دَأَبْنا۔ **مضارع:** يَدْأَبُ،يَدْأَبانِ، يَدْأَبُوْنَ، تَدْأَبُ، تَدْأَبانِ، يَدْأَبْنَ، تَدْأَبُوْنَ، تَدْأَبِيْنَ، تَدْأَبْنَ، اَدْأَبُ، نَدْأَبُ[۴] **امر:** اِدْأَبْ، اِدْأَبا، اِدْأَبُوا، اِدْأَبِيْ، اِدْأَبْنَ [۴]
۵ مبارک ہونا	(۳۲) **ماضی:** شَؤُمَ، شَؤُما، شَؤُمُوا، شَؤُمَتْ، شَؤُمَتا، شَؤُمْنَ، شَؤُمْتَ، شَؤُمْتُما، شَؤُمْتُمْ، شَؤُمْتِ، شَؤُمْتُنَّ، شَؤُمْتُ، شَؤُمْنا[۵] **مضارع:** يَشْؤُمُ، يَشْؤُمانِ، يَشْؤُمُوْنَ، تَشْؤُمُ، تَشْؤُمانِ، يَشْؤُمْنَ، تَشْؤُمُوْنَ، تَشْؤُمِيْنَ، تَشْؤُمْنَ، اَشْؤُمُ، نَشْؤُمُ [۴] **امر:** اُشْؤُمْ، اُشْؤُما، اُشْؤُمُوا، اُشْؤُمِيْ، اُشْؤُمْنَ [۴]
۶ غمگین ہونا ناپسند کرنا	(۳۳) **ماضی:** اِبْتَأَسَ، اِبْتَأَسا، اِبْتَأَسُوا، اِبْتَأَسَتْ، اِبْتَأَسَتا، اِبْتَأَسْنَ، اِبْتَأَسْتَ، اِبْتَأَسْتُما، اِبْتَأَسْتُمْ، اِبْتَأَسْتِ، اِبْتَأَسْتُنَّ، اِبْتَأَسْتُ، اِبْتَأَسْنا۔ **مضارع:** يَبْتَإِسُ، يَبْتَإِسانِ، يَبْتَإِسُوْنَ، تَبْتَإِسُ، تَبْتَإِسانِ، يَبْتَإِسْنَ، تَبْتَإِسُوْنَ، تَبْتَإِسِيْنَ، تَبْتَإِسْنَ، اَبْتَإِسُ، نَبْتَإِسُ۔ **امر:** اِبْتَإِسْ، اِبْتَإِسا، اِبْتَإِسُوا، اِبْتَإِسِيْ، اِبْتَإِسْنَ۔
۷ بدفالی کرنا	(۳۴) **ماضی:** اِسْتَشْأَمَ، اِسْتَشْأَما، اِسْتَشْأَمُوْا، اِسْتَشْأَمَتْ، اِسْتَشْأَمَتا، اِسْتَشْأَمْنَ، اِسْتَشْأَمْتَ، اِسْتَشْأَمْتُما، اِسْتَشْأَمْتُمْ، اِسْتَشْأَمْتِ، اِسْتَشْأَمْتُنَّ، اِسْتَشْأَمْتُ، اِسْتَشْأَمْنا [۴] **مضارع:** يَسْتَشْئِمُ، يَسْتَشْئِمانِ، يَسْتَشْئِمُوْنَ، تَسْتَشْئِمُ، تَسْتَشْئِمانِ، يَسْتَشْئِمْنَ، تَسْتَشْئِمُوْنَ، تَسْتَشْئِمِيْنَ، تَسْتَشْئِمْنَ، اَسْتَشْئِمُ، نَسْتَشْئِمُ [۴] **امر:** اِسْتَشْئِمْ، اِسْتَشْئِما، اِسْتَشْئِمُوا، اِسْتَشْئِمِيْ، اِسْتَشْئِمْنَ [۴]
۸	
۹ مصیبت میں پڑنا	(۳۵) **ماضی:** اَبْأَسَ، اَبْأَسا، اَبْأَسُوا، اَبْأَسَتْ، اَبْأَسَتا، اَبْأَسْنَ، اَبْأَسْتَ، اَبْأَسْتُما، اَبْأَسْتُمْ، اَبْأَسْتِ، اَبْأَسْتُنَّ اَبْأَسْتُ، اَبْأَسْنا[۴] **مضارع:** يُبْئِسُ، يُبْئِسانِ، يُبْئِسُونَ، تُبْئِسُ، تُبْئِسانِ، يُبْئِسْنَ، تُبْئِسُونَ، تُبْئِسِيْنَ، تُبْئِسْنَ، اُبْئِسُ، نُبْئِسُ[۴] **امر:** اَبْئِسْ، اَبْئِسا، اَبْئِسُوا، اَبْئِسِيْ، اَبْئِسْنَ [۴]
۱۰ سردار بنانا	(۳۶) **ماضی:** رَأَّسَ، رَأَّسا، رَأَّسُوا، رَأَّسَتْ، رَأَّسَتا، رَأَّسْنَ، رَأَّسْتَ، رَأَّسْتُما، رَأَّسْتُمْ، رَأَّسْتِ، رَأَّسْتُنَّ، رَأَّسْتُ، رَأَّسْنا. **مضارع:** يُرَئِّسُ، يُرَئِّسانِ، يُرَئِّسُوْنَ، تُرَئِّسُ، تُرَئِّسانِ، يُرَئِّسْنَ، تُرَئِّسُوْنَ، تُرَئِّسِيْنَ، تُرَئِّسْنَ، اُرَئِّسُ، نُرَئِّسُ. **امر:** رَئِّسْ، رَئِّسا، رَئِّسُوا، رَئِّسِيْ، رَئِّسْنَ.
۱۱ سوال کرنا	(۳۷) **ماضی:** ساءَ لَ، ساءَ لا، ساءَ لُوا، ساءَ لَتْ، ساءَ لَتا، ساءَ لْنَ، ساءَ لْتَ، ساءَ لْتُما، ساءَ لْتُمْ، ساءَلْتِ، ساءَلْتُنَّ، ساءَلْتُ، ساءَلْنا [۴] **مضارع:** يُسائِلُ، يُسائِلانِ، يُسائِلُوْنَ، تُسائِلُ، تُسائِلانِ، يُسائِلْنَ، تُسائِلُونَ، تُسائِلِيْنَ، تُسائِلْنَ، اُسائِلُ، نُسائِلُ[۴] **امر:** سائِلْ، سائِلا، سائِلُوْا، سائِلِيْ، سائِلْنَ [۴]
۱۲ سردار بننا	(۳۸) **ماضی:** تَرَأَّسَ، تَرَأَّسا، تَرَأَّسُوا، تَرَأَّسَتْ، تَرَأَّسَتا، تَرَأَّسْنَ، تَرَأَّسْتَ، تَرَأَّسْتُما، تَرَأَّسْتُمْ، تَرَأَّسْتِ، تَرَأَّسْتُنَّ، تَرَأَّسْتُ، تَرَأَّسْنا۔ **مضارع:** يَتَرَأَّسُ، يَتَرَأَّسانِ، يَتَرَأَّسُونَ، تَتَرَأَّسُ، تَتَرَأَّسانِ،يَتَرَأَّسْنَ، تَتَرَأَّسُوْنَ، تَتَرَأَّسِيْنَ، تَتَرَأَّسْنَ، اَتَرَأَّسُ، نَتَرَأَّسُ۔ **امر:** تَرَأَّسْ، تَرَأَّسا، تَرَأَّسُوا، تَرَأَّسِيْ، تَرَأَّسْنَ۔

۱۳	(۳۹)ماضی: تَفاءَلَ، تَفاءَلا، تَفاءَلُوا، تَفاءَلَتْ، تَفاءَلَتا، تَفاءَلْنَ، تَفاءَلْتَ، تَفاءَلْتُما، تَفاءَلْتُمْ، تَفاءَلْتِ، تَفاءَلْتُنَّ، تَفاءَلْتُ، تَفاءَلْنا[۴] مضارع : يَتَفاءَلُ، يَتَفاءَلانِ، يَتَفاءَلُوْنَ، تَتَفاءَلُ، تَتَفاءَلانِ، يَتَفاءَلْنَ، تَتَفاءَلُوْنَ، تَتَفاءَلِيْنَ، تَتَفاءَلْنَ، أَتَفاءَلُ، نَتَفاءَلُ[۴] امر: تَفاءَلْ.........[۴]
۱۴	(۴۰)ماضی: رَأْبَلَ، رَأْبَلا، رَأْبَلُوا، رَأْبَلَتْ، رَأْبَلَتا، رَأْبَلْنَ، رَأْبَلْتَ، رَأْبَلْتُما، رَأْبَلْتُمْ، رَأْبَلْتِ، رَأْبَلْتُنَّ، رَأْبَلْتُ، رَأْبَلْنا.[۱] مضارع: يُرَأْبِلُ، يُرَأْبِلانِ، يُرَأْبِلُوْنَ، تُرَأْبِلُ، تُرَأْبِلانِ، يُرَأْبِلْنَ، تُرَأْبِلُوْنَ، تُرَأْبِلِيْنَ، تُرَأْبِلْنَ، أُرَأْبِلُ، نُرَأْبِلُ [۱] امر: رَأْبِلْ، رَأْبِلا، رَأْبِلُوا، رَأْبِلِي، رَأْبِلْنَ[۱]
۱۵	(۴۱)ماضی: تَرَأْبَلَ، تَرَأْبَلا، تَرَأْبَلُوا، تَرَأْبَلَتْ، تَرَأْبَلَتا، تَرَأْبَلْنَ، تَرَأْبَلْتَ، تَرَأْبَلْتُما، تَرَأْبَلْتُمْ، تَرَأْبَلْتِ، تَرَأْبَلْتُنَّ، تَرَأْبَلْتُ، تَرَأْبَلْنا.[۱] مضارع: يَتَرَأْبَلُ، يَتَرَأْبَلانِ، يَتَرَأْبَلُوْنَ، تَتَرَأْبَلُ، تَتَرَأْبَلانِ، يَتَرَأْبَلْنَ، تَتَرَأْبَلُوْنَ، تَتَرَأْبَلِيْنَ، تَتَرَأْبَلْنَ اَتَرَأْبَلُ، نَتَرَأْبَلُ[۱] امر: تَرَأْبَلْ، تَرَأْبَلا، تَرَأْبَلُوا، تَرَأْبَلِي، تَرَأْبَلْنَ[۱]

نقشہ (۴) مہموز لام سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	(۴۲)ماضی: هَنَأَ، هَنَآ، هَنَؤُا، هَنَأَتْ، هَنَأَتا، هَنَأْنَ، هَنَأْتَ، هَنَأْتُما، هَنَأْتُمْ، هَنَأْتِ، هَنَأْتُنَّ، هَنَأْتُ، هَنَأْنا[۹] مضارع : يَهْنُؤُ، يَهْنُؤانِ، يَهْنُؤُوْنَ، تَهْنُؤُ، تَهْنُؤانِ، يَهْنُؤْنَ، تَهْنُؤُوْنَ، تَهْنِئِيْنَ، تَهْنُؤْنَ، اَهْنُؤُ، نَهْنُؤُ.[۹] امر: اُهْنُؤْ، اُهْنُؤا، اُهْنُؤُوْا، اُهْنُئِي، اُهْنُؤْنَ [۹] خوشگوار ہونا
۲	
۳	(۴۳)ماضی: بَرِئَ، بَرِئا، بَرِئُوا، بَرِئَتْ، بَرِئَتا، بَرِئْنَ، بَرِئْتَ، بَرِئْتُما، بَرِئْتُمْ، بَرِئْتِ، بَرِئْتُنَّ، بَرِئْتُ، بَرِئْنا[۱]. مضارع: يَبْرَأُ، يَبْرَآنِ، يَبْرَؤُوْنَ، تَبْرَأُ، تَبْرَآنِ، يَبْرَأْنَ[۱]، تَبْرَؤُوْنَ، تَبْرَئِيْنَ تَبْرَأْنَ[۱]، أَبْرَأُ، نَبْرَأُ۔ امر: اِبْرَأْ[۱] اِبْرَآ، اِبْرَؤُوْا، اِبْرَئِي، اِبْرَأْنَ.[۱] بری الذمہ ہونا
۴	(۴۴)ماضی: قَرَأَ، قَرَآ، قَرَؤُوْا، قَرَأَتْ، قَرَأَتا، قَرَأْنَ، قَرَأْتَ، قَرَأْتُما، قَرَأْتُمْ، قَرَأْتِ، قَرَأْتُنَّ، قَرَأْتُ، قَرَأْنا.[۱]. مضارع : يَقْرَأُ، يَقْرَآنِ، يَقْرَؤُوْنَ، تَقْرَأُ، تَقْرَآنِ، يَقْرَأْنَ[۱]، تَقْرَؤُوْنَ، تَقْرَئِيْنَ، تَقْرَأْنَ[۱]، اَقْرَأُ، نَقْرَأُ. امر: اِقْرَأْ[۱]، اِقْرَآ، اِقْرَؤُوْا، اِقْرَئِي، اِقْرَأْنَ [۱].
۵	(۴۵)ماضی: جَرُؤَ، جَرُآ، جَرُؤُوْا، جَرُؤَتْ، جَرُؤَتا، جَرُؤْنَ، جَرُؤْتَ، جَرُؤْتُما، جَرُؤْتُمْ، جَرُؤْتِ، جَرُؤْتُنَّ، جَرُؤْتُ، جَرُؤْنا[۱]. مضارع: يَجْرُؤُ، يَجْرُآنِ، يَجْرُؤُوْنَ، تَجْرُؤُ، تَجْرُآنِ، يَجْرُؤْنَ[۱]، تَجْرُؤُوْنَ، تَجْرُئِيْنَ، تَجْرُؤْنَ[۱]، اَجْرُؤُ، نَجْرُؤُ۔ امر: اُجْرُؤْ[۱]، اُجْرُآ، اُجْرُؤُوْا، اُجْرُئِي، اُجْرُؤْنَ[۱].

نمبر	معنی	گردان
٦	شروع کرنا	(٤٦) ماضی: اِبْتَدَأَ، اِبْتَدَآ، اِبْتَدَؤُوْا، اِبْتَدَأَتْ، اِبْتَدَأَتَا، اِبْتَدَأْنَ، اِبْتَدَأْتَ، اِبْتَدَأْتُما، اِبْتَدَأْتُمْ، اِبْتَدَأْتِ، اِبْتَدَأْتُنَّ، اِبْتَدَأْتُ، اِبْتَدَأْنا[ا]. مضارع: يَبْتَدِئُ، يَبْتَدِئانِ، يَبْتَدِئُوْنَ، تَبْتَدِئُ، تَبْتَدِئانِ، يَبْتَدِئْنَ[ا]، تَبْتَدِئُوْنَ، تَبْتَدِئِيْنَ، تَبْتَدِئْنَ [ا]، اَبْتَدِئُ، نَبْتَدِئُ۔ امر: اِبْتَدِئْ[ا]، اِبْتَدِئا، اِبْتَدِئُوا، اِبْتَدِئِيْ، اِبْتَدِئْنَ[ا].
٧	قرأت چاہنا	(٤٧) ماضی: اِسْتَقْرَأَ، اِسْتَقْرَآ، اِسْتَقْرَؤُوْا، اِسْتَقْرَأَتْ، اِسْتَقْرَأَتا، اِسْتَقْرَأْنَ، اِسْتَقْرَأْتَ، اِسْتَقْرَأْتُما، اِسْتَقْرَأْتُمْ، اِسْتَقْرَأْتِ، اِسْتَقْرَأْتُنَّ، اِسْتَقْرَأْتُ، اِسْتَقْرَأْنا[ا]. مضارع: يَسْتَقْرِئُ، يَسْتَقْرِئانِ، يَسْتَقْرِؤُوْنَ، تَسْتَقْرِئُ، تَسْتَقْرِئانِ، يَسْتَقْرِئْنَ [ا]، تَسْتَقْرِؤُوْنَ، تَسْتَقْرِئِيْنَ، تَسْتَقْرِئْنَ [ا]، اَسْتَقْرِئُ، نَسْتَقْرِئُ۔ امر: اِسْتَقْرِئْ[ا]، اِسْتَقْرِئا، اِسْتَقْرِؤُوْا، اِسْتَقْرِئِيْ، اِسْتَقْرِئْنَ[ا]
٨	منزل ہونا	(٤٨) ماضی: اِنْكَفَأَ، اِنْكَفَآ، اِنْكَفَؤُوْا، اِنْكَفَأَتْ، اِنْكَفَأَتا، اِنْكَفَأْنَ، اِنْكَفَأْتَ، اِنْكَفَأْتُما، اِنْكَفَأْتُمْ، اِنْكَفَأْتِ،اِنْكَفَأْتُنَّ، اِنْكَفَأْتُ، اِنْكَفَأْنا[ا]. مضارع: يَنْكَفِئُ، يَنْكَفِئانِ، يَنْكَفِئُوْنَ،تَنْكَفِئُ، تَنْكَفِئانِ، يَنْكَفِئْنَ [ا]، تَنْكَفِئُوْنَ،تَنْكَفِئِيْنَ، تَنْكَفِئْنَ [ا]، اَنْكَفِئُ، نَنْكَفِئُ۔ امر: اِنْكَفِئْ [ا] اِنْكَفِئا، اِنْكَفِئُوْا، اِنْكَفِئِيْ، اِنْكَفِئْنَ[ا].
٩	پڑھانا	(٤٩) ماضی: أَقْرَأَ،أَقْرَآ، أَقْرَؤُوْا، أَقْرَأَتْ، أَقْرَأَتا، أَقْرَأْنَ، أَقْرَأْتَ، أَقْرَأْتُما، أَقْرَأْتُمْ، أَقْرَأْتِ، أَقْرَأْتُنَّ، أَقْرَأْتُ، أَقْرَأْنا[ا]. مضارع: يُقْرِئُ، يُقْرِئانِ، يُقْرِؤُوْنَ، تُقْرِئُ، تُقْرِئانِ، يُقْرِئْنَ[ا]، تُقْرِئُوْنَ، تُقْرِئِيْنَ، تُقْرِئْنَ[ا]، أُقْرِئُ، نُقْرِئُ۔ امر: أَقْرِئْ[ا]، أَقْرِئا، أَقْرِئُوْا، أَقْرِئِيْ، أَقْرِئْنَ[ا].
١٠	مبارکباد پیش کرنا	(٥٠) ماضی: هَنَّأَ، هَنَّآ، هَنَّؤُوْا، هَنَّأَتْ،هَنَّأَتا، هَنَّأْنَ، هَنَّأْتَ، هَنَّأْتُما،هَنَّأْتُمْ، هَنَّأْتِ، هَنَّأْتُنَّ، هَنَّأْتُ، هَنَّأْنا[ا]. مضارع: يُهَنِّئُ، يُهَنِّئانِ، يُهَنِّئُوْنَ،تُهَنِّئُ، تُهَنِّئانِ، يُهَنِّئْنَ[ا]، تُهَنِّئُوْنَ، تُهَنِّئِيْنَ، تُهَنِّئْنَ[ا]، اُهَنِّئُ، نُهَنِّئُ۔ امر: هَنِّئْ[ا]، هَنِّئا، هَنِّئُوْا، هَنِّئِيْ، هَنِّئْنَ[ا].
١١	بدلہ دینا	(٥١) ماضی: كافَأَ، كافَآ، كافَؤُوْا، كافَأَتْ، كافَأَتا، كافَأْنَ، كافَأْتَ، كافَأْتُما، كافَأْتُمْ، كافَأْتِ، كافَأْتُنَّ، كافَأْتُ، كافَأْنا[ا]. مضارع: يُكافِئُ، يُكافِئانِ، يُكافِئُوْنَ، تُكافِئُ، تُكافِئانِ، يُكافِئْنَ [ا]، تُكافِئُوْنَ، تُكافِئِيْنَ، تُكافِئْنَ [ا]، اُكافِئُ، نُكافِئُ۔ امر: كافِئْ[ا]، كافِئا، كافِئُوا، كافِئِيْ، كافِئْنَ [ا].
١٢	گناہ سے بچنا	(٥٢) ماضی: تَبَرَّأَ، تَبَرَّآ،تَبَرَّؤُوا، تَبَرَّأَتْ، تَبَرَّأَتا، تَبَرَّأْنَ، تَبَرَّأْتَ، تَبَرَّأْتُما، تَبَرَّأْتُمْ، تَبَرَّأْتِ، تَبَرَّأْتُنَّ، تَبَرَّأْتُ، تَبَرَّأْنا. مضارع: يَتَبَرَّأُ، يَتَبَرَّآنِ، يَتَبَرَّؤُوْنَ، تَتَبَرَّأُ، تَتَبَرَّآنِ، يَتَبَرَّأْنَ[ا]، تَتَبَرَّؤُوْنَ، تَتَبَرَّئِيْنَ، تَتَبَرَّأْنَ[ا]، اَتَبَرَّأُ، نَتَبَرَّأُ۔ امر: تَبَرَّأْ[ا]، تَبَرَّآ، تَبَرَّؤُوا، تَبَرَّئِي، تَبَرَّأْنَ[ا].
١٣	ایک دوسرے کے برابر ہونا	(٥٣) ماضی: تَكافَأَ، تَكافَآ، تَكافَؤُوا، تَكافَأَتْ، تَكافَأَتا، تَكافَأْنَ،تَكافَأْتَ، تَكافَأْتُما، تَكافَأْتُمْ، تَكافَأْتِ، تَكافَأْتُنَّ، تَكافَأْتُ، تَكافَأْنا[ا]. مضارع: يَتَكافَأُ،يَتَكافَآنِ، يَتَكافَؤُوْنَ، تَتَكافَأُ، تَتَكافَآنِ، يَتَكافَأْنَ[ا]، تَتَكافَؤُوْنَ، تَتَكافَئِيْنَ، تَتَكافَأْنَ[ا]، اَتَكافَأُ، نَتَكافَأُ۔ امر: تَكافَأْ[ا]، تَكافَآ، تَكافَؤُوا، تَكافَئِيْ، تَكافَأْنَ[ا].

۱۴ مکھی والا ہونا	(٥٤)**ماضی:** سَمْأَلَ، سَمْأَلا، سَمْأَلُوا، سَمْأَلَتْ، سَمْأَلَتا، سَمْأَلْنَ، سَمْأَلْتَ، سَمْأَلْتُما، سَمْأَلْتُمْ، سَمْأَلْتِ، سَمْأَلْتُنَّ، سَمْأَلْتُ، سَمْأَلْنا[۴]. **مضارع:** يُسَمْئِلُ، يُسَمْئِلانِ، يُسَمْئِلُوْنَ، تُسَمْئِلُ، تُسَمْئِلانِ، يُسَمْئِلْنَ، تُسَمْئِلُونَ، تُسَمْئِلِينَ، تُسَمْئِلْنَ، اُسَمْئِلُ، نُسَمْئِلُ.[۴] **امر:** سَمْأَلْ، سَمْأَلا، سَمْأَلُوا، سَمْأَلِيْ، سَمْأَلْنَ.
۱۵ رُوھکنا	(٥٥)**ماضی:** تَدَرْبَأَ، تَدَرْبَآ، تَدَرْبَؤُوا، تَدَرْبَأَتْ، تَدَرْبَأَتا، **تَدَرْبَأْنَ، تَدَرْبَأْتَ، تَدَرْبَأْتُما، تَدَرْبَأْتُمْ، تَدَرْبَأْتِ، تَدَرْبَأْتُنَّ، تَدَرْبَأْتُ، تَدَرْبَأْنا**[ا]. **مضارع:** يَتَدَرْبَأُ، يَتَدَرْبَآنِ يَتَدَرْبَؤُونَ، تَتَدَرْبَأُ، تَتَدَرْبَآنِ، **يَتَدَرْبَأْنَ**[ا]، تَتَدَرْبَؤُوْنَ، تَتَدَرْبَئِينَ، **تَتَدَرْبَأْنَ**[ا]، اَتَدَرْبَأُ، نَتَدَرْبَأُ۔ **امر: تَدَرْبَأْ**[ا]، تَدَرْبَآ، تَدَرْبَؤُوا، تَدَرْبَئِيْ، **تَدَرْبَأْنَ**[ا].

قواعدِ معتل

قاعدہ (۱) واو اگر علامتِ مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان پڑے تو وہ واو گر جائے گا، جیسے: "يَعِدُ"، "يَزِنُ". (اصل "يَوْعِدُ"، "يَوْزِنُ" ہے) یوں ہی واو اگر علامتِ مضارع مفتوحہ اور فتحہ کے درمیان ایسے کلمہ میں واقع ہو جس کا عین یا لام حرف حلقی ہو تو وہ واو بھی گر جائے گا، جیسے: يَهَبُ، يَسَعُ. (اصل "يَوْهَبُ"، "يَوْسَعُ" ہے)

قاعدہ (۲) مثالِ واوی کا مصدر اگر "فِعْل" کے وزن پر ہو تو واو گر جائے گا، اور عین کلمہ کسرہ پائے گا اور واو کے عوض آخر میں "ۃ" کا اضافہ ہوگا، جیسے: عِدَةٌ، زِنَةٌ، هِبَةٌ. (اصل "وِعْدٌ"، "وِزْنٌ"، "وِهْبٌ" ہے) مفتوح العین میں کبھی فتحہ بھی دیتے ہیں، جیسے: سَعَةٌ. (اصل "وِسْعٌ" ہے)

قاعدہ (۳) واوِ ساکن غیر مدغم اگر کسرہ کے بعد ہو تو یا ہو جاتا ہے، جیسے: "مِوْعادٌ" سے "مِيْعادٌ". اور یائے ساکن غیر مدغم اگر ضمہ کے بعد ہو تو واو ہو جاتی ہے، جیسے: "مُيْسِرٌ" سے "مُوْسِرٌ". اور الف اگر ضمہ کے بعد ہو تو واو اور کسرہ کے بعد ہو تو یا ہو جاتا ہے، جیسے: "قُوْتِلَ"، "محارِيب".

تنبیہ: "اِجْلِوَّاذ" میں واوِ ساکن کسرہ کے بعد ہے، اور "مُيَّزَ" میں یائے ساکن ضمہ کے بعد ہے، لیکن ادغام کی وجہ سے تعلیل نہیں کریں گے۔

قاعدہ (۴) جو واو یا یا افتعال کا فا کلمہ ہو اور اصلی ہو (یعنی کسی دوسرے حرف کی جگہ نہ آیا ہو) تو ایسے واو اور یا کو تا کر کے تائے افتعال میں ادغام کر دیتے ہیں، جیسے: "اِوْتَقَدَ" سے "اِتَّقَدَ". اور جیسے: "اِيْتَسَرَ" سے "اِتَّسَرَ".

تنبیہ: چوں کہ اس قاعدہ کے جاری ہونے کے لیے فاکلمہ کا اصلی ہونا شرط ہے اس لیے "اِيْتَمَرَ" سے "اِتَّمَرَ" نہیں کریں گے، کیونکہ اس میں یا اصلی نہیں ہے، بلکہ اصل میں ہمزہ ہے (یعنی "اِيْتَمَرَ" اصل میں "اِئْتَمَرَ" ہے)۔ مہموز کے قاعدہ نمبر (۳) سے ہمزہ کو یا سے بدل دیا گیا ہے۔

قاعدہ (۵) واوِ مضموم اگر شروع کلمہ میں ہو یا وسطِ کلمہ میں ہو، یوں ہی واوِ مکسور اگر شروع کلمہ میں ہو تو اُس واوِ مضموم یا مکسور کو ہمزہ سے بدلنا جائز ہے، جیسے: ''وُجُوْهٌ'' سے ''أُجُوْهٌ''، ''أَدْوُرٌ'' سے ''أَدْءُرٌ''. اور جیسے ''وِشَاحٌ'' سے ''إِشَاحٌ''.

نوٹ: واوِ مفتوح اگر شروع کلمہ میں ہو تو اُس کو ہمزہ سے بدلنا خلافِ قیاس اور شاذ ہے، جیسے: ''وَحَدٌ'' سے ''أَحَدٌ'' اور جیسے ''وَنَاةٌ'' سے ''أَنَاةٌ''۔ یوں ہی واوِ مضموم کو تا سے بدلنا بھی شاذ ہے، جیسے: ''وُرَاثٌ'' سے ''تُرَاثٌ''.

قاعدہ (۶) دو واوِ متحرّک شروع کلمہ میں جمع ہوں تو اول کو ہمزہ کر دینا واجب ہے، جیسے: ''وَوَاصِلُ'' سے ''أَوَاصِلُ''. اور ''وُوَيْصِلٌ'' سے ''أُوَيْصِلٌ''. اور اگر پہلا واو متحرّک اور دوسرا واو ساکن مگر اصلی ہو تو بھی پہلے کو ہمزہ سے بدل دیا جائے گا، جیسے: ''وُوْلَى'' سے ''أُوْلَى'' (''أَوَّل'' کا مؤنث).

نوٹ: چوں کہ ساکن ہونے کی صورت میں واو کا اصلی ہونا شرط ہے، لہٰذا ''وُوْفِيَ'' (بابِ مفاعلۃ سے ماضی مجہول) میں پہلے واو کو ہمزہ سے تبدیل نہیں کریں گے، کیوں کہ وہ اصلی نہیں ہے، بلکہ ماضی مجہول میں الف کو ماقبل مضموم ہو جانے کی وجہ سے واو کر دیا گیا ہے۔

قاعدہ (۷) جو واو و یاے متحرّک بعد فتحہ واقع ہوں انھیں الف سے بدل دیں گے، جیسے: قَالَ، بَاعَ، بَابٌ، نَابٌ. (ان کی اصل قَوَلَ، بَيَعَ، بَوَبٌ، نَيَبٌ ہے) **نوٹ:** یہ قاعدہ جاری ہونے کے لیے درج ذیل شرطیں ہیں:

[۱] فا کلمہ نہ ہو، لہٰذا ''فَوَعَدَ''، ''تَوَفَّى'' اور ''تَيَسَّرَ'' میں قاعدہ جاری نہیں ہوا۔

[۲] لفیف کا عین کلمہ نہ ہو، لہٰذا ''طَوَى'' اور ''حَيِيَ'' میں قاعدہ جاری نہیں ہوا۔

[۳] الفِ تثنیہ سے پہلے نہ ہو، لہٰذا ''دَعَوَا'' اور ''رَمَيَا'' میں قاعدہ جاری نہیں ہوا۔

[۴] مدّہ زائدہ سے پہلے نہ ہو، لہٰذا ''طَوِيْلٌ''، ''غَيُوْرٌ'' اور ''غَيَابَةٌ'' میں قاعدہ جاری نہیں ہوا۔

تنبیہ: ''فَعَلُوْا'' ''يَفْعَلُوْنَ''، ''تَفْعَلُوْنَ'' کا واو اور ''تَفْعَلِيْنَ'' کی یا چوں کہ ایک علیحدہ کلمہ اور فعل کا فاعل ہیں، یہ مدّہ زائدہ نہیں ہیں، لہٰذا اِن کے پہلے واو اور یا الف سے تبدیل کر کے اجتماعِ ساکنین سے گرائیں گے۔ جیسے: ''دَعَوْا''، ''رَمَوْا''، ''يَخْشَوْنَ''، ''تَخْشَوْنَ'' اور ''تَخْشَيْنَ''. (ان کی اصل دَعَوُوْا، رَمَيُوْا، يَخْشَيُوْنَ، تَخْشَيُوْنَ، تَخْشَيِيْنَ ہے)

[۵] یائے مشدّدہ اور نونِ تاکید سے پہلے نہ ہو، لہٰذا ''عَلَوِيٌّ'' اور ''اِخْشَيَنَّ'' میں قاعدہ جاری نہیں ہوا۔

[۶] ایسے لفظ کا عین کلمہ نہ ہو جو لون وعیب کے معنی میں ہے، لہٰذا ''سَوِدَ''، ''عَوِرَ'' اور ''صَيِدَ'' میں قاعدہ جاری نہیں ہوا۔ اور '' أعمی'' اور ''يَعْمی'' کے لام کلمہ میں جاری ہوا۔

[۷] ''فَعَلان''، ''فَعَلی'' اور ''فَعَلَة'' کا عین کلمہ نہ ہو، لہٰذا ''دَوَرَانٌ''، ''سَيَلانٌ'' اور ''حَيَدَى'' اور ''حَوَكَةٌ'' میں قاعدہ جاری نہیں ہوا۔

[۸] افتعال بمعنی تفاعل نہ ہو، لہٰذا ''اِجْتَوَرَ'' اور ''اِعْتَوَرَ'' میں تعلیل نہ ہوئی کیوں کہ اول ''تَجَاوَرَ'' کے معنی میں اور دوم ''تَعَاوَرَ'' کے معنی میں ہے۔

نوٹ: "القَوَد" (قصاص) مندرجہ بالا قاعدہ کے خلاف اور شاذ ہے۔

فائدہ: اس قاعدہ کی رو سے واو اور یا کے الف ہونے کے بعد اگر ساکن حرف یا فعل ماضی کی تائے تانیث (اگرچہ متحرک ہو) واقع ہو تو اس الف کو گرادینا واجب ہے، جیسے: "دَعَتْ"، "دَعَتا"، "دَعَوْا" "تَرْضَيْنَ" (ان کی اصل "دَعَوَت"، "دَعَوَتا"، دَعَوُوْا" اور "تَرْضَيِيْنَ" ہے)۔ پھر فعل ماضی میں الف گرانے کے بعد معتل عین یائی میں مطلقاً اور واوی مکسور العین میں صیغہ جمع مؤنث غائب سے متکلم مع الغیر تک فاکلمہ کو کسرہ دیتے ہیں، جیسے: "بِعْنَ"، "خِفْنَ" (ان کی اصل "بَيَعْنَ" اور "خَوِفْنَ" ہے)۔ اور واوی مفتوح العین اور مضموم العین میں ضمہ دیتے ہیں، جیسے: "قُلْنَ" اور "طُلْنَ".

قاعدہ (۸) واوِ متحرک یا یائے متحرک، حرفِ صحیح ساکن کے بعد ہوں تو اُن کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے دیتے ہیں اور اگر واو یا یا پر فتحہ ہو تو اُس کو الف سے بدل دیتے ہیں، جیسے: "يَقُوْلُ"، "يُقالُ"، "يَبِيْعُ"، "يُباعُ" (ان کی اصل "يَقْوُلُ"، "يَبْيِعُ". "يُقْوَلُ" اور "يُبْيَعُ" ہے). پھر اگر اُن کے بعد ساکن واقع ہو تو واو اور یا اور الف گر جائے گا۔

نوٹ: یہ قاعدہ جاری ہونے کے لیے قاعدہ (۱) کی شرطوں میں سے پہلی، دوسری، چوتھی اور چھٹی شرط کے ساتھ یہ بھی شرط ہے کہ وہ کلمہ اسم تفضیل اور فعل تعجب نہ ہو، لہٰذا "ما أَقْوَلَه" اور "أَقْوِلْ به" میں نقل حرکت نہیں کریں گے۔ یوں ہی وہ کلمہ ملحقات سے نہ ہو، لہٰذا "شَرْيَفَ"، "جَهْوَرَ" اور "مُشَرْيِفٌ" اور "مُجَهْوِرٌ" میں نقل حرکت نہیں کریں گے۔ یوں ہی "مَنْ وَعَدَ" میں پہلی شرط، "يَطْوِي" اور "يَحْيِى" میں دوسری شرط، "مِقْوالٌ"، "مِحْوال" میں چوتھی شرط اور يَعْوَرُ"، "يَسْوَدُّ" میں چھٹی شرط نہ پائی جانے کی وجہ سے تعلیل نہیں ہوئی۔

قاعدہ (۹) جو واو اور یا ایسے ماضی مجہول کا عین کلمہ ہو جس کے معروف میں تعلیل ہوئی ہو اور اُس کا ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کو ساکن کر کے واو اور یا کی حرکت ماقبل کو دے دیتے ہیں اور واو کو کسرۂ ماقبل کی وجہ سے یا سے بدل دیتے ہیں، جیسے: "قِيلَ"، "بِيْعَ"، "اُخْتِيْرَ".

مذکورہ صورت میں یہ بھی جائز ہے کہ ماقبل کی حرکت باقی رکھ کر صرف واو اور یا کو ساکن کر دیں، اس صورت میں ضمۂ ماقبل کی وجہ سے یا واو ہو جائیگی، جیسے: "قُوْلَ"، "بُوْعَ"، "اُخْتُوْرَ" (ان کی اصل "قُوِلَ"، "بُيِعَ" اور "اُخْتُيِرَ" ہے)

سوال: "اُعْتُوِرَ" میں مذکورہ تعلیل کیوں نہیں ہوئی۔

جواب: چوں کہ یہ قاعدہ جاری ہونے کے لیے ماضی معروف میں تعلیل ہونا شرط ہے، اور ماضی معروف "اِعْتَوَرَ" میں تعلیل نہیں ہوئی ہے، لہٰذا مجہول "اُعْتُوِرَ" میں بھی تعلیل نہیں ہوئی۔

نوٹ: ثلاثی مجرد سے آنے والا ماضی مجہول جس میں مذکورہ قاعدہ جاری ہوا ہو، اس میں جمع مؤنث غائب سے متکلم مع الغیر تک یائی میں مطلقاً اور واوی مکسور العین میں فاکلمہ کو کسرہ دیتے ہیں، جیسے: "بِعْتُ" "خِفْتُ" اور واوی مضموم العین میں فاکلمہ کو ضمہ دیتے ہیں جیسے "قُلْتُ" وغیرہ. لہٰذا مذکورہ صیغے معروف اور مجہول میں یکساں ہو جاتے ہیں۔

قاعدہ (۱۰) جو واو مصدر کا عین کلمہ اور کسرہ کے بعد ہو اور اس کے فعل میں تعلیل ہوئی ہو تو وہ یا ہو جاتا ہے، جیسے:

"صِوَامٌ" سے "صِيَامٌ" . "قِوَامٌ" سے "قِيَامٌ". کیوں کہ اِن کے ماضي "قامَ" اور "صَامَ" میں تعلیل ہوچکی ہے۔

تنبیه: "قاوَمَ" کا مصدر بھی "قِوام" ہے، لیکن اس میں یہ قانون جاری نہ ہوا کیوں کہ اس کے ماضي "قاوَمَ" میں تعلیل نہیں ہوئی ہے۔

یوں ہی جو واو جمع کا عین کلمہ ہو اور کسرہ کے بعد ہو اور واحد میں ساکن ہو، یا اُس کے واحد میں تعلیل ہوئی ہو تو وہ واو بھی یا ہو جاتا ہے، جیسے: "حِواضٌ" سے "حِياضٌ". اور "جِوَادٌ" سے "جِيادٌ".(حِیاض کا واحد حَوْض ہے اور جِیاد کا واحد جَيِّد ہے جو اصل میں جَيْوِد تھا)

قاعدہ (۱۱) واو اور یا "فاعِل" کا عین کلمہ ہوں اور ان کے فعل میں تعلیل ہوئی ہو تو وہ ہمزہ سے تبدیل ہو جائیں گے، جیسے: "قاوِلٌ" سے "قائِلٌ" اور "بايِعٌ" سے "بائِعٌ".

تنبیه: "حاوِی" میں یہ قانون جاری نہیں ہوا کیوں کہ اس کے فعل "حَوَیٰ" میں تعلیل نہیں ہوئی ہے۔

قاعدہ (۱۲) جو یا ایسی جمع کا عین کلمہ ہو جو "فُعْل" کے وزن پر ہو اور جو یا ایسے مؤنث کا عین کلمہ ہو جو "فُعْلی" کے وزن پر ہو تو اُن کے ماقبل کا ضمّہ کسرہ سے بدل جاتا ہے، بشرطیکہ اسمِ صفت ہو، جیسے: "بِيْضٌ"، "حِيْكى". اور اگر اسم صفت میں نہ ہو تو قواعدِ مثال میں مذکور قاعدہ (۳) کے اعتبار سے یا واو ہو جاتی ہے۔

نوٹ: اسم صفت وہ اسم ہے جس سے کوئی چیز اور اس کی صفت سمجھی جائے، جیسے "اَحْمَر" (کوئی کالی چیز) وغیرہ۔ اور اسمِ ذات وہ اسم ہے جس سے صرف کوئی چیز سمجھی جائے اور اس کی صفت نہ سمجھی جائے، جیسے: "قَلَم"، "قِرْطاس".(اسم تفضیل اگر چہ اسم صفت ہے مگر اس کو اسمِ ذات کا حکم دیا گیا ہے)

قاعدہ (۱۳) "فعلولة" کے وزن پر آنے والے مصدر کا عین کلمہ اگر واو ہو تو اس کو یا سے بدل دیتے ہیں، جیسے: "كَوْنُوْنَة" سے "كَيْنُوْنَة"۔

قاعدہ (۱۴) جو واو اور یا فعل کا لام کلمہ ہو اور فعل مضارع میں ضمّہ یا کسرہ کے بعد ہو تو پانچ صیغوں (واحد مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد متکلم اور متکلّم مع الغیر) میں اس کو ساکن کر دیتے ہیں، جیسے: يَدْعُوْ، تَدْعُوْ، يَرْمِيْ، يَسْتَغْنِيْ، يُعْلِيْ وغیرہ۔ اور اگر وہ واو اور یا فتحہ کے بعد ہو تو قواعدِ اجوف میں مذکور پہلے قاعدہ کی رو سے اس کو الف کر دیتے ہیں، جیسے: يَرْضى، يَخْشى وغیرہ

اور جو واو ضمّہ کے بعد ہو اور اس کے بعد دوسرا واو ہو، یوں ہی جو یا کسرہ کے بعد ہو اور اس کے بعد دوسری یا ہو، تو اس واو اور یا کو ساکن کر دیتے ہیں، پھر اجتماعِ ساکنین سے گرا دیتے ہیں۔ جیسے: "يَدْعُوْوْنَ" سے "يَدْعُوْنَ" اور "تَرْمِيِيْنَ" سے "تَرْمِيْنَ"[1] اور جو واو ضمّہ کے بعد ہو اور اس کے بعد یا ہو، یوں ہی جو یا کسرہ کے بعد ہو اور اس کے بعد واو ہو تو ماقبل کی حرکت دور کر کے واو اور یا کی حرکت ماقبل کو دے دیتے ہیں، پھر واو یا ہو جاتا ہے، اور یا واو ہو جاتی ہے، اس کے بعد اجتماع ساکنین کی وجہ سے واو اور یا حذف ہو جاتی ہے۔ جیسے: تَدْعِيْنَ، تَرْمُوْنَ، لَقُوْا، رُمُوْا. (ان کی اصل "تَدْعُوِيْنَ"، "تَرْمِيُوْنَ"،

"لَقِيُوْا" اور "رُمِيُوْا" ہے)

قاعدہ (۱۵) جو واو متحرک کسرہ کے بعد طرف میں واقع ہو وہ یا ہو جائے گا، جیسے: دُعِيَ، دُعِيا، دَاعِيانِ، دَاعِيَةٌ. یوں ہی جو یائے متحرک ضمّہ کے بعد طرف میں واقع ہو تو وہ یا واو ہو جائے گی، جیسے: "نَهُيَ" سے "نَهُوَ".

قاعدہ (۱۶) واوِ غیر مبدَل اور یائے غیر مبدَل ایک جگہ جمع ہوں اور اُن میں پہلا ساکن ہو اور ملحق کا صیغہ نہ ہو تو واو کو یا کر کے یا میں ادغام کر دیتے ہیں، اور اگر ماقبل پر ضمّہ ہو تو کسرہ سے بدل دیتے ہیں، جیسے: "سَيْوِدٌ" سے "سَيِّدٌ". "مَرْمُوْيٌ" سے "مَرْمِيٌّ" اور "مُضُوْيٌ" سے "مُضِيٌّ".

قاعدہ (۱۷) دو واو "فُعُول" کے آخر میں جمع ہوں تو دونوں کو یا سے بدل کر باہم ادغام کر دیتے ہیں، اور ماقبل کا ضمّہ کسرہ سے بدل جاتا ہے، جیسے: "دُلُوٌّ" سے دُلِيٌّ". اور فا کلمہ کو کسرہ دے کر "دِلِيٌّ" کرنا بھی جائز ہے۔

قاعدہ (۱۸) اگر اسم کے کنارے یائے مضموم و مکسور کسرہ کے بعد واقع ہو تو ساکن کر دیتے ہیں، پھر اگر اجتماعِ ساکنین ہو جائے تو یا گر جاتی ہے، جیسے: "رَامِيٌ" سے "رَامٍ". اور جو واو اور یا اسم کے کنارے ضمّہ کے بعد ہو تو وہ ضمّہ کسرہ سے اور واو یا سے بدل جاتا ہے، جیسے: "اَدْلُوٌ" سے "أَدْلٍ". "تَعَلُّوٌ" سے "تَعَلٍّ". "تَعالُوٌ" سے "تَعالٍ"۔ "أَظْبُيٌ" سے "أَظْبٍ"۔

قاعدہ (۱۹) واو اور یا طرف میں الف زائد کے بعد ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں، جیسے: "دُعاوٌ" سے "دُعاءٌ"۔ "رُوايٌ" سے "رُوَاءٌ"۔ "دِعايٌ" سے "دِعاءٌ"۔ "أسماوٌ" سے "أسماءٌ"۔ "أحيايٌ" سے "أحياءٌ"۔ "أكسايٌ" سے "أكساءٌ"۔ "رِدايٌ" سے "رِداءٌ"۔

قاعدہ (۲۰) جو واو تیسرے حرف کے بعد ہو اور اس کے پہلے نہ ضمّہ ہو نہ واوِ ساکن، تو اس کو یا سے بدل دیتے ہیں، جیسے: "يُدْعَوَان" سے "يُدْعَيان". "أَعْلَوْتُ" سے "أَعْلَيْتُ". اور "اِسْتَعْلَوْتُ" سے "اِسْتَعْلَيْتُ".

قاعدہ (۲۱) جو واو "فُعْلى" کا لام کلمہ ہو وہ یا ہو جاتا ہے، بشرطیکہ اسمِ ذات ہو، جیسے: "دُنْوَى" سے "دُنْيا". "عُلْوَى" سے "عُلْيا". اور اگر اسم صفت ہو تو اپنی حالت پر رہتا ہے، جیسے: "غَزْوى".

اور جو یا "فَعْلى" کا لام کلمہ ہو وہ واو ہو جاتی ہے، بشرطیکہ اسمِ ذات ہو، جیسے: "تَقْيى" سے "تَقْوَى". اور اگر اسمِ صفت ہو تو اپنی حالت پر رہتی ہے، جیسے: "صَدْيا".

قاعدہ (۲۲) آخر میں آنے والے ایسے دو واو جو واو کے بعد ہوں یا ہو جائیں گے، جیسے: "مَقْوُوْوٌ" سے "مَقْوِيٌّ"۔ اور کبھی یا سے بدلتے ہیں اگرچہ واو کے بعد نہ ہوں، جیسے: "مَرْضُوٌّ" سے "مَرْضِيٌّ"۔

قاعدہ (۲۳) وزن "افاعِل"، "مَفاعِل" اور اُن کے نظائر اگر معرّف باللام یا مضاف ہوں اور آخر میں یا آئے تو وہ حالتِ رفع اور جر میں ساکن ہو جاتی ہے، جیسے: هذه الجوارِيْ، وجَوارِيْكم. اور جیسے: مَرَرْتُ بالجَوارِيْ، وجَوارِيْكم. اور اگر معرّف باللام یا مضاف نہ ہوں تو حالتِ رفع اور جر میں ساکن ہو کر اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے گر جاتی ہے، جیسے:

هذه جَوارٍ، ومَرَرْتُ بجَوارٍ. اور حالتِ نصب میں بہر صورت یا باقی رہتی ہے، اور اس پر فتحہ ہوتا ہے، جیسے: رَأيْتُ الجَوارِيَ، اور جیسے: رَأيْتُ جَوارِيَ.

قاعدہ (۲۴) جمع کے الف کے بعد اگر زائد "واو" یا "یا" یا "الف" ہو تو وہ ہمزہ سے تبدیل ہو جائے گا، جیسے: "عَجاوِزُ" سے "عَجائِزُ". اور "شَرايِفُ" سے "شَرائِفُ" اور "رسائل" جمع رسالة.

نوٹ: "مصيبة" کی جمع "مصائب" میں یہ قاعدہ خلافِ قیاس جاری ہے، کیوں کہ یا اس میں زائد نہیں ہے۔

قاعدہ (۲۵) ضمہ کے بعد الف ہو تو واو ہو جاتا ہے، اور کسرہ کے بعد ہو تو یا ہو جاتا ہے، جیسے: قُوْتِلَ، مَحارِيْبُ.

قاعدہ (۲۶) جو الفِ زائد تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کے الف سے پہلے واقع ہو، وہ یا ہو جائے گا، جیسے: حُبْلَيانِ۔ حُبْلَياتٌ۔

نقشہ (۵) معتلِ فا واوی (مثال) سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	
۲	(۵۶) **ماضی:** وَعَدَ...... **مضارع:** يَعِدُ، يَعِدانِ، يَعِدُوْنَ، تَعِدُ، تَعِدَانِ، يَعِدْنَ، تَعِدُوْنَ، تَعِدِيْنَ، تَعِدْنَ، اَعِدُ، نَعِدُ. [۱] **امر:** عِدْ، عِدا، عِدُوْا، عِدِيْ، عِدْنَ۔ وعدہ کرنا
۳	(۵۷) **ماضی:** وَسِعَ.... **مضارع:** يَسَعُ، يَسَعانِ، يَسَعُوْنَ، تَسَعُ، تَسَعانِ، يَسَعْنَ، تَسَعُوْنَ، تَسَعِيْنَ، تَسَعْنَ اَسَعُ، نَسَعُ[۱]۔ **امر:** سَعْ، سَعا، سَعُوا، سَعِيْ، سَعْنَ۔
۴	(۵۸) **ماضی:** وَهَبَ.... **مضارع:** يَهَبُ، يَهَبانِ، يَهَبُوْنَ، تَهَبُ، تَهَبانِ، يَهَبْنَ، تَهَبُوْنَ، تَهَبِيْنَ، تَهَبْنَ، اَهَبُ، نَهَبُ[۱]۔ **امر:** هَبْ، هَبا، هَبُوْا، هَبِيْ، هَبْنَ۔
۵	(۵۹) **ماضی:** وَقُحَ .... **مضارع:** يَوْقُحُ.................. **امر:** اُوْقُحْ..... بے حیا ہونا
۶	(۶۰) **ماضی:** اِتَّزَنَ، اِتَّزَنَا، اِتَّزَنُوْا، اِتَّزَنَتْ، اِتَّزَنَتا، اِتَّزَنَّ، اِتَّزَنْتَ، اِتَّزَنْتُما، اِتَّزَنْتُمْ، اِتَّزَنْتِ، اِتَّزَنْتُنَّ، اِتَّزَنْتُ، اِتَّزَنَّا.[۳] **مضارع:** يَتَّزِنُ، يَتَّزِنانِ، يَتَّزِنُوْنَ، تَتَّزِنُ، تَتَّزِنانِ يَتَّزِنَّ، تَتَّزِنُوْنَ، تَتَّزِنِيْنَ، تَتَّزِنَّ، اَتَّزِنُ، نَتَّزِنُ.[۳] **امر:** اِتَّزِنْ، اِتَّزِنا، اِتَّزِنُوْا، اِتَّزِنِيْ، اِتَّزِنَّ.[۳] وزن کرنا
۷	(۶۱) **ماضی:** اِسْتَوْطَنَ......... **مضارع:** يَسْتَوْطِنُ.......... **امر:** اِسْتَوْطِنْ...... وطن بنانا
۸	(۶۲) **ماضی:** اِنْوَرَبَ......... **مضارع:** يَنْوَرِبُ.......... **امر:** اِنْوَرِبْ..... بے ترتیب ہونا
۹	(۶۳) **ماضی:** اَوْضَحَ......... **مضارع:** يُوْضِحُ.......... **امر:** أَوْضِحْ......... صبح کرنا

۱۰	(٦٤)**ماضی**: وَقَّتَ........ **مضارع**: يُوَقِّتُ........ **امر**: وَقِّتْ............
۱۱	(٦٥)**ماضی**: واظَبَ........ **مضارع**: يُواظِبُ........ **امر**: واظِبْ ....
۱۲	(٦٦) **ماضی**: تَوَفَّرَ.......... **مضارع**: يَتَوَفَّرُ.............. **امر**: تَوَفَّرْ............
۱۳	(٦٧)**ماضی**: تَواضَعَ.......... **مضارع**: يَتَواضَعُ .... **امر**: تَواضَعْ ....
۱۴	(٦٨)**ماضی**: وَسْوَسَ.......... **مضارع**: يُوَسْوِسُ.......... **امر**: وَسْوِسْ............
۱۵	(٦٩)**ماضی**: تَوَلْوَلَ.......... **مضارع**: يَتَوَلْوَلُ.......... **امر**: تَوَلْوَلْ............

نقشہ(٦) معتلِ فا یائی (مثال) سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	(٧٠)**ماضی**: يَمَنَ..... **مضارع**: يَيْمُنُ..... **امر**: **أُوْمُنْ، أُوْمُنا، أُوْمُنُوا، أُوْمُنِي؟، أُوْمُنَّ[٣]**
۲	(٧١)**ماضی**: يَسَرَ.......... **مضارع**: يَيْسِرُ.............. **امر**: اِيْسِرْ ....
۳	(٧٢)**ماضی**: يَقِظَ.......... **مضارع**: يَيْقَظُ.............. **امر**: اِيقَظْ ....
۴	
۵	(٧٣)**ماضی**: يَتُمَ..... **مضارع**: يَيْتُمُ..... **امر**: **أُوْتُم، أُوْتُما، أُوْتُمُوْا، أُوْتُمِيْ، أُوْتُمْنَ[٣]**
٦	(٧٤)**ماضی: اِتَّسَرَ، اِتَّسَرا، اِتَّسَرُوا، اِتَّسَرَتْ، اِتَّسَرَتا، اِتَّسَرْنَ، اِتَّسَرْتَ، اِتَّسَرْتُما، اِتَّسَرْتُم، اِتَّسَرْتِ، اِتَّسَرْتُنَّ، اِتَّسَرْتُ، اِتَّسَرْنا[٣]. مضارع: يَتَّسِرُ، يَتَّسِران، يَتَّسِرُوْنَ، تَتَّسِرُ، تَتَّسِرَانِ، يَتَّسِرْنَ، تَتَّسِرُوْنَ، تَتَّسِرِيْنَ، تَتَّسِرْنَ، اَتَّسِرُ، نَتَّسِرُ.[٣] امر: اِتَّسِرْ، اِتَّسِرا، اِتَّسِرُوا، اِتَّسِرِيْ، اِتَّسِرْنَ[٣]**
۷	(٧٥)**ماضی**: اِسْتَيْقَنَ.......... **مضارع**: يَسْتَيْقِنُ.......... **امر**: اِسْتَيْقِنْ ....
۸	
۹	(٧٦)**ماضی**: اَيْقَنَ.......... **مضارع: يُوْقِنُ، يُوْقِنانِ، يُوْقِنُوْنَ، تُوْقِنُ، تُوْقِنانِ، يُوْقِنَّ، تُوْقِنُوْنَ، تُوْقِنِيْنَ، تُوْقِنَّ، اُوْقِنُ، نُوْقِنُ[٣]**۔ **امر**: أَيْقِنْ..........
۱۰	(٧٧)**ماضی**: يَسَّرَ.......... **مضارع**: يُيَسِّرُ.......... **امر**: يَسِّرْ..........
۱۱	(٧٨)**ماضی**: ياسَرَ.......... **مضارع**: يُياسِرُ.......... **امر**: ياسِرْ..........

۱۲	(۷۹) **ماضی**: تَیَمَّنَ برکت حاصل کرنا .... **مضارع**: یَتَیَمَّنُ .... **امر**: تَیَمَّنْ ....
۱۳	(۸۰) **ماضی**: تَیَامَنَ بائیں جانب سے آنا .... **مضارع**: یَتَیَامَنُ .... **امر**: تَیَامَنْ ....
۱۴	
۱۵	

نقشہ (۷) معتلِ عین واوی (اجوف) سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	(۸۱) **ماضی معروف**: قَالَ، قَالَا، قَالُوْا، قَالَتْ، قَالَتَا، قُلْنَ، قُلْتَ، قُلْتُمَا، قُلْتُمْ، قُلْتِ، قُلْتُمَا، قُلْتُنَّ، قُلْتُ، قُلْنَا[۷]. **ماضی مجہول**: قِیْلَ، قِیْلَا، قِیْلُوا، قِیْلَتْ، قِیْلَتَا، قُلْنَ، قُلْتَ، قُلْتُمَا، قُلْتُم، قُلْتِ، قُلْتُنَّ، قُلْتُ، قُلْنَا[۹] **مضارع معروف**: یَقُوْلُ، یَقُوْلَانِ، یَقُوْلُوْنَ، تَقُوْلُ، تَقُوْلَانِ، یَقُلْنَ، تَقُوْلُوْنَ، تَقُوْلِیْنَ، تَقُلْنَ، أَقُوْلُ، نَقُوْلُ[۸]. **مضارع مجہول**: یُقَالُ، یُقَالَانِ، یُقَالُوْنَ، تُقَالُ، تُقَالَانِ، یُقَلْنَ، تُقَالُوْنَ، تُقَالِیْنَ، تُقَلْنَ، أُقَالُ، نُقَالُ.[۸] **امر**: قُلْ، قُوْلَا، قُوْلُوا، قُوْلِي، قُوْلَا، قُلْنَ۔
۲	
۳	(۸۲) **ماضی معروف**: خَافَ، خَافَا، خَافُوا، خَافَتْ، خَافَتَا، خِفْنَ، خِفْتَ، خِفْتُمَا، خِفْتُمْ، خِفْتِ، خِفْتُنَّ، خِفْتُ، خِفْنَا[۷]. **ماضی مجہول**: خِیْفَ، خِیْفَا، خِیْفُوْا، خِیْفَتْ، خِیْفَتَا، خِفْنَ، خِفْتَ، خِفْتُمَا، خِفْتُمْ، خِفْتِ، خِفْتُنَّ، خِفْتُ، خِفْنَا[۹]. **مضارع معروف**: یَخَافُ، یَخَافَانِ، یَخَافُوْنَ، تَخَافُ، تَخَافَانِ، یَخَفْنَ، تَخَافُوْنَ، تَخَافِیْنَ، تَخَفْنَ، أَخَافُ، نَخَافُ. **مضارع مجہول**: یُخَافُ، یُخَافَانِ، یُخَافُوْنَ، تُخَافُ، تُخَافَانِ، یُخَفْنَ، تُخَافُ، تُخَافَانِ، تُخَافُوْنَ، تُخَافِیْنَ، تُخَفْنَ، أُخَافُ، نُخَافُ **امر**: خَفْ، خَافَا، خَافُوا، خَافِيْ، خَفْنَ۔
۴	
۵	
۶ عاشق ہونا	(۸۳) **ماضی**: اِشْتَاقَ، اِشْتَاقَا، اِشْتَاقُوْا، اِشْتَاقَتْ، اِشْتَاقَتَا، اِشْتَقْنَ، اِشْتَقْتَ، اِشْتَقْتُمَا، اِشْتَقْتُمْ، اِشْتَقْتِ، اِشْتَقْتُنَّ، اِشْتَقْتُ، اِشْتَقْنَا[۷]. **مضارع** : یَشْتَاقُ، یَشْتَاقَانِ، یَشْتَاقُوْنَ، تَشْتَاقُ، تَشْتَاقَانِ، یَشْتَقْنَ، تَشْتَاقُوْنَ، تَشْتَاقِیْنَ، تَشْتَقْنَ، اَشْتَاقُ، نَشْتَاقُ[۷]. **امر**: اِشْتَقْ، اِشْتَاقَا، اِشْتَاقُوا، اِشْتَاقِي، اِشْتَقْنَ.[۷]

۷ مدد طلب کرنا	(۸۴)**ماضی**:اِسْتَعانَ، اِسْتَعانا، اِسْتَعانُوا، اِسْتَعانَتْ، اِسْتَعانَتا، اِسْتَعَنَّ،اِسْتَعَنْتَ، اِسْتَعَنْتُما، اِسْتَعَنْتُمْ، اِسْتَعَنْتِ، اِسْتَعَنْتُنَّ، اِسْتَعَنْتُ، اِسْتَعَنّا[۸]. **مضارع**:يَسْتَعِيْنُ، يَسْتَعِيْنانِ، يَسْتَعِيْنُوْنَ، تَسْتَعِيْنُ، تَسْتَعِيْنانِ، يَسْتَعِنَّ، تَسْتَعِيْنُوْنَ، تَسْتَعِيْنِيْنَ،تَسْتَعِنَّ، اَسْتَعِيْنُ، نَسْتَعِيْنُ[۸].**امر**: اِسْتَعِنْ، اِسْتَعِيْنا، اِسْتَعِيْنُوا، اِسْتَعِيْنِيْ، اِسْتَعِنَّ۔
۸ گردن جھکانا	(۸۵)**ماضی**:اِنْقادَ،اِنْقادا، اِنْقادُوْا، اِنْقادَتْ، اِنْقادَتا، اِنْقَدْنَ، اِنْقَدْتَ، اِنْقَدْتُما، اِنْقَدْتُمْ، اِنْقَدْتِ، اِنْقَدْتُنَّ، اِنْقَدْتُ، اِنْقَدْنا.[۷] **مضارع**:يَنْقادُ، يَنْقادانِ، يَنْقادُوْنَ، تَنْقادُ، تَنْقادانِ، يَنْقَدْنَ، تَنْقادُوْنَ، تَنْقادِيْنَ، تَنْقَدْنَ، اَنْقادُ، نَنْقادُ[۷]. **امر**: اِنْقَدْ، اِنْقَادا، اِنْقَادُوْا، اِنْقَادِي، اِنْقَدْنَ۔
۹ خوف دلانا	(۸۶)**ماضی**:أخافَ، أخافا، أخافُوْا،أخافَتْ، أخافَتا، أخَفْنَ، أخَفْتَ، أخَفْتُما، أخَفْتُمْ، أخَفْتِ، أخَفْتُنَّ، أخَفْتُ، أخَفْنا.[۸] **مضارع**: يُخِيْفُ، يُخِيْفانِ، يُخِيْفُوْنَ، تُخِيْفُ، تُخِيْفانِ، يُخِفْنَ،تُخِيْفُوْنَ، تُخِيْفِيْنَ، تُخِفْنَ، أُخِيْفُ، نُخِيْفُ[۸]**امر**: أَخِفْ، أَخِيْفا، أَخِيْفُوْا، أَخِيْفِيْ، أَخِفْنَ۔
۱۰ پھیرنا	(۸۷)**ماضی**: حَوَّلَ، حَوَّلا، حَوَّلُوْا، حَوَّلَتْ، حَوَّلَتا، حَوَّلْنَ، حَوَّلْتَ، حَوَّلْتُما، حَوَّلْتُمْ، حَوَّلْتِ، حَوَّلْتُنَّ، حَوَّلْتُ، حَوَّلْنا۔ **مضارع**: يُحَوِّلُ، يُحَوِّلانِ يُحَوِّلُوْنَ، تُحَوِّلُ، تُحَوِّلانِ،يُحَوِّلْنَ، تُحَوِّلُوْنَ، تُحَوِّلِيْنَ ، تُحَوِّلْنَ، أُحَوِّلُ، نُحَوِّلُ۔ **امر**: حَوِّلْ، حَوِّلا، حَوِّلُوْا، حَوِّلِيْ، حَوِّلا، حَوِّلْنَ۔
۱۱ ہاتھ بڑھا کر دینا	(۸۸)**ماضی**:ناوَلَ، ناوَلا، ناوَلُوا، ناوَلَتْ، ناوَلَتا، ناوَلْنَ، ناوَلْتَ، ناوَلْتُما، ناوَلْتُمْ، ناوَلْتِ،ناوَلْتُنَّ، ناوَلْتُ، ناوَلْنا۔ **مضارع**: يُناوِلُ، يُناوِلانِ يُناوِلُوْنَ تُناوِلُ، تُناوِلانِ، يُناوِلْنَ، تُناوِلُوْنَ، تُناوِلِيْنَ، تُناوِلْنَ، أُناوِلُ، نُناوِلُ. **امر**: ناوِلْ، ناوِلا، ناوِلُوا، ناوِلِيْ، ناوِلْنَ۔
۱۲ روشن ہونا	(۸۹)**ماضی**: تَنَوَّرَ، تَنَوَّرا، تَنَوَّرُوا، تَنَوَّرَتْ، تَنَوَّرَتا، تَنَوَّرْنَ، تَنَوَّرْتَ، تَنَوَّرْتُما، تَنَوَّرْتُمْ، تَنَوَّرْتِ، تَنَوَّرْتُنَّ، تَنَوَّرْتُ، تَنَوَّرْنا۔ **مضارع**: يَتَنَوَّرُ، يَتَنَوَّرانِ، يَتَنَوَّرُوْنَ، تَتَنَوَّرُ، تَتَنَوَّرانِ، يَتَنَوَّرْنَ، تَتَنَوَّرُوْنَ، تَتَنَوَّرِيْنَ، تَتَنَوَّرْنَ، أَتَنَوَّرُ، نَتَنَوَّرُ۔ **امر**: تَنَوَّرْ، تَنَوَّرا، تَنَوَّرُوا، تَنَوَّرِيْ، تَنَوَّرْنَ۔
۱۳	(۹۰)**ماضی** : تَوارَدَ............ **مضارع** : يَتَوارَدُ............ **امر**: تَوارَدْ............
۱۴	تشاور ...... یتشاور ...... تشاور
۱۵	

نقشہ (۸) معتلِ عین یائی (اجوف) سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	
۲ بیچنا خریدنا	(۹۱) **ماضی معروف:** باعَ، باعَا، باعُوْا، باعَتْ، باعَتا، بِعْنَ، بِعْتَ، بِعْتُما، بِعْتُمْ، بِعْتِ، بِعْتُنَّ، بِعْتُ، بِعْنا[۷]. **ماضی مجہول:** بِيْعَ، بِيْعَا، بِيْعُوْا، بِيْعَتْ، بِيْعَتا، بِعْنَ، بِعْتَ، بِعْتُما، بِعْتُمْ، بِعْتِ، بِعْتُنَّ، بِعْتُ، بِعْنا[۹]. **مضارع معروف:** يَبِيْعُ، يَبِيْعانِ، يَبِيْعُوْنَ، تَبِيْعُ، تَبِيْعانِ، يَبِعْنَ، تَبِيْعُوْنَ، تَبِيْعِيْنَ، تَبِعْنَ، أَبِيْعُ، نَبِيْعُ[۸]. **مضارع مجہول:** يُباعُ، يُباعانِ، يُباعُوْنَ، تُباعُ، تُباعانِ، يُبَعْنَ، تُباعُوْنَ، تُباعِيْنَ، تُبَعْنَ، أُباعُ، نُباعُ.[۸] **امر:** بِعْ، بِيْعا، بِيْعُوا، بِيْعِيْ، بِعْنَ.
۳ حاصل کرنا	(۹۲) **ماضی:** نالَ، نالا، نالُوا، نالَتْ، نالَتا، نِلْنَ، نِلْتَ، نِلْتُما، نِلْتُمْ، نِلْتِ، نِلْتُنَّ، نِلْتُ، نِلْنا[۷]. **مضارع:** يَنالُ، يَنالانِ، يَنالُوْنَ، تَنالُ، تَنالانِ، يَنَلْنَ، تَنالُوْنَ، تَنالِيْنَ، تَنَلْنَ، اَنالُ، نَنالُ[۸]. **امر:** نَلْ، نالا، نالُوا، نالِيْ، نَلْنَ۔
۴	
۵	
۶ اختیار کرنا	(۹۳) **ماضی:** اِخْتارَ، اِخْتارا، اِخْتارُوا، اِخْتارَتْ، اِخْتارَتا، اِخْتَرْنَ، اِخْتَرْتَ، اِخْتَرْتُما، اِخْتَرْتُمْ، اِخْتَرْتِ، اِخْتَرْتُنَّ، اِخْتَرْتُ، اِخْتَرْنا.[۷] **مضارع:** يَخْتارُ، يَخْتارانِ، يَخْتارُوْنَ، تَخْتارُ، تَخْتارانِ، يَخْتَرْنَ، تَخْتارُوْنَ، تَخْتارِيْنَ، تَخْتَرْنَ، اَخْتارُ، نَخْتارُ[۷]. **امر:** اِخْتَرْ، اِخْتارا، اِخْتارُوا، اِخْتارِيْ، اِخْتَرْنَ۔
۷ واضح ہونا ظاہر ہونا	(۹۴) **ماضی:** اِسْتَبانَ، اِسْتَبانا، اِسْتَبانُوْا، اِسْتَبانَتْ، اِسْتَبانَتا، اِسْتَبَنَّ، اِسْتَبَنْتَ، اِسْتَبَنْتُما، اِسْتَبَنْتُمْ، اِسْتَبَنْتِ، اِسْتَبَنْتُنَّ، اِسْتَبَنْتُ، اِسْتَبَنّا[۸]. **مضارع:** يَسْتَبِيْنُ، يَسْتَبِيْنانِ، يَسْتَبِيْنُوْنَ، تَسْتَبِيْنُ، تَسْتَبِيْنانِ، يَسْتَبِنَّ، تَسْتَبِيْنُوْنَ، تَسْتَبِيْنِيْنَ، تَسْتَبِنَّ، أَسْتَبِيْنُ، نَسْتَبِيْنُ[۸]. **امر:** اِسْتَبِنْ، اِسْتَبِيْنا، اِسْتَبِيْنُوا، اِسْتَبِيْنِيْ، اِسْتَبِنَّ۔
۸ جاری کرنا رائج ہونا	(۹۵) **ماضی:** اِنْباعَ، اِنْباعَا، اِنْباعُوْا، اِنْباعَتْ، اِنْباعَتا، اِنْبَعْنَ، اِنْبَعْتَ، اِنْبَعْتُما، اِنْبَعْتُمْ، اِنْبَعْتِ، اِنْبَعْتُنَّ، اِنْبَعْتُ، اِنْبَعْنا [۷]. **مضارع:** يَنْباعُ، يَنْباعانِ، يَنْباعُوْنَ، تَنْباعُ، تَنْباعانِ، يَنْبَعْنَ، تَنْباعُوْنَ، تَنْباعِيْنَ، تَنْبَعْنَ، اَنْباعُ، نَنْباعُ [۷]. **امر:** اِنْبَعْ، اِنْباعا، اِنْباعُوا، اِنْباعِيْ، اِنْبَعْنَ۔

نمبر	گردان
۹ ظاہر کرنا	(۹۶) **ماضی:** اَبانَ، اَبانا، اَبانُوا، اَبانَتْ، اَبانَتا، اَبَنَّ، اَبَنْتَ، اَبَنْتُما، اَبَنْتُمْ، اَبَنْتِ، اَبَنْتُنَّ، اَبَنْتُ، اَبَنّا۔ **مضارع:** يُبِيْنُ، يُبِيْنانِ، يُبِيْنُوْنَ تُبِيْنُ، تُبِيْنانِ ، يُبِنَّ، تُبِيْنُوْنَ، تُبِيْنِيْنَ، تُبِنَّ، اُبِيْنُ، نُبِيْنُ۔ **امر:** أَبِنْ، أَبِيْنا، أبِيْنُواْ، أبِيْنِيْ، أبِنَّ۔
۱۰ علیحدہ کرنا، الگ کرنا	(۹۷) **ماضی:** مَيَّزَ، مَيَّزَا، مَيَّزُوا، مَيَّزَتْ، مَيَّزَتا، مَيَّزْنَ، مَيَّزْتَ، مَيَّزْتُما، مَيَّزْتُمْ، مَيَّزْتِ، مَيَّزْتُنَّ، مَيَّزْتُ، مَيَّزْنا۔ **مضارع:** يُمَيِّزُ، يُمَيِّزانِ، يُمَيِّزُوْنَ، تُمَيِّزُ، تُمَيِّزانِ، يُمَيِّزْنَ، تُمَيِّزُوْنَ، تُمَيِّزِيْنَ، تُمَيِّزْنَ، اُمَيِّزُ، نُمَيِّزُ۔ **امر:** مَيِّزْ، مَيِّزا، مَيِّزُوْا، مَيِّزِيْ، مَيِّزْنَ۔
۱۱ باہم خرید و فروخت کرنا	(۹۸) **ماضی:** بايَعَ،بايَعا، بايَعُوْا، بايَعَتْ، بايَعَتا، بايَعْنَ، بايَعْتَ، بايَعْتُما، بايَعْتُمْ، بايَعتِ، بايَعْتُنَّ، بايَعتُ، بايَعْنا۔ **مضارع:** يُبايِعُ، يُبايِعانِ، يُبايِعُوْنَ، تُبايِعُ، تُبايِعانِ، يُبايِعْنَ، تُبايِعُوْنَ، تُبايِعِيْنَ، تُبايِعْنَ، اُبايِعُ، نُبايِعُ۔ **امر:** بايِعْ، بايِعا، بايِعُوا، بايِعِيْ، بايِعْنَ۔
۱۲ غصے سے پھٹ پڑنا	(۹۹) **ماضی:** تَمَيَّزَ، تَمَيَّزا، تَمَيَّزُوْا، تَمَيَّزَتْ، تَمَيَّزَتا، تَمَيَّزْنَ، تَمَيَّزْتَ، تَمَيَّزْتُما، تَمَيَّزْتُمْ، تَمَيَّزْتِ، تَمَيَّزْتُنَّ، تَمَيَّزْتُ، تَمَيَّزْنا۔ **مضارع:** يَتَمَيَّزُ، يَتَمَيَّزانِ، يَتَمَيَّزُوْنَ، تَتَمَيَّزُ، تَتَمَيَّزانِ، يَتَمَيَّزْنَ، تَتَمَيَّزُوْنَ، تَتَمَيَّزِيْنَ، تَتَمَيَّزْنَ، اَتَمَيَّزُ، نَتَمَيَّزُ۔ **امر:** تَمَيَّزْ، تَمَيَّزا، تَمَيَّزُوْا، تَمَيَّزِيْ، تَمَيَّزْنَ۔
۱۳ زائد بیان کرنا	(۱۰۰) **ماضی:** تَزايَدَ، تَزايَدا، تَزايَدُوا، تَزايَدَتْ، تَزايَدَتا، تَزايَدْنَ، تَزايَدْتَ، تَزايَدْتُما، تَزايَدْتُمْ، تَزايَدْتِ، تَزايَدْتُنَّ، تَزايَدْتُ، تَزايَدْنا۔ **مضارع:** يَتَزايَدُ، يَتَزايَدانِ يَتَزايَدُوْنَ، تَتَزايَدُ، تَتَزايَدانِ، يَتَزايَدْنَ، تَتَزايَدُوْنَ، تَتَزايَدِيْنَ، تَتَزايَدْنَ، اَتَزايَدُ، نَتَزايَدُ۔ **امر:** تَزايَدْ، تَزايَدا، تَزايَدُوا، تَزايَدِيْ، تَزايَدْنَ۔
۱۴ محافظ ہونا	(۱۰۱) **ماضی:** سَيْطَرَ، سَيْطَرا، سَيْطَرُوا، سَيْطَرَتْ، سَيْطَرَتا، سَيْطَرْنَ، سَيْطَرْتَ، سَيْطَرْتُما، سَيْطَرْتُمْ، سَيْطَرْتِ، سَيْطَرْتُنَّ، سَيْطَرْتُ، سَيْطَرْنا۔ **مضارع:** يُسَيْطِرُ، يُسَيْطِرانِ، يُسَيْطِرُوْنَ، تُسَيْطِرُ، تُسَيْطِرانِ، يُسَيْطِرْنَ، تُسَيْطِرُوْنَ، تُسَيْطِرِيْنَ، تُسَيْطِرْنَ، اُسَيْطِرُ، نُسَيْطِرُ۔ **امر:** سَيْطِرْ، سَيْطِرا، سَيْطِرُوا، سَيْطِرِيْ، سَيْطِرْنَ۔
۱۵ نگہبان ہونا	(۱۰۲) **ماضی:** تَسَيْطَرَ، تَسَيْطَرا، تَسَيْطَرُوا، تَسَيْطَرَتْ، تَسَيْطَرَتا، تَسَيْطَرْنَ، تَسَيْطَرْتَ، تَسَيْطَرْتُما، تَسَيْطَرْتُمْ، تَسَيْطَرْتِ، تَسَيْطَرْتُنَّ، تَسَيْطَرْتُ، تَسَيْطَرْنا۔ **مضارع:** يَتَسَيْطَرُ، يَتَسَيْطَرانِ، يَتَسَيْطَرُوْنَ، تَتَسَيْطَرُ، تَتَسَيْطَرانِ، يَتَسَيْطَرْنَ، تَتَسَيْطَرُوْنَ، تَتَسَيْطَرِيْنَ، تَتَسَيْطَرْنَ، اَتَسَيْطَرُ، نَتَسَيْطَرُ۔ **امر:** تَسَيْطَرْ، تَسَيْطَرا، تَسَيْطَرُوْ، تَسَيْطَرِيْ، تَسَيْطَرْنَ۔

نقشہ(۹) معتلِ لام واوی (ناقص) سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

گردانیں	باب
(۱۰۳) **ماضی**: **سَمَا**[۷]، سَمَوَا، **سَمَوْا**، **سَمَتْ**، **سَمَتَا**[۷]، سَمَوْنَ، سَمَوْتَ، سَمَوْتُما، سَمَوْتُمْ، سَمَوْتِ، سَمَوْتُنَّ، سَمَوْتُ، سَمَوْنا۔ **مضارع**: **يَسْمُو**[۱۴]، يَسْمُوانِ، **يَسْمُوْنَ**، **تَسْمُو**[۱۴] تَسْمُوَانِ، يَسْمُوْنَ، **تَسْمُوْنَ**، **تَسْمِيْنَ**، تَسْمُوْنَ، **اَسْمُوْ**، **نَسْمُو**[۱۴]. **امر**: اُسْمُ، اُسْمُوَا، اُسْمُوْا، اُسْمِيْ، اُسْمُوْنَ۔	۱ بلند ہونا
	۲
(۱۰۴) رَضِيَ، رَضِيا، **رَضُوا**[۱۴]، رَضِيَتْ، رَضِيَتا، رَضِيْنَ، رَضِيْتَ، رَضِيْتُما، رَضِيْتُمْ، رَضِيْتِ، رَضِيْتُنَّ، رَضِيْتُ، رَضِيْنا۔ **مضارع**: **يَرْضىٰ**[۷]، **يَرْضَيانِ**، **يَرْضَوْنَ**، **تَرْضىٰ**[۷]، **تَرْضَيانِ**، **يَرْضَيْنَ**، **تَرْضَوْنَ**، **تَرْضَيْنَ**، **تَرْضَيْنَ**، **اَرْضىٰ**[۷]، **نَرْضىٰ**[۷][۲۰] **امر**: **اِرْضَ**، **اِرْضَيا**، **اِرْضَوْا**، **اِرْضَيْ**، **اِرْضَيْنَ**۔ **فائدہ**: نیچے آنے والے ناقص واوی کے تمام ابواب میں قاعدہ (۲۰) جاری ہے۔البتہ ماضی کے واحد مذکر غائب، جمع مذکر غائب، واحد اور تثنیہ مؤنث غائب میں قاعدہ (۷) اور تفعل اور تفاعل کے سوا مضارع کے جمع مذکر غائب وحاضر میں قاعدہ (۱۴) جاری ہے، تفعل اور تفاعل کے ماضی کے جمع مذکر غائب اور مضارع کے جمع مذکر غائب وحاضر میں قاعدہ (۷) جاری ہے۔ یوں ہی مزید سے ناقص یائی کے ماضی اور مضارع میں بھی حسبِ تفصیل بالا قاعدہ جاری کرنا چاہیے، فرق صرف یہ ہے کہ وہاں قاعدہ نمبر (۲۰) جاری نہیں ہے۔	۳ خوش ہونا / راضی ہونا
	۴
	۵
(۱۰۵) **ماضی**: اِرْتَضَى، اِرْتَضَيا، اِرْتَضَوْا، اِرْتَضَتْ، اِرْتَضَتا، اِرْتَضَيْنَ، اِرْتَضَيْتَ، اِرْتَضَيْتُما، اِرْتَضَيْتُمْ، اِرْتَضَيْتِ، اِرْتَضَيْتُنَّ، اِرْتَضَيْتُ، اِرْتَضَيْنا۔ **مضارع**: يَرْتَضِي، يَرْتَضِيانِ، يَرْتَضُوْنَ، تَرْتَضِي، تَرْتَضِيانِ، يَرْتَضِيْنَ، تَرْتَضُوْنَ، تَرْتَضِيْنَ، تَرْتَضِيْنَ، اَرْتَضِي، نَرْتَضِي۔ **امر**: اِرْتَضِ، اِرْتَضِيا، اِرْتَضُوْا، اِرْتَضِيْ، اِرْتَضِيْنَ	۶ پسند کرنا

نمبر	گردان
۷ معافی چاہنا	(۱۰۶)**ماضی**: اِسْتَعْفٰى، اِسْتَعْفَيا، اِسْتَعْفَوْا، اِسْتَعْفَتْ، اِسْتَعْفَتا، اِسْتَعْفَيْنَ، اِسْتَعْفَيْتَ، اِسْتَعْفَيْتُما، اِسْتَعْفَيْتُمْ، اِسْتَعْفَيْتِ، اِسْتَعْفَيْتُنَّ، اِسْتَعْفَيْتُ، اِسْتَعْفَيْنا۔ **مضارع**: يَسْتَعْفِيْ، يَسْتَعْفِيانِ،يَسْتَعْفُوْنَ، تَسْتَعْفِيْ، تَسْتَعْفِيانِ، يَسْتَعْفِيْنَ، تَسْتَعْفُوْنَ، تَسْتَعْفِيْنَ، تَسْتَعْفِيْ، اَسْتَعْفِيْ، نَسْتَعْفِيْ۔ **امر**: اِسْتَعْفِ، اِسْتَعْفِيا، اِسْتَعْفُوا، اِسْتَعْفِيْ، اِسْتَعْفِيْنَ۔
۸ مٹ جانا	(۱۰۷)**ماضی**: اِمَّحٰى، اِمَّحَيا، اِمَّحَوْا، اِمَّحَتْ، اِمَّحَتا، اِمَّحَيْنَ، اِمَّحَيْتَ، اِمَّحَيْتُما، اِمَّحَيْتُمْ، اِمَّحَيْتِ، اِمَّحَيْتُنَّ، اِمَّحَيْتُ، اِمَّحَيْنا۔ **مضارع**: يَمَّحِيْ، يَمَّحِيانِ، يَمَّحُوْنَ، تَمَّحِيْ، تَمَّحِيانِ۔ يَمَّحِيْنَ، تَمَّحُوْنَ، تَمَّحِيْنَ، تَمَّحِيْنَ، اَمَّحِيْ، نَمَّحِيْ۔ **امر**: اِمَّحِ، اِمَّحِيا، اِمَّحُوْا، اِمَّحِيْ، اِمَّحِيْنَ۔
۹ قیمت بڑھانا	(۱۰۸)**ماضی**: أَغْلٰى، أَغْلَيا، أَغْلَوا، أَغْلَتْ، أَغْلَتا، أَغْلَيْنَ، أَغْلَيْتَ، أَغْلَيْتُما، أَغْلَيْتُمْ، أَغْلَيْتِ، أَغْلَيْتُنَّ، أَغْلَيْتُ، أَغْلَيْنا۔ **مضارع**: يُغْلِيْ، يُغْلِيانِ، يُغْلُوْنَ، تُغْلِيْ، تُغْلِيانِ، يُغْلِيْنَ، تُغْلُوْنَ، تُغْلِيْنَ، تُغْلِيْنَ، أُغْلِيْ، نُغْلِيْ۔ **امر**: أَغْلِ، أَغْلِيا، أَغْلُوا، أَغْلِيْ، أَغْلِيْنَ۔
۱۰ نام رکھنا	(۱۰۹)**ماضی**: سَمّٰى، سَمَّيا، سَمَّوْا، سَمَّتْ، سَمَّتا، سَمَّيْنَ، سَمَّيْتَ، سَمَّيْتُما، سَمَّيْتُمْ، سَمَّيْتِ، سَمَّيْتُنَّ، سَمَّيْتُ، سَمَّيْنا۔ **مضارع**: يُسَمِّيْ، يُسَمِّيانِ، يُسَمُّوْنَ، تُسَمِّيْ، تُسَمِّيانِ، يُسَمِّيْنَ، تُسَمُّوْنَ، تُسَمِّيْنَ، تُسَمِّيْنَ، أُسَمِّيْ، نُسَمِّيْ۔ **امر**: سَمِّ، سَمِّيا، سَمُّوا، سَمِّيْ، سَمِّيْنَ۔
۱۱ بلند کرنا	(۱۱۰)**ماضی**: عَالٰى، عَالَيا، عَالَوْا، عَالَتْ، عَالَتا، عَالَيْنَ، عَالَيْتَ، عَالَيْتُما، عَالَيْتُمْ، عَالَيْتِ، عَالَيْتُنَّ، عَالَيْتُ، عَالَيْنا۔ **مضارع**: يُعالِيْ، يُعالِيانِ، يُعالُوْنَ، تُعالِيْ، تُعالِيانِ، تُعالُوْنَ، تُعالِيْنَ، تُعالِيْنَ، أُعالِيْ، نُعالِيْ۔ **امر**: عَالِ، عَالِيَا، عَالُوا، عَالِيْ، عَالِيْنَ۔
۱۲ بلند ہونا	(۱۱۱) **ماضی**: تَعَلّٰى، تَعَلَّيا، تَعَلَّوْا، تَعَلَّتْ، تَعَلَّتا، تَعَلَّيْنَ، تَعَلَّيْتَ، تَعَلَّيْتُما، تَعَلَّيْتُم، تَعَلَّيْتِ تَعَلَّيْتُنَّ، تَعَلَّيْتُ، تَعَلَّيْنَا۔ **مضارع**: يَتَعَلّٰى، يَتَعَلَّيانِ، يَتَعَلَّوْنَ، تَتَعَلّٰى، تَتَعَلَّيانِ، يَتَعَلَّيْنَ، تَتَعَلَّوْنَ، تَتَعَلَّيْنَ، تَتَعَلَّيْنَ، اَتَعَلّٰى، نَتَعَلّٰى۔ **امر**: تَعَلَّ، تَعَلَّيا، تَعَلَّوْا، تَعَلَّيْ، تَعَلَّيْنَ۔
۱۳ بلند ہونا	(۱۱۲)**ماضی**: تَعالٰى، تَعالَيا، تَعالَوْا، تَعالَتْ، تَعالَتا، تَعالَيْنَ، تَعالَيْتَ، تَعالَيْتُما، تَعالَيْتُمْ، تَعالَيْتِ، تَعالَيْتُنَّ، تَعالَيْتُ، تَعالَيْنا۔ **مضارع**: يَتَعالٰى، يَتَعالَيانِ، يَتَعالَوْنَ، تَتَعالٰى، تَتَعالَيانِ، يَتعالَيْنَ، تَتَعالَوْنَ، تَتَعالَيْنَ، تَتَعالَيْنَ، اَتَعالٰى، نَتَعالٰى۔ **امر**: تَعالَ، تَعالَيا، تَعالَوْا، تَعالَي، تَعالَيْنَ۔
۱۴	
۱۵	

نقشہ(۱۰) معتلِ لام یائی (ناقص) سے ماضی، مضارع اورامر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	
۲ پھینکنا	(۱۱۳)**ماضی معروف: رَمَی** [۷]، رَمَیا، **رَمَوْا، رَمَتْ، رَمَتَا** [۷]، رَمَیْنَ، رَمَیْتَ، رَمَیْتُما، رَمَیْتُم، رَمَیْتِ، رَمَیْتُنَّ، رَمَیْتُ، رَمَیْنا۔ **ماضی مجہول** : رُمِيَ، رُمِیا، **رُمُوْا** [۴]، رُمِیَتْ، رُمِیَتا، رُمِیْنَ، رُمِیْتَ، رُمِیْتُما، رُمِیْتُم، رُمِیْتِ، رُمِیْتُنَّ، رُمِیْتُ، رُمِیْنا۔ **مضارع: معروف: یَرْمِيْ** [۱۴]، یَرْمِیانِ، **یَرْمُوْنَ، تَرْمِيْ** [۱۴]، تَرْمِیانِ، یَرْمِیْنَ، **تَرْمُوْنَ، تَرْمِیْنَ** [۱۴]، تَرْمِیْنَ، **أَرْمِيْ، نَرْمِيْ** [۱۴]. **مضارع مجہول** : **یُرْمی** [۷]، یُرْمَیانِ، **یُرْمَوْنَ، تُرْمی** [۷]، تُرْمَیانِ، یُرْمَیْنَ، **تُرْمَوْنَ** [۷] **تُرْمَیْنَ** [۱۴]، تُرْمَیْنَ، **أُرْمی، نُرْمی**[۷].
۳ چڑھنا	(۱۱٤)**ماضی:** رَقِيَ، رَقِیا، **رَقُوا**[۱۴]، رَقِیَتْ، رَقِیَتا، رَقِیْنَ، رَقِیْتَ، رَقِیْتُما، رَقِیْتُم، رَقِیْتِ، رَقِیْتُنَّ، رَقِیْتُ، رَقِیْنا۔ **مضارع: یَرْقی** [۱۴]، یَرْقَیانِ **یَرْقَوْنَ، تَرْقی**[۷]، تَرْقَیانِ،یَرْقَیْنَ، **تَرْقَوْنَ**[۷]، **تَرْقَیْنَ**[۱۴]، تَرْقَیْنَ، **اَرْقی، نَرْقی** [۷]. **امر**: اِرقَ، اِرقَیا، اِرقَوا،م اِرقَيْ، اِرقَیْنَ۔
۴ چرانا، چرانا حفاظت کرنا	(۱۱۵)**ماضی: رَعَی**[۷]، رَعَیا، **رَعَوا، رَعَتْ، رَعَتا**[۷]، رَعَیْنَ، رَعَیْتَ، رَعَیْتُما، رَعَیْتُم، رَعَیْتِ، رَعَیْتُنَّ، رَعَیْتُ، رَعَیْنا۔ **مضارع: یَرْعی**[۷]، یَرْعَیانِ، **یَرْعَوْنَ، تَرْعی**[۷]، تَرْعَیانِ، یَرْعَیْنَ، **تَرْعَوْنَ**[۷] تَرْعَیْنَ، **تَرْعَیْنَ**[۱۴]، **اَرْعی، نَرْعی. امر**: اِرْعَ، اِرْعَیا، اِرْعَوْ، اِرْعَیْ، اِرْعَیْنَ۔
۵	
۶ راہ پانا	(۱۱٦)**ماضی:** اِھْتَدیٰ، اِھْتَدَیَا، اِھْتَدَوْا، اِھْتَدَتْ، اِھْتَدَتا، اِھْتَدَیْنَ، اِھْتَدَیْتَ، اِھْتَدَیْتُما، اِھْتَدَیْتُم، اِھْتَدَیْتِ، اِھْتَدَیْتُنَّ، اھتدَیْتُ، اھتدَیْنا۔ **مضارع:** یَھْتَدِی، یَھْتَدِیانِ، یَھْتَدُوْنَ، تَھْتَدِی، تَھْتَدِیانِ، یَھْتَدِیْنَ، تَھْتَدُونَ، تَھْتَدِیْنَ، تَھْتَدِیْنَ، اَھْتَدِي، نَھْتَدِي۔ **امر**: اِھْتَدِ، اِھْتَدِیا، اِھْتَدُوا، اِھْتَدِيْ، اِھْتَدِیْنَ۔
۷ ڈھانپنا	(۱۱۷)**ماضی:** اِسْتَغْشی، اِسْتَغْشیا، اِسْتَغْشَوْا، اِسْتَغْشَتْ، اِسْتَغْشَتا، اِسْتَغْشَیْنَ، اِسْتَغْشَیْتَ، اِسْتَغْشَیْتُما، اِسْتَغْشَیْتُم، اِسْتَغْشَیْتِ، اِسْتَغْشَیْتُنَّ، اِسْتَغْشَیْتُ، اِسْتَغْشَیْنا۔ **مضارع:** یَسْتَغْشِي، یَسْتَغْشِیانِ، یَسْتَغْشُوْنَ، تَسْتَغْشِي، تَسْتَغْشِیانِ، یَسْتَغْشِیْنَ، تَسْتَغْشُوْنَ، تَسْتَغْشِیْنَ، تَسْتَغْشِیْنَ، اَسْتَغْشِي، اَسْتَغْشِي۔ **امر**: اِسْتَغْشِ، اِسْتَغْشِیا، اِسْتَغْشُوا، اِسْتَغْشِيْ، اِسْتَغْشِیْنَ۔

۸ پیش آنا	(۱۱۸)**ماضی**: اِنْبَرىٰ، اِنْبَرِيا، اِنْبَرَوْا، اِنْبَرَتْ، اِنْبَرَتا، اِنْبَرَيْنَ، اِنْبَرَيْتَ، اِنْبَرَيْتُما، اِنْبَرَيْتُمْ، اِنْبَرَيْتِ، اِنْبَرَيْتُنَّ ، اِنْبَرَيْتُ، اِنْبَرَيْنا۔ **مضارع**: يَنْبَرِي، يَنْبَرِيانِ، يَنْبَرُوْنَ، تَنْبَرِيْ، تَنْبَرِيانِ، يَنْبَرِينَ، تَنْبَرُوْنَ، تَنْبَرِيْنَ، تَنْبَرِيْنَ، اَنْبَرِيْ، نَنْبَرِيْ۔ **امر**: اِنْبَرِ، اِنْبَرِيا، اِنْبَرُوْا، اِنْبَرِيْ، اِنْبَرِيْنَ۔
۹	(۱۱۹)**ماضی**: أعْطىٰ ..دینا...... **مضارع**: يُعْطِيْ............... **امر**: أعْطِ ....
۱۰	(۱۲۰)**ماضی**: رَقَّىٰ... بلند کرنا... **مضارع**: يُرَقِّيْ................. **امر**: رَقِّ..........
۱۱	(۱۲۱)**ماضی**: دارىٰ.. باہم نرمی برتنا **مضارع**: يُدارِيْ................ **امر**: دارِ............
۱۲	(۱۲۲)**ماضی**: تَمَنّىٰ. آرزو کرنا... **مضارع**: يَتمنّىٰ................ **امر**: تَمَنَّ............
۱۳	(۱۲۳)**ماضی**: تَرامىٰ.... ایک دوسرے پر تیر اندازی کرنا..... **مضارع**: يَترامىٰ.............. **امر**: تَرامَ..........
۱۴	
۱۵	

قواعد مضاعف

کسی جگہ اگر ایک جنس یا ایک مخرج کے دو حرف یا قریب قریب مخرج کے دو حرف جمع ہوں تو ان میں حسب ذیل قواعد کے مطابق ادغام کرتے ہیں۔

قاعدہ (۱) اگر ان دونوں حرفوں میں پہلا حرف ساکن غیر مدّہ ہو تو دوسرے حرف کو پہلے حرف میں ادغام کرنا واجب ہے، خواہ دونوں حرف ایک کلمہ میں ہوں، یا دو کلمہ میں ہوں۔

☆ ایک جنس کے دو حرف جمع ہونے کی مثال: "مَدٌّ" (اس کی اصل "مَدْدٌ ہے)۔ ☆ ایک مخرج کے دو حرف جمع ہونے کی مثال: " عَبَدْتُّم" (اس کی اصل "عَبَدْتُم" ہے)۔ ☆ متقارب المخرج دو حرف جمع ہونے کی مثال: "أَلَمْ نَخلُقْكُم" (اس کی اصل "اَلَمْ نَخْلُقْكُم" ہے)۔ ☆ "فِيْ يَوْم" میں اول مدّہ ہے اس لیے ادغام نہ ہوا۔

قاعدہ (۲) اگر دونوں حرف متحرّک ہوں اور ایک کلمہ میں جمع ہوں اور پہلے حرف کا ماقبل متحرّک ہو تو پہلے حرف کو ساکن کر کے دوسرے میں ادغام کرنا واجب ہے، جیسے: "مَدَدَ" سے "مَدَّ". اور "فَرَرَ" سے "فَرَّ". البتہ اسم میں اس قاعدہ جاری ہونے کے لیے شرط ہے کہ وہ متحرک العین نہ ہو، لہٰذا "شَرَر" اور "سُرُر" میں ادغام نہیں کریں گے۔

قاعدہ (۳) اگر وہ دونوں متحرّک ہوں اور ایک کلمہ میں جمع ہوں مگر پہلے حرف کا ماقبل ساکن غیر مدّہ ہو تو پہلے حرف کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دے کر ادغام کرنا واجب ہے، جیسے: "يَمْدُدُ" سے "يَمُدُّ". "يَفْرِرُ" سے "يَفِرُّ". اور "يَعْضَضُ" سے "يَعَضُّ". لیکن یہ قاعدہ جاری ہونے کے لیے شرط ہے کہ وہ کلمہ ملحق نہ ہو، لہٰذا "جَلْبَبَ" میں یہ قاعدہ جاری نہ ہوگا۔

قاعدہ (۴) اگر دونوں متحرِّک ہوں اور ایک کلمہ میں جمع ہوں، مگر پہلے حرف کا ماقبل ساکن مدّہ ہو تو پہلے حرف کی

حرکت ماقبل کو دیے بغیر ادغام کردیں گے۔ جیسے: "حاجِجٌ" سے "حاجّ"، "تُمُوْدِدَ" سے "تُمُوْدَّ"۔

قاعدہ (۵) اگر ادغام کے بعد دوسرے حرف پر امر کی وجہ سے سکون ہو یا کسی عامل جازم کی وجہ سے جزم ہو تو وہاں تین صورتیں جائز ہوتی ہیں: (۱) فتحہ، جیسے: "فِرَّ"۔ (۲) کسرہ، جیسے: "فِرِّ"۔ (۳) فکِّ ادغام (یعنی ادغام نہ کرنا)، جیسے: "اِفْرِرْ"۔ اور اگر حرفِ اول کا ماقبل مضموم ہو تو ضمّہ بھی جائز ہے، جیسے: "مُدُّ"، "لَمْ یَمُدُّ"

نقشہ (۱۱) مضاعف سے ماضی، مضارع اور امر کی گردانیں

باب	گردانیں
۱	(۱۲٤) **ماضیی: مَدَّ، مَدَّا، مَدُّوْا، مَدَّتْ، مَدَّتا**[۲]، مَدَدْنَ، مَدَدْتَ، مَدَدْتُما، مَدَدْتُمْ، مَدَدْتِ، مَدَدْتُنَّ، مَدَدْتُ، مَدَدْنا۔ **مضارع: یَمُدُّ، یَمُدَّانِ، یَمُدُّوْنَ، تَمُدُّ، تَمُدَّان**[۳]، یَمْدُدْنَ، **تَمُدُّوْنَ، تَمُدِّیْنَ**،[۳] تَمْدُدْنَ، **اَمُدُّ، نَمُدُّ**[۳]. **امر**: مُدَّ، مُدَّا، مُدُّوْا، مُدِّيْ، اُمْدُدْنَ۔
۲	(۱۲۵) **ماضی: فَرَّ، فَرَّا، فَرُّوا، فَرَّتْ، فَرَّتا**[۲]، فَرَرْنَ، فَرَرْتَ، فَرَرْتُما، فَرَرْتُمْ، فَرَرْتِ، فَرَرْتُنَّ، فَرَرْتُ، فَرَرْنا۔ **مضارع: یَفِرُّ، یَفِرّانِ، یَفِرُّوْنَ، تَفِرُّ، تَفِرّانِ**[۳]، یَفْرِرْنَ، **تَفِرُّوْنَ، تَفِرِّیْنَ** [۳]، تَفْرِرْنَ، **اَفِرُّ، نَفِر**[۳]. **امر**: فِرَّ، فِرَّا، فِرُّوْا، فِرِّيْ، اِفْرِرْنَ۔
۳	(۱۲٦) **ماضی: عَضَّ، عَضَّا، عَضُّوْا، عَضَّتْ، عَضَّتا**[۲]، عَضَضْنَ، عَضَضْتَ، عَضَضْتُما، عَضَضْتُمْ، عَضَضْتِ، عَضَضْتُنَّ، عَضَضْتُ، عَضَضْنا۔ **مضارع: یَعَضُّ، یَعَضّانِ، یَعَضُّوْنَ، تَعَضُّ، تَعَضّانِ**[۳]، یَعْضَضْنَ، **تَعَضُّوْنَ، تَعَضِّیْنَ**[۳]، تَعْضَضْنَ، **اَعَضُّ، نَعَضُّ**[۳]. **امر**: عَضَّ، عَضَّا، عَضُّوْا، عَضِّيْ، اِعْضَضْنَ۔
۴	
۵	
٦	(۱۲۷) **ماضی**: اِعْتَرَّ .... **مضارع**: یَعْتَرُّ .... **امر**: اِعْتَرَّ ....
۷	(۱۲۸) **ماضی**: اِسْتَقَرَّ .... **مضارع**: یَسْتَقِرُّ .... **امر**: اِسْتَقَرَّ ....
۸	(۱۲۹) **ماضی**: اِنْجَرَّ .... **مضارع**: یَنْجَرُّ .... **امر**: اِنْجَرَّ ....
۹	(۱۳۰) **ماضی**: اَقَرَّ .... **مضارع**: یُقِرُّ .... **امر**: أَقِرَّ ....
۱۰	(۱۳۱) **ماضی**: هَدَّدَ .... **مضارع**: یُهَدِّدُ .... **امر**: هَدِّدْ ....
۱۱	(۱۳۲) **ماضی**: حاجَّ .... **مضارع**: یُحاجُّ .... **امر**: حاجَّ ....

۱۲	(۱۳۳)**ماضی:** تَخَفَّفَ ہلکہ ہونا.. **مضارع:** یَتَخَفَّفُ .... **امر:** تَخَفَّفْ......
۱۳	(۱۳٤)**ماضی:** تَوادَّ باہم ایک دوسرے سے محبت کرنا......... **مضارع:** یَتَوادُّ .... **امر:** تَوادَّ ....
۱۴	
۱۵	

نقشہ (۱۲)

[حسب یحسب ،افعلال،افعیلال،افعوّال، افعیعال،افعنلال اورافعلّال کی گردانیں]

	حسب سے سالم، معتل فا اور لفیف مفروق کی گردان آتی ھے
سالم	(۱۳۵)**ماضی:** حَسِبَ .... **مضارع:** یَحْسِبُ .... **امر:** اِحْسِب........
معتل فا	(۱۳٦) **ماضی:** وَثِقَ..... **مضارع:** **یَثِقُ، یَثِقانِ، یَثِقُوْنَ، تَثِقُ، تَثِقانِ، یَثِقْنَ، تَثِقُوْنَ، تَثِقِیْنَ، تَثِقْنَ، اَثِقُ، نَثِق** [ا]۔ **امر:** ثِقْ، ثِقا، ثِقُوا، ثِقِيْ، ثِقْنَ۔
لفیف مفروق	(۱۳۷) **ماضی:** وَرِيَ، وَرِيا، **وَرُوْا**[۱۴]، وَرِيَتْ، وَرِيَتا، وَرِيْنَ، وَرِيْتَ، وَرِيْتُما، وَرِيْتُم، وَرِيْتِ، وَرِيْتُنَّ، وَرِيْتُ۔ وَرِيْنا۔ **مضارع:** **يَرِي، يَرِيانِ، يَرُوْنَ، تَرِيْ، تَرِيانِ، يَرِينَ، تَرُوْنَ، تَرِيْنَ، تَرِيْنَ، اَرِيْ، نَرِيْ**[ا]. **امر:** رِ، رِيا، رُوا، رِيْ، رِيْنَ۔
	افعلال سے سالم معتل عین اور معتل لام کی گردان آتی ھے
سالم	(۱۳۸) **ماضی :** اِصْفَرَّ..... **مضارع:** يَصفَرُّ....... **امر:** اِصْفَرَّ......... ("مَدَّ" کی گردانوں کی تبدیلیاں جاری ہیں)
اجوف	(۱۳۹) **ماضی:** اِبْیَضَّ...... **مضارع:** یَبْیَضُّ........ **امر:** اِبْیَضَّ......... ("مَدَّ" کی گردانوں کی تبدیلیاں جاری ہیں)
ناقص	(۱٤۰) **ماضی:** اِرْعَوَی،.... **مضارع:** یَرْعَوِي...... **امر:** اِرْعَوِ.........
	افعیلال سے سالم اور مضاعف اور اجوف کی گردان آتی ھے
سالم	(۱٤۱) **ماضی:** اِدْهامَّ .... **مضارع:** یَدهامُّ....... **امر:** اِدْهامَّ.........
مضاعف	(۱٤۲) **ماضی:** اِنْقاضَّ ...... **مضارع:** یَنْقاضُّ ...... **امر:** اِنْقاضَّ ....
اجوف	(۱٤۳) **ماضی:** اِحْوالَّ ...... **مضارع:** یَحْوالُّ .... **امر:** اِحْوالَّ ....

	افعوّال اور افعیعال سے سالم کی گردان آتی ھے
سالم	(۱٤٤) **ماضی:** اِجْلَوَّذَ.... **مضارع :** یَجْلَوِّذُ....... **امر:** اِجْلَوِّذْ..........
سالم	(۱٤۵) **ماضی:** اِخشَوْشَنَ ...... **مضارع:** یَخْشَوْشِنُ...... **امر:** اِخْشَوْشِنْ........
	افعنلال سے سالم ، مہموزِ لام اور معتل عین کی گردان آتی ھے
سالم	(۱٤٦) **ماضی:** اِحْرَنْجَمَ..... **مضارع:** یَحْرَنْجِمُ...... **امر:** اِحْرَنْجِمْ........
مہموز لام	(۱٤۷) **ماضی:** اِسْلَنْطَأَ...... **مضارع:** یَسْلَنْطِئُ...... **امر:** اِسْلَنْطِئْ........
معتل عین	(۱٤۸) **ماضی:** اِحْوَنْصَلَ ..... **مضارع:** یَحْوَنْصِلُ...... **امر:** اِحْوَنْصِلْ.......
	اِفْعِلّال سے سالم اور مہموزِ لام کی گردان آتی ھے
سالم	(۱٤۹) **ماضی:** اِقْشَعَرَّ ...... **مضارع:** یَقْشَعِرُّ...... **امر:** اِقْشَعِرَّ.......
مہموز لام	(۱۵۰) **ماضی:** اِطْمَأَنَّ...... **مضارع:** یَطْمَئِنُّ...... **امر:** اِطْمَئِنَّ ......

نقشہ (۱۲) کچھ عربی افعال

(مندرجہ ذیل افعال کی گردانیں ان کے سامنے درج نمبرات کے مطابق ہوں گی)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اِئْتَجَرَ ائتجارا (۲۱)	ثواب طلب کرنا	اِئْتَلَفَ اِئْتلافا: (۲۱)	جمع ہونا	اِئْتَمَّ اِئْتِمَامًا (۲۱)(۱۲۷)	اقتدا کرنا
أَبْأَسَ، اِبْآساً (۳۵)	مصیبت زدہ ہونا	اِبْتَدَأَ ابْتداءً (۴۶)	ابتدا کرنا	اِبْتَدَرَ اِبْتِدَاراً (۶)	سبقت کرن
اِبْتَزَّ اِبْتِزازاً (۱۲۷)	چھیننا	اِبْتَسَمَ، اِبْتِساماً (۶)	مسکرانا	اِبْتَعَدَ ابْتِعَادًا (۶)	دور ہونا
اِبْتَغی ابتغاءً (۱۱۶)	تلاش کرنا	اِبْتَکَرَ اِبْتِکارا (۶)	ایجاد کرنا	اِبْتَلَّ اِبْتِلالاً (۱۲۷)	تر ہونا
اِبْتَلَعَ ابتلاعا (۲۱)	نگلنا	اِبْتاعَ اِبْتِیَاعا (۹۳)	خریدنا	أَبْدی اِبْدَاءً (۱۱۹)	ظاہر کرنا
أَبْرَأَ اِبراءً (۴۹)	شفا دینا	أَبْرَدَ اِبْراداً (۹)	ٹھنڈا کرنا	أَبْغَضَ اِبْغَاضًا (۹)	دشمنی کرنا
أَبْکی اِبْکاءً (۱۱۹)	رُلانا	أَبَلَّ اِبْلالاً (۱۳۰)	شفایاب ہونا	أَباحَ اِباحَۃً (۸۶)	جائز کرنا
أَبانَ اِبانَۃً (۹۶)	ظاہر کرنا	اِبْیَضَّ اِبْیِضاضًا	سفید ہونا	اِتَّحَدَ اتِّحاداً (۶۰)	متحد ہونا
اِتَّزَرَ اِتِّزاراً (۶۰)	پاجامہ پہننا	اَتْرَعَ اِتْراعاً (۹)	بھرنا	اِتَّسَخَ اِتِّسَاخا (۶۰)	گندہ ہونا
اِتَّسَعَ اِتِّساعاً (۶۰)	کشادہ ہونا	اِتَّسَقَ اِتِّسَاقاً (۶۰)	مرتب ہونا	اِتَّسَعَ اتِّسَاعاً (۶۰)	کشادہ ہونا

اِتَّسَمَ اِتِّسامًا (۶۰)	نشان زدہ ہونا	اِتَّصَلَ اِتِّصالاً (۶۰)	رابطہ کرنا	اِتَّعَظَ اِتِّعَاظًا (۶۰)	نصیحت لینا
أَتَمَّ اِتمامًا (۱۳۰)	مکمل کرنا	أَثْلَجَ اِثْلاجًا(۹)	ٹھنڈا کرنا	أثارَ اِثارَۃً (۸۶)	ابھارنا
اِجْتازَ اِجْتِیَازًا (۱۰۵)	عبور کرنا	آجَرَ اِجارَۃً (۲۴)	کرایہ پر دینا	أَجری اِجْرَاءً (۱۱۹)	بہانا
اَجْنَبَ اِجْنابًا (۹)	ناپاک ہونا	أَجادَ اِجادَۃً (۹۶)	بہتر طریقہ سے کرنا	أجابَ اِجابَۃً (۹۶)	جواب دینا
أجالَ اِجالَۃً (۸۶)	گردش کرانا	أجاعَ اِجاعَۃً (۸۶)	بھوکا کرنا	أَحَبَّ اِحْبابًا(۱۳۰)	محبت کرنا
اِحْتَرَفَ اِحْتِرافًا (۲)	پیشہ اپنانا	اِحْتَرَقَ اِحْتِرَاقًا (۲)	جلنا	اِحْتاجَ اِحْتِیَاجًا (۸۳)	محتاج ہونا
اِحْتالَ اِحْتِیَالاً (۹۳)	حیلہ کرنا	احاطَ اِحَاطَۃً (۸۶)	گھیرنا	اِخْتفی اِخْتِفَاءً (۱۱۶)	چھپنا
اِختارَ اِخْتِیَاراً (۹۳)	پسند کرنا	أَخْزی اِخْزَاءً (۱۱۹)	رسوا کرنا	أَخْطَأَ اِخْطَاءً (۴۹)	خطا کرنا
أَخفی اِخْفَاءً (۱۱۹)	چھپانا	أَخَلَّ اِخْلالاً (۱۳۰)	کمی کرنا	أدلی اِدْلاءً (۱۰۹)	ڈول ڈالنا
أذاعَ اِذَاعَۃً (۹۶)	شائع کرنا	أدارَ اِدَارَۃً (۹۶)	گھمانا	أذاعَ اِذَاعَۃً (۹۶)	شائع کرنا
أَرْدی اِرْدَاءً (۱۱۹)	ہلاک کرنا	أَرادَ اِرَادَۃً (۹۶)	ارادہ کرنا	اِرْتَشی اِرْتِشَاءً (۱۰۵)	رشوت لینا
اِرْتجی اِرْتِجَاء (۱۰۵)	امید رکھنا	اِرْتَضی اِرْتِضَاءً (۱۰۵)	راضی ہونا	اِرْتَقیٰ اِرْتِقَاءً (۱۱۶)	چڑھنا
اِرْتاحَ اِرْتِیَاحًا (۸۳)	آرام ہونا	اِسْتَبانَ اِسْتِبَانَۃً (۹۴)	واضح ہونا	اِسْتَحْلی اِسْتِحْلاءً (۱۰۶)	شیریں خیال کرنا
اِسْتَخْفی اِسْتِخْفاءً (۱۱۷)	چھپنا	اِسْتَدْفأَ اِسْتِدْفَاءً (۴۷)	حرارت حاصل کرنا	اِسْتَدانَ اِسْتِدَانَۃً (۹۴)	قرض لینا
اِسْتَسقی اِسْتِسْقَاءً (۱۱۷)	سیرابی چاہنا	اِسْتَعلی اِسْتِعْلاءً (۱۰۶)	بلندی چاہنا	اِسْتعاذَ اِسْتِعَاذَۃً (۸۴)	پناہ چاہنا
اِسْتعارَ اِسْتِعَارَۃً (۹۴)	منگنی پر لینا	اِسْتَقامَ اِسْتِقَامَۃً (۸۴)	ٹھیک ہونا	اِسْتَکانَ اِسْتِکَانَۃً (۸۴)	رسوا ہونا
اِسْتَلَّ السَّیْفَ اِسْتِلالاً (۱۲۷)	تلوار کھینچنا	اِسْتَمْرَأَ اِسْتِمْرَاءً (۴۷)	خوش گوار سمجھنا	اِسْتَهزَأَ اِسْتِهْزَاءً (۴۷)	تفریح کرنا
اِستاکَ اِسْتِیَاکًا (۸۳)	مسواک کرنا	اِسْتَیْقَنَ اِسْتِیْقَانًا (۷۵)	یقین کرنا	اِشْتَهی اِشْتِهَاءً (۱۱۶)	خواہش کرنا
اصطبرَ اِصْطِبَاراً (۲)	صبر کرنا	اصْطَفیٰ اِصْطِفَاءً (۱۰۵)	منتخب کرنا	اِصطادَ اِصْطِیَادًا (۹۳)	شکار کرنا
أصغی اِصْغَاءً (۱۰۸)	غور سے سننا	أَضْنی اِضْنَاءً (۱۱۹)	کمزور کرنا	أَضاءَ اِضَاءَۃً (۴۹)(۸۶)	روشن کرنا
اَضافَ اِضَافَۃً (۹۶)	مہمان بنانا	اَطالَ اِطَالَۃً (۸۶)	لمبا کرنا	أطاقَ اِطَاقَۃً (۸۶)	طاقت ہونا
اِعْتَدي اِعْتِدَاءً (۱۰۵)	زیادتی کرنا	اِغتالَ اِغْتِیَالاً (۱۱۶)	دھوکہ سے قتل کرنا	اِفتَدي اِفْتِدَاءً (۱۱۶)	فدیہ دے کر رہا کرانا
اِمْتَلأَ اِمْتِلاءً (۴۶)	بھرنا	بَری بَرَایَۃً (۱۱۳)	چھیلنا	بَغي بَغْیًا (۱۱۳)	چاہنا
بَلِيَ بِلًی (۱۱۴)	بوسیدہ ہونا	بَغِضَ بُغْضًا (۳)	دشمنی رکھنا	بَقِيَ بَقَاءً (۱۱۴)	باقی ہونا

بَكَى بُكَاءً (۱۱۳)	رونا	بَلَّ بَلّا (۱۲۴)	تر کرنا	بَاتَ بَيْتُوتَةً (۹۲)	رات گزارنا
بَاحَثَ مُبَاحَثَةً (۲۶)	بحث کرنا	بَارَى مُبَارَاةً (۱۲۱)	مقابلہ کرنا	بَالَ بَوْلاً (۸۱)	پیشاب کرنا
تَأَبَّطَ تَأَبُّطًا (۲۷)	بغل میں لینا	تَأَهَّلَ تَأَهُّلاً (۲۷)	لائق ہونا	تَبَخْتَرَ تَبَخْتُرًا (۱۵)	ناز سے چلنا
تَبَرْقَعَ تَبَرْقُعًا (۱۵)	نقاب پہننا	تَبَرَّأَ تَبَرِّيًا (۵۲)	بیزار ہونا	تَحَلَّى تَحَلِّيًا (۱۲۲)	مزین ہونا
تَعَامَى تَعَامِيًا (۱۲۳)	دانستہ اندھا بننا	تَدَرْبَأَ تَدَرْبُأً (۵۵)	لڑھکنا	تَرَغْرَعَ تَرَغْرُعًا (۱۵)	پروان چڑھنا پلنا، بڑھنا۔
تَرَأَّسَ تَرَؤُّسًا (۲۷)	سردار ہونا	تَسَاوَى تَسَاوِيًا (۹۰)	برابر ہونا	تَغَدَّى تَغَدِّيًا (۱۱۱)	ناشتہ کرنا
ثَابَ ثَوْبًا (۸۱)	لوٹنا	جَزَّأَ تَجْزِئَةً (۵۰)	ٹکڑے ٹکڑے کرنا	جَزَى جَزَاءً (۱۱۳)	بدلہ دینا
جَرَى جَرْيًا (۱۱۳)	بہنا	جَنَى جِنَايَةً (۱۱۳)	گناہ کرنا	جَادَ جُوْدًا (۸۱)	بخشش کرنا
جَاشَ جَيْشًا (۹۱)	اُبلنا	جَاعَ جَوْعًا (۸۱)	بھوکا ہونا	جَالَ جَوَلانًا (۸۱)	گھومنا
حَجَّ حَجًّا (۱۲۴)	قصد کرنا، حج کرنا	حَذَّرَ تَحْذِيرًا (۱۰)	ڈرانا	حَزِنَ حُزْنًا (۳)	رنجیدہ ہونا
حَشَدَ حَشْدًا (۲)	بھرنا	حَكَّ حَكًّا (۱۲۴)	رگڑنا	حَلَبَ حَلْبًا (۱)	دوہنا
خَدَعَ خَدِيعَةً (۳)	دھوکا دینا	خَشِيَ خَشْيَةً (۱۱۴)	ڈرنا	خَلَّى تَخْلِيَةً (۱۰۹)	کسی کو چھوڑنا
خَلا خَلْوَةً (۱۰۳)	تنہائی میں ہونا	خَابَ خَيْبَةً (۹۱)	ناکام ہونا	خَاطَ خِيَاطَةً (۹۱)	سینا
خَانَ خِيَانَةً (۸۱)	خیانت کرنا	دَرَى دِرَايَةً (۱۱۳)	جاننا	دَغْدَغَ دَغْدَغَةً (۱۴)	حرکت دینا
دَنَا دُنُوًّا (۱۰۳)	قریب ہونا	دَاوَى مُدَاوَاةً (۸۸)	علاج کرنا	رَجَا رَجَاءً (۱۰۳)	امید رکھنا
رَقِيَ رِقَاءً (۱۰۴)	چڑھنا	رَاقَ رُوَاقًا (۸۱)	اچھا لگنا	رَاوَدَ مُرَاوَدَةً (۸۸)	فریفتہ کرنا
زَنَى زِنَاءً (۱۱۴)	زنا کرنا	زَيَّنَ تَزْيِينًا (۹۷)	مزین کرنا	سَئِمَ سَآمَةً (۳۰)	اُکتانا
سَقَى سَقْيًا (۱۱۳)	سیراب کرنا	سَكَبَ سَكْبًا (۲)	انڈیلنا	سَابَّ مُسَابَّةً (۱۳۲)	گالی گلوچ کرنا
سَادَ سِيَادَةً (۸۱)	سردار بننا	سَاسَ سِيَاسَةً (۸۱)	حکومت کرنا	سَاوَى مُسَاوَاةً (۸۸)	برابر ہونا
شَحَنَ شَحْنًا (۲)	بھرنا	شَفَى شِفَاءً (۱۱۳)	شفا دینا	شَابَ شَيْبًا (۹۱)	بوڑھا ہونا
شَاتَمَ مُشَاتَمَةً (۱۱)	گالی گلوچ کرنا	شَاعَ شُيُوعًا (۹۱)	شائع ہونا	شَانَ شَيْنًا (۹۱)	عیب دار کرنا
صَدَّ صُدُوْدًا (۱۲۴)	اعراض کرنا	صَلَّى تَصْلِيَةً (۱۰۹)	نماز پڑھنا	صَاتَ صَوْتًا (۸۱)	آواز کرنا
صَانَ صِيَانَةً (۸۱)	حفاظت کرنا	ضَاعَ ضِيَاعًا (۹۱)	ضائع ہونا	ضَلَّ ضَلالاً (۱۲۴)	بہکنا
طَرِبَ طَرَبًا (۳)	مست ہونا	طَعَنَ طَعْنًا (۴)	نیزہ بھونکنا	طَوَى طَيًّا (۱۱۳)	لپیٹنا

طابَ طِيْبًا (۱)	اچھا لگنا	ظَنَّ ظَنًّا (۱۲۴)	خیال کرنا	عفا عفوًا (۱۰۳)	معاف کرنا
عَنِيَ عِنايَةً (۱۱۴)	توجہ دینا	عانَ عَوْنًا (۸۱)	مدد کرنا	غَطّی تَغْطِيَةً (۱۲۰)	ڈھکنا
غالی مُغالاةً (۱۱۰)	گراں کرنا	فَتَلَ فَتْلًا (۲)	رسی بٹنا	فَقَأَ فَقْأً (۴۴)	پھوڑنا
فازَ فَوْزًا (۸۱)	کامیاب ہونا	قادَ قِيادَةً (۸۱)	رہبری کرنا	وَأَدَ وَأْدًا (۲۹)	زندہ درگور کرنا
وَثَبَ وُثُوْبًا (۵۶)	حملہ کرنا	وَرِثَ وِرَاثَةً (۱۱۳)	وارث ہونا	وَرِعَ وَرَعًا	زاہد ہونا
وَسِعَ سَعَةً (۵۷)	کشادہ ہونا	وَصَلَ وَصْلًا (۵۶)	جوڑنا	وَصَفَ صِفَةً (۵۶)	بیان کرنا
وَهَنَ وَهْنًا (۵۶)	کمزور ہونا	وَنى وَنْيًا (۵۶)(۱۱۳)	سستی کرنا	واعَدَ مُواعَدَةً (۶۵)	وعدہ کرنا
واظَبَ مُواظَبَةً (۶۵)	پابندی کرنا	يَئِسَ يَأْسًا (۳۰)(۷۲)	ناامید ہونا	يَتِمَ يُتْمًا (۷۳)	یتیم ہونا

مشقی سوالات

❶ مہموز، معتل اور مضاعف کی گردانوں اور قواعد کا اعادہ کرنے کے بعد درج ذیل کلمات کی اصل بتاؤ اور ان میں جاری شدہ قواعد کی نشان دہی کرو نیز باب، فعل اور صیغہ بھی متعین کرو۔

يُؤخَذُوْنَ، تُسْتامَرُ، اِيتَمَنُوْا، تُوجَرُوْنَ، بَدَأْ، يُوَاخَذُ، يَئِدُوْنَ، نَرِثُ، مِيْقات، لِاَهَبَ ، اِسْتِيْلاد، اُفْقُنَ، يُوْقِظْنَ، يَتَّسِعُ، طُفْتُمْ، دُرْنَ، تابُوْا، يَعافُ، صُمْتُنَّ، صائمٌ، خِيْفَتا، طائر، تَمِيْدُ ، دِنّا، يُدْنِيْنَ، تخافوْنَ، يُباعانِ، تَخْتارِينَ، يَخْلُوْنَ، نُرْمىٰ، يُعْطُوْنَ، يَقِيْنَ، نَطْوِي، يَتَوَفّى، تَرىٰ، خَرَّ، يَعَضُّوْنَ، اَوُمُّ، حاجُّوْا.

❷ ذیل میں کچھ مصادر اور ان کے معانی دیے جا رہے ہیں ان کو یاد کرنے کے بعد ان کی مدد سے آنے والے جملوں کی عربی بناؤ:

الإيذان: اجازت دینا۔ **الأكْلُ:** کھانا۔ **الأَنَف:** تکبر کرنا۔ **الوَأْدُ:** زندہ درگور کرنا۔ **العَبْءُ:** تیار کرنا۔ **الوُلُوْج:** داخل ہونا۔ **الوِلادة:** جننا۔ **الاستِيسار:** میسر ہونا۔ **اليَأسُ:** مایوس ہونا۔ **الإيناع:** پکنا۔ **الشَّيْن:** عیب لگانا۔ **المُباهاة:** فخر کرنا۔ **الجَوْع:** بھوکا ہونا۔ **الاستِدانة:** قرض لینا۔ **الاستضاءة:** روشنی حاصل کرنا۔ **الاِتيان:** آنا۔ **الاِعْتِداء:** زیادتی کرنا۔ **الاسْتِرْقاء:** جھاڑ پھونک کرنا۔ **الاِكْتِواء:** داغنا۔ **الرَّنِيْن:** گھنٹی بجنا۔ **الشَّمُّ:** سونگھنا۔ **الاستحباب:** پسند کرنا۔ **الايحاء:** وحی کرنا۔ **الاِحْياء:** زندہ کرنا۔ **الطَّيُّ:** لپیٹنا۔ **التَّرَوّي:** غور و فکر کرنا۔

جملے: وہ لوگ داخل ہوتے ہیں۔ میں نے اجازت دی۔ وہ دونوں تکبر کرتی ہیں۔ وہ لوگ زندہ درگور کرتے تھے۔ وہ سب مایوس ہوئیں۔ کھیتی پک گئی۔ مجھے میسر نہ ہوا۔ وہ ضرور فخر کرے گی۔ وہ سب عورتیں بھوکی ہوئیں۔ میں ہرگز فخر نہیں کروں گا۔ تم ہرگز قرض مت لو۔ وہ دونوں زیادتی کرتے ہیں۔ ہم جھاڑ پھونک نہیں کرتے ہیں۔ گھنٹی ضرور بجے گی۔ انبیاء کی طرف وحی کی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ زندہ کرے گا۔ ہم سب اس بارے میں ضرور غور کریں گے۔ تم دونوں نے لپیٹا۔ وہ پسند نہیں کرتی ہے۔ ہم نے داغا۔ وہ سب تیار کریں گی۔ وہ دونوں روشن ہوتے ہیں۔ وہ سب ضرور ظاہر کیے جائیں گے۔ ہم سب ہرگز

نہیں آئیں گے۔ وہ سب عیب لگاتی ہیں۔

❹ آنے والے مصادر سے ماضی اور مضارع معروف ومجہول کی گردان کرو اور تبدیلی کے مواقع کی نشان دہی کرو:

الایْثار، السَّوْقُ، الانامة، التَحلية، الاصطفاء، الوِقاية، الاستمداد، الممادَّة.

صرفی قواعد کا اِجرا کیسے ہو؟

صرفی قواعد کے اجرا کے لیے بہتر ہوگا کہ تلاوتِ قرآنِ مجید یا عربی کتابوں کے مطالعہ کے دوران ہر کلمہ کے بارے میں درج ذیل سوالات ضرور حل کریں:

❶ زیرِ نظر کلمہ اسم ہے یا فعل یا حرف؟ ❷ **اگر اسم ھے** تو مصدر ہے یا مشتق یا جامد؟ ❸ اگر مصدر یا مشتق ہے تو باب متعین کرنے کے بعد درج ذیل امور کے بارے میں غور کریں:

[الف] صحیح ہے یا مہموز یا معتل یا مضاعف؟ [ب] اگر مہموز یا معتل یا مضاعف ہے تو اپنی اصلی حالت پر ہے یا اس میں کچھ تبدیلی ہوئی ہے؟ [ج] اگر تبدیلی ہوئی ہے تو کس قاعدہ کے تحت ہوئی ہے، قاعدہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تعلیل جاری کریں۔ ❹ اگر زیرِ نظر کلمہ جامد ہے تو مصدر اور مشتق میں غور طلب امور (تعیینِ مہموز وغیرہ اور اجراے تعلیل) حل کر کے درج ذیل امور پر غور کریں:

[الف] وہ کلمہ واحد ہے یا تثنیہ یا جمع؟ [ب] اگر واحد ہے تو اس کا تثنیہ اور جمع کیا ہوگا؟ اور اگر تثنیہ یا جمع ہے تو واحد وغیرہ کیا ہوگا؟ [ج] وہ کلمہ مصغر ہے یا مکبر؟ اگر مکبر ہے تو قواعدِ تصغیر کے اعتبار سے اس کی تصغیر کیا ہوگی۔ [د] وہ کلمہ اسم منسوب ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اسمِ منسوب بنانے پر اس کی شکل کیا ہوگی؟

❺ اور **اگر وہ کلمہ فعل ھے** تو درج ذیل امور حل کریں:

[الف] ماضی ہے یا مضارع یا امر یا نہی؟ اور بہر صورت معروف ہے یا مجہول؟ (گردان بھی کر ڈالیں) [ب] اگر فعلِ مضارع ہے تو مثبت ہے یا منفی؟ [ج] اگر مثبت ہے تو مؤکد ہے یا غیر مؤکد؟ مؤکد ہونے کی صورت میں تاکید سے ہونے والی تبدیلی کی طرف توجہ کریں۔ [د] اگر منفی ہے تو حروفِ نفی میں کون حرف ("ما"، "لا"، "لَمْ"، "لَنْ") اس پر داخل ہے؟ "لم" اور "لن" کے ذریعہ اگر نفی ہو تو ان سے ہونے والی تبدیلی کی طرف توجہ کریں۔ [ہ] کون سا صیغہ ہے اور اس کا صرفی وزن کیا ہے؟ [و] مصدر اور مشتق کے بارے میں غور طلب امور بھی حل کریں (یعنی صحیح وغیرہ میں کیا ہے؟ معلل ہے یا غیر معلل؟ اور کس قاعدہ کے تحت تبدیلی ہوئی ہے؟)

❁ مذکورہ بالا طریقہ اختیار کرتے ہوئے اگر آپ عربی کتابوں کا مطالعہ کریں گے تو عربی کلمات کے تلفظ میں خطا نہیں ہوگی۔ شروع شروع میں اتنے سارے سوالات حل کرنے میں آپ کا کافی وقت صرف ہوگا، مگر چند دنوں کی مشق وممارست کے بعد ان شاء اللہ الرحمٰن آپ کا ذہن اس قابل ہو جائے گا کہ آپ کو غور وفکر کے مذکورہ بالا تمام مراحل حل کرنے پر قدرت حاصل ہو جائے گی۔ [واللہ الموفق لکل خیر]۔

درس (۱) ﴿اسم کے اوزان﴾

گزر چکا ہے کہ اسم کی تین قسمیں ہیں: مصدر، مشتق، جامد۔ مصدر اور مشتق اپنے فعل کی طرح صرف ثلاثی و رباعی ہوتے ہیں (مجرد و مزید فیہ)۔ مگر اسمِ جامد خماسی بھی ہوتا ہے۔ مجرد و مزید فیہ۔ اس طرح اس کی کل چھ قسمیں بنیں گی، جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

(۱) ثلاثی مجرد، جیسے: "قَمَرٌ" [چاند] (۲) ثلاثی مزید، جیسے: "قِمارٌ" [جُوا] (۳) رباعی مجرد، جیسے: " جَعْفَر" (۴) رباعی مزید، جیسے: "قِرطاسٌ" [کاغذ] (۵) خماسی مجرد، جیسے: "سَفَرْجَلٌ" [ایک پھل کا نام] (۶) خماسی مزید، جیسے: "قَبَعْثَرى" [زیادہ بالوں والا اونٹ]

اوزانِ ثلاثی مجرد: ثلاثی مجرد کے متفق علیہ اوزان دس ہیں۔ (۱)

(۱) فَعْلٌ، جیسے: "شَمْسٌ" [سورج]، "سَهْلٌ" [نرم](۲) (۲) فَعَلٌ، جیسے: "قَمَرٌ" [چاند] "بَطَلٌ" [بہادر]
(۳) فَعِلٌ، جیسے: "كَبِدٌ" [جگر]، "حَذِرٌ" [چوکنا] (۴) فَعُلٌ، جیسے: "رَجُلٌ" [مرد]، "يَقُظٌ" [بیدار]
(۵) فِعْلٌ، جیسے: "حِمْلٌ" [بوجھ]، "نِكْسٌ" [کمزور آدمی] (۶) فِعَلٌ، جیسے: "عِنَبٌ" [انگور]، "زِيَمٌ" [متفرق]
(۷) فِعِلٌ، جیسے: "اِبِلٌ" [اونٹ]، "بِلِزٌ" [بھاری] (۸) فُعْلٌ، جیسے: "قُفْلٌ" [تالا]، "حُلْوٌ" [میٹھا]
(۹) فُعَلٌ، جیسے: "صُرَدٌ" [ایک پرندہ]، "حُطَمٌ" [ظالم] (۱۰) فُعُلٌ، جیسے: "عُنُقٌ" [گردان]، "سُرُحٌ" [تیز رفتار اونٹنی]

فائدہ: مذکورہ بالا اوزان میں سے بعض میں تخفیف بھی ہوتی ہے، چنانچہ "فَعِلٌ" میں دو طرح سے تخفیف کرتے ہیں:

(۱) عین کلمہ کو ساکن کر کے، جیسے: "كَتِفٌ" سے "كَتْفٌ"۔ (۲) عین کلمہ کا کسرہ فا کو دے کر، جیسے: "كَتِفٌ"

---

(۱) عقلی تقسیم کا تقاضا یہ ہے کہ اوزان کی تعداد بارہ ہو، کیوں کہ فا میں تین صورتیں ہو سکتی ہیں (۱) فتحہ (۲) کسرہ (۳) ضمہ۔ اور عین کلمہ میں چار صورتیں ہو سکتی ہیں (۱) سکون (۲) فتحہ (۳) کسرہ (۴) ضمہ۔ لہٰذا تین کو چار میں ضرب دینے سے بارہ احتمال حاصل ہوئے، فَعْلٌ، فَعَلٌ، فَعِلٌ، فَعُلٌ، فِعْلٌ، فِعَلٌ، فِعِلٌ، فِعُلٌ، فُعْلٌ، فُعَلٌ، فُعِلٌ، فُعُلٌ۔ لیکن "فُعِلٌ" کا وزن قلیل ہے، جیسے: "دُئِلٌ" [ایک جانور یا قبیلہ کا نام]؛ کیوں کہ یہ وزن فعلِ مجہول کے ساتھ خاص ہے۔ اور "فِعُلٌ" کا وزن کلماتِ عرب میں موجود نہیں ہے، کیوں کہ عربوں کے نزدیک کسرہ سے ضمہ کی طرف جانا دشوار ہے۔ **اعتراض:** ایک قراءت میں ﴿وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْحِبُكِ﴾ وارد ہے، لہٰذا "فِعُلٌ" کا وزن ثابت ہو گیا۔ **جواب:** "حِبُك" میں یہ وزن دو لغتوں کے تداخل سے حاصل ہوا ہے، کیوں کہ اس کلمہ میں دو لغتیں ہیں۔ (۱) "حِبِك" (بکسرتین) (۲) "حُبُك" (بضمتین)۔ لہٰذا ایک لغت سے فا کلمہ کا کسرہ اور دوسری لغت سے عین کلمہ کا ضمہ لے لیا گیا۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ کلمہ "ذات" کی تا کی تبعیت میں "حا" کو بھی کسرہ دے دیا گیا، "حُبُك" سے "حِبُك" ہو گیا۔

(۲) پہلی مثال اسم کی ہے اور دوسری مثال صفت کی ہے۔

سے "كِتْف" ۔ اور اگر اس وزن کے کلمہ میں دوسرا حرف، حرفِ حلقی ہو تو عین کلمہ کی تبعیت میں فا کلمہ کو کسرہ دینا بھی جائز ہے، جیسے: "فَخِذٌ" سے "فِخِذٌ"۔ یوں ہی اس وزن کے فعل میں بھی یہ ساری تفصیل جاری ہے، جیسے: "شَهِدَ"، "نِعْمَ"، "بِئْسَ"(۱) وغیرہ۔ اسی طرح "عَضُدٌ" میں "عَضْد"، "عُنُق" میں "عُنْق" اور "اِبِل"، "بِلِزٌ" میں "اِبْل"، "بِلْزٌ" کہنا جائز ہے۔

فائدہ: کسی بھی اسمِ متمکن کے اصلی حروف تین سے کم نہیں ہوتے ہیں، البتہ بعض اسماے متمکنہ میں چونکہ آخر میں کوئی حرف حذف ہوتا ہے اس لیے اُن میں دو ہی حرف باقی رہ جاتے ہیں، جیسے: "يَدٌ" (اس کی اصل "يَدَوٌ" ہے)۔ "دَمٌ" (اس کی اصل "دَمَوٌ" ہے)۔

اوزانِ رباعی مجرد: رباعی مجرد کے متفق علیہ اوزان پانچ ہیں۔ (۱) "فَعْلَلٌ"، جیسے: "جَعْفَرٌ" [چھوٹی نہر]، "شَهْرَبٌ" [سن رسیدہ بوڑھا]۔

(۲) "فِعْلِلٌ"، جیسے: "زِبْرِجٌ" [سونا]، "خِرْمِسٌ" [تاریک رات]۔ (۳) "فِعْلَلٌ"، جیسے: "دِرْهَمٌ"، "هِبْلَعٌ" [بڑے بڑے لقمے کھانے والا]۔ (۴) "فُعْلُلٌ"، جیسے: "بُرْثُنٌ" [پرندے کا چنگل]، "جُرْشُعٌ" [بھاری گھوڑا یا اونٹ]۔ (۵) "فِعَلٌّ"، جیسے: "قِمَطْرٌ" [کتابوں کا بستہ] "سِبَطْرٌ" [دراز]۔

فائدہ: اخفش نے ایک اور وزن "فُعْلَلٌ" کا اضافہ کیا ہے، جیسے: "جُخْدَبٌ" [شیر]، البتہ بعض لوگ "جُخْدَبٌ" کو "جُخْدُب" (بروزن "فُعْلُل") کی فرع مانتے ہیں، لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ وزن اصل ہے اگر چہ قلیل ہے۔ [شذی العرف ص ۴۴]

اوزانِ خماسی مجرد: خماسی مجرد کے چار اوزان ہیں۔ (۱) "فَعَلَّلٌ"، جیسے: "سَفَرْجَلٌ" [ایک پھل کا نام]، "شَمَرْدَلٌ" [جوان تیز رو اونٹ]۔ (۲) "فَعْلَلِلٌ"، جیسے: "جَحْمَرِشٌ" [سن رسیدہ بوڑھی عورت]۔ (۳) "فِعْلَلٌّ"، جیسے: "قِرْطَعْبٌ" [معمولی چیز]، "جِرْدَحْلٌ" [بھاری اونٹ]۔ (۴) "فُعَلِّلٌ"، جیسے: "خُزَعْبِلٌ" [باطل باتیں]، "قُذَعْمِلٌ" [بھاری اونٹ]۔

اسمِ مزید فیہ: مزید فیہ کے اوزان کثیر ہیں(۲)، البتہ کسی اسم مزید فیہ میں (ثلاثی ہو یا رباعی یا خماسی) زیادت کی وجہ سے سات سے زائد حروف نہیں ہوتے۔ اور فعل میں زیادت کی وجہ سے چھ سے زائد حروف نہیں ہوتے۔ ثلاثی مزید فیہ کی

---

(۱) "فَخِذٌ" میں چار صورتیں جائز ہیں۔ (۱) فَخِذٌ (۲) فَخْذٌ (۳) فِخْذٌ (٤) فِخِذٌ۔ یوں ہی "شَهِدَ" میں چار صورتیں جائز ہیں (۱) شَهِدَ (۲) شَهْدَ (۳) شِهْدَ (٤) شِهِدَ۔ اسی طرح "نِعْمَ" اور "بِئْسَ" کو بھی سمجھنا چاہیے۔ مگر نِعْمَ اور بِئْسَ فعل مدح وذم اپنی اصلی حالت پر نہ رہے، کیوں کہ وہ بجائے خبر کے انشاے مدح کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ اس لیے لفظاً بھی انھیں اصلی حالت سے نکال کر تیسری صورت (نِعْمَ ، بِئْسَ۔ بکسر اول وسکونِ دوم) کا التزام کر لیا گیا۔

(۲) سیبویہ نے اسمِ مزید فیہ کے لیے تین سو آٹھ (۳۰۸) وزن نقل کیے ہیں اور بعض اربابِ لغت نے تقریباً اسی (۸۰) اوزان کا اضافہ کیا ہے، مگر "حروفِ زیادت" کے بیان میں ایسے قوانین آرہے ہیں جن سے اصلی اور زائد حروف میں امتیاز کیا جاسکتا ہے۔

مثال "اِشْهِيبَاب" [گھوڑے کا سفید ہونا، اصلی حروف ''ش، ہ، ب'' ہیں]۔ رباعی مزید فیہ کی مثال "اِحْرِنْجَام" [اونٹوں کا یکجا ہونا، اصلی حروف ''ح، ر، ن، ج'' ہیں]۔ اور خماسی مزید فیہ کی مثال "عَضْرَفُوط" [ایک سفید جانور، اصلی حروف ''ع، ض، ر، ف، ط'' ہیں] اور "قَبَعْثَرى" [زیادہ بال والا اونٹ، اصلی حروف ق، ب، ع، ث، ر ہیں]

فائدہ: خماسی مزید فیہ میں یا تو آخر سے پہلے حرفِ مدّ زائد ہوتا ہے، جیسے: "عَضْرَفُوط"، یا آخر کے بعد حرفِ مدّ زائد ہوتا ہے، جیسے: "قَبَعْثَرى"۔

مشقی سوالات: (ا) لغت کی کتاب سے آنے والے اسما کے معانی تحریر کرو اور ثلاثی، رباعی، خماسی نیز مجرد و مزید کا تعین کر کے اصلی حروف واضح کرو۔ اَبٌ، رُطَبٌ، خَرْدَلٌ، بُرْقُعٌ، دِمَقْسٌ، عُرْجُوْنٌ، اِقْعِنْسَاسٌ، قِسْطَاسٌ، جَهَنَّم، سَرْمَدٌ، اَخٌ، زَنْجَبِيْلٌ، عُثْنُوْنٌ، سَلْسَبِيْلٌ۔(۲) "كَلِمَةٌ"، "نَبِقَةٌ" اور "رَحِمٌ" میں کتنی صورتیں جائز ہیں؟(۳) آنے والے اوزان کی تین تین مثالیں مع معنی بتاؤ: فِعْلٌ، فُعَلٌ، فَعْلَلٌ، فُعْلُلٌ، فَعَلَّلٌ۔

درس (۲) ﴿حروفِ زیادت کا بیان﴾

حروفِ زیادت: دس ہیں، جن کا مجموعہ "سَأَلْتُمُوْنِيْهَا" یا "اَلْيَوْمَ تَنْسَاه"[1] ہے۔ یہ وہ حروف ہیں جو زائد ہونے کے لیے متعین ہیں، یعنی جن کے علاوہ دوسرے حروف کو زائد نہ کیا جاتا ہو[2] مگر جب الحاق یا اور کسی وجہ سے کسی حرفِ اصلی کی تکرار کے ذریعہ "مزید" بنایا جاتا ہے تو یہ التزام نہیں ہوتا کہ وہ حرفِ مکرر، حروفِ زوائد ہی سے ہو، جیسے: "جَرَّبَ" اور "جَلْبَبَ"۔ اول میں ''ر'' کی تکرار سے مزید بنایا گیا ہے۔ دوم میں ''ب'' کو مکرر کر کے ثلاثی مزید ملحق بر باعی بنایا گیا ہے۔ اسی طرح "قَرْدَد" (ایک پہاڑ کا نام) میں دال کی زیادتی "جعفر" سے الحاق کے لیے ہے۔

فائدہ: زیادت کی دو صورتیں ہیں: اول وہ زیادتی جو کسی حرفِ اصلی کی تکرار (تضعیف) سے ہو۔ دوم وہ زیادتی جو

---

(۱) **لطیفہ:** بیان کیا جاتا ہے کہ اخفش سے اس کے شاگردوں نے حروفِ زیادت کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے کہا: "سَأَلْتُمُوْنِيْهَا" (ترجمہ: تم اسے مجھ سے پوچھ چکے ہو) ایک طالب علم نے کہا: ہم نے یہ آپ سے کبھی نہیں پوچھا، تو اخفش نے کہا: "اليومَ تَنْسَاه" (ترجمہ: آج تم اس کو بھول جاؤ گے)، طالب علم نے کہا: بتا دیجیے اب نہیں بھولوں گا۔ تو استاذ نے کہا: نادان! میں دو بار تمھیں بتا چکا (یعنی "سَأَلْتُمُوْنِيْهَا" اور "اليومَ تَنْساه" میں جو حروف ہیں وہی حروفِ زیادت ہیں) ☆ یوں ہی بیان کیا جاتا ہے کہ مُبرِّد نے مازنی سے حروفِ زیادت کے بارے میں پوچھا تو انھوں نے جواب میں کہا، شعر: هَوِيتُ السِّمَانَ فَشَيَّبْنَنِي ☆ لَقَدْ كُنْتُ قِدماً هَوِيتُ السِّمَانَ
(ترجمہ: میں نے فربہ عورتوں سے محبت کی تو انھوں نے مجھے سن رسیدہ کر دیا، اور میں گزرے دنوں میں ان سے محبت کر چکا ہوں) تو مبرّد نے کہا: میں آپ سے حروفِ زیادت کے بارے میں پوچھ رہا ہوں اور آپ شعر سنا رہے ہیں، مازنی نے کہا اسی شعر میں تمھارے سوال کا جواب دو بار ہو چکا۔ **نوٹ:** حروفِ زیادت کے بارے میں اور بھی مجموعے بنائے گیے ہیں، جن میں بعض یہ ہیں: (۱) آمانٌ وتَسْهِيْلٌ (۲) يا اَوْسُ هَلْ نِمْتَ (۳) لَمْ يأتِنا سَهْوٌ (٤) وآتاه سُلَيْمان (٥) هُمْ يَتَساءَ لُوْنَ (٦) نِهايَةُ مَسْئولٍ (٧) آتَوْه سالِمِيْنَ (٨) وَهِيَ مَسْئَلَتُنا وغیرہ۔

(۲) واضح رہے کہ زائد ہونے کے لیے حروفِ زیادت سے ہونا لازم ہے، لیکن مذکورہ حروف کے لیے زائد ہونا لازم نہیں، چنانچہ بعض کلمات کے سب اصلی حروف، حروفِ زیادت سے مرکب ہوتے ہیں، جیسے: "سَأَلَ" [پوچھا] "تَلَا" [تلاوت کی] "موت"، "نَوْمٌ" [نیند] وغیرہ۔

کسی حرفِ اصلی کی تکرار سے نہ ہو، بلکہ "سَأَلْتُمُوْنِيهَا" میں جمع شدہ دس حروف میں سے کوئی حرف کلمہ میں زیادہ کرنے سے ہو۔حرفِ زائد خواہ ایک ہو یا زیادہ۔

تضعیف کی درج ذیل صورتوں میں حرف کی زیادتی ہوتی ہے، خواہ افادۂ معنی کے لیے ہو یا الحاق کے لیے ہو:

(۱) جب تکرارِ عین یا تکرار لام اس طور پر ہو کہ دونوں متصل ہوں، جیسے: "قَطَّعَ"، "جَلْبَبَ"۔(۲) جب تکرار عین یا تکرار لام اس طور پر ہو کہ دونوں کے بیچ میں ایک حرفِ زائد ہو، جیسے: "عَقَنْقَل" [ریت کا بڑا حصہ]، "جِلْباب" [چادر]۔(۳) جب تکرار فا وعین ہو، اور لام الگ حرف ہو، جیسے: "مَرْمَرِيْس" [دھوکہ باز] (۴) جب تکرار عین ولام ہو اور فا الگ حرف ہو، جیسے: "صَمَحْمَح" [سخت ٹھوس]۔

تضعیف کی درج ذیل صورتوں میں حرف کی زیادتی نہیں ہوتی، بلکہ سب حروف اصلی ہوتے ہیں:

(۱) جب تکرارِ فا ہو، جیسے: "قَرْقَف" [ٹھنڈا پانی] "سُنْدُس" [باریک ریشمی کپڑا]۔(۲) جب تکرارِ عین اس طور پر ہو کہ بیچ میں حرفِ زائد نہ ہو بلکہ حرفِ اصلی ہو، جیسے: "حَذْرَد" [ایک آدمی کا نام] (۳) جب تکرارِ فا وعین رباعی میں ہو، جیسے: "سَمْسَم" [لومڑی]

حروف زیادت کے فوائد: (۱) افادۂ معنی، جیسے: "اَذْهَبَ" (یہاں معنیٰ تعدیہ کے لیے ہمزہ زائد ہے)۔(۲) ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے لاحق کرنا، جیسے: "جَلْبَبَ" اور "قَرْدَدَ" (اول میں با کی زیادتی "دَحْرَجَ" سے الحاق کے لیے ہے اور دوم میں دال کی زیادتی "جَعْفَرٌ" سے الحاق کے لیے ہے)

زیادت کی صورتیں: زیادت کی چار صورتیں ہیں: (۱) ایک حرف زائد ہو (۲) دو حرف زائد ہوں (۳) تین حرف زائد ہوں (۴) چار حرف زائد ہوں۔

ایک حرف زائد ہونے کی چار صورتیں ہیں: (۱) فا سے پہلے ہو، جیسے: "اِصْبَعٌ" بروزنِ اِفْعَلٌ [انگلی]، "اَكْرَمَ" بروزنِ أَفْعَلَ [تعظیم کی]۔(۲) فا اور عین کے درمیان ہو، جیسے: "كاهِل" بروزنِ فاعِل [کندھا] "قاتَلَ" بروزنِ فاعَلَ [لڑائی کی]۔(۳) عین اور لام کے درمیان، جیسے: "غَزال" بروزنِ فَعال [ہرن]۔(۴) لام کے بعد، جیسے: "حُبلى" بروزنِ فُعْلى [حاملہ عورت]۔

دو حرف زائد ہونے کی صورت میں اگر دونوں ایک ساتھ ہوں تو ان کی بھی وہی چار صورتیں ہیں، جیسے:

(۱) مُنْطَلِقٌ (۲) جواهر (۳) خُطّاف [ایک سیاہ پرندہ] (۴) عِلْباء۔[گردن کا ابھرا ہوا پٹھا]۔ براوزانِ مُنْفَعِل، فَواعِل، فُعّال، فِعْلاء۔

اور اگر دونوں متفرق ہوں تو چھ صورتیں ہیں: (۱) دونوں کے درمیان فا ہو، جیسے: "اجادل" بروزنِ افاعل

(۲) دونوں کے درمیان عین ہو، جیسے "عاقُوْل" بروزنِ فاعُوْل۔ (۳) دونوں کے درمیان لام ہو، جیسے: "قُصَيْرىٰ" بروزنِ فُعَيْلى [چھوٹی پسلی] (۴) دونوں کے درمیان فا اور عین ہو، جیسے: "اِغْصار" بروزنِ اِفْعال [بگولا] (۵) دونوں کے درمیان عین اور لام ہوں، جیسے: "خَيْزَلى" بروزنِ فَيْعَلى [بھاری پن والی چال] (۶) دونوں کے درمیان فا، عین اور لام ہوں، جیسے: "اَجْفَلى" بروزنِ اَفْعَلى [عام دعوت]۔

تین حرف زائد ہونے میں درج ذیل صورتیں ہیں

(۱) ایک ساتھ تین حروف فا سے پہلے زائد ہوں، جیسے: "مُسْتَخْرِج"۔ (۲) ایک ساتھ تین حروف عین اور لام کے درمیان زائد ہوں، جیسے: "سَلالِيْم" ["سُلَّم" کی جمع، سیڑھیاں] (۳) ایک ساتھ تین حروف لام کے بعد ہوں، جیسے: "عُنْفُوان"۔ (۴) ایک ساتھ دو حرف زائد ہوں اور تیسرا حرف الگ ہو، جیسے: "اُفْعُوان" [ایک سانپ] (۵) تینوں حروف الگ الگ ہوں، جیسے: "تَماثِيْل"۔ مثالوں کے موزون بہ علی الترتیب: مُسْتَفْعِل، فَعاعِيْل، فُعْلُوان، اُفْعُلان اور تَفاعيل ہیں۔

چار حروف زائد ہونا صرف متفرق ہوتا ہے، جیسے: "اِحْمِيْرار"۔ بروزنِ افعيلال

زیادت کی دلیلیں: زیادت کی دلیلیں تین ہیں: (۱) مناسبتِ اشتقاق (۲) لزومِ عدمِ نظیر (۳) غلبۂ زیادت۔

مناسبت اشتقاق: اس سے مراد یہ ہے کہ دو لفظوں کے درمیان اصل مادہ اور ترتیب حروف میں یکسانیت کے ساتھ اُن کے اصل معنی میں یکسانیت ہو، لہٰذا وہ حروف جو دونوں میں پائے جائیں گے اصلی ہوں گے۔ اور جو حروف صرف ایک میں ہوں گے زائد ہوں گے، جیسے: "ضارِبٌ" اور "ضَرَبَ"۔ یوں ہی "كُرْه" اور "كراهية" میں مناسبتِ اشتقاق ہے، لہٰذا مناسبتِ اشتقاق سے معلوم ہوا کہ "ضارِبٌ" میں الف اور "كراهية" میں الف، یا اور تا زائد ہیں۔

مناسبتِ اشتقاق کی معرفت درج ذیل امور سے ہوتی ہے:

(۱) اصل کلمہ سے بعض حروف کا ساقط ہونا، جیسے، "ضارِبٌ" میں الف اور "تَضارُبٌ" میں تا اور الف زائد ہے، کیوں کہ اصل کلمہ "ضَرَبَ" میں یہ حروف موجود نہیں ہیں۔

(۲) فرع سے بعض حروف کا ساقط ہونا، جیسے: "سُنْبُل" اور "حَنْظَل" میں نون زائد ہے، کیوں کہ "سُنْبُل" کی فرع "اَسْبَلَ الزَّرْعُ" اور "حَنْظَل" کی فرع "حَظَلَتِ الإبِلُ" میں نون موجود نہیں ہے[1]۔

(۳) کسی کلمہ کا کبھی چار حرفی ہونا، کبھی تین حرفی ہونا، جیسے: "اَيْطَل" اور "اِطْل" [کمر]۔

(۴) حرف کا معنی پر دلالت کرنا، جیسے: حروفِ مضارع، اور اسمِ فاعل کا الف، وغیرہ۔

لزوم عدمِ نظیر: اس سے مراد یہ ہے کہ حروف کو اصلی (غیر زائد) ماننے کی صورت میں ایسا وزن حاصل ہو جو کلامِ عرب میں نہ ہو، جیسے: "قَرَنْفُل" [لونگ] میں اگر نون زائد نہ مانیں تو "فَعَلُّل" کا وزن ہوگا جس کی نظیر کلام عرب میں

(۱) اَسْبَلَ الزَّرْعُ: خوشہ نکلا۔ السُّنْبُل: خوشہ، بالی۔ حَظِلَ البَعِيْرُ: اونٹ زیادہ حنظل کھانے سے بیمار ہوا۔ الحَنْظَل: ایک کڑوا درخت، اندرائن۔

نہیں ہے، تو لزومِ عدمِ نظیر سے معلوم ہوا کہ "قرنفل" میں نون زائد ہے اور یہ "فَعَنْلُل" کے وزن پر ہے۔

اس کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ کسی حرف کو اصلی ماننے پر کلمہ کے لیے عدمِ نظیر تو لازم نہ آئے، مگر اس کلمہ کی نظیر (لفظ ومعنی میں یکساں اسی جیسے دوسرے کلمہ) کے لیے عدمِ نظیر لازم آئے، جیسے: "تُتْفُل" [لومڑی] میں تا کو اصلی ماننے پر عدمِ نظیر لازم نہیں، کیوں کہ "فُعْلُل" کا وزن ثابت ہے، جیسے: "بُرْثُن" [چنگل]۔ لیکن، "تُتْفُل" میں ایک لغت "تَتْفُل" بھی ہے اور اس میں عدمِ نظیر لازم ہے، کیوں کہ "فَعْلُل" کا وجود نہیں ہے، لہذا "تُتْفُل" کی تا کا زائد ہونا معلوم ہوا اور یہ "تُفْعُل" کے وزن پر ہے۔ اسی طرح "کُنْتَأْل" [چھوٹا] "قُنْفَخْر" [بھاری بدن والا] اور "خُنْفُساء" [ایک کیڑا، گبریلا] میں نون کو زائد مانا گیا ہے اور یہ "فُنْعَلّ" اور "فُنْعُلاء" کے وزن پر ہیں۔ اس لیے کہ "فُعْلَلّ" اور "فُعْلُلاء" کا وزن کلام عرب میں نہیں۔

غلبۂ زیادت: اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی حرف کہیں کثرت سے زائد ہوتا ہے، لہذا اسی کو زائد مانا جائے، جیسے: "مَدْيَن" میں میم کو زائد مانا جائے، کیوں کہ شروع میں میم کثرت سے زائد ہوتی ہے۔ اور اگر یا کو زائد مانا جائے تو "فَيْعَل" کا وزن حاصل ہوگا۔ اور یا کا زائد ہونا میم کی بہ نسبت کم ہے، لہذا غلبۂ زیادت سے میم کا زائد ہونا معلوم ہوا۔

غلبۂ زیادت کی صورتیں:

(۱) کسی حرف کا ایسی جگہ ہونا جہاں اس کا زائد ہونا اشتقاق کی صورت میں لازم ہو (لیکن مناسبتِ اشتقاق موجود نہ ہو) جیسے: "وَرَنْتَل" [دھوکہ باز]، "شَرَنْبَث" [موٹے ہاتھ پیر والا] اور "عَصَنْصَر" [ایک پہاڑ] میں تیسرا حرف نون زائد ہے، کیوں کہ مشتق میں حرفِ ثالث کی جگہ نون زائد آیا ہے، جیسے: "جَحْفَلة" [کھر والے جانور کا ہونٹ] سے "جَحَنْفَل" [موٹے ہونٹ والا] بنا ہے جس میں نون زائد ہے۔

(۲) کسی حرف کا ایسی جگہ ہونا جہاں اس کا زائد ہونا اشتقاق کی صورت میں کثیر ہو (اور مناسبتِ اشتقاق موجود نہ ہو) جیسے: "اَرْنَب" [خرگوش] اور "اَفْكَلٌ" [کپکپی] میں ہمزہ زائد ہے، کیوں کہ مشتق میں اس جگہ ہمزہ کثرت سے ہمزہ زائد ہوتا ہے، جیسے: "اَحْمَرُ" [سرخ]۔

(۳) کسی حرف کا ایسی جگہ ہونا جہاں وہ زائد ہی واقع ہوتا ہو، جیسے: "حِنْطَاوٌ" [بڑے پیٹ والا]، "كِنْتَاوٌ" [بڑی داڑھی والا] اور "قِنْدَارٌ" [ہلکی داڑھی والا] وغیرہ کا نون۔

درس (۳) ﴿حروفِ زیادت کا بیان﴾

دلائل زیادت میں تعارض ہونے پر ترجیح کی صورتیں:

(۱) دلائل زیادت میں سب سے قوی دلیل اشتقاق ہے، لہذا اگر اس میں اور عدمِ نظیر میں تعارض ہو تو اشتقاق کو ترجیح ہوگی،، اسی وجہ سے درج ذیل الفاظ کو ثلاثی قرار دیا گیا ہے۔

[۱] "عَنْسَل" بروزن "فَنْعَل" [تیز رو اونٹنی] [۲] "شَمْأَل" بروزن "فَعْأَل" [اُتر کی ہوا] [۳] "رَعْشَن" بر وزن "فَعْلَن" [کانپنے والا، بزدل] [۴] "دُلَامِص" بروزن "فُعَامِل" [چمک دار زرہ] [۶] "زُرْقُم" بروزن "فُعْلُم" [نیلا] [۷] "تَرَنْمُوْت" بروزن "تَفَعْلُوت" [کمان کا آواز کرنا] وغیرہ۔(۱)

یوں ہی اشتقاق اور غلبۂ زیادت کے مابین تعارض ہونے پر اشتقاق کو ترجیح ہوگی، اسی لیے "مَعَد" [ایک شخص کا نام] کا وزن "فَعَلّ"(۲) اور "فَيْنان" [درخت کی شاخیں جو سایہ دار اور باہم ملی ہوں] کا وزن "فَيْعال"(۳) ہے۔

(۲) اگر کوئی کلمہ دو یا زائد اشتقاق کا احتمال رکھے تو اگر ان دونوں میں کوئی اشتقاق زیادہ ظاہر ہو تو اُسی کو ترجیح ہوگی، جیسے "مَلَك"، "لأك" سے "مَفْعَل" کے وزن پر ہے(۴)۔ اور اگر دونوں اشتقاق لفظی اور معنوی مناسبت میں یکساں ظاہر ہوں تو دونوں کے لحاظ سے حروفِ زیادت کا تعین جائز ہے، جیسے: "اَرْطى" [ایک درخت] "فَعْلى" اور "اَفْعَل" دونوں وزن پر ہو سکتا ہے(۵)۔

غلبۂ زیادت سے ترجیح کی صورتیں

(۱) اگر کسی کلمہ میں چند غلبۂ زیادت والے حروف ہوں تو اگر سب کو زائد ماننے پر کلمہ تین اصلی حروف پر باقی رہ جائے تو سب زائد ہوں گے، جیسے: "اِهْجِيرى"(۶) [عادت] اور اگر تمام حروف زائد ماننے پر کلمہ دو ہی حرف پر باقی رہے تو درج ذیل تفصیل کے مطابق ترجیح ہوگی۔

☆ اگر ایک حرف زائد ماننے پر کلمہ اوزانِ عرب سے خارج ہو اور دوسرے حرف کو زائد ماننے پر اوزانِ عرب سے خارج نہ ہو تو وہ حرف زائد ہوگا جس سے کلمہ اوزانِ عرب سے خارج نہ ہو، جیسے: "مَدْيَن"(۷) میں میم زائد ہے۔

☆ اگر دونوں میں سے کسی ایک کو بھی زائد مانا جائے تو کلمہ اوزانِ عرب سے خارج ہو تو وہ حرف زائد ہوگا جو کثرت

---

(۱) مذکورہ تمام مثالوں میں دلیل اشتقاق کا تقاضا ہے کہ یہ سب کلمات مذکورہ بالا اوزان پر ثلاثی ہوں کیوں کہ "عَنسل" کو "عَسَلَ الذِئبُ" [بھیڑیا تیز دوڑا] سے، "شَمْأَل" کو "شمل" [اُتر کی ہوا] سے، "رَعْشَن" کو "رَعْش" [کانپنا] سے، "دُلامِص" کو "دَلَصَ الدِرْعُ" [زرہ چمک دار ہوئی] سے، "زُرْقُم" کو "زُرْقَة" [نیلا پن] سے، اور "تَرَنْموت" کو "رَنَم" [آواز کرنا] سے اصلی حروف اور اصل معنی میں مناسبت حاصل ہے، جب کہ مذکورہ بالا اوزان پر کلامِ عرب میں کسی نظیر کا نہ ہونا اس کا مقتضی ہے کہ یہ سب کلمات ثلاثی نہ ہوں، لیکن دلیلِ اشتقاق کی بنا پر ان کلمات کو ثلاثی قرار دیا گیا۔

(۲) کیوں کہ "مَعَدّ"، "تَمَعْدَدَ" [معد بن عدنان کے مشابہ ہوا] سے مشابہت رکھتا ہے، حالاں کہ غلبۂ زیادت کا تقاضا ہے کہ میم زائد ہو اور یہ کلمہ "مَفْعَل" کے وزن پر ہو۔

(۳) کیوں کہ یہ کلمہ "فَنَن" [شاخ] سے مشابہت رکھتا ہے، اگرچہ غلبۂ زیادت کا تقاضا ہے کہ نون زائد ہو، اور یہ کلمہ "فَعْلان" کے وزن پر ہو۔

(۴) "مَلَك" کا وزن ابو عبیدہ کے نزدیک "لَأك" [بھیجنا] سے "مَفعَل" ہے، اصل "مَلأَك" ہے، "يَسَلُ" کے قاعدہ سے "مَلَك" ہو گیا، اور کسائی کے نزدیک "أَلُوكَة" [رسالت] سے "مَعْفَل" ہے اصل میں "مَألك" تھا، پھر قلبِ مکانی سے "مَلأَك" ہوا، پھر "يَسَلُ" کے قاعدہ سے "مَلَك" ہو گیا، اور ابنِ کیسان کے نزدیک "ملك" سے "فَعْأَل" کے وزن پر ہے۔ ان تینوں وجوہِ اشتقاق میں اول کو ترجیح حاصل ہے کیوں کہ تیسری وجہ کے لحاظ سے اس کا وزن "فَعْأَل" نادر ہے اور دوسری وجہ اگرچہ ظہور کے اعتبار سے پہلی وجہ کی طرح ہے، مگر اس میں قلبِ مکانی کے ارتکاب کے باعث پہلی وجہ کی بہ نسبت ضعف ہے، اس لیے وجہِ اول کے لحاظ سے اس کا وزن "مَفْعَل" مانا گیا۔

(۵) "فَعْلى" کے وزن پر ہونے کی صورت میں اس کو "بَعِيرٌ آرِطٌ" [درخت ارطی کھانے والے اونٹ] سے مناسبتِ اشتقاق حاصل ہے اور "اَفْعَل" کے وزن پر ہونے کی صورت میں "بَعِيرٌ راطٍ" [درخت ارطی کھانے والے اونٹ] سے مناسبت اشتقاق حاصل ہے، "راطٍ" کی اصل "راطِيٌ" ہے، "قاضٍ" کی تعلیل سے "راط" ہو گیا، چوں کہ دونوں وجوہِ اشتقاق لفظ اور معنی میں یکساں ظاہر ہیں اس لیے دونوں جائز ہے۔

(۶) اس کلمہ میں ہمزہ، یا اور الف تینوں زائد ہیں، کیوں کہ ان تینوں کے لیے غلبۂ زیادت ثابت ہے، اور تینوں کو زائد ماننے پر بھی کلمہ میں تین اصلی حروف موجود ہیں۔

(۷) کیوں کہ میم زائد ماننے پر کلمہ کا وزن "مَفْعَل" ہے اور یہ ایک مانوس وزن ہے، جب کہ یا زائد ماننے پر اس کا وزن "فَعْيَل" ہوگا اور اسم میں "فَعْيَل" کا وزن نہیں ہے۔

سے زائد ہوتا ہے، جیسے: "کَوَأْلَل" [چھوٹا](۱) میں واو زائد ہے۔

☆ اور اگر دونوں میں سے کسی ایک کو بھی زائد ماننے پر کلمہ اوزانِ عرب سے خارج نہ ہو تو "اظہارِ شاذ" یا "شبہۂ اشتقاق" یا "اَغلبُ الوزنین" یا "اَقیسُ الوزنین" سے ترجیح ہوگی(۲)۔

حروف زیادت کا تفصیلی بیان

(الف) اگر الف کے ساتھ دو اصلی حروف سے زائد حروف ہوں تو الف زائد ہوگا، جیسے: "ضَارَبَ"، "عِماد" "حُبلٰی"۔

(واو) اگر واو کلمہ کے شروع میں نہ ہو اور نہ کلمہ بابِ "سمسم" سے ہو اور اس میں دو اصلی حروف سے زائد حروف ہوں تو وہ واو زائد ہوگا، جیسے: "محمود"، "بُوْيِعَ"۔ البتہ "سَوْط"، "وَرَنتَل" اور "وَغوَعَة" میں واو زائد نہیں ہے، یوں کہ اول میں وہ دو اصلی حروف سے زائد والے کلمہ میں نہیں ہے۔ اور دوم میں شروع میں ہے۔ اور سوم میں کلمہ بابِ "سمسم" سے ہے۔

(یا) اگر یا کے ساتھ دو اصلی حروف سے زائد حروف ہوں تو وہ زائد ہوگی، بشرطیکہ وہ ایسے کلمہ کے شروع میں نہ ہو جس میں تین اصلی حروف سے زائد حروف ہوں اور نہ ہی وہ کلمہ باب "سمسم" سے ہو، جیسے: "يَضْرِبُ" [مارتا ہے]۔ البتہ "بَيْت"، "يُوْيُو" [ایک پرندہ] اور "يَستعور" [ایک کیڑا] میں یا زائد نہیں ہے، کیوں کہ اول میں یا دو اصلی حروف سے زائد حروف والے کلمہ میں نہیں ہے۔ اور دوم بابِ "سمسم" سے ہے۔ اور سوم میں یا ایسے کلمہ کے شروع میں ہے جس میں تین اصلی حروف سے زائد

---

(۱) کیوں کہ اس کلمہ میں واو اور ہمزہ دونوں زائد ہو سکتے ہیں، مگر واو کا زائد ہونا ہمزہ کی بہ نسبت کثیر ہے، لہذا واو کو زائد قرار دیا گیا۔

(۲) "شبہۂ اشتقاق" کا مطلب یہ ہے کہ دو کلمے حروف واصول میں یکساں ہوں اور معنی اصلی میں دونوں کی موافقت نا معلوم ہو۔ اور "اظہارِ شاذ" کا مطلب یہ ہے کہ اگر حرف کی زیادتی برائے الحاق نہ مانی جائے تو اجتماعِ مثلین کے باوجود ترکِ ادغام لازم آئے گا جو قاعدۂ مقررہ کے خلاف ہے۔ ان امور سے ترجیح میں درج ذیل تفصیل ہے: (۱) اگر ان دونوں میں سے کسی کا زائد ہونا شبہۂ اشتقاق سے ثابت ہو اور دوسرے کا زائد ہونا "اظہارِ شاذ" سے ثابت ہو تو اظہارِ شاذ کو ترجیح ہوگی، اور بعض کے نزدیک "شبہۂ اشتقاق" سے ترجیح ہوگی، اسی وجہ سے "يأجج" [ایک قبیلہ کا نام] میں اختلاف ہے، اظہارِ شاذ سے ترجیح دینے والوں کے نزدیک اس کا وزن "فَعْلَل" ہے، دوسری جیم "جعفر" سے الحاق کے سبب ہے۔ اور شبہۂ اشتقاق سے ترجیح دینے والوں کے نزدیک اس کا وزن "يَفْعَل" ہے، کیوں کہ اس کلمہ کو "أَجَّتِ النار" سے شبہۂ اشتقاق حاصل ہے۔ (۲) اگر دونوں حروف زائد ہونے کے لیے شبہۂ اشتقاق ثابت ہو اور ان میں سے کسی ایک کا زائد ہونا اظہارِ شاذ سے ثابت ہو تو بالاتفاق اظہارِ شاذ کو ترجیح ہوگی، جیسے: "مَهْدد" [ایک عورت کا نام] کو "هَدَّ" اور "مَهْد" دونوں سے شبہۂ اشتقاق حاصل ہے، مگر اظہارِ شاذ سے دال کا زائد ہونا ثابت ہوتا ہے، لہذا دال کو زائد مانا جائے گا۔ (۳) اور اگر ان دونوں میں کسی ایک کا زائد ہونا اظہارِ شاذ سے ثابت نہ ہو تو تین صورتیں ہیں: [۱] یا تو شبہۂ اشتقاق سے کسی ایک کا زائد ہونا ثابت ہوگا [۲] یا دونوں کا زائد ہونا ثابت ہوگا [۳] یا کسی کا زائد ہونا ثابت نہ ہوگا۔ پہلی صورت میں شبہۂ اشتقاق سے ترجیح ہوگی، جیسے: "مَوْظَب"، اس کلمہ میں اگر میم زائد ہو تو "وظَبَ علی الشيء" [کوئی چیز پابندی سے کرنا] سے شبہۂ اشتقاق ہے اور اگر واو زائد ہو تو کسی لفظ سے شبہۂ اشتقاق نہیں ہے، لہذا میم کو زائد مانا جائے گا۔ دوسری صورت میں "اغلبُ الوزنین" سے ترجیح ہوگی اور ایک قول پر "اقیسُ الوزنین" سے ترجیح ہوگی، اسی وجہ سے "مورق" [نام] میں اختلاف ہے، اغلب الوزنین سے ترجیح دینے والوں کے نزدیک "ورق" سے اس کا وزن "مَفْعَل" ہے اور اقیس الوزنین سے ترجیح دینے والوں کے نزدیک اس کا وزن "مرق" سے "فوعل" ہے، کیوں کہ اگر واو اصلی ہو تو تقاضائے قیاس یہ ہے کہ "مَوْرِق" ہو، جیسا کہ مثال (معتل فا) میں ہوتا ہے۔ اور تیسری صورت میں اگر کسی وزن کو غلبہ ہو تو اس کے لحاظ سے حرف زائد متعین ہوگا، جیسے: "افعی" کو "افعل" کے وزن پر مانا گیا ہے، اور "فعلی" کے وزن پر نہیں مانا گیا ہے، کیوں کہ "افعل" بہ نسبت "فعلی" کثیر ہے۔ اور اگر دونوں وزن نادر ہوں تو دونوں وزن کا احتمال ہوگا، جیسے: "اسطوانة" میں واو کو بھی زائد مانا جا سکتا ہے اور اس کا وزن "فعلوانة" ہوگا اور ہمزہ کو بھی زائد مانا جا سکتا ہے اور اس کا وزن "افعوالة" ہوگا۔ اگر یہ وزن کلام عرب میں ثابت ہو۔ اور اس کا وزن "أُفْعُلانة" نہیں ہو سکتا، اس لیے کہ اس کی جمع "اساطین" آتی ہے مگر اس کی اصل "أُفْعُلانة" ہوتی تو اس کی جمع "أَساطٍ" یا "أَساطِي" آتی، جیسے "أُقْحُوانة" [گلِ بابونہ] کی جمع "أَقاحٍ" اور "أَقاحي" آتی ہے۔

حروف موجود ہیں۔

(میم) اگر میم کے بعد دو اصلی حروف سے زائد حروف ہوں اور وہ میم مشتق میں لازم نہ ہو تو زائد ہوگی، جیسے: "مَحْمود"، "مسجد"۔ لیکن "مَهْد" اور "مِرْعِز" [نرم اون] میں میم زائد نہیں ہے، کیوں کہ اول میں دو اصلی حروف سے زائد حروف نہیں ہیں اور دوم میں میم کے بعد دو اصلی حروف سے زائد حروف ہیں، مگر وہ میم مشتق میں لازم ہے، جیسے: "ثوبٌ مُمَرْعِز"۔

(همزه) شروع کے ہمزہ کے ساتھ دو اصلی حروف سے زائد حروف موجود ہوں تو ہمزہ زائد ہوگا، جیسے: "اَحْفَظُ" [میں یاد کرتا ہوں]، "اَفْضَل"، "اِصْبع"۔ لیکن "آبد" میں ہمزہ زائد نہیں ہے، کیوں کہ ہمزہ کے ساتھ دو اصلی حروف سے زائد حروف نہیں ہیں۔ اور آخر کے ہمزہ سے پہلے اگر الف ہو اور اُس الف سے پہلے دو اصلی حروف سے زائد حروف ہوں تو وہ ہمزہ بھی زائد ہوگا۔ جیسے: "حمراء" [سرخ] "صحراء" [میدان]۔

(نون) کنارے والے نون سے پہلے اگر ایسا الف ہو جس سے پہلے دو سے زائد اصلی حروف ہوں تو وہ نون زائد ہوگا، جیسے: سَكْران [نشہ میں مست]، غَضْبان [غضبناک] اور درمیان والا نون اگر ساکن ہو اور دو حرف اس سے پہلے ہوں اور دو اس کے بعد ہوں اور وہ مضعف نہ ہو تو زائد ہوگا، جیسے: "غَضَنْفَر" [شیر]، "قَرنفل"۔ یوں ہی بابِ انفعال کا نون اور فعل مضارع کے شروع کا نون زائد ہوگا، جیسے: "اِنْطَلَق"، "منطلق"، "نَضْرِبُ"۔

(تا) "تا" درج ذیل مقامات میں زائد ہوتی ہے:

(۱) بابِ تفعل، تفاعل، افتعال، استفعال، تفعیل اور تفعلل میں، جیسے: تَقَبُّل، تعاوُن، اِقْتِراب، اِستغراب، تَهذیب، تدحرج۔

(۲) تانیث کی تا، جیسے: "قائمة"۔

(۳) فعل مضارع کے شروع کی تا، جیسے: "تَضْرِبُ"۔

(۴) مَلَكُوت، جَبَرُوْت، رَهَبُوْت اور عَنْكَبوت کے مثل میں تا کی زیادتی سماعاً ہے۔

(سین) سین بابِ استفعال میں زائد ہوتی ہے، جیسے: اِسْتَغراب۔ "قدموس" [بھاری اونٹ] میں "س" وزنِ "عُصْفُور" سے الحاق کے لیے سماعاً زائد ہے۔

(ها اور لام) "ہا" اور "لام" کا زائد ہونا قلیل ہے۔ "ها" کی زیادت کی مثال "اَرَاق" [بابِ افعال سے ماضی] میں "اَهْراق" اور "اُمّ" کی جمع میں "اُمّهات"۔ اور بعض لوگوں نے ہائے سکت کو بھی ذکر کیا ہے جو صحیح نہیں ہے، کیوں کہ وہ ایک مستقل کلمہ ہے۔ اور "لام" کی زیادت کی مثال "طبسل"، "زَيْدل" اور "عَبْدل" ہے۔ ان کی اصل طبس، زید اور عبد ہے۔ اور بعض لوگوں نے "ذلك"، "تلك" کے لام کو بھی زائد قرار دیا ہے جو صحیح نہیں ہے، کیوں کہ وہ ایک مستقل کلمہ ہے۔

مشقی سوالات: (۱) آنے والے کلمات میں حروفِ زیادت کی نشان دہی کرو اور یہ بتاؤ کہ اس زیادت سے کیا فائدہ حاصل ہوا ہے: مَحْبوبٌ، اِخْرِنجامٌ، تَجَلْبَبَ، مُنْطَلِقٌ، نَسْتَعِينُ۔ (۲) آنے والی مثالوں میں حروفِ زیادت کی نشان دہی کر کے یہ بتاؤ کہ ان حروف کا زائد ہونا کس دلیل سے ہے: مُسْتَخْرِج، يَذْهَبُ، قَرَنْفُل۔ (۳) "عَنْسِل" کو "فَنْعَل" کے وزن پر کیوں مانا گیا حالاں کہ کلامِ عرب میں اس وزن کی نظیر نہیں ہے؟ (۴) الف، نون، میم اور واو کے زائد ہونے کے مواقع بتاؤ اور کم از کم پانچ پانچ مثالیں بھی دو۔

درس (۴) ﴿مذکر ومؤنّث کا بیان﴾

اسم کی دو قسمیں ہیں (۱) مذکر (۲) مؤنّث۔

مذکر: وہ اسم ہے جو علامتِ تانیث سے خالی ہو اور اہلِ زبان نے اُس کو مؤنّث نہ استعمال کیا ہو، جیسے: "رَجُلٌ"، "كِتابٌ"، "كرسيٌّ"۔

مؤنّث: وہ اسم ہے جس میں علامتِ تانیث ہو یا جس کو اہلِ زبان نے مؤنّث استعمال کیا ہو، جیسے: "فاطمة"، "هند"، "دارٌ"۔

مؤنّث استعمال ہونے کے دلائل: ☆ کسی اسم کے لیے مؤنّث کا اسمِ اشارہ یا اس کی ضمیر یا فعل میں تائے تانیث لائی جائے، جیسے: "هذه الشمسُ رأيتُها طلعتْ"۔ ☆ کسی اسم کی تصغیر میں تا ظاہر ہو، جیسے: "اُذُنٌ" کی تصغیر "اُذَيْنة"۔ ☆ کسی اسم کے عدد سے تا حذف ہو، جیسے: "ثلاثُ آبار" [بِئر کی جمع]۔

مؤنّث کی قسمیں: مؤنّث کی دو قسمیں ہیں (۱) مؤنّث حقیقی (۲) مؤنّث غیر حقیقی۔

مؤنّث حقیقی: وہ مؤنّث ہے جس کے مقابلہ میں حیوانِ مذکر ہو، جیسے: "اِمْرأةٌ"، "ناقةٌ"، "آتانٌ" [گدھی]۔

مؤنّث غیر حقیقی: وہ مؤنّث ہے جس کے مقابلہ میں حیوانِ مذکر نہ ہو، جیسے: "دارٌ"، "شمسٌ"۔

❁ علامتِ تانیث ہونے نہ ہونے کے اعتبار سے مؤنّث کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) مؤنّث لفظی (۲) مؤنّث معنوی (۳) مؤنّث لفظی ومعنوی۔

مؤنّث لفظی: وہ اسم ہے جو مذکر کے لیے وضع ہو اور اس میں تانیث کی علامتوں میں سے کوئی علامت ہو، جیسے: "طلحة"، "زكرياء"۔

مؤنّث معنوی: وہ اسم ہے جو مؤنّث کا عَلَم ہو اور اُس میں علامتِ تانیث نہ ہو، جیسے: "مَرْيَم"، "هِنْدٌ"۔

مؤنّث لفظی ومعنوی: وہ اسم ہے جو مؤنّث کا عَلَم ہو اور اس میں علامتِ تانیث بھی ہو، جیسے: "فاطمة"، "سلمى"، "عاشوراء" [جب کہ مؤنّث کا نام ہو]

علامات تانیث: علاماتِ تانیث دو ہیں (۱) تا (۲) الف۔

پہلی علامت (تا): یہ فعل میں کہیں ساکن کہیں متحرک ہوتی ہے، جیسے "قامتْ هندٌ" اور "تقومُ هندٌ"۔ اور

اسم میں متحرک ہوتی ہے، جیسے: "صائمةٌ"، "عالمةٌ"۔

فائدہ: اسم میں تا کی اصل وضع اس لیے ہے کہ مذکر ومؤنث میں مشترک اوصافِ مشتقہ سے مؤنث کو ممتاز کیا جائے، لہذا یہ اُن اوصاف کے ساتھ نہیں آئے گی، جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں، جیسے: "حائض"، "طالق"، "مُطفِل"، "مُرْضِع"[1]، "عانس" وغیرہ۔

فائدہ: مذکر ومؤنث کے لیے مشترک اسمِ جامد پر تا کا دخول سماعی ہے، جیسے: "رَجُلٌ" اور "رَجُلَةٌ"۔ "فتی" اور "فتاةٌ"۔

مشترک اوصاف کے پانچ صیغوں میں مؤنث کے لیے تا نہیں آتی ہے، لہذا اُن میں مذکر ومؤنث کے صیغے یکساں ہوتے ہیں۔

(۱) "فَعُوْل" جو "فاعِل" کے معنی میں ہو، جیسے: "رَجُلٌ صَبُوْرٌ"، "اِمْرأَةٌ صَبُورٌ"، "بَغِيٌّ"[2]۔ لیکن اگر "فَعُوْل" "مفعول" کے معنی میں ہو تو تا آئے گی، جیسے: "جَمَلٌ رَكُوْبٌ" (اَی: مَرْكُوبٌ) اور ناقَةٌ رَكُوْبَةٌ (اَی: مَرْكُوبَةٌ)

(۲) "فَعِيْل" جو "مَفْعول" کے معنی میں ہو۔ اور موصوف کے بعد ہو، جیسے: "رَجُلٌ جَرِيْحٌ"، "امرأة جَرِيْحٌ"۔ لیکن اگر "فعيل" "فاعل" کے معنی میں ہو یا موصوف کے بعد نہ ہو تو تا آئے گی، جیسے: "امرأةٌ رَحِيمةٌ" (یہاں "رَحِيمة" "راحمة" کے معنی میں ہے) اور جیسے: "رَاَيْتُ قَتِيلَةً" (یہاں "قتيلة" موصوف کے بعد نہیں ہے)

(۳) "مِفْعَل"، جیسے: "اِمْرأَةٌ مِغْشَمٌ" [بہادر عورت]۔

(۴) "مِفْعال"، جیسے: "امرأةٌ مِهذارٌ مِكْثارٌ" [بکواس کرنے والی عورت]

(۵) "مِفْعِيل"، جیسے: "امرأةٌ مِعْطِيرٌ" [بہت خوشبو والی عورت]۔ "مِسْكِينَة" شاذ ہے۔

تا کے کچھ اور اغراض: کبھی "تا" کو دوسرے معانی واغراض کے لیے بھی زیادہ کرتے ہیں:

(۱) واحد کو اسمِ جنس سے ممتاز کرنے کے لیے، جیسے: "تَمْرٌ وَ تَمْرَةٌ"۔ "نَمْلٌ وَ نَمْلَةٌ" وغیرہ۔

(۲) مبالغہ کے لیے، جیسے: "راوِيةٌ" [بہت زیادہ روایت کرنے والا]، "عَلاّمة" [بہت جاننے والا]۔

(۳) فا کلمہ یا عین کلمہ یا لام کلمہ کے عوض کے طور پر، جیسے: "عِدَةٌ"، "اِقامَة"، "لُغَة"۔ ("عِدَة" کی اصل "وِعْدٌ" ہے، تا فا کلمہ کے عوض میں ہے، "اِقامة" کی اصل "اِقوام" ہے، تا عین کلمہ کے عوض میں ہے اور "لُغَة" کی اصل "لُغَوٌ" ہے، تا لام کلمہ کے عوض میں ہے)

---

(۱) مُرْضِع: دودھ پلانے والی۔ **فائدہ:** "مرضعة" اس عورت کو کہیں گے جو فعلِ ارضاع میں مشغول ہو، اور "مرضع" اس کو کہیں گے جو کسی وقت دودھ پلانے والی ہو، خواہ بروقت اس فعل میں مشغول ہو یا نہ ہو، قال الله تعالى: ﴿يَوْمَ تَذْهَلُ كلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ﴾ [الحج: ۲۔ ترجمہ: جس دن تم اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی دودھ پیتے کو بھول جائے گی] (۲) "بَغِيٌّ" کی اصل "بَغُوْيٌ" ہے، واو اور یا یکجا ہوئے، اُن میں پہلا ساکن ہے، لہذا واو کو یا کر کے یا میں ادغام کر دیا اور ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا گیا، "بغيٌّ" ہو گیا۔ قال الله تعالى: ﴿وَما كانَتْ أُمّكِ بَغِيًّا﴾ [مریم: ۲۸۔ اور تمھاری ماں بدکردار نہ تھی]

(۴) اسم عجمی کی تعریب کے لیے، جیسے: "کَیلجةٌ" [کیلوگرام]

(۵) مفرد کی یاء نسبت کے عوض کے طور پر جمع میں، جیسے: "مَشارِقة" [مَشرِقِيّ" کی جمع]۔ "آشاعِثة" ["آشعَثِیّ" کی جمع]

(۶) محض تکثیر اوزان کے لیے، جیسے: "قَرْیة"، "غُرْفة" وغیرہ۔

(۷) مُفرد سے الحاق کے لیے، جیسے: "صَیارِفَة" (اس میں تا "کَراھیة" سے الحاق کے لیے ہے)

دوسری علامت "الف"۔ یہ دو قسم پر ہے (۱) الفِ مقصورہ، جیسے: "حُبلی"، "عَطشی"۔ (۲) الفِ ممدودہ، جیسے: "حمراء"، "صحراء"۔ الفِ ممدودہ والے کلمات کے آخر میں دراصل دو الف تھے، ایک مدِّ صوت کے لیے، دوسرا علامتِ تانیث کے لیے۔ پھر دوسرے الف کو (طرف میں الفِ زائد کے بعد واقع ہونے کے سبب) ہمزہ سے بدل دیا گیا۔

مؤنث بالالف المقصورة کے اوزان درج ذیل ہیں:

(۱) "فُعَلی"، جیسے: "اُرَبی" [دھوکے باز عورت]، "اُدَمی" [ایک جگہ کا نام]۔ (۲) "فُعْلی"، جیسے: "بُھمی" [ایک گھاس]، "حُبْلی" [حاملہ]، "بُشْری" [خوش خبری]۔ (۳) "فَعَلی"، جیسے: "بَرَدی" [ایک دریا کا نام]، "حَیَدی" [تیز رفتار گدہا]۔ (۴) "فَعْلی"، جیسے: "مَرْضی" ["مریض" کی جمع]، "نَجوی" [خفیہ گفتگو]، "شَبْعی" [آسودہ عورت]۔ (۵) "فُعالی"، جیسے: "حُباری" [ایک پرندہ]، "سُکاری" ["سَکران" کی جمع]۔ (۶) "فُعَّلی"، جیسے: "سُمَّھی" [باطل]۔ (۷) "فِعَلّی"، جیسے: "سِبَطْری" [ناز وانداز والی چال]۔ (۸) "فِعْلی"، جیسے: "حِجْلی" ["حَجلة" کی جمع، ایک پرندہ]، "ظِرْبی" ["ظَرِبان" کی جمع، ایک بدبودار کیڑا]، "ذِکْری" [نصیحت]۔ (۹) "فِعِّیلی"، جیسے: "ھِجِّیری" [بکواس]، "حِثِّیثی" ["حَثّ" کا مصدر] خِلِّیفی [کارِ خلافت]۔ (۱۰) "فُعَلّی"، جیسے: "حُذُرّی" [باطل]۔ (۱۱) "فُعَّیلی"، جیسے: "لُغَّیزی" [پہیلی، چیستاں]، "خُلَّیطی" [اختلاط]۔ (۱۲) "فُعّالی"، جیسے: "خُبّازی" [ایک گھاس]، "خُضّاری" [ایک پرندہ]۔

مؤنث بالالف الممدودة کے اوزان درج ذیل ہیں:

(۱) "فَعْلاء"، جیسے: "صحراء"، "رَغْباء" [رغبت]، "حَمراء" [سرخ]۔ (۲) "اَفْعِلاء"، جیسے: "آرْبِعاء" [بدھ کا دن] (۳) "فُعْلُلاء"، جیسے: "قُرْفُصاء" [بیٹھنے کی ایک مخصوص ہیئت]۔ (۴) "فاعُولاء"، جیسے: "تاسوعاء" [نویں محرم الحرام]، "عاشوراء" [دسویں محرم الحرام]۔ (۵) "فاعِلاء"، جیسے: "نافقاء" [جنگلی چوہے کی بل]۔ (۶) "فِعْلِیاء"، جیسے: "کِبْرِیاء"۔ (۷) "فِعَلاء" (بہ تثلیثِ فا)، جیسے: "جَنَفاء" [ایک جگہ کا نام]، "سِیَراء" [دھاری دار ریشمی کپڑا]، "نُفَساء" [نفاس والی عورت]۔ (۸) "فُنْعُلاء"، جیسے: "خُنفُساء" [گبریلا]۔ (۹) "فَعِیلاء"، جیسے: "قَرِیثاء" [ایک قسم کی کھجور]۔ (۱۰) "مَفعُولاء"، جیسے: "مَشیُوخاء" ["شیخ" کی جمع]۔

مشقی سوالات: (۱) آنے والی مثالوں میں مونث حقیقی، مونث لفظی اور مونث معنوی کی شناخت کرو: شَمسٌ، اُذُنٌ، قَدَمٌ، یَدٌ، شاةٌ، حَمزَةُ، حنظلة۔ (۲) کوئی اسم اگر علامتِ تانیث سے خالی ہو تو اس کے مؤنث ہونے پر کیا دلیل ہو سکتی ہے؟ مع مثال بتاؤ۔ (۳) خالی جگہ قوسین میں دیے گیے مناسب لفظ سے پُر کرو۔ [۱] هذه امرأة ...... (شَكورٌ، شَكُورَةٌ) [۲] رَأيتُ اِمرأةً .... (جَرِيحاً، جَرِيحةً) [۳] سُعادُ اُمٌ .... (عَطُوفٌ، عَطوفةٌ) (۴) آنے والے اوزان کی مثالیں بتاؤ: فَعلى، فُعْلى، فَعْلاء، فُعَلاء۔

درس (۵) ﴿میزانِ صرفی اور قلب کا بیان﴾

حروف میزان: چوں کہ علماے تصریف افعالِ متصرفہ اور اسماے متمکنہ سے بحث کرتے ہیں اور ان میں زیادہ کلمات ثلاثی ہیں [۱]، نیز کسی بھی فعل یا اسم متمکن میں تین سے کم حرف نہیں ہوتے ہیں [۲] اس لیے انھوں نے اصولِ کلمات تین قرار دیے ہیں۔ (۱) فا (۲) عین (۳) لام [۳]۔ اور ان ہی حروف سے اصلی اور زائد حروف میں امتیاز کرتے ہیں، نیز کسی بھی کلمہ کی ہیئت اور وزن بتانے کے لیے ان ہی حروف کو میزان و معیار بناتے ہیں، اس لیے انھیں حروفِ میزان کہا جاتا ہے، لہذا "قَمَر" "فَعَل" کے وزن پر ہے، اور "حِمْلٌ" "فِعْل" کے وزن پر ہے اور "کَرُمَ" "فَعُل" کے وزن پر ہے اور اس طرح موزون کرنے میں فا کی جگہ پڑنے والے حرف کو فا کلمہ، عین کی جگہ پڑنے والے حرف کو عین کلمہ اور لام کی جگہ پڑنے والے حرف کو لام کلمہ کہتے ہیں، لہذا "قَمَر" میں "قاف" فا کلمہ، "میم" عین کلمہ، اور "را" لام کلمہ ہے۔ یہ سب اس صورت میں ہے کہ کلمہ میں صرف تین حروف ہوں اور اگر کسی کلمہ میں تین سے زائد حروف ہوں اور سب اصلی ہوں تو درج ذیل تفصیل کے مطابق وزن ظاہر کرتے ہیں:

- اگر کسی اسم یا فعل میں صرف چار اصلی حروف ہوں تو میزان میں چوتھے حرف کے لیے لامِ ثانی زیادہ کرتے ہیں، مثلاً: "دَحْرَجَ" "فَعْلَلَ" کے وزن پر اور "جَعْفَر" "فَعْلَلٌ" کے وزن پر ہے۔
- اگر کسی اسم میں صرف پانچ اصلی حروف ہوں تو میزان میں چوتھے حرف کے لیے لامِ ثانی اور پانچویں حرف کے لیے لامِ ثالث زیادہ کرتے ہیں، مثلاً: "جَحْمَرِش" "فَعْلَلِلٌ" کے وزن پر ہے۔
- اگر کسی کلمہ میں تین سے زائد حروف ہوں اور سب اصلی نہ ہوں تو درج ذیل تفصیل کے مطابق وزن ظاہر کرتے ہیں:

(۱) اگر کلمہ میں "سَألْتُمُوْنِيها" کے حروف میں سے ایک یا چند حروف زائد ہوں تو وزن ظاہر کرنے کے لیے اصلی حروف کے بالمقابل مذکورہ بالا تفصیل کے مطابق فا، عین اور لام لاتے ہیں اور زائد حروف کو ان ہی کے مثل حروف سے تعبیر کرتے ہیں، جیسے: "قائم" "فاعِل" کے وزن پر، "تقَدَّمَ" "تفَعَّلَ" کے وزن پر، "اِسْتَخْرَجَ" "اِسْتَفْعَلَ" کے وزن پر، "مُجْتَهِد" "مُفْتَعِل" کے وزن پر اور "سَجَنْجَل" [شیشہ]، "عَقَنْقَل" [کشادہ وادی] "فَعَنْلَل" کے وزن پر ہیں۔ اور اگر

---

(۱) اسم ثلاثی، رباعی اور خماسی ہوتا ہے، اور فعل صرف ثلاثی اور رباعی ہوتا ہے۔ (۲) کیوں کہ تکلم کی ابتدا کے لیے ایک حرف چاہیے، یوں ہی وقف کے لیے بھی ایک حرف چاہیے اور چوں کہ ابتدا کا حرف متحرک اور وقف کا حرف ساکن ہوتا ہے، اور حرکت و سکون میں تنافی ہے، لہذا دونوں میں فصل کرنے کے لیے ایک حرف متوسط کی بھی حاجت ہوئی۔ (۳) یہ حروف لفظ "فعل" سے لیے گیے ہیں، کیوں کہ اس لفظ میں ہر مخرج کے حروف ہیں، نیز اس کا معنی ہر معنیٰ مصدری پر صادق ہے۔

حرفِ زائد تاے افتعال کے بدلے میں ہو تو اس کی تعبیر اصل یعنی "تا" سے کرتے ہیں، لہذا "اِضْطَرَبَ" کا وزن "اِفْتَعَلَ" ہے۔ لیکن اگر کلمہ میں اصلی حرف مکرر ہو تو اُس کے مقابل اصلی حرف (عین یا لام) کو مکرر کرتے ہیں، اور یہاں زائد حرف کی تعبیر اس کے مثل سے نہیں کرتے ہیں، جیسے: "قَدَّمَ" "فَعَّلَ" کے وزن پر ہے ("فَعْدَلَ" کے وزن پر نہیں) اور "جَلْبَبَ" "فَعْلَلَ" کے وزن پر ہے ("فَعْلَبَ" کے وزن پر نہیں)

(۲) اگر کسی کلمہ میں کوئی حرف حذف ہو تو وزن ظاہر کرنے میں اس کے مقابل اصلی حرف حذف کر دیتے ہیں، جیسے: "قُلْ" کا وزن "فُلْ"، "قاضٍ" کا وزن "فاعٍ" اور "عِدَةٌ" کا وزن "عِلَةٌ" ہے۔ ("قُلْ" کی اصل اُقْوُلْ بروزنِ اُفْعُلْ ہے۔ واو جو عین کلمہ ہے حذف ہوا ہے۔ قاضٍ کی اصل قاضِيٌ بروزنِ فاعِلٌ ہے۔ یا جو لام کلمہ ہے، حذف ہوئی ہے۔ عِدَةٌ کی اصل وِعْدٌ بروزنِ فِعْلٌ ہے۔ واو جو فا کلمہ ہے حذف ہوا ہے اور اس کے عوض آخر میں "ۃ" آئی ہے۔ قُلْ، فاعٍ، عِلَةٌ سے بالترتیب "ع"، "ل" اور "ف" کا محذوف ہونا ظاہر کیا گیا ہے۔)

(۳) اگر کسی کلمہ میں قلب واقع ہو تو وزن ظاہر کرنے میں بھی قلب کرتے ہیں، جیسے: "جَاهٌ" (مقلوبِ "وجه") کا وزن "عَفْلٌ" ہے۔

قلب کی شناخت درج ذیل امور سے ہوتی ہے:

(۱) **اشتقاق:** اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی لفظ کے لیے کوئی ایسی اصل موجود ہو کہ اس لفظ اور اس کی اصل کے اصلی حروف میں یکسانیت ہو، مثلاً: ☆ "نَاءَ" [دور ہوا]۔ یہ "نَأَیٰ" کا مقلوب ہے، کیوں کہ اس کا مصدر "نَأْیٌ" ہے اور مصدر میں عین کلمہ کی جگہ ہمزہ ہونا اس کی دلیل ہے کہ "ناءَ" کی اصل "نَأَیٰ" ہے، اور یہ کلمہ "فَلَعَ" کے وزن پر ہے۔ ☆ "جاه" میں قلب ہے۔ اور اصل "وجه" ہے، کیوں کہ "وجه" اور "وجهة" کا آنا اس کی دلیل ہے کہ اس کلمہ کے فا کی جگہ واو ہے، لہذا "جاه" "عَفْل" کے وزن پر ہے۔ ☆ "قِسِيٌّ" میں قلب ہے، اور اصل "قُوُوْسٌ" ہے، کیوں کہ اس کا واحد "قَوْسٌ" ہے، جس کی جمع "فعول" کے وزن پر "قُوُوْس" ہے، پھر قلب کے عمل سے "قُسُوّ" ہوا، پھر "دِلِيٌّ" کے قاعدے [1] سے "قِسِيّ" ہو گیا۔ لہذا "قِسِيّ" "فُلُوْعٌ" کے وزن پر ہے۔ ☆ "حادی" میں بھی قلب ہے، اور اصل "واحد" ہے، کیوں کہ "وحدة" وغیرہ کلمات میں فا کی جگہ واو آنا اس کی دلیل ہے کہ "حادی" "عالف" کے وزن پر ہے۔

(۲) **تعلیل کا مقتضی ہونے کے باوجود تعلیل نہ ہونا:** مثلاً: "آيِسَ" میں قلب ہے، اور اصل "يَئِسَ" ہے، کیوں کہ یا متحرک ماقبل مفتوح ہونے کے باوجود یا کا برقرار رہنا اس پر دلیل ہے کہ "آيِس" کی اصل

(۱) دو واو "فُعُوْل" کے آخر میں جمع ہوں تو دونوں کو یا سے بدل کر باہم ادغام کر دیتے ہیں اور ماقبل کا ضمہ کسرہ سے بدل جاتا ہے، جیسے: "دُلُوٌّ" سے "دُلِيٌّ" اور فا کلمہ کو کسرہ دے کر "دِلِيٌّ" کرنا بھی جائز ہے۔ قُسُوٌّ سے قِسِيٌّ ہونے میں یہ تفصیل ہے: (۱) دونوں واو کو یا سے بدل کر ادغام کیا گیا۔ قُسُيٌّ ہوا (۲) یا کی مناسب کی وجہ سے اس کے ماقبل کو کسرہ دیا گیا قُسِيٌّ ہوا (۳) چوں کہ ضمہ سے کسرہ کی طرف انتقال دشوار تھا، اس لیے قاف کو بھی کسرہ دے دیا گیا قِسِيٌّ ہو گیا۔

"يَئِسَ" ہے، لہٰذا اس کلمہ کا وزن "عَفِلَ" ہے، علاوہ ازیں یہاں مناسبت اشتقاق بھی قلب پر دلیل ہے، کیوں کہ "آيِسَ" کا مصدر "يَأْس" ہے۔

(۳) ندرتِ استعمال: جیسے: "آرام" ("رِئْم" [اونٹنی] کی جمع) میں قلب ہے، اور اصل "أفعال" کے وزن پر "أرْآم" ہے، عین یعنی ہمزۂ ثانیہ کو فا کی جگہ لایا گیا اور پھر الف سے بدل دیا گیا، "آرام" ہوگیا، لہٰذا "آرام" کا وزن "أعْفال" ہے۔ یوں ہی، "آراء" میں بھی قلب ہے، اور یہ بھی "أعْفال" کے وزن پر ہے، کیوں کہ اس کا واحد "رَأي" ہے، جس کی جمع "افعال" کے وزن پر "أرْآي" ہوگی۔ بعض صرفی حضرات "آرام" اور "آراء" میں ورودِ اصل یعنی "رئم" اور "رأي" سے مناسبتِ اشتقاق کو قلب کی دلیل قرار دیتے ہیں۔

(٤) قلب نہ ماننے پر طرفِ کلمہ میں دو ہمزوں کا اجتماع لازم آئے: یہ قلب ہر فعلِ اجوف مہموز لام کے اسمِ فاعل میں ہوتا ہے، جیسے: "جاءٍ"، شاءٍ" وغیرہ۔ "جاءٍ" کی اصل "فاعل" کے وزن پر "جايِءٌ" ہے، اس میں قاعدہ (۱۱) [1] جاری ہوئے بغیر قلب ہوا۔ اور لام کلمہ یعنی ہمزہ کو عین کلمہ یعنی یا پر مقدم کردیا گیا، "جاءِيٌ" ہوا، پھر "قاضٍ" کی تعلیل سے "جاءٍ" ہوگیا۔ لہٰذا "جاءٍ" کا وزن "فاعٍ" ہے۔ یوں ہی "شاءٍ" کو سمجھنا چاہیے۔

کیوں کہ اگر "جاءٍ" میں قلب کا قول نہ کیا جائے تو "جاء" کی اصل "جاءِءٌ" ہوگی، کیوں کہ جس فعل کے عین میں تعلیل ہوتی ہے تو اس کے اسمِ فاعل کے عین کو ہمزہ سے بدل دیا جاتا ہے، جیسے: "قائِل" (اصل "قاوِل" ہے) "بائع" (اصل "بايِعٌ" ہے) لہٰذا یہ قاعدہ جاری کرنے پر "جاءٍ" کی اصل "جاءِءٌ" ہوگی۔ اور طرف میں دو ہمزوں کا ہونا لازم آئے گا۔

تنبیہ: طرف میں دو ہمزوں کا جائز نہ ہونا خلیل نحوی کے نزدیک ہے، اور سیبویہ اس کو جائز قرار دے کر "جاء" میں قلب نہیں مانتے، لہٰذا "جاءٍ" کی اصل ان کے نزدیک "جاءِءٌ" ہے، دوسرے ہمزہ کو مہموز کے قاعدہ (٦) [2] سے یا سے بدل کر "قاضٍ" کی تعلیل جاری کی گئی۔ مؤلف "شذی العرف" نے سیبویہ کے مذہب کو ناقابلِ قبول قرار دیا ہے اور اس کی دلیل یہ دی ہے کہ وہ یائے متطرفہ جس کی اصل ہمزہ ہو حذف نہیں ہوتی ہے، جیسے: "بارِي"، "مستهزي" وغیرہ۔

قلب نہ ماننے پر بغیر مقتضی غیر منصرف پڑھنا لازم آئے: جیسے: "أشياء" ("شيء" کی جمع)۔ اس کی اصل "شَيئاء" ہے، پھر قلبِ مکانی کر کے لام کلمہ یعنی ہمزہ کو فا کلمہ یعنی شین پر مقدم کردیا، "أشياء" ہوگیا۔ لہٰذا "اشياء" کا وزن "لَفعاء" ہے۔ اور اس کا غیر منصرف ہونا اس کے اصل وزن "فَعلاء" کے اعتبار سے ہے، کیوں کہ "فعلاء" مونث بالف ممدودہ کے اوزان سے ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

---

(۱) اس سے مراد قواعد الصرف اول میں مذکور قاعدہ (۱۱) ہے یعنی جو واو اور یا "فاعل" کا عین کلمہ ہوں اور ان کے فعل میں تعلیل ہوئی ہو تو وہ ہمزہ سے تبدیل ہوجائیں گے، جیسے: "قاوِلٌ" سے "قائِلٌ" اور "بايِعٌ" سے "بائِعٌ"۔ (۲) وہ قاعدہ یہ ہے: دو ہمزۂ متحرکہ میں اگر پہلا مکسور ہو تو دوسرا ہمزہ وجوبًا یا ہوجائے گا۔

اگر "اَشیاء" میں قلبِ مکانی نہ مانیں بلکہ اس کو "افعال" کے وزن پر مانا جائے تو اس کا منصرف ہونا لازم آئے گا، حالاں کہ وہ غیر منصرف ہے۔

مشقی سوالات: (۱) آنے والے کلمات کا صرفی وزن بتاؤ: مُهَنْدِسٌ، راعٍ، يَسْتَحْيِ، خَرْدَلٌ، هادٍ، ضالِّين، كُلْ، بِعْ، جِلْبابٌ، صِفَةٌ، غَزا، يَدْعُوْ، رَمى۔ (۲) آنے والے اوزان کے لیے تین تین مثالیں لاؤ: مُنْفَعِلٌ، اِفْعَنْلَلَ، فَوْعَلَ، مَفاعِل، فَواعِل، فاعٍ، فُل۔ (۳) "اشیاء" کس وزن پر ہے اور کیوں؟

درس (٦) ﴿اسمِ صحیح، اسمِ منقوص، اسمِ مقصور اور اسمِ ممدود کا بیان﴾

اسم کی چار قسمیں ہیں (۱) اسمِ صحیح (۲) اسمِ منقوص (۳) اسمِ مقصور (۴) اسمِ ممدود۔

اسمِ صحیح: وہ اسمِ معرب ہے، جس کے آخر میں اسمِ منقوص یا اسمِ مقصور یا اسمِ ممدود کی علامت نہ ہو، جیسے: "رَجلٌ"، "کتابٌ" وغیرہ۔

اسمِ معرب کے آخر میں اگر حرفِ علت اور الفِ ممدودہ نہ ہو تو اس کو "صحیح الآخر" کہتے ہیں، جیسے: "قَلَم"۔ اور اگر اس کے آخر میں واو یا یا ہو اور ماقبل ساکن ہو تو اُس کو "شِبْه الصحيح الآخر" یا "مُلْحق بالصحيح" یا "جاری مجری الصحيح" کہتے ہیں، کیوں کہ اس اسم پر بھی صحیح کی طرح تینوں حرکتیں ظاہر ہوتی ہیں، جیسے: "هذا ظَبْيٌ"۔ "رَأَيتُ ظَبْياً يَشْرَبُ مِنْ دَلْوٍ"۔

اسمِ منقوص: وہ اسمِ معرب ہے جس کے آخر میں یاے لازمہ ہو اور اس کا ماقبل مکسور ہو، جیسے: "داعي"، "مُنادي" وغیرہ۔

تنبیہ: تعریف میں مذکور قیود سے درج ذیل کلمات تعریف سے خارج ہوئے:

☆ "اسم" کی قید سے فعل، جیسے: "رَضِيَ"۔ اسی طرح حرف بھی، بالفرض حروف میں کوئی ایسا ہو جس کے آخر میں یا ماقبل مکسور ہو ☆ "معرب" کی قید سے مبنی، جیسے: "الذي"۔ ☆ "آخر میں یا" کی قید سے اسمِ مقصور، جیسے: "هُدى"۔ اسی طرح اسمِ صحیح۔ ☆ "لازمہ" کی قید سے اسماے ستہ (جب کہ حالت جر میں ہوں) جیسے: "مِنْ اَبِيكَ" ☆ اور "ماقبل مکسور" کی قید سے "جاری مجری صحیح" جیسے: "ظَبْي" "دَلْو"۔

اسمِ مقصور: وہ اسمِ معرب ہے جس کے آخر میں الفِ لازمہ ہو، جیسے: "هُدى"، "مُصْطَفى" وغیرہ۔

فوائد قیود تعریف: ☆ "اسم" کی قید سے فعل اور حرف نکل گئے، جیسے: "دَعا"، "اِلى"۔ ☆ "معرب" کی قید سے مبنی، جیسے: "اَنا"، "هذا"۔ ☆ "آخر میں الف" کی قید سے اسمِ منقوص، جیسے: "قاضي"، اسی طرح اسمِ صحیح۔ ☆ اور "لازمہ" کی قید سے اسماے ستہ (جب کہ حالتِ نصب میں ہوں) جیسے: "رَأَيْتُ اَباكَ"۔ خارج ہو گئے۔

الفِ مقصورہ: اسمِ مقصور کے الف کو الفِ مقصورہ کہا جاتا ہے، یہ کبھی اصلی نہیں ہوتا، بلکہ اصل میں کبھی واو اور کبھی یا ہوتا ہے، جیسے: "عصا" (اصل "عصَوٌ" ہے) "فتى" (اصل "فَتَيٌ" ہے)۔ اور کبھی تانیث کے لیے زائد ہوتا ہے،

جیسے: "حُبلٰی"، "عَطشٰی"۔ اور کبھی الحاق کے لیے زائد ہوتا ہے، جیسے: "اَرطٰی" [ایک درخت] ۔اس لفظ میں "جعفر" سے الحاق کے لیے الف زائد ہے۔

الف مقصورہ کی کتابت: الفِ مقصورہ اگر تیسرے حرف کی جگہ واقع ہو اور اس کی اصل واو ہو تو الف کی شکل میں لکھا جائے گا، جیسے: "عصا"، "دعا"۔ اور اگر اس کی اصل یا ہو یا چوتھے یا اس سے زائد حرف کی جگہ واقع ہو تو یا کی شکل میں لکھا جائے گا، جیسے: "فتی"، "بُشری"، "مصطفی"، "مستشفی" "یُستَدعی"۔

اسمِ ممدود: وہ اسمِ معرب ہے جس کے آخر میں ہمزہ اور اس سے پہلے الفِ زائدہ ہو، جیسے: "صحراء"، "حمراء"۔ لہٰذا "ماء" اور "داء" اسمِ ممدود نہیں، کیوں کہ ہمزہ سے پہلے الفِ زائدہ نہیں ہے، بلکہ واو کی بدلی ہوئی شکل ہے اور اصل "مَوَہٌ" اور "دَوَءٌ" ہے۔

فائدہ: اسمِ ممدود کا ہمزہ کبھی اصلی ہوتا ہے، جیسے: "قُرّاء" [اصلی حروف ق، ر، ء ہیں]۔ اور کبھی اصل میں واو ہوتا ہے، جیسے: "سَماء" (اصل "سَماوٌ" ہے) اور کبھی اصل میں یا ہوتا ہے، جیسے: "بَنّاء" (اصل "بَنّای" ہے)۔ اور کبھی تانیث کے لیے زائد ہوتا ہے، جیسے: "حَسناء"۔ اور کبھی الحاق کے لیے زائد ہوتا ہے، جیسے: "حِربَاءُ" [گرگٹ]۔

قیاسی اسمِ مقصور واسمِ ممدود: اسمِ مقصور اور اسمِ ممدود میں بعض قیاسی ہیں اور بعض سماعی۔ سماعی سے اہلِ لغت بحث کرتے ہیں اور قیاسی سے علمائے تصریف بحث کرتے ہیں۔

قیاسی اسمِ مقصور: ہر وہ اسمِ معتل لام ہے کہ اسمِ صحیح میں جس کی کوئی نظیر (ہم وزن) ہو جس کے آخر سے پہلے فتحہ کا التزام ہو اور یہ (قیاسی اسمِ مقصور) درج ذیل انواع میں ہوتا ہے:

(۱) بابِ سمع سے آنے والے فعل معتل لام کا مصدر، جیسے، "جَوی" [بیمار ہونا]، "ھوی" [عاشق ہونا]، "عمی" [اندھا ہونا]۔ صحیح میں ان کی نظیر "فَرَح" "اَشَر" [اِترانا] وغیرہ ہے۔

(۲) "فِعْلَة" کی جمع جو "فِعَل" کے وزن پر ہو، جیسے: "فِری" ("فِریَة" [گڑھی ہوئی بات] کی جمع)، "مِری" ("مِریَة" [شک] کی جمع)۔ صحیح میں ان کی نظیر "قِرَب" "قِربَة" [مشک] کی جمع) ہے۔

(۳) "فُعْلَة" کی جمع جو "فُعَل" کے وزن پر ہو، جیسے: "مُدی" ("مُدیَة" [چھری] کی جمع)، "زُبی" ("زُبیَة" [ٹیلہ] کی جمع)۔ صحیح میں ان کی نظیر "قُرَب" ("قُربَة" کی جمع) ہے۔

(۴) غیر ثلاثی مجرد (ناقص) کا اسمِ مفعول۔ جیسے: "معطی"، "مُستَدعی"۔ صحیح میں ان کی نظیر "مُخرَج" اور "مُستَخرَج" ہے۔ اسی طرح اس سے مصدرِ میمی یا اسمِ ظرف جو اسمِ مفعول ہی کے وزن پر آتا ہے۔

(۵) صیغۂ "اَفعَل" (ناقص سے)۔ خواہ اسمِ تفضیل ہو، جیسے: "اَقصی" ۔یا نہ ہو، جیسے: "اَعمی"۔ صحیح میں ان کی نظیر "اَبعَد" اور "اَعمَش" ہے۔

(٦) "اَفعل" کے مؤنث "فُعلی" کی جمع، جیسے: "دُنا" ("دُنیا" کی جمع)۔صحیح میں اس کی نظیر "اُخَر" ہے۔

(۷) "فَعَل" کے وزن پر آنے والا اسمِ جنس جو تا سے خالی ہونے کی وجہ سے معنیٔ جمع پر دلالت کرے، جیسے: "حَصی" ("حصاۃ" کی جمع)۔صحیح میں اس کی نظیر "مَدَر" ("مَدَرَۃ" [ڈھیلا] کی جمع) ہے۔

(۸) "مَفعَل" کے وزن پر مصدر یا اسمِ ظرف، جیسے: "مَلْھی"، "مَسْعی"۔صحیح میں ان کی نظیر "مذھب" اور "مَسرح" ہے۔

اسمِ مقصور سماعی: وہ ہے جو مذکورہ بالا انواع سے نہ ہو، جیسے: "الفتی" [جوان]، "الحَجا" [زمین کا بلند حصہ]، "السنا" [روشنی]، "الثری" [مٹی]۔

اسمِ ممدود قیاسی: ہر وہ اسمِ ناقص ہے کہ صحیح الآخر (جس کے آخر میں حرفِ علت نہ ہو) سے جس کی کوئی ایسی نظیر ہو جس کے آخر سے پہلے زیادتِ الف کا التزام ہو۔اور یہ درج ذیل انواع میں ہوتا ہے۔

(۱) وہ مصدر جس کا پہلا حرف ہمزہ ہو، جیسے: "اِرْعِواء" [رُکنا]، "اِبْتِغاء"، "اِسْتِقصاء"۔صحیح میں ان کی نظیر "اِخمِرار"، "اِقْتِدار" اور "اِسْتِخْراج" ہے۔

(۲) بابِ افعال کا مصدر، جیسے: "اِعْطاء"، "اِملاء"۔صحیح میں ان کی نظیر "اِکرام" وغیرہ ہے

(۳) "اَفعِلَۃ" کے وزن پر آنے والی جمع کا مفرد، جیسے: "کِساء" ("اَکْسِیَۃ" کا مفرد) "رِداء" ("اَرْدِیَۃ" کا مفرد)۔صحیح میں ان کی نظیر "حِمار" ("احمرۃ" کا مفرد) ہے۔

(۴) آواز یا بیماری کے مفہوم پر دلالت کرنے والے فعل کا مصدر، جیسے: "رُغاء" (اونٹ کی آواز)، "ثغاء" (بکری کی آواز) اور جیسے: "مشاء" (دست)۔صحیح میں ان کی نظیر "صُراخ" اور "زُکام" ہے۔

اسمِ ممدود سماعی: وہ ہے جو مذکورہ بالا انواع سے نہ ہو، جیسے: "الثَّراء"، "الحِذاء"، "الفتاء"، "السناء"۔

فائدہ: بروجہِ ضرورت اسمِ ممدود کا قصر جائز ہے، جیسے: "لا بُدَّ مِنْ صَنْعا وإنْ طالَ السَفَر"[1] (اس مصراع میں "صنعاء" اسمِ ممدود کا قصر ہوا ہے۔اور اسمِ مقصور کے مد میں اختلاف ہے، بصریوں کے نزدیک ناجائز اور کوفیوں کے نزدیک جائز ہے۔کوفیوں کی دلیل شاعر کا یہ قول ہے: سَيُغْنِيْنِي الَّذِيْ اَغْنَاكَ عَنِّی فلا فقْرٌ يَــدُوْمُ ولا غِناءُ[2]

اس شعر میں "غِنی" اسمِ مقصور کا مد ہوا ہے۔

مشقی سوالات: (۱) آنے والی مثالوں میں اسمِ صحیح، اسمِ مقصور، اسمِ منقوص اور اسمِ ممدود کی شناخت کرو: دواۃ، الجواری، المرتضیٰ، المستشفی، العذراء، زید، سُفلی، نُفَساء، المَبادی، المُنتھیٰ، المنتھِیٰ، دعاء، استدعاء۔(۲) الفِ مقصورہ کب الف کی شکل میں اور کب یا کی شکل میں لکھا جائے گا؟ (۳) "التی" اور "ذی" اسمِ منقوص کیوں نہیں ہیں؟ (۴) اسمِ مقصور قیاسی اور اسمِ ممدود قیاسی کی کم از کم تین تین صورتیں مع مثال ذکر کرو۔

---

(۱) صنعاء تک جانا ضروری ہے سفر خواہ کتنا ہی طویل ہو جائے۔(۲) مجھ کو وہ ذات بے نیاز کرے گی جس نے تجھ کو بے نیاز کیا ہے، کیوں کہ محتاجی اور مالداری پائیدار نہیں ہوتی۔

درس (۷) ﴿مفرد اور تثنیہ کا بیان﴾

اسم کی تین قسمیں ہیں (۱) مفرد (۲) تثنیہ (۳) جمع۔

مفرد: وہ اسم ہے جو ایک پر دلالت کرے۔ (بلفظ دیگر) وہ اسم ہے جو تثنیہ، جمع یا اُن کے ملحقات سے نہ ہو، جیسے: "رَجُلٌ"، "امرأۃ"، "قَلَمٌ" وغیرہ۔

تثنیہ: وہ اسم ہے جس کے آخر میں الف اور نون، یا یا اور نون اس لیے زیادہ کیا جائے کہ وہ دو پر دلالت کرے، جیسے: "رَجُلانِ"، "اِمرأتانِ"، "قلمان"۔ اور جیسے: "رَجُلَیْنِ"، "اِمْرَأتَینِ"، "قَلَمَیْنِ"۔

تنبیہ: "کِلا"، "کِلْتا"، "اِثْنانِ"، "اِثْنَتانِ"، "زوج" اور "شفع" تثنیہ نہیں ہیں، کیوں کہ ان کلمات میں دو کا معنی زیادتِ مذکورہ سے حاصل نہیں ہوا ہے۔

تثنیہ بنانے کی شرطیں: کسی اسم سے تثنیہ بنانے کی درج ذیل شرطیں ہیں:

(۱) اسمِ مفرد ہو، لہذا تثنیہ کا تثنیہ اور جمع کا تثنیہ نہیں ہوگا، اس لیے "رَجُلانان" اور "رِجالان" کہنا صحیح نہیں ہے۔ یوں ہی مرکّب مثلاً: "بَعْلَبَك" کا تثنیہ صحیح نہیں ہے۔

(۲) معرب ہو۔ لہذا مبنی کا تثنیہ نہیں ہوگا۔

فائدہ: "اللذانِ"، "اللتان" (اسمائے موصولہ)، "ھذان" اور "ھاتان" (اسمائے اشارہ) حقیقت میں تثنیہ نہیں، بلکہ محض تثنیہ کی شکل پر ہیں۔

(۳) لفظ، وزن اور معنی میں متفق ہو، لہذا اگر لفظ میں متفق نہ ہو، جیسے "ابو بکر وعمر"۔ تو ان کا تثنیہ "عُمَران" صحیح نہیں ہے۔ کیوں کہ لفظ میں اتفاق نہیں ہے۔ اور "عُمر" اور "عَمرو" کا تثنیہ "عمران"[1] صحیح نہیں، کیوں کہ وزن میں اتفاق نہیں ہے۔ یوں ہی "باصرہ" اور "جاریہ" کا تثنیہ "عینان" بنانا صحیح نہیں، کیوں کہ معنی میں اتفاق نہیں ہے۔

(۴) نکرہ ہو، لہذا علمیت کے معنی پر باقی اسم کا تثنیہ صحیح نہیں ہے۔

(۵) اس شی کے لیے مماثل ہو، لہذا "شمس" اور "قمر" کا تثنیہ نہیں لایا جاتا ہے۔

(۶) کسی دوسرے تثنیہ کے باعث اس لفظ کے تثنیہ سے استغنا نہ ہو۔ لہذا "سواء" کا تثنیہ نہیں لاتے ہیں، کیوں کہ "سِيّ" کے تثنیہ "سِيّان" کے باعث اس لفظ سے تثنیہ بنانے کی حاجت باقی نہیں ہے۔

تثنیہ بنانے کا طریقہ:

اسم صحیح کا تثنیہ: اسمِ صحیح یا جاری مجرائے صحیح سے تثنیہ بنانے کے لیے حالتِ رفع میں اس کے آخر میں

---

(۱) "عُمَران" بول کر ابو بکر وعمر (رضی اللہ عنہما) مراد لینا بطور تثنیہ نہیں، بلکہ بطور تغلیب ہے، یعنی ایک اسم کا اطلاق دوسرے پر اس طرح کیا جانا کہ اس دوسرے کے لیے بھی پہلے کا لفظ بولا جائے۔ تغلیب سماعی ہوتی ہے، اور تثنیہ قیاسی امر ہے۔

الف اور نونِ مکسور اور حالتِ نصب وجر میں یا ماقبل مفتوح اور نونِ مکسور زیادہ کرنے پر اکتفا کیا جاتا ہے، جیسے: "رَجُلٌ" سے "رَجُلان"، اور "رَجُلَيْن"۔ "دَلْوٌ" سے "دَلْوان" اور "دَلْوَين"۔

اسمِ منقوص کا تثنیہ: اسمِ منقوص کا آخر اگر محذوف الیا ہو، تو وہ یا تثنیہ میں واپس آئے گی، جیسے: "قاضٍ" سے "قاضِيانِ"۔ "داعٍ" سے "داعيان"۔

اسمِ مقصور کا تثنیہ: اسمِ مقصور میں اگر الف تیسرے حرف کی جگہ ہو تو دیکھا جائے گا کہ وہ واو سے بدلا ہوا ہے یا یا سے۔ اگر واو سے بدلا ہے تو تثنیہ میں واو اور یا سے بدلا ہے تو یا ہو جائے گا، جیسے: "عصا" سے "عصوان"۔ "فتی" سے "فتيان"۔ اور اگر الف تیسرے حرف کے بعد ہو تو بہر صورت یا ہو جائے گا، جیسے: "حبلى" سے "حبليان"، "مستدعى" سے "مستدعيان"۔

اسمِ ممدود کا تثنیہ: اسمِ ممدود کا ہمزہ اگر اصلی ہو تو تثنیہ میں باقی رہے گا، جیسے: "قَرّاء"(1) سے "قرّاء ان"۔ "وُضّاء"(2) سے "وُضّاء ان"۔ اور اگر برائے تانیث ہو تو واو سے بدل دینا واجب ہے، جیسے: "حمراء" سے "حمراوان"۔ "صحراء" سے "صحراوان"۔

فائدہ: اگر الفِ تانیث سے پہلے واو ہو تو سیرافی کے نزدیک ہمزہ کو باقی رکھنا واجب ہے، جیسے: "عشواء" سے "عشواء ان"۔ اور کوفیوں کے نزدیک اس صورت میں ہمزہ کو باقی رکھنا اور واو سے تبدیل کرنا دونوں جائز ہے۔

نوٹ: "خنفساء" کا تثنیہ "خُنْفَسان"۔ "عاشوراء" کا تثنیہ "عاشوران" اور "قُرفصاء" کا تثنیہ "قُرفصان" شاذ ہے۔

اور اگر اسمِ ممدود کا ہمزہ اصل میں واو یا یا ہو تو باقی رکھنا اور واو سے بدل دینا دونوں صحیح ہے، مگر باقی رکھنا زیادہ راجح ہے، جیسے: "کساء" سے "کِساء ان" اور "کساو ان"۔ "حیاء" سے "حیاء ان" اور "حیاوان" ("کساوان" اور "حیاوان" زیادہ راجح ہے) اور اگر اسمِ ممدود کا ہمزہ الحاق کے لیے ہو تو بھی باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں صحیح ہے، مگر بدلنا راجح ہے، جیسے: "عِلْباء" (ملحق "قِرطاس") سے "عِلْباء ان" اور "عِلْباوان" ("عِلْباوان" راجح ہے)۔

اسمِ محذوف الآخر کا تثنیہ: اگر اضافت کے وقت محذوف الآخر اسم کا حرف واپس آجاتا ہو تو تثنیہ میں بھی واپس آجائے گا، جیسے: "اَبٌ" سے "اَبوان"۔ "قاضٍ" سے "قاضِيان"۔ اور اگر اضافت کے وقت وہ حرف واپس نہ آتا ہو تو تثنیہ میں بھی واپس نہیں آئے گا، جیسے: "يَدٌ" سے "يَدان"۔ "اسمٌ" سے "اِسمان" وغیرہ۔

مشقی سوالات: آنے والے اسماء سے حالتِ رفع کا تثنیہ بناؤ: حَصىً، مُسْتَشْفىً، مُحامٍ، حَسْناء، ظَبْيٌ، صَفْراء، أقصىً، أعمىً، النَاجِيْ۔ (۲) تثنیہ میں اسمِ مقصور کا الف کب واو سے اور کب یا سے بدلا جاتا ہے؟ مثالوں سے واضح کرو۔ (۳) اسمِ ممدود کا ہمزہ کب باقی رکھا جاتا ہے، کب واو سے بدلا جاتا ہے، اور کب باقی رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے؟ (۴) تثنیہ میں محذوف الآخر اسم کا محذوف حرف کب واپس آتا ہے اور کب نہیں آتا؟

---

(1) قَرّاء (بفتح قاف) بمعنی خوش قراءت، بضم قاف بمعنی عابد وزاہد۔ (2) وُضّاء (بضم واو) بمعنی روشن رو

درس (۸) ﴿جمع کا بیان﴾

جمع: وہ اسم ہے جس کے واحد میں کچھ تغیر اس لیے ہوا ہو کہ وہ دو سے زیادہ پر دلالت کرے۔

جمع کی دو قسمیں ہیں (۱) جمع سالم [اس کو جمع سلامت اور جمع مصحح بھی کہا جاتا ہے]۔ یہ وہ جمع ہے جس کے واحد کا وزن سلامت رہے، جیسے: "مُسْلِمٌ" سے "مُسْلِمُوْنَ"، "مُسْلِمَةٌ" سے "مُسْلِمَاتٌ"۔ (۲) جمع مکسّر۔ یہ وہ جمع ہے جس کے واحد کا وزن سلامت نہ رہے (ٹوٹ جائے)، جیسے: "اَسَدٌ" سے "اُسُدٌ"۔

پھر جمع سالم کی دو قسمیں ہیں: (۱) جمع مذکر سالم (۲) جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم: وہ جمع سالم ہے جس کے مفرد کے آخر میں واو ماقبل مضموم اور نونِ مفتوح یا یا ماقبل مکسور اور نونِ مفتوح لاحق ہو، جیسے: "مُسْلِمٌ" سے "مُسْلِمُوْنَ" اور "مُسْلِمِيْنَ"۔

فائدہ: بعض اسما سے جمع مذکر سالم بنانے میں مزید کچھ عمل بھی ہوتا ہے۔ اسمِ منقوص سے یہ جمع بنانے کے لیے "یا" کو حذف کر دیتے ہیں، جیسے: "القاضي" سے "القاضون"۔ "الداعي" سے "الداعون"۔ اسمِ مقصور سے یہ جمع بنانے کے لیے "الف" کو حذف کر دیتے ہیں، البتہ اُس سے قبل فتحہ برقرار رکھتے ہیں، جیسے: "مُصطفى" سے "مصطفَون"۔ "مُقْتَدى" سے "مُقْتَدَون"۔

اسمِ جامد سے یہ جمع بنانے کی شرطیں:

(۱) مذکّر عاقل کا علَم ہو۔ لہٰذا "رَجُل" کی جمع "رَجُلُوْنَ" نہیں لائیں گے، کیوں کہ وہ علم نہیں ہے۔ "زَيْنَب" کی جمع "زَيْنَبون" نہیں لائیں گے، کیوں کہ وہ مؤنث عاقل کا علَم ہے۔ اور "لاحق" [ایک گھوڑے کا نام] کی جمع "لاحقون" نہیں لائیں گے، کیوں کہ وہ عاقل کا علَم نہیں ہے۔

(۲) "تا" سے خالی ہو۔ لہٰذا "طلحة" کی جمع "طلحون" نہیں لائیں گے، کیوں کہ وہ "تا" پر مشتمل ہے۔

(۳) ترکیب سے خالی ہو۔ لہٰذا "سِيْبَوَيْه" کی جمع "سِيْبويهون" نہیں لائیں گے، کیوں کہ یہ ترکیب پر مشتمل ہے۔

اسمِ مشتق سے یہ جمع بنانے کی شرطیں:

(۱) مذکرِ عاقل کی صفت ہو۔ لہٰذا "مُرْضِع" کی جمع "مُرْضِعون" اور "فارِه" [گھوڑے کی صفت] کی جمع "فارِهون" نہیں لائیں گے، کیوں کہ اول مذکر نہیں ہے، اور دوم عاقل نہیں ہے۔

(۲) "تا" سے خالی ہو، لہٰذا "علّامة" کی جمع "علّامتون" نہیں لائیں گے۔

(۳) ایسا "اَفْعَل" نہ ہو جس کا مؤنث "فعلاء" ہو اور ایسا "فَعْلان" نہ ہو جس کا مؤنث "فَعْلى" ہو۔ لہٰذا "اَحْمَر" کی جمع "اَحْمَرُوْن" نہیں لائیں گے، کیوں کہ "اَحْمَر" کا مؤنث "حَمراء" ہے۔ اور "عَطْشان" کی جمع "عطشانون" نہیں لائیں گے، کیوں کہ اِس کا مؤنث "عَطْشى" ہے۔

(۴) ایسا اسم نہ ہو جو مذکر ومؤنث دونوں کے لیے یکساں ہو۔ لہٰذا "عَدْلٌ"، "صَبُوْرٌ" اور "جَرِيْحٌ" کی جمع

الفاظ کے معانی: اَحْمَر: سرخ (مذکر کے لیے)۔ حَمراء: سرخ (مونث کے لیے)۔ عطشان: پیاسا۔ عَطْشى: پیاسی۔ عدل: عادل۔ صبور: صبر والا، صبر والی۔ جریح: زخمی (مرد ہو یا عورت)

"عَذلُوْن"، "صَبُوْرُوْنَ" اور "جَرِيحُوْنَ" نہیں لائیں گے، کیوں کہ یہ سب الفاظ مذکر و مؤنث کے لیے یکساں ہیں۔

نوٹ: درج ذیل الفاظ کی جمع مذکر سالم خلافِ قیاس آئی ہے:

(۱) "سَنَةٌ" سے "سِنُوْن"۔(۲) "اَرْضٌ" سے "اَرضون"۔(۳) "عَالَمٌ" سے "عالَمون"۔(۴) "اَھلٌ" سے "اَھلُوْن"۔(۵) "عِلِّيٌّ" سے "عِلِّيُوْن"۔(۶) ہر وہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر کے اس کے عوض میں تا لائی گئی ہو، جیسے: "قُلَةٌ" سے "قُلُوْن"، عِزَةٌ سے "عِزُوْن" اور "عِضَةٌ" سے "عِضُوْن" وغیرہ۔

جمع مؤنث سالم: وہ جمع سالم ہے، جس کے مفرد کے آخر میں الف اور تا لاحق ہو، جیسے: "زَيْنَب" سے "زَيْنَبات"۔ "شاهق" سے "شاهِقات" وغیرہ۔

بنانے کا طریقہ: ☆ اگر مفرد "تا" سے خالی ہو تو آخر میں الف اور تا زائد زیادہ کیا جائے گا، جیسے: "مَرْيَم" سے "مَرْيمات"۔ اور اگر مفرد کے آخر میں تا ہو تو اُس کو حذف کر دیا جائے گا، جیسے: "فاطمة" سے "فاطمات" ۔ "اُخْت" سے "اَخَوات"۔[1]

☆ اگر مفرد اسم منقوص یا اسمِ مقصور یا اسمِ ممدود ہو تو تثنیہ کی طرح عمل ہوگا، جیسے: "قاضٍ" [جب مؤنث کا نام ہو] سے "قاضيات"۔ "عصا" سے "عَصَوات"۔ "رحى" سے "رَحيات"۔ "حُبْلى" سے "حُبْليات"۔ "مُسْتَدعى" [جب مؤنث کا نام ہو] سے "مُسْتَدْعَيات"۔ "قُرّاء" [جب مؤنث کا نام ہو] سے "قُرّاء ات"۔ "صحراء" سے "صحراوات"۔ "كِساء" سے "كِساوات" یا "كِساء ات"۔ "عِلْباء" سے "عِلْباوات" یا "عِلْباء ات"۔

☆ اگر مفرد کا الف اصل میں واو یا یا ہو تو جمع مؤنث سالم میں اصل حرف واپس آجائے گا، جیسے: "صلوة" سے "صلوات"۔ "زكوة" سے "زكوات"۔ "فتاة" سے "فتيات"۔

☆ اگر مفرد ایسا اسمِ ثلاثی ہو جس کا عین کلمہ حرفِ صحیح غیر مدغم اور ساکن[2] ہو تو اس کی جمع کے عین میں تین صورتیں جائز ہیں (۱) سکون برقرار رکھنا، جیسے: "كِسْرَةٌ" سے "كِسْرات"۔ (۲) فتحہ دینا، جیسے: "كِسْرَة" سے "كِسَرات"۔ (۳) اِتْباع (یعنی عین کلمہ کو فا کے تابع کرنا)، جیسے: "كِسْرَة" سے "كِسِرات"۔ لیکن اگر فا کلمہ مفتوح ہو تو "اِتباع" متعین

---

(۱) اُخت کی اصل اَخَوَةٌ بروزنِ فَعَلَة ہے۔ واو حذف کر کے اس کے عوض، آخر میں ت بڑھادی گئی اور تاے تانیث بھی حذف کر دی گئی، ابتدا میں ہمزہ کو ضمہ اور خ کو سکون دیا گیا، اس طرح یہ کلمہ فُعْلٌ کے وزن پر اُختٌ ہوگیا۔ اس میں جو ت ہے وہ تانیث کی نہیں بلکہ عوض کی ہے اور اسے لمبی لکھنے کا التزام کرلیا گیا ہے۔ جمع اَخواتٌ میں واو لوٹ آیا، تاے عوض حذف ہوگئی، الف و تا براے جمع لاحق ہوگئے۔ اس لفظ کی تصغیر اُخَيَّةٌ آتی ہے۔ وہ اصل "اَخَوَة" کے لحاظ سے ہے۔ پہلے اُخَيْوَةٌ بروزنِ فُعَيْلَة ہوا پھر واو کو یا کر کے ادغام کے بعد اُخَيَّةٌ ہوا۔

(۲) اگر مذکورہ شرطیں نہ پائی جائیں تو عین کلمہ جمع میں اپنے حال پر رہے گا، لہذا اگر وہ مفرد رُباعی ہو، جیسے: "زَيْنَب"، یا اسمِ ثلاثی کی بجائے صفتِ ثلاثی ہو، جیسے: "ضَخْمَة" یا اسمِ ثلاثی ہو مگر عین کلمہ حرفِ علت ہو، جیسے: "جور"، یا مُدغم ہو، جیسے: "جَنَّة"، یا متحرک ہو، جیسے: "شَجَرَة" تو جمع میں عین کلمہ میں تین صورتیں جائز نہیں ہوں گی۔ **الفاظ کے معانی:** قُلَة: گلی ڈنڈا۔ عِزَة: جدائی۔ عِضَة: جھوٹ (اصل "عِزْوٌ" ہے)۔ شاهِقٌ: بلند۔ قُرّاء: زاہد۔ سنة: سال۔ كِسْرَة: ٹکڑا۔

ہے، جیسے: "سَجدة" سے "سَجَدات"۔ "ظَبية" سے "ظَبَيات"۔ اور اگر مضموم الفا کا لام کلمہ "یا" ہو، یا مکسور الفا کا لام کلمہ واو ہو تو "اِتباع" جائز نہیں ہے، لہذا "دُمية" کی جمع "دُمِيات" اور "ذروة" کی جمع "ذِرِوات" نہیں آئے گی، بلکہ ان کی جمع صرف "دُمْيات" اور "دُمَيات"، یوں ہی "ذِرْوَات" اور "ذِرَوات" آئے گی۔

یہ جمع بطور قیاس درج ذیل اسما کے لیے لائی جاتی ہے:

(۱) عورتوں کے اعلام، جیسے: "مَرْيَم" سے "مَرْيمات"۔ "هِنْد" سے "هِنْدات"۔

(۲) تائے تانیث پر ختم ہونے والے اسما، جیسے: "شَجْرة" سے "شجرات"۔ "طلحة" سے "طلحات"۔

نوٹ: تائے تانیث والے درج ذیل اسما کی جمع الف اور تا سے نہیں آئی ہے۔

[۱] اِمْرَأة [۲] شَاةٌ [۳] اَمَةٌ [۴] اُمَّةٌ [۵] شَفَةٌ [۶] مِلَّةٌ۔ بلکہ اِن کی جمع علی الترتیب نِساء، شِیاه، اِماء، اُمَم، شِفاه اور مِلَل آئی ہے۔

(۳) الفِ تانیث مقصورہ پر ختم ہونے والے اسما، جیسے: "سلمى" سے "سَلْمَيات"۔ "حُبْلى" سے "حُبْلَيات"۔ البتہ وہ "فَعْلى" جس کا مذکر "فَعْلان" ہو اُس کی جمع مؤنث سالم نہیں آتی، جیسے: "سكْرى" کی جمع "سَكريات" نہیں آتی، بلکہ "سَكارى" وغیرہ آتی ہے۔

(۴) الفِ تانیثِ ممدودہ پر ختم ہونے والے اسما، جیسے: "صحراء" سے "صحراوات"۔ البتہ وہ "فَعْلاء" جس کا مذکر "اَفْعَل" ہو اُس کی جمع مؤنث سالم نہیں آتی ہے، بلکہ اس کی جمع "فُعْل" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "حمراء" سے "حُمْرٌ"۔

(۵) مذکر غیر عاقل کی صفت اور تصغیر، جیسے: "جِبالٌ شاهِقات"۔ "خَيْلٌ صافِنات"۔ اور جیسے: "حُبَيْلات"۔ "دُرَيْهِمات"۔

(۶) ہر وہ پانچ حرفی اسم جس کی جمع تکسیر نہ سنی گئی ہو، جیسے: "سُرَادِق" سے "سُرادِقات"۔ "اِصْطَبْل" سے "اصطَبْلات"۔

نوٹ: مذکورہ بالا اسما کے علاوہ کی جمع مؤنث سالم سماعی ہے، جیسے: "سَماء" سے "سَماوات"۔ "سِجِلٌّ" سے "سِجِلّات"۔ "اُمٌّ" سے "اُمَّهات" وغیرہ۔

مشقی سوالات: آنے والے اسماء سے جمع مذکر سالم بناؤ: مُحَمَّد، الماشِيْ، مُهْتَدِيْ، الناجِيْ، البارُّ، المُخْتَفِيْ، المُصَلِّيْ، المُصلّىٰ، المرتضىٰ۔ محمود۔ (۲) آنے والے اسماء کی جمع مذکر سالم کیوں نہیں لائی جاتی: نَسّابة (عالمِ نسب) مُطْفِل، اَبيض، عَطُوف، قَتِيل، حَمْزة، مريم، بعلبك۔ (۳) آنے والے اسماء سے جمع مؤنث سالم بناؤ: داع (جب عورت کا نام ہو) سَلْمىٰ، قَناة، حُسْنى، حمراء، بيضاء، رداء، مُرْضِع، صافِن، حصاة، بَرْكة۔ (۴) اسم ثلاثی کے جمع مؤنث سالم کے عین میں کون کون سی صورتیں جائز ہیں؟ تفصیل سے بیان کرو۔ (۵) جمع مؤنث سالم بطور قیاس کن اسماء کے لیے لائی جاتی ہے؟

الفاظ کے معانی: ظَبية: ہرنی۔ دُمْيَة: گڑیا۔ ذِرْوَة: کسی چیز کا اونچا حصہ۔ شَفَة: ہونٹ۔ خَيْلٌ صافِنات: تین کھر اور چوتھے کھر کے کنارے پر کھڑے گھوڑے۔ حُبَيْلات: چند حاملہ عورتیں۔ سُرادِق: خیمہ۔ فُلك: کشتی۔

درس(۹) ﴿جمع تکسیر کا بیان﴾

جمع تکسیر: وہ جمع ہے جس کے واحد کا وزن سلامت نہ رہے، اگر چہ وزن سلامت نہ ہونا تقدیراً ہو، جیسے: "فُلك" کی جمع بھی "فُلك" ہے، لیکن واحد کو "قُفْل" کے وزن پر اور جمع کو "اُسُدٌ" کے وزن پر مان لیا گیا ہے۔

جمع تکسیر کی دو قسمیں ہیں: (۱) جمع قِلت (۲) جمع کثرت۔

جمع قلّت: وہ جمع ہے جو باعتبارِ وضع تین فرد سے دس فرد تک پر دلالت کرے، اس جمع کے چار اوزان ہیں:

(۱) **اَفْعُل** (بفتح اول وسکونِ ثانی وضمِ ثالث): یہ وزن عام طور پر "فَعْل" اسمِ ثلاثی غیر مضاعف کے لیے ہے جس کا فا اور عین حرف صحیح ہو، جیسے: "کَلْب" سے "اَکْلُب"۔ "شَهْر" سے "اَشْهُر"۔ "بحر" سے "اَبْحُر"۔

نوٹ:[۱] "وَجْه" سے "اَوْجُه"۔ "عَيْن" سے "اَعْيُن"۔ "ثَوْب" سے "اَثْوُب"۔ "كَفٌّ" سے "اَكُفّ" شاذ ہیں۔

یوں ہی یہ جمع اس چار حرفی اسمِ مؤنث کے لیے آتی ہے جس کے آخر سے پہلے مدہ ہو، جیسے: "ذِرَاع" سے "اَذْرُع"۔ "يَمِيْن" سے "اَيْمُن"۔

نوٹ: "اَمْكُنْ"۔ "اَغْرُب" اور "اَشْهُب" شاذ ہیں۔

(۲) **اَفْعال** (بفتح اول وسکونِ ثانی): یہ جمع عام طور پر ہر اس اسمِ ثلاثی کے لیے ہے جس کی جمع "اَفْعُل" کے وزن پر نہیں آتی۔ جیسے: "جَدّ" سے "اَجْداد"۔ "ثوب" سے "اَثواب"۔ "سَيْف" سے "اَسياف"۔ "حِمْل" سے "اَحْمال"۔ "باب" سے "اَبواب"۔ "حِيْن" سے "اَحْيان"۔ "سبب" سے "اَسباب"۔ "كَتِف" سے "اَكْتاف"۔ "عَضُد" سے "اَعْضاد"۔ "جُنُب" سے "اَجْناب"۔ "رُطَب" سے "اَرْطاب"۔ "اِبِلٌ" سے "آبال"۔ "ضِلْع" سے "اَضْلاع"۔

نوٹ: "فَرْخ" سے "اَفْراخ"۔ "حَمْل" سے "اَحْمال"۔ "زَنْد" سے "اَزْناد"۔ اور "رَبْع" سے "اَرْباع" شاذ ہیں۔

(۳) **اَفْعِلَة** (بفتح اول وسکونِ ثانی وکسرِ ثالث): یہ وزن عام طور پر ہر اس چار حرفی اسمِ مذکر کے لیے ہے جس کے آخر سے پہلے مدہ ہو، جیسے: "عِماد" سے "اَعْمِدَہ"۔ "طَعام" سے "اَطْعِمَه"۔ "رَغِيْف" سے "اَرْغِفَة"۔ "عَمُوْد" سے "اَعْمِدَة"۔ یہ وزن اس "فَعال" اور "فِعال" کے لیے لازم ہے جو مضعّف اللام یا معتل اللام ہو، جیسے: "بَتات" سے "اَبِتّه"۔ "زِمام" سے "اَزِمّه"۔ "قُباء" سے "اَقْبِيه"۔ "كِساء" سے "اَكْسِية"۔

(٤) **فِعْلَة** (بکسرِ اول وسکونِ ثانی): یہ وزن مطرد نہیں ہے، بلکہ سماعی ہے۔ اسی لیے ایک قول یہ بھی ہے کہ یہ جمع نہیں بلکہ اسمِ جمع ہے۔ جیسے: "فَتىً" سے "فِتْية"۔

فائدہ: جمع سالم کے جمع قلت یا جمع کثرت ہونے میں اختلاف ہے، بعض لوگوں نے جمع قلت میں شمار کیا ہے اور

الفاظ کے معانی: ذِراع: ہاتھ، گز۔ يَمِيْن: داہنا ہاتھ۔ اَمْكُن: مکان کی جمع۔ اَغْرُب: جمع غراب (کوا)۔ اَشْهُب: جمع شهاب (ٹوٹا ہوا تارہ)۔ جَدّ: دادا، نانا۔ حمل: بوجھ۔ جُنُب: ناپاک۔ رُطَب: تر کھجور۔ ضِلع: پسلی۔ فَرْخ: چوزہ۔ زَند: چقماق۔ عِماد: ستون۔ رَغِيْف: روٹی۔ بَتات: توشہ۔

بعض لوگوں نے مطلق جمع مانا، یعنی اس میں دونوں معنوں کی صلاحیت ہے۔

جمع کثرت: وہ جمع ہے جو باعتبارِ وضع دس سے زیادہ افراد پر دلالت کرے، اس کے ۲۳/ اوزان ہیں:

(۱) فُعْلٌ جیسے: حُمْرٌ (۲) فُعُلٌ جیسے: حُمُرٌ (۳) فُعَلٌ جیسے: غُرَفٌ (۴) فِعَلٌ جیسے: فِرَقٌ (۵) فُعَلَةٌ جیسے: قُضاة (اصل "قُضَيَةٌ" ہے) (۶) فَعَلَةٌ جیسے: سَحَرة (۷) فَعْلى جیسے: قَتْلى (۸) فِعَلَة جیسے: قِرَدَة (۹) فُعَّلٌ جیسے: رُكَّعٌ (۱۰) فُعَّالٌ جیسے: قُرّاءٌ (۱۱) فِعالٌ جیسے: كِلابٌ (۱۲) فُعُولٌ جیسے: جُنُودٌ (۱۳) فِعْلانٌ جیسے: غِرْبان (۱۴) فُعْلان جیسے: رُكْبانٌ (۱۵) فُعَلاء، جیسے: بُخَلاء (۱۶) اَفعِلاء جیسے: اَنصِباء (۱۷) فَواعِل جیسے: خَواتِم (۱۸) فَعائِل جیسے: رَسائِل (۱۹) فَعالِي جیسے: سَعالِي (۲۰) فَعالىٰ جیسے: عَذارىٰ (۲۱) فَعالِيّ جیسے: كَراسِيّ (۲۲) فَعالِل جیسے: جَعافِر (۲۳) مثلِ "فَعالِل" (یعنی ہر وہ کلمہ جو عددِ حروف اور ہیئت کے اعتبار سے "فَعالِل" کی طرح ہو اگرچہ وزن جُدا ہو) مثلاً: مَفاعِل: جیسے: مَساجِد۔ اَفاعِل، جیسے: اَصابِع۔ تَفاعِل، جیسے: تَجارِب۔

درس (۱۰) ﴿جمع کثرت کا تفصیلی بیان﴾

(۱) فُعْل (بضمِّ فا وسکونِ عین): یہ وزن "اَفْعَل" (صفت مشبہ) اور اس کے مؤنث "فَعْلاء" کے لیے ہے، جیسے: "اَحْمَر" اور "حَمْراء" سے "حُمْرٌ"۔

نوٹ: اس جمع کا عین کلمہ شعر میں بکثرت مضموم بھی ہوتا ہے، بشرطیکہ عین اور لام حرفِ صحیح غیر مدغم ہوں، جیسے: "وَانْكَرَتْني ذَواتُ الأَعْيُنِ النُّجُلُ" [1]۔ اور اگر عین یا لام معتل یا مدغم ہو تو شعر میں بھی عین کلمہ علیٰ حالہ ساکن ہی رہتا ہے، جیسے: "اَسْوَد" سے "سُوْد"۔ "اَعْمىٰ" سے "عُمْيٌ"۔ "اَغَر" سے "غُرٌّ"۔ البتہ اگر عین کلمہ یا ہو تو فا کلمہ مکسور ہو جائے گا، جیسے: "اَبْيَض" سے "بِيْض"۔

فائدہ: اگر "اَفْعَل" (صفت مشبہ) کا مؤنث نہ ہو یا "فَعْلاء" کا مذکر نہ ہو تو بھی ان کی جمع "فُعْلٌ" آتی ہے۔ جیسے: "آدَر" [بڑے خصیہ والا]۔ "رَتْقاء" [وہ عورت جس کی اندام نہانی بند ہو] ان کی جمع "اُدْر" اور "رُتْق" ہے۔

(۲) فُعُل (بضمِّ فا وعین): یہ جمع درج ذیل مفردات کے لیے ہے۔

(۱) "فَعُوْل" صفت، جو "فاعِل" کے معنیٰ میں ہو، جیسے: "غَفُوْرٌ" سے "غُفُر"۔ "صَبُوْرٌ" سے "صُبُر"۔

(۲) وہ چار حرفی اسم جس کا آخری حرف صحیح ہو اور اس سے پہلے مدہ ہو، جیسے: "قَذال" سے "قُذُل"۔ "حِمار" سے "حُمُر"۔ "كُراع" سے "كُرُع"۔ "قَضِيْب" سے "قُضُب"۔ "عَمُود" سے "عُمُد"۔ (لیکن اگر یہ مدہ الف ہو تو کلمہ

---

(۱) مجھے بڑی بڑی آنکھ والیوں نے نہیں پہچانا۔ **الفاظ کے معانی:** حُمْر: اَحْمَر اور حَمراء کی جمع۔ حُمُر: جمع حمار (گدھا)۔ غُرَف: جمع غُرْفة (کمرہ) فِرَق: جمع فِرقة (جماعت)۔ قُضاة: جمع قاض۔ سَحَرة: جمع ساحر (جادوگر)۔ قَتْلى: جمعِ قَتِيل (مقتول)۔ قِرَدَة: جمع قِرد (بندر)۔ رُكَّع: جمع راکع۔ قُرّاء: قاری کی جمع۔ غِربان: جمع غُراب (کوا)۔ رُكْبان: جمع راکب (سوار) بُخَلاء: جمعِ بخیل۔ اَنصباء: جمعِ نصیب (حصہ)۔ سَعالى: جمع سِعلاة (چڑیل)۔ عَذارى: جمعِ عَذراء (کنواری)۔ اَغَر: روشن۔ قَذال: سر کا پچھلا حصہ۔ كُراع: جانور کے پائے۔ قَضِيب: شاخ۔

مضاعف نہ ہو، اسی لیے "عِنان" کی جمع "عُنُن" اور "حِجاج" کی جمع "حُجُج" شاذ ہے)

فائدہ: اس جمع کا عین کلمہ اگر واو ہو تو اُس کو ساکن کرنا واجب ورنہ جائز ہے، مگر عین کلمہ یا ہو تو ساکن کرنے پر فا کو "بِیْض" کی طرح کسرہ دینا واجب ہے، جیسے: "سِواكٌ" سے "سُوْكٌ"۔ "قَذالٌ" سے "قُذُلٌ" اور "قُذْلٌ"۔ اور جیسے "سَيالٌ" سے "سُيُلٌ" اور "سِيْلٌ"۔

(۳) فُعَل (بضم فا وفتح عین): یہ وزن "فُعْلَة" (اسم) اور "فُعْلی" (صفت، مؤنثِ "اَفعل") کے لیے ہے، جیسے "غُرْفَة" سے "غُرَف"۔ "صُغْری" سے "صُغَر"۔ "كُبْری" سے "كُبَر"۔

نوٹ: "بُهْمَة" [بہادر آدمی] سے "بُهَم"۔ "رُؤْيا" سے "رُؤی"۔ "نوبة" سے "نُوَب"۔ "قَرْيَة" سے "قُرى"۔ "لِحْيَة" سے "لُحی" اور "تُخْمَة" سے "تُخَم" شاذ ہیں۔ (کیوں کہ "بُهْمَة" اسم نہیں ہے۔ "رُؤْيا" صفت نہیں ہے، "نوبة"، "قَرْيَة" اور "لِحيَة" میں فا مضموم نہیں ہے اور "تُخَمَة" میں عین کلمہ ساکن نہیں ہے)

(٤) فِعَل (بکسرِ فا وفتحِ عین): یہ وزن "فِعْلَة" (اسم) کے لیے ہے، جیسے: "حِجَّة" سے "حِجَج"۔ "كِسْرَة" سے "كِسَر"۔ "فِرْيَة" سے "فِرى"۔

(۵) فُعَلَة (بضم فا وفتح عین): یہ وزن "فاعل" معتل اللام (صفت) کے لیے ہے، جیسے: "قاضٍ" سے "قُضاة"۔ "داعٍ" سے "دُعاة"۔ "راعٍ" سے "رُعاة"۔ ("قُضاة" کی اصل "قُضَيَة" ہے یائے متحرکہ ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف ہوگئی ہے، یہی حال "دُعاة" اور "رُعاة" کا ہے)

(٦) فَعَلَة (بفتح فا وعین): یہ وزن "فاعل" صحیح اللام کے لیے ہے، جیسے: "كاتب" سے "كَتَبَة"۔ "بائع" سے "باعَة"۔ "صائغ" سے "صاغة"۔ "بارٌّ" سے "بَرَرَة"۔

(۷) فَعْلی (بفتح فا وسکونِ عین): یہ وزن اس "فَعِيل" (صفت) کے لیے ہے جو ہلاکت یا تکلیف یا آفت کے معنی پر دلالت کرے، جیسے: "قَتِيل" سے "قَتْلی"۔ "اَسِير" سے "اَسْری"۔ اور "مَرِيض" سے "مَرْضی"۔

نوٹ: کبھی مذکورہ معانی پر دلالت کرنے کی وجہ سے "فاعِل"، "فَيْعَل"، "اَفْعَل" اور "فَعْلان" کی جمع بھی اس وزن پر آتی ہے، جیسے: "هالك" سے "هَلْكی"۔ "مَيِّت" سے "مَوْتی"۔ "اَحْمَق" سے "حَمْقی" اور "عَطْشان" سے "عَطْشی"۔

فِعَلَة (بکسرِ فا وفتح عین): یہ وزن "فُعْل" اسم صحیح اللام کے لیے ہے، جیسے: "قُرْط" سے "قِرَطَة"۔ "دُرْج" سے "دِرَجَة"۔ اور کبھی "فَعْل" اور "فِعْل" صحیح اللام کے لیے بھی آیا ہے، جیسے: "غَرْدٌ" سے "غِرَدَة" اور "قِرْدٌ" سے "قِرَدَة"۔

(۹) فُعَّل (بضم فا وتشدیدِ عینِ مفتوح): یہ وزن اس "فاعل" اور "فاعِلة" کے لیے ہے جو صحیح اللام ہوں، جیسے:

الفاظ کے معانی: حجاج: ابرو کی ہڈی۔ سِواك: مسواک۔ سَيال: ایک پودا۔ رُؤيا: خواب۔ نَوْبة: باری۔ تُخَمَة: ایک بیماری۔ حِجَّة: سال۔ كِسْرَة: ٹکڑا۔ فِرْيَة: تہمت۔ صائغ: سُنار۔ بارّ: نیک، فرماں بردار۔ قُرْط: بالی۔ دُرْج: ڈبیہ۔

"راكِع" اور "راكِعَة" سے "رُكَّع"۔ "صائم" اور "صائمة" سے "صُوَّم"۔ اور کبھی "فَعِيلة"، "فُعَلاء" اور معتل اللام "فاعل" کے لیے بھی آیا ہے، جیسے: "خَرِيدة" سے "خُرَّد"۔ "نُفَساء" سے "نُفَّس"۔ "غازٍ" سے "غُزًّى"۔

(۱۰) فُعّال (بضمِ فا وتشدیدِ عین): یہ وزن "فاعل" صحیح اللام کے لیے ہے، جیسے: "صائم" سے "صُوّام"۔ "قاری" سے "قُرّاء"۔

نوٹ: "فاعِل" معتل اللام اور "فاعِلة" صحیح اللام سے یہ وزن نادر ہے، جیسے: "غازٍ" سے "غُزّاء"۔ "صادّة" سے "صُدّاد"۔

(۱۱) فِعال (بکسرِ فا): یہ وزن درج ذیل مفردات کے لیے ہے:

(۱) "فَعْل" اور "فَعْلة" (اسم یا صفت) جس کا فا اور عین یا نہ ہو، جیسے: "كَلْبٌ" اور "كَلْبَة" سے "كِلاب"۔ اور "صَعْب" اور "صَعْبَة" سے "صِعابٌ"۔

نوٹ: "يَعْر" سے "يِعار" اور "ضَيْف" سے "ضِياف" شاذ ہیں۔

(۲) "فَعَلٌ" اور "فَعَلة" جو اسمِ صحیح اللام ہوں اور ان کا عین اور لام ایک جنس سے نہ ہو، جیسے: "جَمَل" سے "جِمال"۔ "رَقَبَة" سے "رِقاب"۔

(۳) "فِعْل" (اسم)، جیسے: "قِدْح" سے "قِداح"۔ "ذِئْب" سے "ذِئاب"۔

(۴) "فُعْل" (اسم) جس کا عین واو نہ ہو اور لام یا نہ ہو، جیسے: "رُمح" سے "رِماح"۔ "جُبّ" سے "جِباب"۔

(۵) "فَعِيل" اور "فَعِيلة" جو بابِ كَرُمَ سے صفت ہو اور صحیح اللام ہو، جیسے: "ظَرِيف" اور "ظَرِيفَة" سے "ظِراف"۔ اور اگر عین کلمہ واو ہو تو جمع کے لیے یہ وزن لازم ہے، جیسے: "طَوِيل" سے "طِوال"۔

(۶) یہ وزن "فَعْلان"، "فَعْلى"، "فُعْلان" اور "فُعْلانة" (صفات) کے لیے بھی آیا ہے، جیسے: "غَضبان" اور "غَضْبانة" سے "غِضاب"۔ اور "خُمْصان" اور "خُمْصانة" سے "خِماص"۔

(۱۲) فُعُوْل (بضمِ فا وعین وسکونِ واو): یہ وزن درج ذیل اسما کے لیے ہے:

(۱) "فَعِل" (اسم)، جیسے: "كَبِد" سے "كُبُود"۔ "نَمِرٌ" سے "نُمُوْر"۔

(۲) "فَعْل" (اسم) جس کا عین کلمہ واو نہ ہو، جیسے: "قَلْبٌ" سے "قُلُوْب"۔ "لَيْث" سے "لُيُوْث"۔

(۳) "فُعْل" (اسم) جو معتل العین یا معتل اللام یا مضاعف نہ ہو، جیسے: "بُرْد" سے "بُرُوْد"۔ "جُنْد" سے "جُنُوْد"۔

(۴) "فِعْل" (اسم)، جیسے: "فِيل" سے "فُيُوْل"۔ "ظِلّ" سے "ظُلُوْل"۔

الفاظ کے معانی: خَرِيدة: شرمیلی لڑکی۔ نُفَساء: نفاس والی عورت۔ صادّة: روکنے والی۔ يَعْر: بکری کا بچہ جس کو شیر وغیرہ کے شکار کی غرض سے باندھ دیا جائے۔ قِدْح: جوئے کا تیر۔ جُبّ: گہرا کنواں۔ خُمْصان: بھوکا۔ كَبِد: جگر۔ نَمِر: چیتا۔

نوٹ: "اَسَدٌ" سے "اُسُوْد"، "ذَكَر" سے "ذُكُوْر" اور "شَجَن" سے "شُجُوْن" شاذ ہیں۔

(۱۳) فِعْلان (بکسرِ فا وسکونِ عین): یہ وزن درج ذیل اسما کے لیے ہے:

(۱) "فُعَال"، جیسے: "غُراب" سے "غِرْبان"۔ (۲) "فُعَل"، جیسے: "صُرَد" سے "صِرْدان"۔ (۳) "فُعْل" اور "فَعْل" جو اجوفِ واوی ہو اور اس کا عین کلمہ ساکن ہو، جیسے: "حُوْت" سے "حِيْتان"۔ "نار" سے "نِيْران"۔

(۱٤) فُعْلان (بضمِ فا وسکونِ عین): یہ وزن درج ذیل اسما کے لیے ہے:

(۱) "فَعْل"، جیسے: "ظَهْر" سے "ظُهْران"۔ (۲) "فَعَل" جس کا عین حرفِ صحیح غیر مدغم ہو، جیسے: "ذَكَر" سے "ذُكْران"۔ "حَمَل" سے "حُمْلان"۔ (۳) "فَعِيْل"، جیسے: "غَدِيْر" سے "غُدْران"۔

(۱۵) فُعَلاء (بضمِ فا وفتحِ عین): یہ جمع درج ذیل صفات کے لیے ہے:

(۱) "فَعِيْل" جو "فاعِل" کے معنی میں ہو اور مضعّف یا معتل اللام یا واوی العین نہ ہو، جیسے: "كَرِيْم" سے "كُرَماء"۔ "بَخِيْل" سے "بُخَلاء"۔ "اَسِيْر" سے "اُسَراء" اور "قَتِيْل" سے "قُتَلاء"۔

(۲) "فَعِيْل" جو "مُفْعِل" یا "مُفاعِل" کے معنی میں ہو، جیسے: "سَمِيْع" (بمعنی "مُسْمِع") سے "سُمَعاء"۔ "خَلِيْط" (بمعنی "مُخالِط") سے "خُلَطاء"۔

(۳) "فاعِل" جو طبعی اوصاف پر دلالت کرے، جیسے: "صالح" سے "صُلَحاء"۔ "جاهِل" سے "جُهَلاء"۔

نوٹ: "شُجاع" کی جمع "شُجَعاء"، "جَبان" کی جمع "جُبَناء" اور "خَلِيْفة" کی جمع "خُلَفاء" شاذ ہے۔

(۱٦) اَفْعِلاء (بفتحِ اول وسکونِ دوم وکسرِ سوم): یہ وزن اس "فَعِيْل" (بمعنی "فاعِل") کے لیے لازم ہے جو معتل اللام یا مضاعف ہو، جیسے: "غَنِي" سے "اَغْنِياء"۔ "نَبِي" سے "اَنْبِياء"۔ "عَزِيْز" سے "اَعِزَّاء"۔

نوٹ: "نَصِيب" کی جمع "اَنصِباء"، "صَدِيق" کی جمع "اَصْدِقاء" اور "هَيِّن" کی جمع "اَهْوِناء" شاذ ہے۔

درس (۱٤) ﴿جمع کثرت کا تفصیلی بیان﴾

(۱۷) فَواعِل: یہ جمع درج ذیل مفردات کے لیے ہے:

(۱) "فاعِلة" (اسم ہو یا صفت)، جیسے: "ناصِية" سے "نَواصٍ" اور "كاذِبة" سے "كَواذِب"۔ (۲) "فَوْعَل"، "فاعَل"، اور "فاعِل" (جو اسم ہوں)، جیسے: "جَوْهَر" سے "جَواهِر"۔ "صَوْمَعَة" سے "صَوامِع"۔ "خاتَم" سے "خواتِم"۔ اور "كاهِل" سے "كَواهِل"۔ (۳) "فاعِل" جو مؤنث کا وصف ہو یا مذکر غیر عاقل کا وصف ہو، جیسے: "حائِض" سے "حَوائِض"۔ "حامِل" سے "حوامِل"۔ "صاهِل" سے "صَواهِل"۔ (٤) "فاعِلاء"، جیسے: "قاصِعاء" سے "قواصِع"۔ "نافِقاء" سے "نَوافِق"۔

الفاظ کے معانی: شَجَن: غم۔ صُرَد: ایک پرندہ۔ حُوْت: مچھلی۔ غَدِير: تالاب۔ جَبان: بزدل۔ ناصية: سر کا اگلا حصہ۔ صومعة: راہب کا عبادت خانہ۔ کاهل: گردن۔ قاصعاء: جنگلی چوہے کی بل۔ نافقاء: جنگلی چوہے کی بل۔

نوٹ: "فَارِس" کی جمع "فَوارِس"، "ناكِس" کی جمع "نَواكِس" اور "هالك" کی جمع "هوالك" شاذ ہیں۔

(۱۸) فَعائل: یہ جمع اس چار حرفی مؤنث مفرد کے لیے ہے جس کا تیسرا حرف مدّہ ہو (خواہ تانیث لفظی ہو یا معنوی)، جیسے: "سحابة" سے "سَحائب"۔ "رسالة" سے "رسائِل"۔ "صَحِيْفَة" سے "صحائف"۔ "ذُؤابة" سے "ذوائب"۔ "حَلوبَة" سے "حلائب"۔ "عَجُوْز" سے "عجائز"۔

نوٹ: اس وزن پر چار حرفی مؤنث بالتاء کی جمع بنانے کے لیے اسم ہونا شرط ہے، لیکن "فَعِيْلة" میں یہ شرط ہے کہ وہ "مَفْعُوْلة" کے معنی میں نہ ہو۔

(۱۹) فَعالِي (بفتح فا وکسرِ لام) **(۲۰) فَعالىٰ** (بفتح فا وفتح لام والفِ مقصورہ): ان دونوں اوزان پر درج ذیل مفردات کی جمع آتی ہے:

(۱) "فَعلاء" (اسم)، جیسے: "صَحْراء" سے "صَحارِي" اور "صَحارىٰ"۔ (۲) "فَعْلاء" (صفت)، جس کا مذکر نہ ہو، جیسے: "عَذْراء" سے "عَذارِيْ" اور "عَذارىٰ"۔ (۳) الفِ مقصورہ والے مؤنث یا مُلحق، جیسے: "حُبْلى" سے "حَبالٍ" اور "حَبالىٰ"۔ اور جیسے: "ذِفْرىٰ" سے "ذَفارٍ" اور "ذَفارىٰ" ("ذِفرى" کا الف "دِرْهَم" سے الحاق کے لیے ہے)۔

"فَعالىٰ" درج ذیل امور میں علی حدہ ہے:

(۱) اس وزن پر "فَعْلاة"، "فِعْلاة"، "فِعْلِيَة" اور "فَعْلُوَة" کی جمع آتی ہے ("فَعالِي" کے وزن پر نہیں آتی ہے) جیسے: "مَوْماة" سے "مَوامٍ"۔ "سِعْلاة" سے "سَعالٍ"۔ "هِبْرِيَة" سے "هَبارٍ" اور "عَرْقُوة" سے "عَراقٍ"۔

(۲) اس وزن پر اس ثلاثی کی جمع آتی ہے جس میں دو حرف زائد ہوں، ایک درمیان میں اور دوسرا اخیر میں، جیسے: "حَبَنْطى" سے "حَباطٍ"۔ ["حَبَنْطى": منتفخ البطن، اصل 'حبط' ہے اور معنی: ناموافق کھانے سے پیٹ پھول جانا، بیچ میں نون اور اخیر میں یا زائد ہے)

نوٹ: اس مفرد کی جمع میں ایک حرفِ زائد کا حذف لازم ہے، اگر پہلا حرفِ زائد حذف ہو تب اُس کی جمع "فَعالِي" کے وزن پر "حَباط" آئے گی، لیکن اگر جمع میں آخری حرف حذف ہو تو اس کی جمع "فعالِل" کے وزن پر "حَبانِط" ہوگی۔

اور "فَعالىٰ" اس امر میں منفرد ہے کہ اس وزن پر "فَعْلان" اور "فَعْلى" (صفات) کی جمع آتی ہے، جیسے: "عَطْشان" اور "عَطْشى" سے "عَطاشَىْ"۔

الفاظ کے معانی: ناكس: جھکانے والا۔ ذُؤابة: چوٹی۔ حَلُوبة: دودھ والی بکری وغیرہ۔ ذِفرى: کان کے پیچھے کی ہڈی۔ مَوْماة: بیابان۔ سِعلاة: چڑیل۔ هِبرِية: روئی کے ٹکڑے۔ عَرْقُوة: ڈول۔ بختي: خراسانی اونٹ۔ قُفری: ایک پرندہ۔ مُهْرى: گھوڑا۔ ظرابی: ظَرِبان کی جمع، ایک جانور۔ عُصْفُور: گوریا۔ سِرْداح: لمبی اونٹنی۔

(۲۱) فَعالِيّ (بفتحِ فاوکسرِ لام وتشدیدِ یا): اس وزن پردرج ذیل مفردات کی جمع آتی ہے:

(۱) تین حرفی لفظ جس کے آخر میں ایسی یاے مشدّدہ ہو جونسبت کے لیے نہ ہو اور اگرنسبت کے لیے ہوتو معنیٰ نسبت فراموش کردیا گیا ہو، جیسے: "کُرْسِيّ" سے "کَراسِيّ"۔ "بُخْتِي" سے "بَخاتي"۔ "قُمْري" سے "قَماري"۔ اور جیسے: "مُهْري" سے "مَهاري"۔

نوٹ: "أَناسِي" اور "ظَرابي" شاذ ہیں۔

(۲۲) فَعالِل (بفتحِ فاوکسرِ لامِ اول): اس وزن پر درج ذیل مُفردوں کی جمع آتی ہے:

(۱) رُباعی مجرّد، جیسے: "جَعْفَرْ" سے "جَعافِر"۔(۲) رُباعی مزید، جیسے: "مُدَحْرِج" سے "دَحارِج"۔

نوٹ: رُباعی مزید کی جمع بنانے کے لیے حرفِ زائد کو حذف کردیا جاتا ہے، البتہ اگر آخر سے پہلے حرفِ لین ہو تو حذف نہیں ہوگا، بلکہ اگر حرفِ لین یا ہو تو باقی رہے گی، جیسے: "قِنْدِيل" سے "قَنادِيل"۔ اور اگر واو یا الف ہو تو یا ہوجائیں گے، جیسے: "عُصْفُور" سے "عَصافِير"، "سِرداح" سے "سَرادِيْح"۔

(۳) خماسی مجرّد، جیسے: "سَفَرْجل" سے "سَفارِج"۔ "فَرَزْدَق" سے "فَرازِد"۔

نوٹ: خماسی مجرد کا چوتھا حرف اگر حرفِ زائد کے مشابہ نہ ہو تو جمع میں پانچواں حرف حذف ہوجائے گا، جیسے: "سَفَرْجَل" سے "سَفارِج"۔ اور اگر چوتھا حرف تلفظ یا مخرج کے اعتبار سے حرفِ زائد کے مشابہ ہو تو اختیار ہے کہ مشابہِ زائد کو حذف کریں یا پانچویں حرف کو حذف کریں۔ جیسے: "خَدَرْنَق" (مکڑی) سے "خَدارِق" اور "خَدارِن" (کیوں کہ "خدرنق" کا نون تلفظ میں حرفِ زائد کے مشابہ ہے) اور جیسے: "فَرَزْدَق" سے "فَرازِق" اور "فَرازِد" (کیوں کہ دال مخرج کے اعتبار سے حرفِ زائد "تا" کے مشابہ ہے)۔

(۴) خماسی مزید، جیسے: "قرطبوس" سے "قَراطِب"۔ "قَبَعْثَرى" سے "قَباعِث"۔ (قرطبوس [بکسرِ قاف]: سخت اونٹنی۔ [بفتحِ قاف]: مصیبت۔)

نوٹ: خماسی مزید میں پانچواں حرف اور حرفِ زائد دونوں جمع میں حذف ہوجاتے ہیں۔

(۲۳) فعالل کے مشابہ: اس سے مراد ہر وہ جمع ہے جو تعدادِ حروف اور ہیئت میں "فعالِل" کے مشابہ ہو، اگرچہ وزن میں اس کے مخالف ہو، جیسے: "مَفاعِل"، "فواعِل"، "فياعِل" اور "أَفاعِلة" وغیرہ۔

اس وزن پر (اوپر ذکر کردہ ثلاثی مزید کے علاوہ) دیگر ثلاثی مزید کی جمع درج ذیل تفصیل کے مطابق آتی ہے:

(۱) اگر ثلاثی مزید میں صرف ایک حرف زائد ہو تو جمع میں وہ زائد حرف حذف نہیں ہوگا، جیسے: "أَفْضَل" سے "أَفاضِل"۔ "مَسْجِد" سے "مَساجِد"۔

(۲) اگر ثلاثی مزید میں دو یا دو سے زائد حرف زائد ہوں تو ایک حرف زائد باقی رہے گا، باقی حذف ہوگا۔ اور وہ حرفِ زائد باقی رکھا جائے گا جس کو لفظ اور معنی دونوں اعتبار سے یا صرف لفظ کے اعتبار سے دوسرے زائد حروف پر برتری حاصل ہو، مثلاً:

☆ "مُنطَلِق" اور "مُستَخرِج" کی جمع "میم" برقرار رکھ کر "مطالِق" اور "مَخارِج" بنائیں گے۔ "نون" اور "سین" برقرار رکھ کر "نطالق" یا "سَخارِج" نہیں بنائیں گے، کیوں کہ "میم" کو شروع میں آنے، اور اس کے اسما کے لیے خاص معنی (اسمِ فاعل اور اسمِ مفعول کے معنی) پر دلالت کرنے کی وجہ سے "نون" اور "سین" پر برتری حاصل ہے، یوں ہیں "اَلَندَد" اور "یَلَندَد" کی جمع "اَلادّ" اور "یلادّ" میں "نون" محذوف ہے اور "ہمزہ" اور "یا" باقی ہیں، کیوں کہ شروع کے ہمزہ اور یا کی دلالت معنی پر ہوتی ہے، جیسے: "اَقُوم" اور "یَقُوم"۔

☆ "اِستِخراج" کی جمع "تخاریج" میں تا کو باقی رکھیں گے، کیوں کہ از روے لفظ اس کلمہ کی نظیر ہے، مثلاً: "تباریح"، "تماثیل"، "تصاویر"۔ لیکن اگر سین کو باقی رکھ کر "سخاریج" جمع بنائیں تو اس کی نظیر "سفاعیل" موجود نہیں ہے۔

اور اگر زائد حروف میں کسی کو کسی پر برتری حاصل نہ ہو تو کسی ایک کو حذف کر کے جمع بنا سکتے ہیں، جیسے: "سَرَندی" سے "سراندِ" اور "سرادٍ"۔ "عَلَندی" سے "عَلانِد" اور "علادٍ"۔ "حبنطی" سے "حبانِط" اور "حباطٍ" (کیوں کہ دونوں زائد حروف الحاق کے لیے ہونے کی وجہ سے یکساں ہیں)۔

مشقی سوالات: (۱) جمع قلت، جمع کثرت اور جمع تکسیر کی تعریف کر کے یہ بتاؤ کہ "فُلك" پر کس طرح جمع تکسیر صادق ہے حالاں کہ اس کا واحد بھی "فُلك" ہے۔ (۲) آنے والی جمعوں کا واحد بتاؤ: آذان، دُرر، اَنْهُر، قافة، اَظْهُر، اَردِية، آبار، اَوعِية، قُطر، رُزق، خُمر، صُفر، صِيَغ، عالة، مَيامِين، جَلاجِل، نُجَباء، فَراديس۔ (۳) آنے والے اوزان پر کن مفردات کی جمع بنائی جاتی ہے کم از کم تین تین مثالیں ذکر کرو: اَفعِلة۔ فُعَل۔ فِعَل۔ فُعَلاء۔ فَعائل۔ فعالِل۔

درس (۱۲) ﴿جمع سے متعلق بعض فوائد﴾

(۱) محذوف حرف کے عوض میں یا لانا: محذوف حرف کے عوض میں آخری حرف سے پہلے یا لانا جائز ہے، چاہے محذوف حرف اصلی ہو، جیسے: "سَفَرجَل" سے "سَفاریج" یا زائد، جیسے، "مُنطَلِق" سے "مَطالِيق"۔ اور کوفیوں نے "مفاعِل" کے مثل میں یا زائد کرنا۔ اور "مفاعیل" کے مثل میں حذف کرنا جائز رکھا ہے، جیسے: "جَعفَر" سے "جَعافِر" اور "جَعافیر"۔ اور "عُصفُور" سے "عصافِیر" اور "عَصافِر"۔ پہلے کی نظیر ﴿ وَلَوْ اَلْقٰى مَعاذِيرَه﴾[1] ہے اور دوسرے کی نظیر ﴿ وَعِنْدَه مَفاتِحُ الغَيْبِ﴾[2] ہے۔ اور "فواعِل" میں "فواعیل" شاذ ہے، جیسے: قولِ زُہَیر بن ابی سُلمیٰ: ☆ سَوابِيغُ بِيضٌ لا يُخرِّقُها النبلُ ☆[3]

(۲) بعض اسما سے جمع تکسیر نہ آنا: ثلاثی مجرد سے اسمِ مفعول اور غیر ثلاثی مجرد سے اسم فاعل اور اسمِ

---

(۱) سورۃ القیامۃ: ۱۵۔ ترجمہ: اور اگر اس کے پاس جتنے بہانے ہوں سب لا ڈالے۔ "مَعاذِر" معذرت کی جمع ہے۔ (۲) الانعام: ۵۹۔ ترجمہ: اس کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں۔ (۳) ایسی سفید کشادہ زرہیں جن کو تیر چاک نہیں کر سکتے۔

مفعول دونوں کی جمع تکسیر نہیں آتی ہے، کیوں کہ یہ دونوں حرکات وسکنات اور معنی میں فعل کے مشابہ ہوتے ہیں۔البتہ جمع تصحیح آتی ہے۔

درج ذیل الفاظ کی جمع خلافِ قیاس ہے:

[۱] "مَلْعُوْن" سے "مَلاعِيْن" [۲] "مَيْمُوْن" سے "مَيامِيْن" [۳] "مَشْئُوْم" سے "مَشائِيْم" [۴] "مَكْسُوْر" سے "مَكاسِيْر" [۵] "مَسْلُوْخَة" سے "مَسالِيْخ" [۶] "مُوْسِر" سے "مَياسِيْر" [۷] "مُفْطِر" سے "مَفاطِيْر" [۸] "مُنْكَر" سے "مَناكِيْر"۔

اگر "مُفْعِل مخصوص بالاناث ہو تو اُس کی جمع تکسیر "مفاعل" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "مُرْضِع" سے "مَراضِع"۔ "مُطْفِل" سے "مَطافِل"۔

(۳) جمع الجمع: کبھی جمع کی جمع یا جمع کا تثنیہ بنانے کی حاجت ہوتی ہے، اس لیے اونٹوں کی دو جماعت کو "جِمالان"، اور کئی جماعت کو "جِمالات"۔ اور متعدد گھروں پر مشتمل دو محلوں کو "بیوتان" اور کئی محلوں کو "بیوتات" کہا جاتا ہے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿كانّه جِمالات صُفر﴾[۱]۔

جمع کی جمع تصحیح بنانے کے لیے آخر میں الف اور تا لاحق کرتے ہیں، جیسے: "بیوت" سے "بیوتات"۔ اور جمع تکسیر بنانے کے لیے اس جمع سے ملتے جلتے مفرد[۲] کی جمع تکسیر کا وزن لاتے ہیں، جیسے: "اَعْبُد" (جمعِ "عَبْد"، مُشابِہ "اَسْوَد") سے "اَعابِد"۔ اور "اَسْلِحَة" (جمعِ "سِلاح"، ہم شکلِ "اَنْمُلَة") سے "اَسالِح"۔ "غِربان" (جمعِ "غُراب"، ہم وزنِ "سِرْحان") سے "غرابین"۔ البتہ "مفاعل" اور "مفاعیل" کے ہم وزن جمع کی جمع نہیں بنائی جاتی ہے، کیوں کہ کوئی مفرد اس کا ہم وزن نہیں، ہاں جمع تصحیح بنائی جاتی ہے، جیسے: "نَواكِس" سے "نَواكِسون"۔ "اَيامِن" سے "اَيامِنُوْن"۔ "صَواحِب" سے "صواحِبات"۔ قال النبی علیه السلام: "اَنْتُنَّ صواحِباتُ یوسُفَ"۔

نوٹ: جمع الجمع سماعی ہے، قیاسی نہیں ہے۔

(٤) منتهى الجموع: وہ جمع مکسر ہے جس میں الفِ جمع کے بعد دو حرف ہوں یا تین حرف ہوں جن میں درمیان کا حرف ساکن ہو۔ اُس کے انیس (۱۹) اوزان ہیں۔ [۱] **فَعالِل** [۲] **فَعالِيْل** [۳] **اَفاعِل** [۴] **اَفاعِيْل** [۵] **تَفاعِل** [۶] **تَفاعِيْل** [۷] **مَفاعِل** [۸] **مَفاعِيْل** [۹] **يَفاعِل** [۱۰] **يَفاعِيْل** [۱۱] **فَواعِل** [۱۲] **فَواعِيْل** [۱۳] **فَياعِل** [۱۴] **فَياعِيْل** [۱۵] **فَعائِل** [۱۶] **فَعالِيْ** [۱۷] **فَعالىٰ** [۱۸] **فُعالىٰ** [۱۹] **فَعالِيّ**.

تنبيه: مندرجہ بالا تمام اوزان ثلاثی مزید کے ہیں البتہ "فعالِل" اور "فعاليل" رباعی اور خماسی کے لیے بھی آتا ہے۔

(۱) المرسلات: ۳۳۔ ترجمہ: گویا وہ زرد رنگ کے اونٹ ہیں۔ (۲) یعنی وہ مفرد اُس جمع سے تعداد حروف اور مطلق حرکات وسکنات میں موافقت رکھتا ہو جیسے اَعْبُد اور اَسْوَد۔ دونوں میں ماقبل آخر ضمہ وفتحہ کا فرق ہے مگر مطلق حرکات وسکنات اور تعداد حروف میں موافقت ہے۔ **الفاظ کے معانی:** مَيْمُوْن: بابرکت۔ مَشْئُوْم: منحوس۔ مَسْلُوْخَة: کھال علیحدہ کی ہوئی۔ مُوْسِر: خوش حال۔ مُفْطِر: روزہ توڑنے والا۔ مُطْفِل: بچوں والی۔ نواكس: جمعِ ناكس (سر جھکانے والا مرد)۔ ایامن: داہنی جانب۔ صواحب: جمعِ صاحبة (ساتھ رہنے والی، سہیلی)۔ قِنْدِيل: چراغ، فانوس۔ اَشْعث، اَزْرَق، مُهَلَّب: قبیلوں کے نام۔ صَيْرَف: روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ صَيْقَل: تلوار صیقل کرنے والا۔ ابنُ آوی: گیدڑ۔ ابن عِرْس: نیولا۔ ابن لَبون: اونٹنی کا ایک سالہ بچہ

فائدہ: جمع منتہی الجموع کے صیغہ میں درج ذیل صورتوں میں تا لاحق ہوتی ہے اور اس صورت میں جمع منتہی الجموع منصرف ہوگا۔

(۱) یائے محذوفہ کے عوض میں، جیسے "قِنْدِيل" سے "قَنادِلَة"۔

(۲) منسوب کی جمع میں، تا کہ منسوب الیہ کی جمع سے امتیاز رہے، جیسے "أَشْعَثِيٌّ" سے "أَشاعِثة"۔ "أَزْرَقِيٌّ" سے "أَزارِقَة"۔ "مُهَلَّبِيٌّ" سے "مَهالِبة" ("أَشعث" کی جمع "أشاعِث" ہے)

(۳) جمع کو مفرد سے لاحق کرنے کے لیے، جیسے: "صَيْرف" سے "صيارِفة"۔ "صَيقَل" سے "صياقِلة"۔ (یہ "طواعية" اور "كراهية" سے ملحق ہیں)

(۵) مرکبات کی جمع: مرکّب اضافی کی جمع کے لیے پہلے جز کی جمع بناتے ہیں، جیسے: "قَلَمُ الرجل" سے "أَقْلامُ الرجل"۔ "عبد الله" سے "عِباد الله"۔

☆ اگر مرکب اضافی کا پہلا جز لفظ "ابن" ہو اور وہ مرکب ذوی العقول کے لیے ہو تو پہلے جز کی جمع سالم اور جمع مکسر دونوں بناتے ہیں، جیسے: "ابن عباس" سے "بنو عبّاس" یا "أبناء عبّاس"۔ اور اگر وہ مرکب غیر ذوی العقول کے لیے ہو تو پہلے جز کی صرف جمع مؤنث سالم بناتے ہیں، جیسے: "اِبن آوى" سے "بناتُ آوى"۔ "ابن عرس" سے "بنات عرس"۔ "ابن لبون" سے "بنات لبون"۔

☆ اگر مرکب اضافی کا پہلا جز لفظ "ذو" ہو تو ذوی العقول کے لیے "ذَوُو" اور غیر ذوی العقول کے لیے "ذوات" لاکر جمع بناتے ہیں، جیسے: "ذو علم" سے "ذوو عِلْم"۔ اور "ذو القعدة" سے "ذواتُ القعدة"۔ "ذو الحجّة" سے "ذواتُ الحجّة"۔

مرکّب مزجی اور مرکب اسنادی اگر مذکر عاقل ہو تو جمع میں ان کے شروع میں "ذوو" زائد کرتے ہیں، جیسے: "مَعْدِيكرب" سے "ذوو معديكرب"۔ "تَأَبَّطَ شَرًّا" سے "ذوو تَأَبَّطَ شَرًّا"۔ اور اگر مؤنث یا غیر عاقل ہو تو "ذوات" زائد کرتے ہیں، جیسے: "بعلبك" سے "ذوات بعلبك"۔ "شابَ قرناها" سے "ذوات شابَ قرناها"۔

(٦) اسمِ جمع: وہ اسم ہے جس میں جمع کا معنی ہو مگر اس لفظ سے کوئی واحد نہ ہو اور نہ ہی جمع کے وزن پر ہو، جیسے: "قَوم"۔ "رَهْط"۔

(۷) اسمِ جنس جمعی: وہ ہے جس میں جمع کا معنی ہو اور اُس کے واحد میں ''یا'' ہو یا ''تا'' ہو، جیسے: "رُوم" (واحد "رومي" ہے)۔ "جُنْد" (واحد "جُنْدي" ہے)۔ "تَمْر" (واحد "تَمْرة" ہے)۔ "شَجر" (واحد "شَجَرة" ہے)

نوٹ: بعض جمع کا واحد متروک اور نسیا منسیا ہے، جیسے: "أبابِيل"۔ "تعاجِيب"۔ "تباشِير" وغیرہ۔

اسمِ جنسِ افرادی: وہ مفرد ہے جو قلیل و کثیر سب کے لیے بولا جائے، جیسے: "عَسَل"، "لَبَن"، "ماء"، "تُراب"۔

الفاظ کے معانی: رَهْط: جماعت، قوم۔ جُنْد: لشکر۔ أبابيل: گروہ در گروہ۔ تعاجيب: حیرت انگیز امور۔ تباشير: کسی چیز کی ابتدا۔

درس(۱۳) ﴿تصغیر کا بیان﴾

تصغیر: حقارت یا قِلّت ظاہر کرنے کے لیے لفظ میں یائے تصغیر لانے کے ساتھ کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔

نوٹ: کبھی تصغیر کا مقصد تعظیم اور کبھی ترحّم بھی ہوتا ہے، جیسے: "داهِية" کی تصغیر "دُوَيهِيَة" [بڑی مصیبت] برائے تعظیم ہے اور جیسے: "ابن" کی تصغیر "بُنَيّ" برائے ترحّم ہے۔

اسم مصغّر: وہ اسم ہے جس میں یائے تصغیر لاحق ہو۔

فائدہ: یائے تصغیر کے بعد والے حرف کا مکسور ہونا واجب ہے، جیسے: "جَعْفَر" سے "جُعَيْفِر" وغیرہ۔ لیکن درج ذیل صورتوں میں یائے تصغیر کے بعد کا حرف مکسور نہیں ہوتا:

(۱) اگر یائے تصغیر کے بعد کلمہ کا آخری حرف ہو، جیسے: "رُجَيْل" ("رجل" کی تصغیر) (۲) یائے تصغیر کے بعد والا حرف علامتِ تانیث سے متصل ہو، جیسے: "تُمَيْرَة" ("تَمرَة" کی تصغیر)، "سُلَيْمى" ("سلمى" کی تصغیر) اور "أُسَيْماء" ("أَسماء" کی تصغیر) (۳) وہ حرف "افعال" کے وزن والے کلمہ کے الف سے متصل ہو، جیسے: "أُجَيْمال" ("أَجمال" جمع "جمل" کی تصغیر) (۴) وہ حرف عَلَم یا صفت میں الف نون زائدتان سے متصل ہو، جیسے: "عُثَيْمان" ("عثمان" علَم کی تصغیر) "عُطَيْشان" ("عَطْشان" صفت کی تصغیر)۔

بنانے کی شرطیں: کسی لفظ کی تصغیر لانے کے لیے درج ذیل شرطیں ہیں:

(۱) اسم متمکّن ہو، لہٰذا فعل اور حرف کی تصغیر نہیں آتی۔ یوں ہی اسمِ مبنی کی تصغیر نہیں آتی، البتہ بعض اسمائے اشارہ اور اسمائے موصولہ کی تصغیر شاذ ہے۔

(۲) تصغیر کے صیغوں اور اُن کے مُشابہ صیغوں سے خالی ہو، لہٰذا "كُمَيْت" اور "شُعَيْب" کی تصغیر نہیں آئے گی، کیوں کہ یہ دونوں صیغۂ تصغیر "فُعَيْل" کے وزن پر ہیں۔ یوں ہی "مُهَيْمِن" اور "مُسَيْطِر" کی تصغیر نہیں آئے گی، کیوں کہ یہ صیغۂ تصغیر کے مشابہ ہیں۔

(۳) اسم قابلِ تصغیر ہو، لہٰذا باری تعالیٰ، انبیائے کرام اور ملائکہ کے اسمائے مبارکہ کی تصغیر نہیں لائی جاتی، یوں ہی لفظ "عَظِيْم"، "جَسِيم"، اور جمع کثرت اور لفظ "كُلّ" اور "بعض" کی تصغیر نہیں لائی جاتی۔

☆ سیبویہ کے نزدیک مہینوں اور دنوں کے ناموں کی تصغیر نہیں آئے گی۔

اوزانِ تصغیر: تصغیر کے تین اوزان ہیں (۱) "فُعَيْل"، جیسے: "كُلَيْب" (اس وزن میں پہلے حرف پر ضمہ دوسرے پر فتحہ اور تیسرے حرف کا یائے ساکن ہونا ضروری ہے، یہی وجہ ہے کہ "لُغَيْزى" [پہیلی] اور "زُمَّيْل" [بزدل] تصغیر نہیں، کیوں کہ ان میں دوسرے حرف پر فتحہ اور تیسرا حرف یائے ساکن نہیں ہے) (۲) "فُعَيْعِل" جیسے "دُرَيْهِم"۔ (اس وزن

الفاظ کے معانی: كُمَيْت: سرخ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مُهَيْمِن: خوف سے امن دینے والا۔ مُسَيْطِر: نگہبان۔

میں پہلے حرف کو ضمہ، دوسرے حرف کو فتحہ اور یائے تصغیر پر سکون کے ساتھ یائے تصغیر کے بعد والے حرف پر کسرہ ہوتا ہے)

(۳) "فُعَيْعِيْل" جیسے "دُنَيْنِيْر"۔

تنبیہ: تصغیر کے بیان میں وزن سے "میزانِ صرفی" مراد نہیں ہے، بلکہ یہاں وزن سے مراد صرف حرکات وسکنات میں یکسانیت ہے، لہٰذا "اَحْمَر" کی تصغیر "اُحَيْمِر" کا وزن "فُعَيْعِل" ہے، حالاں کہ میزانِ صرفی میں اس کا وزن "اُفَيْعِل" ہے۔

فُعَيْل: اس وزن پر تین حرفی اسم کی تصغیر آتی ہے، جیسے: "قَلَم" سے "قُلَيْم"۔ "جَبل" سے "جُبَيْل"۔ "حَسَنٌ" سے "حُسَيْن"۔

فُعَيْعِل، فُعَيْعِيْل: چار حروف پر مشتمل اسما کی تصغیر "فُعَيْعِل" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "جَعْفَر" سے "جُعَيْفِر"۔ "اَحْمَر" سے "اُحَيْمِر"۔ اور پانچ حروف یا زائد پر مشتمل اسما کی تصغیر "فُعَيْعِل" اور "فُعَيْعِيْل" کے وزن پر درج ذیل تفصیل کے مطابق آتی ہے۔

پانچ حروف پر مشتمل اسما کی تصغیر:

(۱) اگر پانچوں حروف اصلی ہوں تو پانچویں حرف کو حذف کر کے "فُعَيْعِل" کے وزن پر تصغیر لائیں گے، جیسے: "سَفَرْجَل" سے "سُفَيْرِج"۔

(۲) اگر کسی پانچ حرفی اسم میں ایک حرف زائد ہو تو اس کو حذف کر کے "فُعَيْعِل" کے وزن پر تصغیر لائیں گے، جیسے: "مُدَحْرِج" سے "دُحَيْرِج"۔ "غَضَنْفَر" سے "غُضَيْفِر"۔ لیکن اگر وہ زائد حرف آخر سے پہلے حرفِ لین ہو تو "فُعَيْعِيْل" کے وزن پر اس کی تصغیر لائیں گے۔ جیسے: "قِنْدِيْل" سے "قُنَيْدِيْل"۔ "مِفتاح" سے "مُفَيْتِيْح"۔ "عُصْفُوْر" سے "عُصَيْفِيْر"۔

پانچ سے زائد حروف پر مشتمل اسما کی تصغیر:

(۱) اگر پانچ حروفِ اصلی کے ساتھ زائد حرف بھی ہو تو پانچویں حرف کے ساتھ اس کو بھی حذف کر کے "فُعَيْعِل" کے وزن پر تصغیر لائیں گے، جیسے: "عَنْدَلِيْب" سے "عُنَيْدِل"۔

(۲) اگر پانچ یا پانچ سے زائد حروف والے اسم میں دو یا اس سے زیادہ حروف زائد ہوں تو اکثر زائد حروف میں ان کو حذف کرتے ہیں، جو حذف کے زیادہ لائق ہوں[1] جیسے "مقاتِل" سے "مُقَيْتِل"۔ "مُنْطَلِق" سے "مُطَيْلِق"۔ "مُتَدَحْرِج" سے "دُحَيْرِج"۔ "مُقْشَعِر" سے "قُشَيْعِر"۔ "استخراج" سے "تُخَيْرِج"۔ "اِضْطِراب" سے "ضُتَيْرِب"۔ "انطِلاق" سے "نُطَيْلِق"۔

البتہ اگر دو زائد حروف ایسے ہوں جن میں ایک کو دوسرے پر فوقیت نہ ہو تو کسی کو بھی حذف کر کے تصغیر بنا سکتے ہیں،

(۱) شروع میں زائد میم، تائے افتعال و استفعال اور نونِ انفعال زیادہ باقی رکھے جانے کے لائق ہیں البتہ میم ان سب میں فائق ہے۔

الفاظ کے معانی: غَضَنْفَر: شیر۔ عُصْفُور: گوریا۔ عَنْدَلِيْب: بلبل۔

جیسے: "عَلَنْدیٰ" سے "عُلَیْنِد" یا "عُلَیْدٍ"۔ "سَرَنْدیٰ" سے "سُرَیْنِد" یا "سُرَیْدٍ"۔ "حَبنطیٰ" سے "حُبَیْنِط" یا "حُبَیْطٍ"۔ (کیوں کہ ان مثالوں میں دونوں زائد حروف "سَفَرْجَل" سے الحاق کے لیے ہیں، لہذا کسی کو دوسرے پر فوقیت نہیں)

فائدہ: پانچ حرفی اسم میں یہ بھی جائز ہے کہ حذف شدہ حرف کے عوض میں آخر سے پہلے یا زائد کرکے "فُعَیْعِیْل" کے وزن پر تصغیر بنائیں، جیسے: "سَفَرْجَل" سے "سُفَیْرِیج"۔ "مُنْطَلِق" سے "مُطَیْلِیْق"۔ جس طرح جمع مکسر میں "سفارِج" اور "سفاریج" دونوں جائز ہیں۔

درس (۱۴) ﴿تصغیر کا بیان﴾

درج ذیل چیزوں کے لاحق ہونے کی صورت میں تصغیر کا وزن تبدیل نہ ہوگا۔

(۱) **علامت تانیث** (تا ہو یا الفِ مقصورہ، یا الف ممدودہ۔) لہذا "تَمْرَة"، "سَلْمی" اور "حمراء" کی تصغیر تین حرفی اسم کی طرح "فُعَیْل" کے وزن پر "تُمَیْرَة"، "سُلَیْمی" اور "حُمَیْراء" آئے گی۔ اور "حَنْظَلَة" اور "قُرْفُصاء" کی تصغیر چار حرفی اسم کی طرح "فُعَیْعِل" کے وزن پر "حُنَیْظلة" اور "قُرَیْفِصاء" آئے گی۔

فائدہ: الفِ مقصورہ اگر چوتھے حرف کی جگہ ہو تو تصغیر میں برقرار رہے گا، جیسے: "حُبْلی" سے "حُبَیْلی"۔ اور اگر چھٹے یا ساتویں حرف کی جگہ ہو تو حذف ہو جائے گا، جیسے: "لُغَّیْزی" سے "لُغَیْغِیز" اور "بردرایا" [ایک جگہ کا نام] سے "بُرَیْدِر"۔ اور اگر پانچویں حرف کی جگہ ہو تو اگر اس سے پہلے مدہ نہ ہو تو حذف ہو جائے گا، جیسے: "قرقری" سے "قُرَیقر"۔ اور اگر اس سے پہلے مدہ ہو تو اختیار ہے کہ مدہ کو حذف کریں یا الف کو حذف کریں، جیسے: "حُباری" سے "حُبَیْرِیٰ" اور "حُبَیِّر"[1]۔

(۲) **علامت تثنیہ و جمع۔** لہذا "قلمان"، "عمرون" اور "هِندات" کی تصغیر تین حرفی اسم کی طرح "فُعَیْل" کے وزن پر "قُلَیمان"، "عُمَیْرون" اور "هُنَیْدات" آئے گی اور "درهمان" اور "شاعرون" کی تصغیر "فُعَیْعِل" کے وزن پر "دُرَیْهِمان" اور "شُوَیْعِرُون" آئے گی۔

(۳) **یائے نسبت۔** لہذا "حِمصي" کی تصغیر "فُعَیْل" کے وزن پر "حُمَیْصي"، "دِمَشْقي" کی تصغیر "فُعَیْعِل" کے وزن پر "دُمَیْشِقی" آئے گی۔

(٤) **الف نون زائدتان۔** لہذا "عُثمان" اور "عطْشان" کی تصغیر "فُعَیْل" کے وزن پر "عُثَیْمان" اور "عُطَیْشان" آئے گی، اور "زَعفران" کی تصغیر "فُعَیْعِل" کے وزن پر "زُعَیْفِران" آئے گی۔

نوٹ: الف نون زائدتان پر مشتمل اسم کی تصغیر مذکورہ طریقہ پر لانے کے لیے شرط ہے کہ اس کی جمع "فعالِیْن" کے وزن پر نہ آتی ہو، ورنہ اس کی تصغیر "فُعَیْعِیل" کے وزن پر آئے گی، جیسے: "سُلطان" سے "سُلَیْطِیْن"۔ "سِرحان" سے

---

(۱) "حُبَیِّر" میں الفِ تانیث حذف ہے اور حرفِ مدباقی ہے جس کو یا کرکے یا میں ادغام کر دیا گیا ہے۔ **الفاظ کے معانی:** عَلَنْدیٰ: ایک درخت۔ سَرَنْدیٰ: تیز۔ حَبَنْطی: غضب ناک۔ سفرجل: ایک پھل کا نام۔ قُرفُصاء: بیٹھنے کی ایک ہیئت۔ حُباری: ایک پرندہ۔

"سُرَيْحِيْن"، کیوں کہ ان کی جمع "سلاطین" اور "سراحین" آتی ہے۔

(۵) مرکب اضافی یا امتزاجی کا جز ثانی۔ لہٰذا "عبد الله" کی تصغیر "عُبَيْدالله"، "بعلبك" کی تصغیر "بُعَيْلبك" آئے گی اور "خادِم الدار" اور "مَعْدِيكَرِب" کی تصغیر "خُوَيْدِمُ الدار" اور "مُعَيْدِيكرب" آئے گی۔

درج ذیل اسما کی تصغیر بنانے میں مذکورہ بالا طریقہ سے کچھ فرق ہے:

(۱) وہ اسم جس کا دوسرا یا تیسرا یا چوتھا حرف، حرفِ علت ہو (۲) وہ اسم جس کا کوئی حرف محذوف ہو (۳) دو حرفی علم (۴) تا سے خالی مؤنث۔

وہ اسم جس کا دوسرا حرف حرف علت ہو: چوں کہ تصغیر اسما کو اصل کی طرف پھیر دیتی ہے، اس لیے اگر اسمِ مصغّر کا دوسرا حرف اصل میں ایسا حرفِ لین ہو جو دوسرے حرف سے بدل گیا ہو تو تصغیر میں اصل حرف واپس آجائے گا، خواہ وہ اصل حرف واو، جیسے: "قِيمة" [اصل "قِوْمَة" ہے] سے "قُوَيْمَة"۔ "ماء" [اصل "مَوَه" ہے] سے "مُوَيْه"۔ "باب" [اصل "بَوَب" ہے] سے "بُوَيْب"۔ "طَيّ" سے "طُوَيّ"۔ "مِيزان" سے "مُوَيْزِين"۔ "ديوان" سے "دُوَيْوِين"۔ یا اصل حرف یا ہو، جیسے: "ناب" [اصل "نَيَب" ہے] سے "نُيَيْب"۔ "مُوقِن" [اصل "مُيْقِن" ہے] سے "مُيَيْقِن"۔

تنبیه: "مُتَّعِد" [اصل "مُوْتَعِد" ہے] اور "آدم" [اصل "أَأْدَم" ہے] میں اصل حرف تصغیر میں واپس نہ ہوگا، کیوں کہ "مُتَّعِد" میں حرفِ لین نہیں ہے اور "آدم" میں اصل میں حرفِ لین نہیں ہے۔

فائدہ: "عِيْد" [اصل "عِوْد" ہے] کی تصغیر مندرجہ بالا قاعدہ کے خلاف "عُيَيْد" لائی گئی ہے تاکہ "عُوْد" کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

فائدہ: اگر اصل حرف ہمزہ ہو جو یا سے بدل گیا ہو، تو وہ بھی تصغیر میں واپس ہوگا، جیسے: "ذِيب" سے "ذُؤَيْب"۔ یوں ہی اگر اصل حرف حرفِ صحیح ہو تو وہ بھی واپس ہوگا، جیسے: "دِينار" [اصل "دِنّار" ہے] سے "دُنَيْنِير"۔

وہ اسم جس کا تیسرا حرف، حرف علت ہو: اس صورت میں اگر وہ حرفِ علت یا ہو تو علی حالہ باقی رہے گا، جیسے: "ظَبْيٌ" سے "ظُبَيٌّ"۔ "جَمِيل" سے "جُمَيِّل"۔ ورنہ یا ہو کر یائے تصغیر میں مدغم ہو جائے گا، جیسے: "عصا" سے "عُصَيَّة"۔ "رَحى" سے "رُحَيَّة"۔ "شمال" سے "شُمَيِّل"۔ "دَلْو" سے "دُلَيَّة"۔ "قدوم" سے "قُدَيِّم"۔ لیکن اگر آخری حرف یائے مشدّدہ ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یائے مشدّدہ کی تخفیف کر کے یائے تصغیر میں ادغام کر دیں گے، جیسے: "صبيٌّ" سے "صُبَيٌّ"۔ "عَلِيٌّ" سے "عُلَيٌّ"۔

وہ اسم جس کا چوتھا حرف، حرف علت ہو: اس صورت میں اگر چوتھا حرف یا ہو تو علی حالہ باقی رہے گا، جیسے: "قِنْدِيل" سے "قُنَيْدِيل"۔ اور اگر واو یا الف ہو تو یا سے تبدیل ہو جائے گا، جیسے: "ارجوحة" سے

الفاظ کے معانی: سِرحان: بھیڑیا۔ طَيّ: لپیٹنا۔ ناب: دانت۔ ذِيب: بھیڑیا۔ دَلْو: ڈول۔ قَدُوم: آگے بڑھ کر حملہ کرنے والا، کلھاڑا۔

أُرَيْجِيحة۔ "مِنْشار" سے "مُنَيْشِيْر"۔

وہ اسم جس کا کوئی حرف محذوف ہو: اگر محذوف اصلی حرف ہو اور حذف کے بعد وہ اسم تین حرف پر باقی ہو تو تصغیر میں وہ حرفِ محذوف واپس نہ ہوگا، جیسے: "شاكٍ" [اصل "شاکی" ہے] سے "شُوَيْكٍ"۔ "قاضٍ" سے "قُوَيْضٍ"۔ (حالت رفع وجر میں تنوین رہے گی اور حالتِ نصب میں "شُوَيْكِيا" اور "قُوَيْضِيا" ہو جائے گا] اور اگر بعد حذف دو حرف پر باقی ہو تو وہ حرفِ محذوف تصغیر میں واپس ہوگا، جیسے: "كُلْ" سے "أُكَيْل"۔ "خُذْ" سے "أُخَيْذ"۔ "مُذْ" سے "مُنَيْذ"۔ "قُلْ" سے "قُوَيْل"۔ "بِعْ" سے "بُيَيْع" [جب کہ یہ سارے کلمات علَم ہوں] اور جیسے: "يَدٌ" سے "يُدَيَّة"۔ "دَمٌ" سے "دُمَيٌّ"۔ "أَبٌ" سے "أُبَيٌّ"۔ "أَخٌ" سے "أُخَيٌّ"۔ "أُخْتٌ" سے "أُخَيَّة"۔ "بِنْت" سے "بُنَيَّة"۔ اور جیسے: "قِهْ" سے "وُقَيٌّ"۔ "فِهْ" سے "وُفَيٌّ"۔ "رَهْ" سے "رُأَيٌّ"۔ [جب کہ یہ کلمات نام ہوں]

دو حرفی عَلَم: اگر وضع کے اعتبار سے علَم کا دوسرا حرف حرفِ صحیح ہو تو تصغیر میں مکرّر ہو جائے گا یا آخر میں یا زائد کر دی جائے گی، جیسے: "بَلْ" سے "بُلَيْل" یا "بُلَيٌّ"۔ "هَلْ" سے "هُلَيْل" یا "هُلَيٌّ"۔ اور اگر حرفِ علّت ہو تو نام رکھتے وقت مضعّف ہو جائے گا اور اس مضعّف کی تصغیر لائی جائے گی، جیسے: "لَوْ"، "كَيْ"، "فِي"، "ما" اور "لا" علَم ہونے پر "لَوّ"، "كَيّ"، "فِيّ"، "ماء" اور "لاء" (۱) ہوں گے اور ان کی تصغیر "لُوَيٌّ"، "كُيَيٌّ"، "فُيَيٌّ"، "مُوَيٌّ" اور "لُوَيٌّ" ہوگی۔

تا سے خالی مؤنث: تا سے خالی مؤنث اگر تین حرفی ہو تو تصغیر میں اس کے آخر میں تا لاحق کر دی جاتی ہے، جیسے: "دار"، "شَمْس"، "هِنْد"، "عَيْن"، "سِنٌّ" اور "أُذُن" سے "دُوَيْرَة"، "شُمَيْسَة"، "هُنَيْدَة"، "عُيَيْنَة"، "سُنَيْنَة" اور "أُذَيْنَة"۔ لیکن اگر تا بڑھانے سے مفرد یا مذکر کی تصغیر سے التباس کا خوف ہو تو تا لاحق نہیں کریں گے، جیسے: "شَجْر" اور "بقر" کی تصغیر "شُجَير" اور "بُقَيْر" (بغیر تا کے) ہوگی، تا کہ "شَجْرة" اور "بقرة" کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔ یوں ہی "ثلث" اور "خمس" (معدود مؤنث) کی تصغیر "ثُلَيْث" اور "خُمَيْس" ہوگی، "ثُلَيْثة" اور "خُمَيْسَة" نہیں ہوگی، تا کہ معدودِ مذکر کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

درج ذیل تین حرفی مؤنث کی تصغیر میں تا نہ لاحق کرنا شاذ ہے:

❁ "حَرْب" سے "حُرَيْب"۔ ❁ "ذَوْد" سے "ذُوَيْدٌ"۔ ❁ "دِرْعٌ" سے "دُرَيْعٌ"۔ ❁ "نَعْلٌ" سے "نُعَيْلٌ"۔

❁ تین سے زائد حروف والے اسم مؤنث سماعی کی تصغیر میں تا نہیں لاحق ہوگی، جیسے: "عُقاب" سے "عُقَيِّب"۔ "عَقْرَب" سے "عُقَيْرِب"۔ اور درج ذیل کلمات شاذ ہیں:

❁ "وَراء" سے "وُرَيْئَة"۔ ❁ "امام" سے "أُمَيْمَة"۔ ❁ "قُدّام" سے "قُدَيْدِيْمَة"۔

---

(۱) "ما" اور "لا" میں تضعیفِ الف کرنے پر چوں کہ نطق دشوار ہے لہذا دوسرے الف کو ہمزہ سے بدل دیا جائے گا، البتہ "ماء" بمعنی پانی کی تصغیر "مُوَيْه" ہے، کیوں کہ وہاں ہمزہ کی اصل ہا ہے جو تصغیر میں لوٹ آتی ہے۔

الفاظ کے معانی: أُرْجُوحة: جھولا۔ مِنْشار: آری۔ "قِهْ" اور "فِهْ" فعل امر ہیں، آخر میں ہائے سکت لاحق ہے۔

درس (۱۵) ﴿تصغیرِ جمع، تصغیرِ ترخیم اور شواذِ تصغیر کا بیان﴾

تصغیرِ جمع: جمع قِلت کی تصغیر آتی ہے، جیسے: "اَحْمال" ، "اَنْفُس" ، "اَعْمِدَة" ، "فِتْيَة" ، "کاتبون" اور "کاتبات" کی تصغیر "اُحَيْمِل" ، "اُنَيْفِس" ، "اُعَيْمِدَة"، "فُتَيَّة" ، "کُوَيْتِبون" اور "کُوَيْتِبات" ہوگی۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر پھر جمع سالم بنالیں، جیسے: "اَکْلُب" کی تصغیر "کُلَيْبات" اور "اَجْمال" کی تصغیر "جُمَيْلات" بنالیں۔

جمع کثرت کی تصغیر نہیں بنائی جاتی، کیوں کہ تصغیر اور کثرت میں منافات ہے۔ البتہ کوفیوں نے اس جمع کثرت کی تصغیر کو جائز قرار دیا ہے جس کے لیے مفرد میں نظیر ہو، جیسے: "رَغِيف" کی جمع "رُغفان" کی تصغیر "رُغَيْفان"، کیوں کہ یہ جمع "عُثْمان" مفرد کی نظیر ہے۔

فائدہ: اگر جمع کثرت کی تصغیر بنانا منظور ہو تو پہلے اُس کے مفرد کی تصغیر بناتے ہیں، پھر اگر مذکر عاقل ہو تو جمع مذکر سالم بنالیتے ہیں، جیسے: "غِلْمان" سے "غُلَيِّمون"۔ اور اگر مؤنّث یا مذکر غیر عاقل ہو تو جمع مؤنّث سالم بنالیتے ہیں، جیسے: "جوار" سے "جُوَيْرِيات"۔ اور "دراهم" سے "دُرَيْهِمات"۔ اور اگر جمع کثرت کے لیے کوئی جمع قلت بھی ہو تو یہ بھی جائز ہے کہ اس کو جمع قلت کی طرف پھیر کر اس کی تصغیر بنالیں، جیسے: "غِلْمان" کی تصغیر "غُلَيْمَة" [جمع قلت "غِلْمة" ہے] اور "دُوْر" کی تصغیر "اُدَيِّر" [جمع قلت "اَدْءُر" ہے] بنالیں۔

نوٹ: اسمِ جمع کی تصغیر بھی آتی ہے، جیسے: "رَكْبٌ" سے "رُكَيْب"۔

تصغیرِ ترخیم: تصغیر کی ایک قسم اور ہے جس کو تصغیرِ ترخیم کہا جاتا ہے، اور وہ یہ ہے کہ کسی اسم کے تمام زائد حروف حذف کرنے کے بعد اصلی حروف سے تصغیر بنائی جائے۔

وجہ تسمیہ: اس کو تصغیر ترخیم اس لیے کہا جاتا ہے، کہ "ترخیم" کا معنی تقلیل یعنی کم کرنا ہے اور اس تصغیر میں زائد حرف حذف کر کے کمی کی جاتی ہے۔

نوٹ: تصغیرِ ترخیم کا اطلاق انہی حروف کے حذف پر ہوگا جن کا تصغیر میں باقی رہنا جائز ہو، لہٰذا وہ حروف جو تصغیر بنانے میں حذف ہو جاتے ہیں، ان کے حذف کو تصغیرِ ترخیم کا نام نہیں دیا جائے گا، اس لیے "سَفَرْجَل" اور "مُتَدَحْرِج" کی تصغیر میں "سُفَيْرِج" اور "دُحَيْرِج" "تصغیرِ ترخیم" نہیں، بلکہ تصغیر بلا ترخیم ہے۔

ثلاثی کی تصغیر ترخیم: اسمِ ثلاثی (تین اصلی حروف والے اسم) کی تصغیر ترخیم "فُعَيْل" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "اَحْمَد" ، "حامد"، محمود"، "محمّد"، "حَمّاد"، "حمدان" اور "حمّودة" (سب) کی تصغیر ترخیم "حُمَيْد" آئے گی۔

تین اصلی حروف والے اسم میں اگر دو یا دو سے زیادہ حروف زائد ہوں تو تصغیرِ ترخیم میں تمام زوائد حذف ہو جاتے ہیں، جیسے: "مُنْطَلِق" سے "طُلَيْق" اور "مُسْتَخْرِج" سے "خُرَيْج"۔

تنبیه: قرائن پر اعتماد کرتے ہوئے تصغیرِ ترخیم میں اشتباہ والتباس سے صرفِ نظر کیا جاتا ہے۔

اسمِ مؤنث کی تصغیر ترخیم: اگر اسمِ ثلاثی کا مسمی مؤنث ہو (علامتِ تانیث ہو یا نہ ہو) تو تصغیرِ ترخیم میں تا آے گی، لہٰذا "مَکرمة"، "حُبلی"، "سوداء" اور "سُعاد" کی تصغیر "مُکَیرِمة"، "حُبَیلة"، "سُوَیدة" اور "سُعَیدة" آے گی۔ یوں ہی اگر کسی مؤنث کا نام "سَعید" یا "سماء" رکھ دیا جائے تو تصغیرِ ترخیم "سُعَیدة" اور "سُمَیَّة" ہوگی، لیکن اگر اسمِ مؤنث، اناث سے مختص ان صفات سے ہو جن میں تا نہیں آتی تو تصغیرِ ترخیم میں بھی تا نہیں آتی ہے، جیسے: "حائض" سے "حُیَیض"، "طالق" سے "طُلَیق"، "ناهد" سے "نُهَید"۔ اور اگر بغیر علامت والا اسمِ مؤنث یا علامت والا اسمِ مؤنث، مذکر کا نام ہو تو تا نہیں آئے گی، جیسے: "سماء" سے "سُمَيٌّ"۔ "مَکرُمة" سے "مُکَیرِم"۔ "فاطمة" سے "فُطَیم"۔ "صحراء" سے "صُحَیر"۔ اور اگر تصغیر کے بعد نام رکھا جاے تو تا برقرار رہے گی۔

رُباعی کی تصغیر ترخیم: رُباعی کی تصغیرِ ترخیم "فُعَیعِل" کے وزن پر آتی ہے، جیسے: "قِرطاس" اور "عُصفور" سے "قُرَیطِس" اور "عُصَیفِر"۔ اور "ابراهیم" اور "اسماعیل" کی تصغیرِ ترخیم "بُرَیه" اور "سُمَیع" آے گی، البتہ ان دونوں اسما کی تصغیر حذفِ ہمزہ کی اولویت کے قائلین کے نزدیک "بُرَیهِیم" اور "سُمَیعِیل" ہے، جب کہ حذفِ لام اور میم کی اولویت کے قائلین کے نزدیک "اُبَیرِه" اور "اُسَیمِع" ہے۔

نوٹ: صحیح قول کے مطابق تصغیرِ ترخیم اعلام کے ساتھ خاص نہیں ہے۔

شواذِ تصغیر: گزر چکا ہے کہ تصغیر صرف اسمِ متمکّن سے آتی ہے اور فعل، حرف اور اسمِ غیر متمکّن سے تصغیر نہیں آتی ہے، البتہ درج ذیل فعل اور اسمِ غیر متمکن سے بھی تصغیر آتی ہے۔

(۱) فعلِ تعجّب، جیسے: "ما اَحسَنَه" اور "ما اَملَحه" سے "ما اُحَیسِنه" اور "ما اُمَیلِحه"۔[1]

(۲) مرکب مزجی، جیسے: "مَعدیکرب" سے "مُعَیدیکرب"۔

نوٹ: ان دونوں (یعنی فعل تعجب اور مرکب مزجی) کی تصغیر اسمِ متمکن کے قاعدہ کے مطابق مقررہ وزن پر آتی ہے۔

(۳) اسماے اشارہ: "ذا" اور "تا"، اُن کے تثنیہ "ذان" اور "تان" اور ان کی جمع "اولاء" اور "اُولی" کی تصغیر (علی الترتیب) "ذَیّا"، "تَیّا"، "ذَیّان"، "تَیّان"، "اُوَلَیّاء" اور "اُوَلَیّ" ہے۔

(۴) اسماے موصول، "الذی" اور "التی"، ان کے تثنیہ "اللذان" اور "اللتان" اور اُن کی جمع "الذین" اور "اللاتی" کی تصغیر (علی الترتیب) "اللَّذَیّا"، "اللَّتَیّا"، "اللذَیّانِ"، "اللَّتَیّانِ"، "اللَّذَیُّون" اور "اللَّتَیّات" ہے۔

مشقی سوالات: (۱) آنے والے اسماء کی تصغیر بناؤ: مِیزان، کَلب، ذَنَب، اَسود، مُبَعثِر، زَهرَة، قِرطاس،

---

(۱) **فائدہ:** امام احمد رضا قدس سرہ نے اپنے قصیدہ رائعہ کے بیت: (رَنَّ الحمام علٰی شجون البان ۔ یاما اُمَیلِحَ ذِکرَ بِیضِ البان) کے تحت قاموس کے حوالہ سے تحریر فرمایا ہے کہ عربوں نے اس طرح کی صرف دو تصغیریں بنائی ہیں (۱) ما اُمَیلِحه (۲) ما اُحَیسِنه۔

حَنظَل، هِرَّة، نُعمان، حُجرَة، باب، حُسنی، أنهُر، خَنساء، زَبَرجَد، أبحُر، شاعرون، خَواصِر، سُوَیداء، سوَیدة۔
(۲) یائے تصغیر کے بعد والے حرف کا مکسور ہونا کب ضروری نہیں ہے۔ (۳) آنے والے اسمائے مصغر سے اسمائے مکبر بناؤ: دُوَیرَة، مُوَیعِید، اُرَیضَة، کُتَیِّب، شُجَیرة، حُصَین، هُنَیدِیّ، بُرَیکَة، قُنَیطِیر، مُطَیفِر، دُرَیهِم، جُوَیرِیة، عُبید الرحمن، أُفَیّس، بُحَیرة، عُنَیزَة، صُحَیراء۔ (۴) "غُضَیفِر" اور "بُعَیثِر" کو تصغیر ترخیم کیوں نہیں قرار دیا جاسکتا؟ (۵) "کُتَیب" اور "نُصَیر" کو کس کس کلمہ کی تصغیر ترخیم قرار دیا جاسکتا ہے؟

درس (۱٦) ﴿ نسبت کا بیان ﴾

نسبت: کسی چیز سے تعلق ظاہر کرنے کے لیے اس اسم کے آخر میں یائے مشدّد ماقبل مکسور لاحق کرنے کو نسبت کہتے ہیں۔

اسمِ منسوب: وہ اسم ہے جس کے آخر میں نسبت والی یائے مشدّدہ لاحق ہو، جیسے: "عربيّ"۔

فائدہ: چوں کہ نسبت میں صفت کا معنی پایا جاتا ہے، اس لیے اگر اسمِ صفت کے آخر میں یائے نسبت لاحق ہو تو مبالغہ کا معنی پیدا ہو جائے گا، جیسے: "أحمَرِي" (بہت سرخ)۔

نسبت سے تغیرات: نسبت سے تین تغیرات ہوتے ہیں (۱) لفظی (۲) معنوی (۳) حکمی۔

لفظی تغیر تو یہ ہے کہ اسم کے آخر میں یائے مشدّد ماقبل مکسور لاحق ہوتی ہے اور اعراب یا کی طرف منتقل ہو جاتا ہے۔
معنوی تغیر یہ ہے کہ لفظ، منسوب الیہ (مثلاً "عرب") کی بجائے منسوب (مثلاً: "رجل") کا اسم ہو جاتا ہے۔ اور حکمی تغیر یہ ہے کہ یہ لفظ صفتِ مشبہ کی طرح اسمِ ظاہر یا اسمِ ضمیر کو رفع دیتا ہے، جیسے: "زید عربيٌّ ابوه" اور جیسے: "زیدٌ عربیةٌ امُّه"۔

نوٹ: درج ذیل اسما کی طرف نسبت کرنے میں مزید کچھ تغیرات ہوتے ہیں:

(۱) مؤنّث بالتا (۲) اسمِ ممدود (۳) اسمِ مقصور (۴) اسمِ منقوص (۵) وہ اسم جس کا بعض حصہ محذوف ہو (٦) وہ اسم جس کا دوسرا حرف مکسور ہو (۷) وہ اسم جس کے آخری حرف سے پہلے یائے مشدّدہ مکسورہ ہو (۸) وہ اسم جس کا آخر یائے مشدّدہ ہو (۹) تثنیہ اور جمع (۱۰) عَلَم مرکب (۱۱) "فَعِیلہ"، "فُعَیلہ"، "فَعِیل" اور "فُعَیل" کی طرف نسبت۔ (۱۲) وہ اسم جو دو حرف پر مشتمل ہو۔

(۱) مؤنّث بالتا کی طرف نسبت: مؤنّث بالتا کی طرف نسبت میں تا حذف کرنا واجب ہے، جیسے: "فاطمة" سے "فاطِمي" اور "طلحة" سے "طلحيّ"۔

(۲) اسمِ ممدود کی طرف نسبت: اگر اسمِ ممدود کا ہمزہ برائے تانیث ہو تو نسبت کے لیے ہمزہ کو واو سے بدلنا واجب ہے، جیسے: "حمراء" سے "حمراوي"۔ "بیضاء" سے "بیضاوي"۔ اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو نسبت میں برقرار رہے گا، جیسے: "وُضّاء" سے "وُضّائي"۔ "قُرّاء" سے "قُرّائي"۔ اور اگر اس ہمزہ کی اصل واو یا یا ہو یا وہ ہمزہ برائے الحاق ہو تو برقرار رکھنا اور واو سے بدلنا دونوں جائز ہے، جیسے: "کِساء" [اصل "کِساو" ہے] سے "کسائي" یا "کِساوي"۔ "رِداء" [اصل "ردای" ہے] سے "ردائي" یا "رِداوي"۔ "عِلباء" سے "عِلبائي" یا "عِلباوي" اور "حِرباء" سے "حربائي" یا "حِرباوي" ["عِلباء" اور "حِرباء" میں ہمزہ برائے الحاق ہے]

(۳) اسمِ مقصور کی طرف نسبت: الفِ مقصور اگر تیسرا حرف ہو تو نسبت میں واو سے بدل جائے گا، جیسے: "عصا" سے "عَصَوِي"۔ "فتی" سے "فتوي"۔

اور اگر الفِ مقصور اس اسم کا چوتھا حرف ہو جس کا دوسرا حرف ساکن ہو تو واو سے بدلنا اور حذف کرنا دونوں جائز ہے، جیسے: "مَلْہیً" ، سے "مَلْہَوِي" یا "مَلْہِيّ"۔ "حُبْلیٰ" سے "حُبْلَوِيّ" یا "حُبْلِيّ"۔ اور "علقی" سے "علقَوِيّ" یا "عَلْقِيّ"۔ (البتہ اس صورت میں قولِ مختار یہ ہے کہ اگر الفِ مقصور برائے تانیث ہو تو حذف کر دیا جائے، جیسے: "حبلی" سے "حبلي"۔ اور اگر الحاق کے لیے ہو تو یا سے بدل دیا جائے، اور اگر اصل میں واو یا یا ہو تو واو سے بدل دیا جائے، جیسے: "عَلْقَوِي"، "مَلْہَوِي"۔ اور قلب کی صورت (یعنی واو سے بدلنے والی صورت) میں واو سے پہلے الف زائد کرنا بھی جائز ہے، جیسے: "علقاوي" اور "حبلاوي"۔

اور اگر الفِ مقصور اس اسم کا چوتھا حرف ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو یا وہ چوتھے حرف کے بعد ہو تو نسبت میں اس کا حذف واجب ہے، جیسے: "بردیٰ" سے "بردِي"۔ "جَمَزیٰ" سے "جَمَزِي"۔ "جُمادیٰ" سے "جُمادِي"۔ "مستشفیٰ" سے "مستَشفي"۔ "مصطفیٰ" سے "مُصطفي"۔ اور بعض نے واو سے بدل کر "مصطفوی" کہنا بھی جائز قرار دیا ہے۔

(٤) اسمِ منقوص کی طرف نسبت: یائے منقوص اگر تیسرے حرف کی جگہ ہو تو اس کو واو سے بدل دیں گے اور اس سے پہلے فتحہ لائیں گے، جیسے: "شجی" سے "شجوي"۔

اور اگر یائے منقوص چوتھے حرف کی جگہ ہو تو اس کو واو سے بدلنا اور حذف کرنا دونوں جائز ہے، جیسے: "قاضٍ" سے "قاضَوِي" اور "قاضِيّ"۔ لیکن حذف مختار ہے۔ (واو سے بدلنے کی صورت میں ماقبلِ واو مفتوح ہوگا)

اور اگر یائے منقوص پانچویں حرف یا اس سے زائد حرف کی جگہ ہو تو حذف واجب ہے، جیسے: "مُرتَجِی" سے "مُرتَجِيّ"۔ "مستعلِیٰ" سے "مستعلِيّ"۔

(۵) اسمِ محذوف البعض کی طرف نسبت: محذوف الفا اسمِ ثلاثی اگر صحیح اللام ہو تو نسبت میں حرفِ محذوف واپس نہ ہوگا، جیسے: "عِدَة" سے "عِدِيّ"۔ "زِنَة" سے "زِنِيّ"۔ اور اگر مذکورہ اسمِ ثلاثی معتل اللام ہو تو حرفِ محذوف کو واپس لانا اور عین کلمہ کو فتحہ دینا لازم ہے، جیسے: "شِيَة" سے "وِشَوِيّ"۔ "دِيَة" سے "وِدَوِيّ"۔ ان دونوں میں لام کلمہ کی جگہ جو یا تھی وہ واو سے بدل گئی ہے۔

محذوف اللام اسمِ ثلاثی کی طرف نسبت کرنے میں لام کلمہ واپس لاتے ہیں اور دوسرے حرف کو فتحہ دیتے ہیں۔ جیسے: "أَخٌ" سے "أَخَوِيّ"۔ "أَبٌ" سے "أَبَوِيّ"۔

اور اگر لام کلمہ کے عوض میں ہمزۂ وصل لایا گیا ہو تو نسبت میں ہمزہ حذف کر کے لام واپس لانا اور موجودہ حال برقرار رکھنا دونوں جائز ہے، جیسے: "ابن" سے "بنوي" اور "ابني"۔ "اسم" سے "سموي" اور "اسمي"۔

نوٹ: "بنت" اور "اخت" کی نسبت قیاس کے مطابق "بنوي" اور "اخوي" ہے، اور یونس کے نزدیک "بنتی" اور "اُختی" ہے۔

(۶) اس اسمِ ثلاثی کی طرف نسبت جس کا دوسرا حرف مکسور ہو: مذکورہ اسم کی نسبت میں تخفیف کے لیے دوسرے حرف کے کسرہ کو فتحہ سے بدل دیتے ہیں، جیسے: "نَمِر" سے "نَمَري"۔ "دُئِل" سے "دُؤَلِي"۔ "اِبِل" سے "اِبَلِيّ"۔ "مَلِك" سے "مَلَكِيٌّ"۔ "اِبِل" کی نسبت میں "اِبِلِي" (بکسرتین) بھی جائز ہے۔

(۷) اس اسم کی طرف نسبت جس کے آخری حرف سے پہلے یائے مشدّدہ مکسورہ ہو: مذکورہ اسم کی طرف نسبت میں تخفیف کے لیے یائے مکسورہ کو حذف کردیتے ہیں، جیسے: "طَيِّبٌ" سے "طَيْبِيّ"۔ "مَيِّت" سے "مَيْتِي"۔ "كَيِّس" سے "كَيْسِيّ"۔ "كُرَيِّم" سے "كُرَيْمِي"۔

(۸) اس اسم کی طرف نسبت جس کا آخر یائے مشدّدہ ہو: اس اسم میں اگر یائے مشدّدہ سے پہلے ایک حرف ہو تو پہلی یا کو فتحہ دے کر دوسری یا کو واو سے بدل دیتے ہیں، جیسے: "حَيٌّ" سے "حَيَوِي"۔ لیکن اگر پہلی یا کی اصل واو ہو تو اس کو بھی واو سے بدل دیتے ہیں، جیسے: "طَيٌّ" سے "طَوَوِي"۔

اور اگر یائے مشدّدہ سے پہلے دو حرف ہوں تو پہلی یا کو حذف کر کے اس کے ماقبل کو فتحہ دے دیتے ہیں اور دوسری یا کو واو کردیتے ہیں، جیسے: "عَلِيّ" سے "عَلَوِيّ"۔ "نبيّ" سے "نَبَوِي"۔ "قُصَيّ" سے "قُصَوِيّ"۔ "جُدَيّ" سے "جُدَوِيّ"۔

اور اگر یائے مشددہ سے پہلے دو سے زائد حروف ہوں تو یائے مشدّدہ کو حذف کرنا واجب ہے، جیسے: "كُرْسِيّ" سے "كُرْسِيّ" اور "شافِعِيّ" سے "شافِعِيٌّ"۔

فائدہ: صیغۂ منتہی الجموع کے آخر میں اگر یائے مشدّد برائے نسبت نہ ہو تو منتہی الجموع کے وزن پر ہونے کی وجہ سے غیر منصرف ہوگا، جیسے: "بَخاتی" (بُختی کی جمع) اور "کَراسی" (کرسی کی جمع)۔ پھر جب نسبت کی جائے گی تو یائے مشددہ کی جگہ پر یائے نسبت آئے گی اور منصرف ہو جائے گا۔ اب اگر اس وزن کے کسی اسم سے کسی مذکر کا نام رکھنے کے بعد نسبت ہو تو منصرف ہی رہے گا۔ لیکن اگر کسی مؤنث کا نام رکھ دیا جائے تو صیغۂ منتہی الجموع کے وزن پر ہونے کی وجہ سے تو غیر منصرف نہ ہوگا، مگر علمیت اور تانیث معنوی کی وجہ سے غیر منصرف ہوگا۔

(۹) تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت: تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنے کے لیے واحد کی طرف پھیرتے ہیں، جیسے: "زیدان" اور "زَيْدُوْن" سے "زَيْدِي"۔ "كُتُب" سے "كِتابي"۔ "اَخلاق" سے "خُلقي"۔ "فَرائض" سے "فرضي"۔ "سُوْد" سے "اَسْوَدی" یا "سَوْداوِي"[1]۔

---

(۱) "سُوْد"، "اُسْوَد" اور "سَوْداء" دونوں کی جمع ہے، اس لیے اسود کی جمع کی طرف نسبت کرتے وقت "اَسْوَدی" اور "سوداء" کی جمع کی طرف نسبت کرتے وقت "سَوداوی" کہا جائے گا۔

البتہ درج ذیل صورتوں میں موجودہ حالت کے اعتبار سے نسبت کرتے ہیں:

(۱) جس جمع کا واحد نہ ہو، جیسے: "أبابِيل" اور "تجاليد" سے "أبابِيلي" اور "تجالِيدِي"۔

(۲) اسمِ جمع، جیسے: "قَوْم" سے "قَوْمِي"۔ "مَعْشَر" سے "مَعْشَرِي"۔ "جَيْش" سے "جَيْشِي"۔

(۳) وہ اسمِ جنس جس کے واحد اور جمع کے درمیان "تا" سے فرق کرتے ہیں، جیسے: "تَمْر" سے "تَمْرِي"۔ ("تَمْر" کا معنی کھجور، ایک ہو یا زیادہ۔ اور "تَمْرَة" کا معنی ایک کھجور)

فائدہ: مُلْحقاتِ تثنیہ وجمع کا حال تثنیہ اور جمع کی طرح ہے، لہٰذا "اِثْنان" اور "عِشْرِيْن" کی نسبت میں "اِثْنِي" یا "ثِنَوِي" اور "عَشَرِي" کہا جائے گا۔

فائدہ: جمع تکسیر اگر عَلَم ہو جائے یا عَلَم کے درجہ میں ہو جائے تو علی لفظہ نسبت کرتے ہیں، جیسے: "أنْمار" سے "أنْمارِي"۔ "أوْزاع" سے "أوْزاعِي"۔ "أنْصار" سے "أنْصارِي"۔

(۱۰) عَلَم مرکب کی طرف نسبت: مرکب مزجی اور مرکب تام اگر عَلَم ہوں تو اُن کے جزو اول کی طرف نسبت کرتے ہیں، جیسے: "مَعْدِيكَرِب" سے "مَعْدِي"۔ "تَأبَّطَ شَرًّا" سے "تَأبَّطِيّ"۔ "جادَ الحقّ" سے "جادِي"۔ اور مرکب اضافی اگر ایسا علم ہو جس میں لفظِ "أب" یا "اِبن" یا "أُم" مضاف ہو تو مضاف الیہ کی طرف نسبت کرتے ہیں، جیسے: "أبُو بكر" سے "بَكْرِي"۔ "ابن عبّاس" سے "عَبّاسِيّ"۔ "أُمّ كلثوم" سے "كلثوميّ"۔ ورنہ مضاف یا مضاف الیہ میں سے اس کی طرف نسبت کرتے ہیں جس کی طرف نسبت میں التباس نہ ہو، لہٰذا "عبد مناف" سے "مُنافِي"۔ "عبد المطلب" سے "مُطَّلِبِيّ"۔ اور "اِمرؤ القيس" سے "اِمْرِئِي"۔ "مُلاعِبُ الأسِنَّة" سے "مُلاعِبِيّ" کہتے ہیں۔

(۱۱) [الف] "فَعِيْلَة" کی طرف نسبت: اس وزن کا اسم اگر معتل عین اور مضاعف نہ ہو تو "فَعَلِي" کے وزن پر نسبت لاتے ہیں (یعنی عین کلمہ کو فتحہ دے کر یا کو حذف کر دیتے ہیں) جیسے: "حَنِيفَة" سے "حَنَفِي"۔ "صَحِيفَة" سے "صَحَفِيّ"۔ اور اگر معتلِ عین یا مضاعف ہو تو موجودہ حال پر باقی رکھتے ہیں، جیسے: "طَوِيلَة" سے "طَوِيلِيّ"۔ "جَلِيلَة" سے "جَلِيلِي"۔

[ب] "فُعَيْلَة" کی طرف نسبت: اس وزن کا اسم اگر مضاعف نہ ہو تو یا حذف کر کے "فُعَلِي" کے وزن پر نسبت لاتے ہیں، جیسے: "جُهَيْنَة" سے "جُهَنِي"۔ "مُزَيْنَة" سے "مُزَنِي"۔ اور اگر مضاعف ہو تو موجودہ حال کے اعتبار سے نسبت لاتے ہیں، جیسے: "أُمَيْمَة" سے "أُمَيْمِي"۔ "حُمَيْمَة" سے "حُمَيْمِي"۔

[ج] "فَعِيْل" اور "فُعَيْل" کی طرف نسبت: "فَعِيْل" اور "فُعَيْل" اگر معتل اللام ہوں تو ان کی نسبت "فَعَلِي" اور "فُعَلِي" کے وزن پر لاتے ہیں، جیسے: "عَلِيّ" سے "عَلَوِي"۔ "قُصَيّ" سے "قُصَوِي"۔ اور اگر صحیح اللام ہوں تو موجودہ حال کے اعتبار سے نسبت لاتے ہیں، جیسے: "كَرِيم" سے "كَرِيمِي"۔ "عُقَيْل" سے "عُقَيْلِي"۔ "أُوَيْس" سے "أُوَيْسِي"۔

(۱۲)دو حرف پر مشتمل اسم کی طرف نسبت: مذکورہ اسم کا دوسرا حرف اگر حرفِ صحیح ہوتو نسبت میں اس کی تضعیف اور عدمِ تضعیف دونوں جائز ہے، جیسے: "كَمْ" سے "كَمِّيٌّ" اور "كَمِيٌّ"۔اور اگر دوسرا حرف واو ہو تو تضعیف اور ادغام واجب ہے، جیسے: "لَوْ" سے "لَوِّيٌّ"۔اور اگر دوسرا حرف الف ہوتو نسبت میں ہمزہ زائد کرتے ہیں، جیسے: "لا" سے "لائي"۔اور یہ بھی جائز ہے کہ اس ہمزہ کو واو سے بدل کر "لاوِيّ" کردیا جائے۔اور اگر یا ہوتو تضعیف کے بعد اس کو فتحہ دینا اور دوسری یا کو واو کرنا واجب ہے، جیسے: "كَيْ" سے "كَيَوِيّ"۔

نسبت کے شواذ: مذکورہ بالا اصول کے خلاف جو نسبت ہو اس کا شمار نسبت کے شواذ سے ہوتا ہے۔مثلا(۱) اسم کے آخر میں الف نون زیادہ کر کے نسبت کرنا، جیسے "رَقَبَة" سے "رَقَباني"۔ "شَعْر" سے "شَعراني"۔ "فَوْق" سے "فَوْقاني"۔ "تحت" سے "تَحتاني"۔(۲) آخرِ اسم میں ''زا'' زیادہ کر کے نسبت کرنا، جیسے: "مَرْو" سے "مَرْوَزِي"۔(۳) شروع کے حرف کو فتحہ یا ضمہ دینا، جیسے: "أُمَيَّة" سے "أَمَوِي"۔ "دَهْر" سے "دُهْرِي"۔(۴) الف حذف کر دینا، جیسے: "بادِيَة" سے "بَدَوِي"۔(۵) الف اور ہمزہ حذف کر دینا، جیسے: "حَرُوْراء" سے "حَرُورِي"[1]۔

(۱) ذیل میں بعض اسماء کی فہرست دی جارہی ہے جو قواعدِ نسبت کے برخلاف ہیں۔

اسماء	خلافِ قیاس نسبت	اسماء	خلافِ قیاس نسبت	اسماء	خلافِ قیاس نسبت
أَنف كبير	أُنافِيّ	أُمَيَّة	أُمَوِيّ	بادِيَة	بَدَوِي
البَحْرَين	بَحْرانِيّ	بَهْراء	بَهْرانِيّ	تِهامة	تِهامي يا تَهامٍ
تَيمُ اللّات	تَيمُلِيّ	ثَقِيف	ثَقَفِيّ	جُذَيْمة	جذمي
جَلولاء	جَلُوْلِيّ	حَرُوْراء	حَرُوْرِيّ	الحَرَمَيْن(مكة والمدينة)	حِرَمِيّ
حَضْرَمَوْت	حَضْرَمِيّ	خُزَيْنَة	خُزَنِيّ	دَهْر	دُهْرِيّ
دَيْر	دَيْرانِيّ	رَبّ	رَبّاني	رَقَبَة عظيمة	رَقَبانِيّ
رامُهُرْمُز	رامِيّ	رُدَيْنَة	رُدَنِيّ	رُوْح	رُوْحانِيّ
رَوْحاء	رَوْحانِيّ	الرَّيّ	رازِيّ	رباب	رُبِّي
سَلِيْقَة	سَلِيْقِي	سُلَيْمَة الازد	سُلَيْمِيّ	سُلَيْم	سُلَمِيّ
شَعْر كبير	شَعْرانِيّ	صَدْر كبير	صَدْرانِيّ	صَنْعاء	صَنعانِيّ
طَبِيْعَة	طَبِيْعِيّ	طَيّ	طائِيّ	عُمَيْرة كلب	عُمَيْرِيّ
بنو عُبَيدة	عَبَدِي	عبد شمس	عبشَمِيّ	عبد الدار	عَبْدَرِيّ
عبد قيس	عَبْقَسِيّ	عبد الله	عَبْدَلِيّ	فُقَيْم كنانة	فُقَمِيّ
الفَراهيد	فُرْهودي	قُوَيم	قُوَمي	قُرَيْش	قُرَشِيّ
لحية عظيمة	لِحْياني	مُلَيْح خزاعة	مُلَحي	امرؤ القيس	مرقسِيّ
هَجَر	هاجِرِيّ	هُذَيْل	هُذَلي	الانباط	نُباطِيّ يا نباطٍ
ناصرة	نَصْراني	اليَمَن	يَماني		

فائدہ: کبھی نسبت کا معنی "فاعِل"، "فَعّال" اور "فَعِل" سے بھی حاصل کرلیا جاتا ہے، یوں ہی کبھی اسم سے پہلے "ذُو" لگا کر بھی نسبت کا معنی حاصل کرلیا جاتا ہے، جیسے: "تامِر"، "لابِن"۔ "تَمّار"، "لَبّان"۔ "طَعِم"، "لَبِن"۔ "ذو تمر"، "ذو لبن"۔ اور "مِفْعال" اور "مِفْعِيْل" کے وزن سے معنی نسبت کا حصول شاذ ہے، جیسے: "مِعْطار" [عطر والا] "مِخْضِيْر" [دوڑ والا]

مشقی سوالات: (۱) آنے والے اسماء سے اسمِ منسوب بناؤ: صَيِف، مَكَّة، بَكْر، حَمْزَة، عاتِكَة، سِقاء، صَفْراء، دُبّاء، رَحا، دُنيا، مُرْتَضىٰ، ماء، مُسْتَنجِي، صِفَة، حَمٌ، دَمٌ، جَرِيْدَة، عُرَيْنَة۔ (۲) آنے والے اسمائے منسوبہ سے نسبت ختم کرو: مَكّي، رَضَوِيّ، نَبَوِيّ، ذُهَلِيّ، حُمْرِيّ، عَبّاسِيّ، مُرتضيّ، صفراوي، عصوي، مَدِينيّ، حَنَفيّ، شافِعِيّ۔ (۳) "فَعِيْل"، "فُعَيْل" اور "فُعَيْلَة" کی طرف نسبت کرنے میں کیا تبدیلی ہوتی ہے؟

درس(۱۷) ﴿ وقف کا بیان ﴾

وقف: وقف کا لغوی معنی ٹھیرنا ہے، اور اصطلاحِ صرف میں کسی کلمہ کے آخر میں ٹھیر جانا اور اس کو بعد والے کلمہ کے ساتھ نہ جوڑنا وقف کہلاتا ہے۔

مقاصدِ وقف: تین ہیں (۱) کلام مکمل ہو جانا (۲) شعر میں نظم تمام ہو جانا (۳) نثر میں سجع تمام ہو جانا۔

وقف کی صورتیں: گیارہ ہیں: (۱) وقف بالاسکان المجرّد (۲) وقف بالروم (''روم'' کے ساتھ وقف کرنا) (۳) وقف بالاشمام (اِشمام کے ساتھ وقف کرنا) (۴) تنوین کو الف سے بدل کر وقف کرنا (۵) تائے تانیث کو ہا سے بدل کر وقف کرنا (۶) الف زائد کر کے وقف کرنا (۷) ہائے سکت بڑھا کر وقف کرنا (۸) یا کو حذف کر کے وقف کرنا (۹) ہمزہ کو حرفِ علّت سے بدل کر وقف کرنا (۱۰) تضعیف کر کے (تکرارِ حرف کے ساتھ) وقف کرنا (۱۱) نقلِ حرکت کر کے وقف کرنا۔

(۱) وقف بالاسکان المجرد: آخری حرفِ متحرّک پر روم واشمام کے بغیر وقف کرنا۔

فائدہ: یہ وقف کثیر ہے، اور ہر حرفِ متحرّک پر ہوتا ہے، کلمہ خواہ مبنی ہو یا معرب، منوّن ہو یا غیر منوّن۔

(۲) وقف بالروم: یہ ہے کہ حرفِ موقوف علیہ کی حرکت کی ہلکی سی آواز پیدا ہو۔ وقف بالروم حرفِ مضموم یا مکسور پر ہوتا ہے۔ بیشتر لوگوں کے نزدیک حرفِ مفتوح پر وقف بالروم ممنوع ہے، کیوں کہ فتحہ خفیف حرکت ہے اس لیے وہ مکمّل فتحہ کی آواز میں ادا ہو جائے گا، علاوہ ازیں حرفِ مفتوح پر وقف بالروم جماہی کی مشابہت کے باعث چہرہ کی بدنمائی کا باعث ہوگا۔

(۳) وقف بالاشمام: یہ ہے کہ حرفِ مضموم کو ساکن پڑھنے کے بعد دونوں ہونٹوں کی حرکت سے بغیر آواز پیدا کیے ضمّہ کی طرف اشارہ کیا جائے۔

تنبیہ: وقف بالروم اور وقف بالاشمام درج ذیل صورتوں میں اکثر علما کے نزدیک درست نہیں:

- حالتِ وقف میں ہا سے تبدیل ہو جانے والی تائے تانیث میں روم واشمام نہیں ہوتا، کیوں کہ ان دونوں کا مقصود حرفِ موقوف علیہ کی اُس حرکت کا بیان ہوتا ہے جو حالتِ وصل میں ہوتی، اور یہاں چوں کہ ''تا'' ''ہا'' سے بدل گئی، لہٰذا اس پر کوئی

حرکت حالتِ وصل میں ہوئی ہی نہیں، جیسے: "رَحْمَةَ"۔ البتہ اگر تاے تانیث ہا سے نہ بدلے تو اس میں بھی روم واشمام درست ہے۔

❁ "میم جمع" میں بھی روم واشمام نہیں ہوتا ہے، جیسے: "لَكُمْ" "اِلَيْكُم"۔

❁ عارضی حرکت پر روم واشمام نہیں ہوتا ہے، جیسے: ﴿قُلِ ادْعُوْ اللهَ﴾ کے لام میں روم جائز نہیں۔

(٤) تنوین کو الف سے بدل کر وقف کرنا: یہ وقف اسمِ منوّن منصوب میں ہوتا ہے، جیسے: ﴿سَلاسِلا وأغلالا﴾ یوں ہی لفظ "اِذَنْ" کے نون اور نونِ تاکید خفیفہ کو بھی الف سے بدل کر وقف کرتے ہیں، جیسے: "اِضْرِبَنْ" سے "اِضْرِبا"۔

نوٹ: قبیلۂ ازد کے لوگ اسمِ منوّن مرفوع کے نون کو واو سے بدل کر اور اسمِ منوّن مجرور کے نون کو یا سے بدل کر وقف کرتے ہیں، جیسے: "جاءَ زَيْدُوْ" "قُلْتُ لِزَيْدِي"۔ لیکن فصیح لغت میں ان حالتوں میں حذفِ نون کے بعد وقف بالاسکان کرتے ہیں، جیسے: "جاءَ زَيْدْ"۔

(٥) تاے تانیثِ اسمیہ کو ہا سے بدل کر وقف کرنا: یہ وقف اس صورت میں جائز ہے جب تاے تانیث سے پہلے ساکن حرفِ صحیح نہ ہو، جیسے: "رَحْمَهْ"۔ کبھی لفظِ "هَيْهات" کی "تا" کو بھی تاے تانیث سے تشبیہ دے کر اس کو بھی ہا سے بدل کر وقف کرتے ہیں۔

نوٹ: جمع مؤنث سالم اور "أُولات" میں یہ وقف ضعیف ہے۔ جیسے: "كَيْفَ الاِخْوَةُ والأَخَواهْ" [بھائی بہن کیسے ہیں]۔ "كانَ دَفْنُ البناهْ مِنَ المَكْرُماهْ" [لڑکیوں کا دفن (دورِ جاہلیت میں) قابلِ فخر کارنامہ تھا]

(٦) الف زائد کر کے وقف کرنا: یہ وقف ضمیرِ متکلم (انا) میں ہوتا ہے، کیوں کہ اس کی اصل "اَنَ" ہے، لیکن کوفیوں کے نزدیک اصل کلمہ الف کے ساتھ "اَنا" ہے۔

(٧) ہاے سکت لاحق کر کے وقف کرنا: "ہاے سکت" وہ "ہا" ہے جو حرکت یا حرفِ مدّ کے بیان کے لیے آخر میں لاحق کی جاتی ہے اور اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ حالتِ وقف میں حرکت برقرار رہے۔

فائدہ: ہاے سکت کا الحاق درج ذیل صورت میں واجب ہے:

(ا) جب کوئی کلمہ ایک ہی حرف پر باقی ہو اور اپنے ماقبل کے جز کی طرح نہ ہو اس طور پر کہ یا تو اس سے پہلے کوئی لفظ نہ ہو، جیسے: "قِهْ"، "عِهْ" یا کوئی لفظ تو ہو مگر یہ ایک حرفی کلمہ اس لفظ کے جز کی طرح نہ ہو، مثلاً: جب "ما" استفہامیہ کا الف گر جائے، صرف "مَ" باقی رہے اور اس کی جانب کوئی اسم مضاف ہو تو "مَ" اس کے جز کی طرح نہ ہوگا اور اس کے آخر میں ہائے سکت کا الحاق واجب ہوگا۔ کہا جائے گا: مِثْلَ مَهْ أَنْت؟۔ مَجِيءَ مَهْ جِئْتَ؟(1)

---

(1) بعض لوگوں نے اُس صورت میں بھی ہاے سکت کے وجوب کا قول کیا ہے جب کوئی کلمہ دو حرف پر باقی ہو اور ان میں ایک زائد ہو، جیسے: "لَمْ يَقِهْ"، "لَمْ يَعِهْ"، لیکن یہ صحیح نہیں ہے کیوں کہ قرآن پاک میں "لَمْ تَرَ"۔ "لَمْ اَكُ" بغیر ہاے سکت کے آیا ہے۔

ہائے سکت کا الحاق بطور جواز دو جگہوں پر ہے:

پہلی جگہ: ہر وہ متحرک جس کی حرکت اعرابی نہ ہو اور نہ ہی حرکتِ اعرابی کے مشابہ ہو[۱] اور نہ ہی وہ ایسا ہو جہاں ہائے سکت کا الحاق واجب ہو، جیسے: "لَمْ يَخْشَ"، "لَمْ يَرْمِ" اور "لَمْ يَغْزُ" میں "لَمْ يَخْشَهْ"، "لَمْ يَرْمِهْ" "لَمْ يَغْزُهْ" کرنا جائز ہے، اور جیسے: "غُلَامِيَ"، "عَلَامَ"، "حتى مَ" اور "إِلامَ" میں ہائے سکت لاحق کرکے "غُلَامِيَهْ"، "عَلامَهْ"، "حتى مَهْ" اور "إِلَا مَهْ" کہنا جائز ہے۔ ("ما" استفہامیہ پر حرف جر داخل ہونے کی صورت میں ہائے سکت کا الحاق راجح ہے)

اعتراض: "مِثْلَ مَه" میں "مَ" کو "مثل" کے جز کی طرح نہیں مانا گیا ہے، تو اسی طرح "غُلَامِي" میں یائے متکلم مضاف کا جز نہیں ہے یوں ہی "ما" استفہامیہ بھی حروف جارہ کا جز نہیں تو پھر "مِثْلَ مَه" کی طرح یہاں ہائے سکت کا الحاق واجب کیوں نہیں؟

جواب: چوں کہ حروفِ جر مستقل بالمعنی نہیں ہوتے، لہٰذا انھیں بعد والے اسم کے ساتھ ایک جز کی طرح مانا گیا، بر خلاف مضاف کے، کیوں کہ وہ مستقل بالمعنی ہے۔

دوسری جگہ: کلمہ کے آخر میں اگر ایسا الف ہو جس کا بیان کرنا مقصود ہو تو وہاں بھی ہائے سکت کا الحاق جائز ہوتا ہے، جیسے: "يا رَبَّاهْ"، "ههناه"۔ "هولاهْ"[۲]

(۸) "یا" حذف کرکے وقف کرنا: یہ وقف اسمِ منقوص میں بحالتِ رفع وجر ہوتا ہے، جیسے: "جاءَ ني القاضْ" "جاءَ ني قاضْ"، "مَرَرْتُ بالقاضْ"، "مَرَرْتُ بقاضْ"۔

توضیح: "یا" اگر ملفوظ ہو، جیسے: "القاضي" تو اکثر کے نزدیک وقف میں بھی باقی رہے گی، اور بعض کے نزدیک وقف میں حذف ہوگی۔ اور اگر "یا" ملفوظ نہ ہو، جیسے: "قاضْ" تو اکثر کے نزدیک وقف میں بھی حذف ہوگی، اور بعض کے نزدیک باقی رہے گی۔

مذکورہ تفصیلات حالتِ رفع وجر میں ہیں اور حالتِ نصب میں اسمِ منقوص، اسمِ صحیح کی طرح ہے، یعنی اگر غیر منون ہو تو وقف میں "یا" ساکن ہوگی، جیسے: "رَأَيْتُ القاضِيْ"۔ اور اگر منوّن ہو تو تنوین الف سے بدل جائے گی، جیسے: "رَأَيْتُ قاضِيا"۔

فائدہ: بعض لوگ "غلامِيْ" کے مثل میں بھی "یا" کو حذف کرتے ہیں، البتہ اکثر کے نزدیک وقف میں "یا" باقی رہتی ہے۔

فائدہ: فواصل اور قوافی کی رعایت میں معتل لام میں واو اور یا کا اثبات اور حذف دونوں فصیح ہے، جیسے: "لَمْ يَغْزُوَلَمْ يَرْمْ" میں "لَمْ يَغْزُوْ وَلَمْ يَرْمِيْ" کہنا اور "زَيدٌ يَغْزُوْ وَيَرمي" میں "زَيدٌ يَغْزُ وَيَرْمْ" کہنا صحیح ہے، البتہ واحد

---

(۱) حرکتِ اعرابی کے مشابہ سے مراد ماضی کی حرکت ہے، کیوں کہ مضارع سے تشبیہ کی بنا پر فعل ماضی حرکت پر مبنی ہوا ہے، یوں ہی اس سے مراد منادی مفرد معرفہ اور لائے نفی جنس کے اسم کی حرکت ہے، کیوں کہ ان کی حرکت بھی عامل سے مشابہ (حرف ندا یا لائے نفی جنس) داخل ہونے کی وجہ سے ہے]

(۲) "هولا" اگر قصر کے ساتھ ہو تو اسی صورت میں داخل ہے، اور اگر مد کے ساتھ "هولاء" ہو تو پہلی صورت میں داخل ہوگا اور "هولائِهْ" کہا جائے گا۔ لیکن اس میں یہ شرط ہے کہ الحاق کے سبب مضاف سے اشتباہ نہ ہو، کیوں کہ اشتباہ ہونے پر الحاق جائز نہیں ہے، لہٰذا "حُبلی" میں "حُبلاهْ" نہیں کہا جائے گا۔

مؤنث حاضر میں "یا" کا حذف اور جمع مذکر میں "واؤ" کا حذف قلیل ہے۔

(۹) ہمزہ کو حرف علت سے بدل کر وقف کرنا: اگر کسی کلمہ کا آخری حرف ہمزہ ہو تو بعض عرب ہمزہ کو اس کی حرکت کے موافق حرفِ علت سے بدل کر وقف کرتے ہیں، اب اگر ہمزہ سے پہلے والا حرف مفتوح ہو تو اس حرف کا فتحہ باقی رکھتے ہیں، جیسے: هذا الكَلَوْ"، "رَأَيْتُ الكَلا"، "مَرَرْتُ بالكَلَيْ"۔ اور اگر ہمزہ سے پہلے والا حرف ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت ماقبل کو نقل کر دیتے ہیں، جیسے: "هذا الخَبُوْ"، "رَأَيْتُ الخَبَا"، "مررتُ بالخَبِيْ" اور جیسے: "هذا البُطُوْ"، "رَأَيْتُ البُطا"، "مررتُ بالبُطِي"۔ اور جیسے: "هذا الرِّدُوْ"، "رَأَيْتُ الرِّدا"، "مررتُ بالرِّدِيْ"۔

(۱۰) تضعیف کے ساتھ (حرف کو مکرر کر کے) وقف قلیل ہے جیسے "جَعْفَرّ"۔ اس وقف کے لیے درج ذیل شرطیں ہیں:

(۱) حرفِ موقوف علیہ متحرک ہو (۲) صحیح ہو، لہذا "راعی" اور "یغزو" میں یہ وقف صحیح نہیں (۳) ہمزہ نہ ہو، لہذا "رشاء" میں یہ وقف صحیح نہیں (۴) اس سے پہلے حرفِ متحرک ہو، لہذا "زید" میں یہ وقف صحیح نہیں۔

(۱۱) نقلِ حرکت کر کے وقف کرنا: یہ وقف بھی قلیل ہے، اس کی صورت یہ ہے کہ حرفِ موقوف علیہ کی حرکت ماقبل کو دے کر وقف کیا جائے، جیسے: "هذا بَكُرْ" اور جیسے: ایک قراءت میں ﴿وتواصَوا بالصَّبِر﴾ آیا ہے۔ اس وقف کے لیے درج ذیل شرطیں ہیں:

(۱) حرفِ موقوف علیہ سے پہلے والا حرف ایسا ساکن ہو جس کو حرکت دینا متعذر یا ثقیل نہ ہو، لہذا [۱] جَعْفَر [۲] اِنْسان [۳] يَشُدُّ [۴] يَقُوْل" اور [۵] يَبِيْع" میں نقلِ حرکت سے وقف صحیح نہیں، کیوں کہ اول میں حرف موقوف علیہ کا ماقبل ساکن نہیں، دوم اور سوم میں ماقبل کو حرکت دینا متعذر رہے، اس لیے کہ الف حرکت قبول نہیں کرتا، اسی طرح حرفِ مدغم ("يَشُدُّ" کی پہلی دال) بھی قابلِ حرکت نہیں۔ اور چہارم اور پنجم میں حرکت دینا ثقیل ہے، کیوں کہ ضمہ کے بعد ضمہ یا کسرہ کے بعد ضمہ ثقیل ہے۔

(۲) حرفِ موقوف علیہ مفتوح نہ ہو، لہذا "رَأَيْتُ البَكَرْ" صحیح نہیں (۳) نقلِ حرکت کرنے سے "فِعُل" اور "فُعِل" کا وزن نہ حاصل ہو، لہذا "هذا الحِبُرْ" اور "مِنَ القُفِلْ" کہنا صحیح نہیں، کیوں کہ اول میں "فِعُل" اور دوم میں "فُعِل" کا وزن پیدا ہو گیا ہے۔

نوٹ: آخری دو شرطیں غیرِ مہموز سے خاص ہیں [لانهم يغتفرون في الهمزة ما لا يغتفرون في غيرها]

مشقی سوالات: (۱) وقف بالاسکان المجرد کہاں ہوتا ہے؟ (۲) وقف بالروم کیا ہے؟ اور یہ حرف مفتوح پر کیوں نہیں ہوتا؟ (۳) حرفِ مفتوح یا مکسور پر وقف بالاشمام ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اور کیوں؟ (۴) ہا سے تبدیل ہو جانے والی تائے تانیث پر وقف بالروم اور وقف بالاشمام کیوں نہیں ہو سکتا؟ (۵) یا کو حذف کر کے کس اسم پر وقف کیا جاتا ہے؟ (۶) تضعیف کے ساتھ وقف کی کیا شرطیں ہیں؟

الفاظ کے معانی: كَلَأٌ: گھاس۔ خَبْءٌ: چھپی چیز۔ بُطْأٌ: دیر۔ رِدْءٌ: مدد، مددگار۔

درس(۱۸) ﴿اجتماعِ ساکنین﴾

درج ذیل صورتوں میں اجتماعِ ساکنیں صحیح ہے:

(۱) حالتِ وقف میں مطلقاً اجتماعِ ساکنین درست ہے، جیسے: "عالمِیْنْ" - "رَحِیْمْ" - "النَّاسْ"۔

(۲) حرفِ لین کے بعد حرفِ مدغم اگر ایک کلمہ میں واقع ہو تو اُن دونوں حرفوں پر اجتماعِ ساکنین درست ہے، جیسے: "خُوَیْصَّة"، "الضالّیْن" اور "تُمُوْدَّ الثوبُ"۔ البتہ اگر حرفِ لین ایک کلمہ میں اور حرفِ مدغم دوسرے کلمہ میں ہو تو اجتماعِ ساکنین درست نہیں ہے، بلکہ پہلے ساکن کو حذف کر دیا جائے گا (اس کا بیان آ رہا ہے)

نوٹ: مذکورہ بالا صورت میں حالتِ وقف میں تین ساکنوں کا اجتماع بھی درست ہے، جیسے: "دَوَابّْ"۔

(۳) وہ اسما جو حالتِ ترکیب میں نہ ہونے کی وجہ سے مبنی ہوں ان میں حالتِ وقف و وصل دونوں میں اجتماعِ ساکنین درست ہے، جیسے اسمائے حروف "لامْ"، "مِیْمْ"، "نُوْنْ"، "شِیْنْ" وغیرہ۔ اور جیسے: "دَارْ"، "زَیْدْ" وغیرہ۔ جب کہ غیر کے ساتھ مرکب نہ ہوں بلکہ تعداد مقصود ہو۔

(۴) ہمزۂ وصل مفتوحہ سے شروع ہونے والے کلمہ پر اگر ہمزۂ استفہام آ جائے تو بھی اجتماعِ ساکنین درست ہے اور اس کی دو صورت ہے، پہلی صورت یہ ہے کہ معرّف باللام پر ہمزۂ استفہام آئے، جیسے: "آلْحَسَن"، "ءَ الْآن"، "ءَ الذّاکرین"۔ دوسری صورت یہ ہے کہ لفظِ "اَیْمُنُ اللّٰہ" یا "اَیْمُ اللّٰہ" پر ہمزۂ استفہام آئے، جیسے: "آیْمُنُ اللّٰہ"۔ "آیم اللّٰہ"۔

نوٹ: مذکورہ بالا دونوں صورتوں میں ہمزۂ وصل کو اس لیے حذف نہیں کرتے کہ خبر اور استفہام میں امتیاز رہے، البتہ ہمزۂ وصل کو الف سے تبدیل کر دیتے ہیں۔

(۵) "لاھا اللّٰہ" اور "اِیْ اللّٰہ" میں بھی اجتماعِ ساکنین جائز ہے، اور اس صورت میں یہ بھی اختیار ہے کہ "لاھا" کا الف "اِیْ" کی یا کو حذف کر کے "لاہَ اللّٰہ" اور "اِاللّٰہ" کہا جائے۔

نوٹ: ان دونوں مثالوں میں حرفِ لین کے بعد حرفِ مشدّد اگرچہ دوسرے کلمہ میں ہے، مگر پہلی مثال میں ہائے تنبیہ اس واوِ قسم کے عوض میں ہے جو کلمہ کے جز کے درجہ میں ہے، اس لیے اجتماعِ ساکنین درست ہوا، اور دوسری مثال میں اس لیے اجتماعِ ساکنین درست ہوا، کہ کلمۂ جلالت کے ہمزہ کو کسرہ دینا ناگوار سمجھتے ہیں۔

(۶) نونِ تاکید ثقیلہ سے پہلے اگر الفِ تثنیہ ہو تو اجتماعِ ساکنین کرتے ہیں، جیسے: "یَضْرِبانّ"۔ یوں ہی نونِ جمع مؤنث کے بعد الفِ فاصل اور نونِ ثقیلہ کے درمیان اجتماعِ ساکنین کرتے ہیں، جیسے: "یَضْرِبْنانّ"۔

مذکورہ صورتوں کے علاوہ اجتماعِ ساکنین ہونے پر درج ذیل طریقہ اختیار کرتے ہیں:

(۱) اگر پہلا حرف ساکن مدّہ ہو تو تلفظ اور کتابت میں اس کو حذف کر دیتے ہیں، خواہ ایک کلمہ میں ہو، جیسے: "خَفْ"،

"قُلْ"، "بِعْ"۔ یا ایسے دوکلموں میں ہوں جن میں دوسرا پہلے کے جز کی طرح ہو، جیسے: "تَخْشَيْنَ" (۱)"اُغْزُوا" (۲) "اِرْمِي"۔ یا ایسے دوکلموں میں ہو جن میں دوسرا پہلے کے جز کی طرح نہ ہو، جیسے: "اُغْزُنَّ"، "اِرْمِنَّ"۔ اور جیسے: "يَغْزُو الجَيْشُ"، "يَخْشَا القومُ"، "يَرْمِيْ الغَرَضَ"۔ اور جیسے: "رَكعتا الفجر خير من الدنيا وما فيها"۔ ﴿اَطِيْعُوْا اللهَ وَاَطِيْعُوْا الرَّسُوْلَ وَاُولِيْ الاَمْرِ مِنْكُمْ﴾ (اس تیسری صورت میں حرفِ اول کو صرف تلفظ میں حذف کرتے ہیں اور کتابت میں برقرار رکھتے ہیں)

تنبیہ: نونِ تاکید ثقیلہ اگر اس الف کے بعد آئے جو یا سے بدلا ہوا ہو تو اس الف کو یا سے تبدیل کردیتے ہیں، جیسے: "هَلْ تَخْشَيِنَّ"۔ اور اگر نونِ ثقیلہ الفِ تثنیہ کے بعد آئے تو الف باقی رکھتے ہیں، جیسے: "اِضْرِبانِّ"۔

اعتراض: "خَفْ" میں اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے حذف شدہ الف "خافا" میں واپس آگیا ہے تو "خَفِ اللّٰه"، "اِخْشَوُ اللّٰهَ"، "اِخْشَيِ اللّٰه"، "اِخْشَوُنَّ" اور "اِخْشَيِنَّ" میں کیوں واپس نہیں ہوا؟

جواب: مذکورہ بالا مثالوں میں چوں کہ حرکت عارضی ہے، اس لیے اس کا لحاظ نہیں کیا گیا، کیوں کہ یہ حرکت پہلے کلمہ کو دوسرے کلمہ سے ملانے کے لیے لائی گئی ہے۔

اعتراض: "خافا" میں ضمیر تثنیہ اور "خافَنَّ" میں نونِ تاکید بھی الگ کلمہ ہیں، تو ان سے پہلے لائی گئی حرکت کو عارضی کیوں نہیں مانا گیا؟

جواب: ضمیرِ تثنیہ چوں کہ کلمہ سے متصل رہتی ہے، اس لیے اس کو کلمہ کے جز کی طرح مانتے ہیں۔ اور نونِ تاکید جب ضمیرِ مستتر کے ساتھ ہو تو اس کو ضمیرِ متصل کے درجہ میں رکھتے ہیں، لہٰذا ان دونوں سے پہلے کی حرکت عارضی نہیں ہے، بلکہ اصلی حرکت کی طرح ہے، خلاصۂ کلام یہ ہے کہ ضمیرِ متصل اور ضمیرِ مستتر سے ملے ہوئے نونِ تاکید سے پہلے کی حرکت اصلی حرکت کی طرح ہے اور ضمیرِ منفصل اور ضمیرِ بارز سے ملے ہوئے نونِ تاکید سے پہلے کی حرکت عارضی ہے جو دوسرے کلمہ کو پہلے کلمہ سے جوڑنے کے لیے ہے۔

(۲) اگر پہلا ساکن مدہ نہ ہو تو اس پہلے ساکن کو حرکت دیں گے، جیسے: "اِذْهَبِ اذْهَبْ"، "لَمْ اُبَلِهْ"(۳)، "الٓمٓ اللّٰه"۔ "اِخْشَوُ اللّٰه"، "اِخْشَيِ اللّٰهَ" اور "اِخْشَوُنَّ"۔

فائدہ: اگر کسی ایسی غرض کے لیے پہلے حرف کو ساکن کیا گیا ہو کہ متحرک کرنے سے وہ غرض ہی ختم ہوجائے (مثلا

---

(۱) فعلِ مضارع واحد مؤنث حاضر کا صیغہ ہے، اصل میں "تَخْشَيِيْنَ" تھا، یا متحرک ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف ہوگئی، پھر اجتماعِ ساکنین سے الف گر گیا "تَخْشَيْنَ" ہوا، یہاں جمع مؤنث کا صیغہ "تَخْشَيْنَ" مراد نہیں، کیوں کہ وہ اپنی اصل پر ہے۔

(۲) فعل امر جمع مذکر حاضر کا صیغہ ہے، اصل میں "اُغْزُوُوْا" تھا، واو کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے حذف کردیا گیا، پھر واو بھی اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے حذف ہوگیا۔

(۳) اس کی اصل باب مفاعلت سے "اُبالِيُ" ہے۔ اس پر حرف جزم داخل ہوا تو یا حذف ہوگئی، لَمْ اُبالِ ہوا، پھر کثرت استعمال کے باعث مزید تخفیف ہوئی، وہ یہ کہ "ل" کو ساکن کردیا گیا، لَمْ اُبالْ ہوا، الف اجتماعِ ساکنین کی وجہ سے حذف ہوگیا، لَمْ اُبَلْ ہوا، آخر میں ہاے سکتہ بڑھائی گئی جیسے "لَم نَرَه"۔ ل اور ہاے سکتہ دو ساکن جمع ہوئے تو پہلے ساکن، لام کو کسرہ دے دیا گیا۔ لَمْ اُبَلِهْ ہوگیا۔ معنی: میں نے پروانہ کی۔

تخفیف یا ادغام کے لیے ہو) تو دوسرے ساکن کو حرکت دیتے ہیں، جیسے: "اِنطَلَقَ" ، "لَم یَلْدَہ" ، "رُدَّ" اور "لَمْ یَرُدَّ"۔

توضیح: "اِنطَلَقَ" کی اصل "اِنطَلِقْ" ہے پھر "طَلِقَ" کے لام کو "کَتِف" سے مشابہت کی وجہ سے ساکن کردیا گیا، اب اجتماعِ ساکنین ہوا تو اگر یہاں پہلے حرف کو حرکت دیں تو صحیح نہیں، کیوں کہ اگر اس کو کسرہ دیں تو وہ غرض فوت ہوجائے گی جس کے باعث اس کو ساکن کیا گیا ہے۔ اور یہاں "اِنطَلَقَ" میں دوسرے حرف کو فتحہ کی حرکت اس لیے دی گئی ہے کہ حروفِ متحرکہ میں فتحہ ہی اس حرف سے قریب تر ہے۔ اسی طرح "لَمْ یَلْدَہ" کو سمجھنا چاہیے۔ اور "رُدَّ" اصل میں "اُرْدُدْ" تھا، پہلے حرف کو دوسرے میں ادغام کرنے کے لیے پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے دی گئی اور دوسرے حرف کو حرکت دی گئی، کیوں کہ پہلے حرف کو حرکت دینے میں ادغام کا مقصود فوت ہوجائے گا۔ **نوٹ:** اہلِ حجاز اس طرح کے کلمات کو اصل کے مطابق "اُرْدُدْ" ہی پڑھتے ہیں، کیوں کہ ادغام کے لیے شرط ہے کہ دوسرا حرف ساکن نہ ہو اور بنو تمیم "رُدَّ" پڑھتے ہیں کیوں کہ دوسرے حرف کا سکون عارضی ہے]

فائدہ: قرآن مجید میں جو ﴿یَتَّقْہِ﴾ آیا ہے وہ مذکورہ بالا صورت سے نہیں ہے، کیوں کہ اس کی اصل "یَتَّقِیْہِ" ہے جس میں "ہا" ضمیرِ مفعول ہے اور کلمۂ جلالت کی طرف راجع ہے اور یا کو جزم کی وجہ سے ساقط کردیا گیا، پھر "قاف" کو "کَتِف" سے مشابہت کی بنا پر ساکن کردیا گیا، "یَتَّقْہ" ہوگیا۔ لہٰذا یہاں سرے سے اجتماعِ ساکنین ہی نہیں ہے کہ اس کے بعد دوسرے حرف کو حرکت دینے کا سوال پیدا ہو۔

پہلے ساکن کو کون سی حرکت دی جائے گی:

پہلا ساکن اگر مدّہ نہ ہو تو حرکت دینے میں اصل کسرہ ہے، جیسے: "اِذْهَبِ اذهَبْ"۔ البتہ درج ذیل صورتوں میں کسرہ کے علاوہ بھی حرکت دیتے ہیں:

(۱) اگر پہلا ساکن میمِ جمع بعدِ ہائے مضموم ہو تو اُس کو بطورِ وجوب ضمہ دیتے ہیں، جیسے "لَهُمُ المَنْصورونَ"۔ اور اگر میمِ جمع ہائے مکسور کے بعد ہو تو ضمہ اور کسرہ دونوں درست ہے، جیسے: "عَلَيْهِمُ اليوم" اور "بِهِمِ اليوم"۔

(۲) "مُذْ" کی ذال کو بھی بطورِ وجوب ضمہ کی حرکت دیتے ہیں۔

(۳) "الَمَ الله" میں فتحہ دینا مختار و پسندیدہ ہے۔

(۴) اگر دوسرے ساکن کے بعد اسی کلمہ میں اصلی ضمہ ہو تو ضمہ اور کسرہ دونوں جائز ہیں، جیسے: "قالتِ اخرُج"۔ "قالتِ اغزِيْ"۔

توضیح: "قالتِ اغزِي" میں دوسرے ساکن کے بعد والا حرف اگرچہ مکسور ہے، لیکن اصل میں مضموم ہے، لہٰذا تا پر ضمہ اور کسرہ دونوں جائز ہے۔ اور "قالتِ ارْمُوا" میں چوں کہ دوسرے ساکن کے بعد والا ضمہ اصلی نہیں ہے۔ اس لیے "قالَتُ ارْمُوا" کہنا جائز نہیں۔ یوں ہی "اِنِ امْرُؤٌ" میں واو پر ضمہ اصلی نہیں ہے، کیوں کہ اس کلمہ اور لفظ "ابنم" کا عین بعد

والے حرف کی اعرابی حرکت کے تابع ہے۔اور "اِنِ الحُكْمُ" میں اگرچہ ضمہ اصلی ہے، مگر وہ دوسرے ساکن والے کلمہ میں نہیں ہے، کیوں کہ دوسرا ساکن لامِ تعریف ہے جو علیحدہ ایک کلمہ ہے۔

(۵) واوِ ضمیر اور واوِ جمع میں ضمّہ دینا مختار ہے، جیسے: "اِخْشَوُا القومَ"۔﴿ولاتَنْسَوُا الفضْلَ بينكُمْ﴾ اور جیسے: "هولاء مُصطفَوُ القومِ"۔("اِخْشَوِ القومَ" بھی جائز ہے)

اور واوِ ضمیر اور واوِ جمع کے علاوہ دوسرے واو میں کسرہ دینا مختار ہے، جیسے: "لَوِ اسْتَطَعْنا" ("لَوُ اسْتَطَعْنا" بھی جائز ہے)

(۶) وہ ثلاثی مضاعف جس کا مضارع مضموم العین ہو جب وہ مجزوم واقع ہو تو آخر پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ تینوں جائز ہیں۔جیسے رُدَّ، رُدِّ، رُدُّ، لم يَمُدَّ، لم يمُدِّ، لم يَمُدُّ۔فتحہ اس لیے کہ وہ اَخَفُّ الحرکات ہے۔کسرہ اس لیے کہ ساکن کو حرکت دینی ہو تو کسرہ اصل ہے (الساكنُ اِذَا حُرِّكَ حُرِّكَ بالكسر) ضمہ اس لیے کہ ماقبل مضموم کی موافقت ہو جائے۔لیکن اگر اس کے بعد ساکن آئے تو کسرہ دینا مختار ہے، جیسے: "رُدِّ القومَ"۔اور اگر "ها" ضمیرِ مؤنث آئے تو فتحہ دینا واجب ہے، جیسے: "رُدَّها"۔اور اگر اس کے بعد ضمیر مذکر آئے تب بھی افصح لغت پر فتحہ واجب ہے، جیسے: "رُدَّه" اور ایک لغت میں کسرہ بھی آیا ہے، جیسے: "رُدِه"۔

(۷) "مِنْ" جارہ کے بعد اگر لامِ تعریف آئے تو نون کو فتحہ دینا واجب ہے، جیسے: "مِنَ الرجل"۔اور اس صورت میں جوازِ کسرہ کا قول ضعیف ہے۔اور اگر اُس کے بعد لامِ تعریف کے علاوہ کوئی دوسرا حرف ساکن آئے تو کسرہ دیتے ہیں، جیسے: "مِنِ ابنِكَ"۔اور "عَنْ" کو اصل کے مطابق کسرہ ہی دیتے ہیں، جیسے: "عَنِ الرجل"۔اور "عَنُ الرجل" ضعیف ہے۔

مشقی سوالات: (۱) ان مواضع کی تفصیل ذکر کرو جہاں اجتماعِ ساکنین درست ہے، پھر آنے والے خط کشیدہ کلمات کے بارے میں بتاؤ کہ ان مواضع میں سے کس میں داخل ہیں؟ ﴿هُدًى لِلْمُتَّقِيْنَ﴾ ﴿اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِى حَاجَّ اِبراهيمَ﴾ آمِّيْنَ۔ اِخْفظانِّ۔ تَهادَوْا تَحابُّوْا۔ (۳) پہلے ساکن کو کب کسرہ دیا جاتا ہے اور کب ضمہ دیا جاتا ہے؟ اور کب کسرہ اور ضمہ دونوں دینا درست ہے؟ (۴) "صُدَّ النّاسُ" اور "بُلَّ الثوبُ" میں کتنی صورتیں جائز ہیں؟

درس (۱۹) [اصولِ کتابت [1]]

کلمات کی کتابت میں اصلِ کلی یہ ہے کہ کسی کلمہ کو ابتدا میں رکھ کر بولنے پر، یوں ہی کلمہ پر وقف کرنے پر جو حروف تلفظ میں آئیں، انہی حروف سے کلمہ کی کتابت ہو۔اسی لیے:

---

(۱) خطِ عربی کی تین نوعیں ہیں۔(۱) خطِ مصحفِ عثمانی (رسمِ عثمانی): قرآن کریم کی کتابت میں یہ رسم واجب الاتباع ہے۔اس رسم میں بعض کلمات کی کتابت غیر قیاسی ہے۔(۲) خطِ عروضیین: تقطیع کے وقت کسی بیت کو ارکانِ بحر کے مطابق لکھنا، جیسے: بیت: اَمُحَمَّدٌ وَلَدَتْكَ خَيْرُ نَجِيْبَةٍ فِى قَوْمِها والفَحلُ فَحلٌ مُغْرِقُ کو درج ذیل شکل میں لکھنا:

اَمُحَمْمَدُنْ وَلَدَتْكَخَىْ رُنَجِيْبَتِنْ فِيقَوْمِها وَلْفَحْلُفَحْ لُنْمُغْرِقُوْ
مُتَفاعِلُنْ مُتَفاعِلُنْ مُتَفاعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ

(۳) خطِ قیاسی: کسی کلمہ کو اس کے حروف کے تلفظ کے مطابق رسوم واشکال پر لکھنا۔

(۱) "مَنِ ابْنُكَ" میں "ابن" کی کتابت ہمزہ سے کرتے ہیں، کیوں کہ اگر چہ یہاں ہمزہ تلفظ میں نہیں ہے، لیکن اگر "ابن" کو ابتدا میں لائیں تو ہمزہ تلفظ میں آئے گا، جیسے: "اِبْنُ مَنْ اَنْتَ"۔

(۲) "اَنَا اَخُوْكَ" میں "اَنَا" کی کتابت میں دوسرا الف ثابت رکھتے ہیں، کیوں کہ "اَنَا" پر وقف کرنے میں دوسرا الف تلفظ میں آتا ہے۔ اگر چہ وصل میں "اَنَ" پڑھا اور بولا جاتا ہے۔

(۳) "رَهْ زَيْداً" (اصل "رَ زَيْداً" ہے) اور "قِهْ نَفْسَكَ" (اصل "قِ نَفْسَكَ" ہے) کو ہائے سکت کے ساتھ لکھا جاتا ہے، کیوں کہ وقف میں ہائے سکت لگاتے ہیں۔

(۴) اس تائے تانیث کو "ہ" کی صورت میں لکھا جاتا ہے جس پر "ھا" کے تلفظ کے ساتھ وقف ہوتا ہے، جیسے: "رَحْمَة"۔ اور اس تائے تانیث کو تا کی صورت میں لکھا جاتا ہے جس پر "تا" کے تلفظ کے ساتھ وقف ہوتا ہے، جیسے: "اُخْت"، "بِنْت"، "فَاطِمَات"، "رَضِيَتْ"۔ البتہ جو لوگ پہلی صورت میں "تا" سے وقف کرتے ہیں وہ تائے تانیث کو بہر صورت تائے مبسوطہ سے لکھتے ہیں۔

(۵) اسمِ منوّن منصوب کو الف سے لکھا جاتا ہے، کیوں کہ وقف میں الف تلفظ میں آتا ہے، جیسے: "نَصَرْتُ زَيْداً"۔

(۶) نونِ تاکید خفیفہ پر جو لوگ الف سے وقف کرتے ہیں وہ الف سے "اِضْرِبا" لکھتے ہیں۔ اور جو لوگ نون پر وقف کرتے ہیں وہ نون سے "اِضْرِبَنْ" لکھتے ہیں۔ یہی اختلاف "اِذاً" اور "اِذَنْ" میں بھی ہے۔

(۷) اس اسمِ منقوص کو جس کی یا تنوین کے باعث حذف ہو جاتی ہے، بغیر یا کے لکھتے ہیں، جیسے: "قاضٍ"، "راعٍ"۔ اور معرف باللام اسمِ منقوص کو یا کے ساتھ لکھتے ہیں کیوں کہ قولِ افصح پر ایسے ہی وقف ہوتا ہے۔

(۸) جن کلمات پر وقف ممکن نہیں ہے، ان کو بعد والے کلمہ سے ملا کر لکھا جاتا ہے، جیسے: حروفِ جر میں ب، ت، ل، ک۔ اسی طرح لام امر۔ لامِ جحد۔ لامِ ابتدا۔ لامِ استغاثہ۔ لامِ تاکید جو جوابِ قسم میں آتا ہے۔ سینِ استقبال۔ فائے عطف و جزا۔ ما استفہامیہ جس کا الف حالتِ جر میں محذوف ہو۔ جب تک اس سے ہائے سکتہ نہ لاحق ہو اس پر وقف نہیں ہو سکتا۔ یوں ہی جن کلمات سے ابتدا نہیں ہو سکتی ہے، جیسے: ضمیرِ متصل۔ حرفِ خطاب۔ نونِ تاکید۔ علاماتِ تانیث۔ علاماتِ تثنیہ و جمع معرب میں ہوں یا مبنی میں۔ اعرابِ حرفی۔ ہائے سکتہ۔ ہائے تنبیہ جو (اَيُّها) میں ہے یہ ضمیرِ متصل کے قائم مقام ہو گیا ہے۔ اِن سب کو پہلے والے کلمہ کے ساتھ ملا کر لکھا جاتا ہے،

(۹) "ضَرَبَه" اور "مَرَّ بِه" میں جس واو اور یا کا تلفظ ہوتا ہے، چوں کہ وہ حالتِ وقف میں تلفظ میں نہیں آتے ہیں، اس لیے ان کو نہیں لکھا جاتا ہے۔

(۱۰) ہر وہ کلمہ جو دوسرے کے ساتھ مل کر معنی اور اعراب کے لحاظ سے ایک کلمہ کی طرح ہو گیا ہو ایک ساتھ لکھا جائے گا، جیسے: مرکب منع صرف یا مرکب مزجی جب غیر منصرف ہوں، جیسے: بَعْلَبَكّ۔ معدیکرب۔

کتابت کے قاعدۂ کلیہ سے درج ذیل امور مستثنی ہیں:

(۱) بعض کلمات میں واو یا الف تلفظ میں نہیں آتے ، لیکن لکھے جاتے ہیں۔

(الف)

۱- فعلِ ماضی، فعلِ مضارع اور امر میں طرف میں پڑنے والے واو کے بعد الف لکھا جاتا ہے (تا کہ واوِ ضمیر اور واوِ عطف میں اشتباہ نہ ہو، کیوں کہ مثلاً: "لَمْ يَقْصِدوا ما فَعَلَ" میں واو کے بعد الف نہ ہو تو واوِ عطف بھی سمجھا جا سکتا ہے) بشرطیکہ اس کے بعد ضمیرِ منصوب متصل نہ ہو، جیسے: "كَتَبُوْا"، "لَنْ يَّكْتُبوا"، "لَمْ يَكْتُبوا" ، "اُكْتُبوا"۔ برخلاف "لَمْ يَكْتُبوه" کے۔ (کیوں کہ یہاں فعل کے جز کی مانند بعد میں آنے والی ضمیرِ منصوب متصل کی وجہ سے واو طرف میں نہیں ہے)

۲- "مائة" بعض لوگ اس کلمہ میں "مِنْهُ" سے اشتباہِ خطی سے بچانے کے لیے الف زیادہ کرتے ہیں[1]۔

(واو)

۱- لفظ "عمرو" جو علَم غیر منصوب ہو تو اس کے آخر میں واو لکھا جاتا ہے تا کہ "عُمَر" سے اشتباہ نہ ہو۔[2]

۲- "اولئك" ، "اُوْلاء" ، "اُوْلِي" اور "اُوْلُو" میں بھی واو لکھا جاتا ہے۔[3]

(۲) بعض کلمات کے بعض حروف تلفظ میں آتے ہیں ، لیکن وہ حروف لکھے نہیں جاتے ہیں۔

۱- ایک کلمہ (حقیقۃً ہو یا حکماً) اگر ایک حرف اپنے مثل حرف میں مدغم ہو تو مدغم کو کتابت میں حذف کر کے ایک حرفِ مشدد لکھا جاتا ہے، جیسے: "مَدَّ"، "فَرَّ"، "قَنَتُّ"۔[4]

نوٹ: "مِمَّ"، "عَمَّ"، "مِمَّنْ" ، "عَمَّن" ، "اِلَّا" اور "اِمَّا" میں حرفِ مدغم کا حذف خلافِ قیاس ہے۔

۲- "الذی"، "التی" اور "الذین" (جمع) میں لام نہیں لکھا جاتا ہے۔[5]

---

(۱) چوں کہ تثنیہ، مفرد سے ملحق ہے، لہٰذا اس کلمہ کے تثنیہ میں بھی الف زیادہ کرتے ہیں، اگر چہ یہاں اشتباہِ خطی نہیں ہے۔ واضح رہے کہ اشتباہ کہ یہ وجہ اس لیے ہے، کیوں کہ پہلے حروف پر نقطوں کا التزام نہ تھا۔

(۲) چوں کہ حالتِ نصب میں "عمرو" کے منون ہونے کی وجہ سے الف ملفوظ اور مکتوب ہوتا ہے، اس لیے "عُمَر" (غیر منصرف) سے اشتباہ نہیں ہے تو اس حالت میں واو نہیں لکھا جاتا ہے، جیسے: "رَأَيْتُ عَمْراً"۔

(۳) چوں کہ "اولئك" اور "اِلَيْكَ" میں، یوں ہی "اُوْلِي" اور "اِلي" میں خط میں اشتباہ ہے، اس لیے "اولئك" اور "اولی" میں واو زائد کرتے ہیں، پھر "اولاء" کو "اولئك" پر اور "اولو" کو "اولی" پر محمول کرتے ہوئے واو زائد کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ "اولئك" اور "اليك" میں خط میں اشتباہ اس لیے ہے، کہ پہلے ہمزہ کے لیے کوئی اصلی صورت وضع نہ تھی۔ (دیکھیں: رسمِ قرآنی اور اصولِ کتابت۔ مولفہ: استاذی الکریم علامہ محمد احمد مصباحی مدظلہ العالی)

(۴) "وَعَدْتُّ" میں ادغام نہیں ہوا کیوں کہ "دال" اور "تا" مثلین نہیں ہیں۔ "قَنَتُّ" میں تائے ضمیر اگر چہ جدا گانہ کلمہ ہے مگر ایک کلمہ کے حکم میں ہے۔

(۵) چوں کہ مذکورہ کلمات میں لام جزءِ کلمہ کی طرح ہے، اس لیے ایک کو کتابت میں حذف کر دیتے ہیں، برخلاف لام تعریف اور "اللذين" (تثنیہ)، "اللتين" ، "اللاء ون" اور اس کے امثال کے، کیوں کہ لامِ تعریف علیحدہ کلمہ ہے، نیز مشدد لکھنے پر حرفِ استفہام سے اشتباہ ہوگا، (جیسے: "اَلَّحم") اس لیے لامِ تعریف کتابت میں حذف نہیں ہوتا ہے۔ اور "اللذين" (تثنیہ) میں "الذين" (جمع) سے اشتباہ کی وجہ سے اور "اللاء" میں "اِلّا" سے اشتباہ کی وجہ سے حذف نہیں کرتے ہیں، پھر "اللتين" کو "اللذين" پر اور "اللاء ون" اور اس کے امثال کو "اللاء" پر محمول کر کے لام حذف نہیں کرتے ہیں (شافیہ و جاربردی)۔

۳- جس کلمہ میں لامِ جر یا لامِ ابتدا آنے سے تین لام جمع ہو جائیں تو ایک لام اور الف کو کتابت میں حذف کردیتے ہیں، جیسے: "لَلَّذانِ"، "لِلَّذِيْنَ". "لَلّٰهُ اَرْحَمُ بِعِبادِه". "لَلَّحْمُ اَغذىٰ من النَّبات".

۴- درج ذیل کلمات سے الف حذف کردیا جاتا ہے:

(الف) تسمیہ میں ''اسم'' سے (کیوں کہ اس کا تلفظ کثرت سے ہوتا ہے)

(ب) معرّف باللام پر اگر لامِ جر یا لامِ ابتدا آئے تو الف حذف کردیتے ہیں، جیسے: "لَلرَّجُلُ خَيْرٌ من المرأة" (تاکہ نفی سے اشتباہ سے نہ ہو)

(ج) لفظ "ابن" جب دو علموں کے درمیان صفت واقع ہو تو اس کا ہمزہ بھی کتابت میں حذف کردیتے ہیں۔ جیسے: عبدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رضى الله عنهما۔

(د) "الله"، "الرحمن"، "اِلٰه"، "لٰكِنْ"، "لكنَّ"، "ثلث"، "ثلثون"، "ذلك"، "ذلكما" وغیرہ، "هذا"، "هذان" "هولاء" وغیرہ میں الف کتابت میں محذوف ہے۔

فائدہ: "داؤد" میں واو کا حذف کثیر ہے، یوں ہی "ابرهيم"، "اسمعيل" اور "اسحق" میں الف کا حذف کثیر ہے۔

نوٹ: ہمزہ اور الف کی کتابت کے اصول قواعد الصرف حصہ اول میں گزر چکے ہیں۔

درس (۲۰)　[علاماتِ ترقیم[1]]

علاماتِ ترقیم درج ذیل ہیں:

۱- (،) الفصلة/ الفاصلة/ الفارزة	۲- (؛) الفاصلة المنقوطة/ الفاصلة الكبرى
۳- (.) الوقفة/ النقطة/ القاطعة	۴- (:) الشارحة/ النقطتان (دو نقطے)
۵- (؟) علامة الاستفهام	۶- (!) علامة التعجب/ علامة التاثر

(۱) انگریزی میں علاماتِ ترقیم کو (Punctuation Mark) کہا جاتا ہے، بہت سارے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ یہ سب انگریزوں کی ایجاد ہے، چنانچہ جامع ازہر کے نصاب کی کتاب ''المختار فی قواعد الاملاء وعلامات الترقیم'' میں ہے۔ "هى ادخالِ علامات الترقيم على الكتابة العربية وفق النسق المستعمل فى كتابة اللغات الاوربية" اور آگے لکھتے ہیں "واوّلُ من اهتدى الى ذلك رجلٌ من علماء النحو من روم القسطنطنية، اسمه (ارسطوفان) من اهل القرن الثانى قبل الميلاد، ثمّ توفَّرَت اُمَم الافرنج من بعده على تحسين هذا الاصطلاح واتقانه الى الغاية التى وصلوا اليها فى عهدنا الحاضر" (ص ۵۰) لیکن پروفیسر بشیر احمد قریشی اپنی مشہور لغت کی کتاب (ایڈوانسڈ ٹوئنٹی سنچری ڈکشنری ص) میں پنکچویشن مارکس کی توضیح کے بعد لکھتے ہیں (جس کا ترجمہ یہ ہے): یہ جاننا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ مذکورہ بالا علاماتِ ترقیم میں بیشتر علامتیں عربی لفظ ''وقف'' سے اخذ کی گئی ہیں، مثلاً: (۱) ''و'' ''کاما'' کے طور پر مستعمل ہے۔ (۲) حرف ''ف'' کا سرا ''سیمی کالن'' کے طور پر استعمال ہے (۳) ''ق'' کے دونوں نقطے ''کالن'' کے طور پر مستعمل ہیں۔ (۴) ''ف'' کا نقطہ ''فل اسٹاپ'' کے طور پر مستعمل ہے (۵) ''ف'' کا درمیانی حصہ ''ڈیش'' کے طور پر مستعمل ہے۔ (۶) ''ف'' کا چھوٹا درمیانی حصہ ''ہائی فین'' کی شکل میں استعمال ہے (۷) ''و'' دو مرتبہ ''قوٹ'' (اقتباس دینے) کے لیے مستعمل ہے۔

۷- (ـ) الشرطة ۸- (ـ ـ) الشرطتان

۹- (=) الشرطة المزدوجة ۱۰- (" ") علامة التنصيص

۱۱- () القوسان/ الهلالان ۱۲- (...) علامة الحذف

فراغ البداية: کتابت کے آغاز میں، یوں ہی ہر نئے پیراگراف کے شروع میں داہنی جانب نصف انچ یا ایک سنٹی میٹر برابر خالی جگہ چھوڑ دینی چاہیے۔

علامات کا تفصیلی بیان

۱- (،) الفصلة/ الفاصلة/ الفارزة۔ اس علامت کے مواقع حسب ذیل ہیں

(الف) منادی کے بعد، جیسے: یا طالبَ العلم، اجتهِد۔

(ب) ایسے جملوں کے درمیاں جو بلحاظ معنی باہم مربوط ہوں، جیسے: اِنَّ مُحَمَّداً نَبِيْلٌ، لا يُؤْذِئ اَحداً، ولا يَكْذِبُ فى كلامه، ولا يُقَصِّرُ فى درسِه۔

(ج) کسی شی کے انواع واقسام کے درمیان، جیسے: الجامعة خمسُ كليات: كلية العلوم، كلية الآداب، كلية الاقتصاد، كلية القانون، كلية الطبّ۔

(د) مفرداتِ معطوفہ کے درمیان، جیسے: فصول السنة اربعة، الربيع، والصيف، والخريف، والشتاء۔ (البتہ جو معطوفین شئ واحد کے درجہ میں ہوں ان کے مابین یہ علامت نہیں لائی جائے گی،، لہذا "جاءَ ثلاثة، وعشرون تلميذا" نہیں لکھا جائے گا۔)

(ہ) شرط وجزا کے درمیان اور قسم وجوابِ قسم کے درمیان (جب کہ شرط یا قسم طویل ہو) جیسے: مَنْ حَسُنَتْ خِصالُه، طابَ وِصالُه، ومَنْ ساءَ تْ اَخلاقُه، طابَ فراقه۔

(و) حروفِ جواب کے بعد، جیسے: نعم، انّه موجود۔ لا، انه ليس بموجود۔ بلی، انّه بخير۔

تنبیہ: مبتدا اور خبر کے درمیان، فعل اور فاعل کے درمیان، موصوف اور صفت کے درمیان اور نواسخ جملہ اور ان کے اسم وخبر کے درمیان فاصلہ لانا صحیح نہیں ہے۔ اس علامت پر بہت خفیف وقفہ ہونا چاہیے۔

۲- (؛) الفاصلة المنقوطة/ الفاصلة الكبرى ۔ اس کے مواقع حسب ذیل ہیں:

(الف) ایسے دو جملوں کے درمیاں جن میں کوئی دوسرے کے لیے سبب ہو، جیسے: نُحِبُّ اللُّغَةَ العربيةَ ؛ لانّها لُغَةُ القرآنِ الكريم۔ اور جیسے سَيَتَحَقَّقُ لَنا النَصْرُ ؛ لَاَنَّنا اَصحابُ الحقّ۔

(ب) ایسے دو جملوں کے درمیان جو بلحاظ معنی ایک دوسرے سے مرتبط ہوں اور بلحاظ ترکیب الگ الگ ہوں، جیسے: اذا اَحْسَنَ التلميذ فشَجِّعُوْه ؛ وإن اَخطَأ فاَرْشِدُوْه۔

تنبیه: پڑھنے کے دوران اس علامت پر فاصلہ سے ذرا زیادہ وقفہ ہونا چاہیے۔

۳- (.) الوقفة، النقطة، القاطعة. مواقع استعمال:

(الف) کلامِ تام کے آخر میں، جیسے: آفَةُ العِلْمِ النسیان. المجالِسُ بالامانات.

فائدہ: چوں کہ مذکورہ بالا دونوں جملوں میں معنوی ربط نہیں ہے، لہذا فصل کے لیے یہ علامت لگائی گئی، لیکن اگر کوئی کلامِ تام چند جملوں سے مل کر بنے تو یہ علامت سب سے آخری جملہ کے بعد لگائی جاتی ہے، جیسے: اَشْرَقَتِ الشمس، وانْتَشَرَ ضَوْؤُها فی الحُقُوْل، فتوجَّهَ الفلّاحُوْنَ الی حقولهم.

تنبیه: پڑھنے کے دوران یہاں مناسب وقفہ ہونا چاہیے۔

۴- (:) الشارحة، النقطتان (دونقطے) مواقع:

(الف) قول، اس کے مشتقات اور مقولہ کے درمیان، جیسے قال رسول الله ﷺ : مَنْ دَلَّ علی خَیْرٍ، فله مثلُ اَجْرِ فاعِلِه.

(ج) ذیلی عنوان کے بعد، جیسے: الغزل فی الشعر الجاهلی: (اس صورت میں کبھی اس علامت کے ساتھ شرطہ بھی ہوتا ہے)

۵- (؟) علامة الاستفهام ۔ یہ علامت جملہ استفہامیہ کے آخر میں لائی جاتی ہے، اداتِ استفہام مذکور ہو یا محذوف ہو، جیسے: هَلْ ذَهَبَ مُحَمَّدٌ؟ فَسَاَلَه: ذَهَبَ مُحَمَّد؟

۶- (!) علامة التعجب، علامة التاثر. یہ علامت ایسے جملے کے آخر میں ہوتی ہے جس سے تعجب، خوشی، غم، خوف، استغاثہ، دعا، یا تاسف کا اظہار مقصود ہو، جیسے: مااَجْمَلَ الجوَّ! . یا بُشْرٰی! نَجَحْتُ فی الامتحان. وَیْلی! ماذا فَعَلْتُ بنفسی.

۷- (ـ) الشرطة. مواقعِ استعمال:

(الف) دو شخصوں کی گفتگو نقل کرنے کے لیے اول سطر میں تاکہ بار بار نام لکھنے کی حاجت نہ ہو، جیسے:

- مَنْ اَنْتَ؟
- اَنا مُحَمد.
- اَیْنَ تَسْکُنُ؟
- اَسْکُنُ فی الهند.

(ب) حروف، اعداد یا کلماتِ اعداد جب عنوان ہوں تو اُن کے بعد اسے رکھا جاتا ہے، جیسے: ۱- ۲- ۳- اور جیسے: ا- ب- ج- اور جیسے: اولا- ثانیا- ثالثا-

(ج) کبھی مبتدا اور خبر کے درمیان فصل طویل کے باعث ربط کے لیے خبر سے پہلے لاتے ہیں، جیسے: العلم الذی ننشده لابناء نا فی وقت انتشر فیه الجهل، وتفشی الغشُ ، فاصبحَ الفاشِلُ متفوقا، والمتفوّقُ مغمورا۔ هو العلم الذی یظهر المُتعلّمَ متعلّما، والجاهلَ جاهلا. اور جیسے: اِنّ الطالبَ الذی یَدأبُ علی المذاکرة، ولا یضیع وقته سدی۔ ینجحُ دائما.

۸- (ــ ــ) الشرطتان. جملہ یا کلام کے درمیان کسی جملۂ معترضہ کو الگ کرنے کے لیے یہ علامت لاتے ہیں، تا کہ ظاہر ہو کہ ماقبل اور مابعد باہم متصل ہیں، جیسے: الحلم۔ وفّقَكَ الله تعالی۔ خُلقٌ نبیل.

شعر: اِنّ الثمانینِ۔ وبُلّغتَها۔ قد اَحوَجتْ سَمْعِی الی تَرْجُمان

۹- (=) الشرطة المزدوجة. کسی صفحہ کے حاشیہ کے آخر میں اور اگلے صفحہ کے حاشیہ کے شروع میں باہمی ربط بتانے کے لیے یہ علامت لکھتے ہیں۔ بعض لوگ قوسین کے درمیان حوالہ کے لیے بھی لاتے ہیں، جیسے: (=المبتدا) یعنی: دیکھیے مبتدا کا بیان۔

۱۰- (" ") علامة التنصیص. عبارت نقل کرنے کے لیے اس سے پہلے اور بعد میں لگاتے ہیں۔

۱۱- ( ) القوسان / الهلالان. درمیانِ کلام کسی لفظ کی تشریح یا دعا یا کوئی فائدہ ذکر کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔ کبھی کسی لفظ یا جملے کو ممتاز کرنے کے لیے بھی قوسین لاتے ہیں۔

فائدہ: کبھی دوسرے کے کلام میں اپنی طرف سے کچھ اضافہ کرنے کے لیے معکوفان [ ] کا استعمال کیا جاتا ہے۔

۱۲- (...) علامة الحذف. یہ اس بات کی علامت ہے کہ کچھ عبارت محذوف ہے۔

مشقی سوالات: ذیل کی عبارات کو علاماتِ ترقیم سے مزین کرو:

حُکِيَ أَنّ البادیةَ قُحِطَتْ في أیّام هشام بن عبد المَلِک فقدِمتْ علیه وفودٌ من العرب فهابوا أنْ یکلّموه وکان فیهم دِرْواسُ بنُ حبیبٍ وهو ابنُ ستَّ عشرَة سنة فوقعتْ علیه عینُ هشام فقال لحاجبه ماشاء أحدٌ أنْ یَدخلَ عَلَيَّ إلّا دَخَلَ حتی الصبیان فوَثَبَ دِرواسٌ حتّی وقفَ بین یدیه مُطْرِقا فقال یا أمیر المؤمنین استَصْغَرْتَ شانی فَأَنِفتَ من مخاطبتي إنّ للکلام نشراً وطیّاً وإنّه لا یُعْرَف ما في نشره إلّا بنشره فإن أَذِنَ لي الأمیرُ أنْ أنْشُرَه نشرْتُه فأعْجَبَه کلامه

(۱) ترجمہ: بیان کیا جاتا ہے کہ ہشام بن عبدالملک کے زمانہ میں بادیوں میں قحط پڑا، تو اہل عرب اس کے پاس وفد کی شکل میں آئے۔ ان لوگوں نے ہشام بن عبدالملک سے گفتگو کرنے میں ڈر محسوس کیا۔ اور ان ہی لوگوں میں دِرْواس بن حبیب بھی تھا جو سولہ سال کا تھا، اتفاق سے ہشام کی نظر اس پر پڑ گئی، تو اس نے دربان سے کہا، جو کوئی بھی میرے پاس آنا چاہتا ہے آجاتا ہے، یہاں تک کہ بچے بھی آجاتے ہیں۔ تو درواس تیزی سے آگے بڑھا اور سر جھکا کر عرض کیا، اے امیر المومنین! آپ نے میرے معاملہ کو کمتر محسوس کیا اس لیے مجھ سے گفتگو میں ناگواری سمجھی۔ گفتگو میں کچھ بَست و کشاد ہوتا ہے۔ کلام کے پھیلاؤ میں کیا ہے، یہ اسے پھیلائے بغیر نہیں جانا جا سکتا۔ اب اگر امیر المومنین بیان کی مجھے اجازت عطا فرمائیں تو بیان کروں۔ اس لڑکے کی بات ہشام کو پسند آئی۔

وقال انشرْه لله دَرّکَ فقال یابنَ الخلفاء الأکارِم اصابَتْنا سنونَ ثلاثٌ سنةٌ أذابَتِ الشَحْمَ وسنةٌ أکَلَتِ اللحْمَ وسنةٌ دَقَّتِ العَظْمَ وفي ایدیکمْ فُضُوْلٌ فان کانتْ هذه الفُضُوْلُ لله فَفرِّقُوْها علی عِباده وإن کانتْ لعِباد الله فعلامَ تَحْبِسُوْنَها عنهُمْ وإن کانت لکمْ فَتَصَدَّقُوْا بها علیهم، إنّ الله یَجْزِي المُتَصدِّقِیْنَ. فقالَ ابنُ عبد المَلِک ما ترَکَ لنا الغُلامُ في واحدةٍ مِنَ الثلاث عُذْراً فأمَرَ لِلْبَوادي بِمِئةألفِ دِرْهَمٍ.

رُوِيَ أنّ عمرو بن معدیکرب مَرَّ بِحَيٍّ مِنْ أحیاء العرب وإذا هو بفرَسٍ مَشْدُوْدٍ ورُمْحٍ مَرْکُوْزٍ وإذا صاحبهما في وهدةٍ من الأرض یَقْضيْ حاجتَه فقال له عمرو خُذْ جِذْرَک فإنّي قاتِلُک لا محالَةَ فالْتَفَتَ إلیه وقال مَنْ أنتَ قال أبو ثور عمرو بنُ مَعْدیکرب قال أنا أبو الحارث ولکنْ ما أنْصَفْتَني أنْتَ علی ظَهْرِ فَرَسِکَ وأنا في وهدة فأعْطِني عَهْدَکَ ألا تَقْتُلَني حتّی أرْکَبَ فَرَسِي وآخُذُ جِذْرِي فاعطاه عهداً علی ذلک فخَرَجَ مِنَ الوهدةِ التي کانَ فیها وجَلَسَ مُحْتَبیاً بحمائلِ سَیْفِه فقال عمرو ما هذا الجُلوسُ قال ما أنا براکبِ فَرَسِي ولا مُقاتِلُکَ فإنْ کُنْتَ نَکَثْتَ العَهْدَ فأنْتَ أعْلَمُ ما یَلْقَی الناکِثُ فتَرَکَه ومَضیٰ وقال هذا أجْبَنُ مَنْ رَأیْتُ.

اس نے کہا، شاباش! بیان کرو۔ تو اس نے کہا، اے معزز خلفا کے فرزند! ہم لوگ تین قحط کے شکار ہوئے، ایک قحط نے چربی پگھلادی، دوسرے قحط نے گوشت کھالیا اور تیسرے قحط نے ہڈیوں کو لاغر کر دیا۔ آپ کے پاس حاجت سے زائد کچھ اشیاء ہیں، اب اگر یہ اللہ تعالی کے لیے ہوں تو ان کو بندگانِ خدا میں تقسیم فرما دیجیے۔ اور اگر بندگانِ خدا کی ہوں تو آپ کے لیے ان کے روک رکھنے کا کیا جواز ہے؟ اور اگر آپ کی ہوں تو صدقہ کر دیجیے، بے شک اللہ تعالی صدقہ کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔ تو ہشام بن عبد الملک نے کہا، اس بچے نے تینوں میں سے کسی صورت میں میرے لیے کوئی عذر باقی نہ رکھا۔ اور اس نے اس جماعت کے لیے ایک لاکھ درہم دینے کا فرمان جاری کیا۔

بیان کیا گیا ہے کہ عمرو بن معدیکرب عربوں کے ایک قبیلہ سے گزرا، ناگاہ اس نے ایک بندھا ہوا گھوڑا اور زمین میں نصب ایک نیزہ دیکھا، اور ان کا مالک ایک گڈھے میں بیٹھ کر قضائے حاجت میں مصروف تھا تو عمرو نے کہا اپنا ہتھیار اٹھاؤ کیوں کہ میں تمھیں ضرور قتل کروں گا تو وہ شخص اس کی طرف متوجہ ہوا اور کہا آپ کون ہیں تو اس نے کہا ابو ثور عمرو بن معدیکرب۔ تو اس نے کہا اور میں ابو الحارث ہوں لیکن آپ نے انصاف نہیں کیا آپ گھوڑے کی پشت پر ہیں اور میں گڈھے میں ہوں لہذا آپ عہد کیجیے کہ جب تک میں اپنے گھوڑے پر سوار نہ ہو جاؤں اور اپنا ہتھیار نہ لے لوں تب تک مجھے قتل نہ کرنا تو اس نے اس کا وعدہ کر لیا اب وہ شخص گڈھے سے نکلا اور اپنی تلوار لے کر ہاتھوں سے پیر کے اردگرد حلقہ بنا کر اکڑوں بیٹھ گیا تو عمرو نے کہا یہ بیٹھنا کیسا؟ تو اس نے کہا اب میں اپنے گھوڑے پر سوار نہیں ہوں گا اور نہ ہی آپ سے لڑوں گا۔ اگر آپ اپنا عہد توڑنا چاہتے ہیں تو عہد شکنی کا انجام سوچ لیں، تو عمرو نے اس کو چھوڑ دیا اور چلا گیا اور کہا میں نے اس سے بڑا بزدل نہیں دیکھا۔

ضمیمہ

بیانِ واحد و جمع

از

مولانا محمد احمد مصباحی

صدر المدرسین الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور

بیانِ واحد و جمع

بعض صرفی کتابوں میں اوزان جمع بتا کر یہ ذکر کر دیا گیا ہے کہ ان اوزان پر فلاں فلاں اوزان کے مفردات کی جمع آتی ہے۔

بعض صرفی کتابوں مثلاً شافیہ لابن الحاجب میں مفردات کو ذکر کر کے ان کی جمعیں بتائی گئی ہیں۔ لفظ مفرد معلوم ہے مگر اس کی جمع معلوم نہیں تو اس بیان سے اس کی جمع نکالی جا سکتی ہے۔ اگر چہ پوری تحقیق کے لیے لغات و معاجم کی مراجعت ضروری ہے۔ اس لیے کہ اکثر جمعیں سماعی ہیں، ہاں! بعض مفردات کی جمعیں، بعض مقررہ اوزان پر اکثر آتی ہیں تو ان مفردات اور ان کی جمعوں کے اوزان جان کر اُن الفاظ کو بھی ان پر محمول کیا جاتا ہے جن کی جمع مسموع نہ ہوئی۔

اس فائدے کے پیش نظر شافیہ اور شرح رضی و جار بردی کے مطابق یہاں مفردات ذکر کر کے ان کی جمعیں بتائی جا رہی ہیں۔

وہ اسم جس کی جمع لانا مقصود ہے ثلاثی ہوگا یا رباعی یا خماسی۔

پھر ثلاثی دو طرح کا ہے (۱) وہ جس کی جمع تکسیر آتی ہے۔ (۲) وہ جس کی جمع تکسیر نہیں آتی، بلکہ اس کی جگہ جمع سالم کافی ہوتی ہے۔

نوع اول (وہ اسم ثلاثی جس کی جمع تکسیر آتی ہے) کی دو قسمیں ہیں: (۱) مجرد (۲) مزید۔ پھر مجرد و مزید یا تو اسم ہوگا یا صفت۔ اور اسم ہو یا صفت مذکر ہوگا یا مؤنث۔ اس طرح کل آٹھ قسمیں ہوں گی۔

(۱) ثلاثی مجرد اسم، مذکر (۲) ثلاثی مجرد اسم، مؤنث (۳) ثلاثی مجرد صفت، مذکر (۴) ثلاثی مجرد صفت، مؤنث۔

اسی طرح ثلاثی مزید کی بھی چار قسمیں ہوں گی۔

اب آگے ان آٹھ اقسام کی جمعوں کی تفصیل مذکور ہوگی، پھر ثلاثی، نوع دوم اور رباعی و خماسی کا ذکر ہوگا۔

قسم اول ثلاثی مجرد اسم، مذکر:

گزر چکا ہے کہ اسم ثلاثی مجرد کے اوزان دس ہیں اور عقلاً بارہ۔ اس لیے کہ فا پر فتحہ ہوگا یا کسرہ یا ضمہ اور عین ساکن

ہوگا یا مفتوح یا مکسور یا مضموم۔ تین کو چار میں ضرب دینے سے بارہ صورتیں بنیں گی۔

فَعْل ، فَعَل ، فَعِل ، فَعُل	فِعْل ، فِعَل ، فِعِل، فِعُل	فُعْل ، فُعَل ، فُعِل ، فُعُل۔
فَلْس، فَرَس ، كَتِف، عَضُد	حِبْر ، عِنَب ، اِبِل ، ×	قُفْل ، صُرَدٌ ، × ، عُنُق

ساکن العین: یہاں جمع زیادہ آنے اور اوزان جمع زیادہ ہونے کے لحاظ سے پہلے ساکن العین مع فاے متحرک بحرکات ثلاثہ یعنی فَعْل ، فِعْل ، فُعْل کا بیان ہوگا۔ پھر باقی سات اوزان کا ذکر ہوگا۔

اول فَعْل : بفتح فاو سکون عین۔ اس کی دو صورتیں ہیں: (۱) اجوف (۲) غیر اجوف

دوم (غیر اجوف) جیسے فَلْس۔ عموماً اس کی جمع قلت اَفْعُل کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے فلْس و أفلُس، نَجْمٌ و أنجُمٌ، شَهْر و أشْهُر۔

اول (اجوف) واوی ہو یا یائی، اکثر اس کی جمع قلت اَفعال کے وزن پر آتی ہے جیسے ثَوْبٌ و أثوابٌ ، سَوْطٌ و أسْوَاطٌ ، بَيْتٌ و أبْيَاتٌ ، شَيْخٌ و أشْيَاخٌ۔ أفعُل کے وزن پر بھی اجوف کی جمع قلت آئی ہے مگر کم، جیسے أقوُس ، أثوُب، أعيُن۔

اور أفعال کے وزن پر غیر اجوف کی بھی جمع قلت آئی ہے مگر کم جیسے فَرْخ و أفْراخ، فَرد و أفراد۔ اور کبھی یہ وزن جمع قلت و کثرت دونوں کے لیے آتا ہے۔ جیسے يَوْمٌ و اَيَّامٌ۔

اور فَعْلٌ غیر اجوف کی جمع کثرت فُعول اور فِعال کے وزن پر زیادہ آتی ہے جیسے كُعوب و كِعاب، کبھی صرف فعول یا صرف فِعال آتی ہے۔ جیسے بطن و بطون ، نجم و نجوم بَغْل و بِغال، نَعل و نِعال۔ مضاعف اور ناقص کی جمع کثرت بھی انہی دو وزنوں پر زیادہ آتی ہے جیسے صَكٌّ و صُكوك و صِكاك، دَلو و دُلِيٌّ و دِلاء، ثَدْيٌ و ثُدِيٌّ ، ظَبْيٌ و ظِباءٌ۔

اجوف اگر واوی ہو تو اس کی جمع کثرت فِعال کے وزن پر زیادہ آتی ہے، جیسے ثَوْبٌ و ثِيابٌ، سَوْطٌ و سِياطٌ۔

اور اگر یائی ہو تو اس کی جمع کثرت فُعول کے وزن پر آتی ہے جیسے سَيْل و سُيول، سَيف و سيوف، فِعال کے وزن پر اس کی جمع کثرت نہیں آتی۔ ضیف کی جمع ضياف شاذ ہے۔ کبھی فعول اور فعال پر معنی جمعیت کی تاکید کے لیے "تا" زیادہ کردی جاتی ہے۔ جیسے عُمومَة، خُؤولة، فِحالة۔

فَعْل کی جمع میں اکثر آنے والے اوزان وہی ہیں جو ذکر ہوئے مگر بقلت کچھ دیگر اوزان پر بھی فَعْل کی جمع آئی ہے۔ (۱) فِعلان جیسے رأل و رِئلان (۲) فُعلان جیسے بطن و بُطنان (۳) فِعَلَة جیسے غَرْد و غِرَدة (۴) فُعُل جیسے سَقْف و سُقُف ـــ نَجْد کی جمع أنْجِدة شاذ ہے۔

الفاظ کے معانی: عمومة : عم (چچا) کی جمع۔ خؤولة: خال (ماموں) کی جمع۔ فِحالة : فَحْلٌ (نر جانور) کی جمع۔ رأل شتر مرغ کا بچہ۔ بطن: نشیبی زمین۔ غَرْد ایک سفید نبات جسے کھنباة سانپ کی چھتری کہتے ہیں۔ نَجْد: اونچی زمین۔

کَلِیب اور مَعِیز سیبویہ کے نزدیک (کَلْب اور مَعْز کی) جمع ہے۔ دوسروں کے نزدیک اسم جمع ہے۔ فَعْل کی جمع فَعِیل فِعَلَة سے کم ہے اور فِعَلة فِعْلان بالکسر سے کم ہے اور یہ فُعلان بالضم سے کم ہے۔

دوم فِعْل: بکسر فا و سکون عین۔ اس کی جمع قلت افعال کے وزن پر آتی ہے۔ کلمہ صحیح ہو یا اجوف یا ان کے علاوہ جیسے حِمْل و أحْمال، کبھی جمع قلت و کثرت دونوں کے لیے افعال کا وزن آتا ہے۔ جیسے خِمْس و أخماس، شِبْر و أشبار۔

فِعْل اگر اجوف یائی ہو تو اس کی جمع کثرت فُعول ہوگی، فِعال نہ ہوگی جیسے فِیْل و فُیُول، جِید و جُیود اور اگر واوی ہو تو فِعال ہونا لازم ہے۔ فُعول جائز نہیں جیسے رِیح و رِیاح (ریح کی اصل رِوْح ہے۔)

قلت کے ساتھ اس وزن کی کچھ اور جمعیں بھی آتی ہیں۔ (۱) أفْعُل جیسے رِجْل و أرجل (۲) فِعْلان جیسے صِنو و صِنوان، قِنو و قِنوان (۳) فُعلان جیسے ذِئب و ذُؤبان (۴) فِعَلَة جیسے قِردٌ و قِرَدة (۵) فَعِیل جیسے ضِرْس و ضَرِیس۔ اور کہا گیا کہ ضَرِیس جمع نہیں اسم جمع ہے۔

سوم فُعْل: بضم فا و سکون عین۔ اس کی جمع قلت أفعال کے وزن پر آتی ہے۔ کلمہ اجوف ہو یا غیر اجوف۔ جیسے قُرء و أقْراء، خُوص و أخواص۔

اور کبھی یہی وزن جمع قلت و کثرت دونوں کے لیے آتا ہے جیسے أرکان و أجزاء اور أفْعُل کے وزن پر اس کی جمع شاذ ہے جیسے أرْکُن۔

اس کی جمع کثرت فِعال اور فُعول کے وزن پر آتی ہے اور فُعول کا وزن بہ نسبت فِعال کے زیادہ آتا ہے جیسے بُرج و بُرُوج، بُرد و بُرود، جُند و جنود اور فِعال کا وزن مضاعف میں بکثرت آتا ہے جیسے قُفٌّ و قِفاف، خُفٌّ و خِفاف، عُشٌّ و عِشاش۔

یہ جمع کثرت غیر اجوف کے لیے ہے۔ اگر اجوف ہو تو اس کی جمع کثرت صرف فِعْلان کے وزن پر آتی ہے جیسے عُود و عِیدان، حُوت و حیتان۔ ہاں غیر اجوف کی جمع فِعلان کے وزن پر بھی آجاتی ہے جیسے حُشٌّ (بمعنی باغ) کی جمع حِشّان آتی ہے۔

فُعْل کی جمع میں فِعَلة اور فُعُلٌ کا وزن بھی آتا ہے۔ اول جیسے قُرْط و قِرَطة، جُحْر و جِحرة، و خُرْج و خِرَجة۔

الفاظ کے معانی: کَلب کتا۔ مَعْز بکری۔ حِمْل بار، بوجھ۔ خِمْس۔ بکسر اول و سکون دوم۔ اونٹوں کا چار دن چرنے کے بعد پانچویں دن پانی پر اترنا۔ شِبْر بالشت۔ فِیْل ہاتھی۔ جِید گردن۔ رِجْل پاؤں صِنْوٌ حقیقی بھائی۔ بیٹا۔ چچا۔ درخت خرما کی جڑ سے نکلنے والی دو یا زیادہ شاخوں میں سے ہر ایک۔ قِنْو کھجور کا گچھا۔ ذِئب بھیڑیا۔ قِرد بندر۔ ضِرس داڑھ کا دانت۔ قِدْح جوے کا تیر۔ قُرء و قَرء: حیض، طہر۔ خُوص: کھجور کے پتے۔ جُحر: سوراخ۔ خُرْج، وِعاء ذو جانبین: خُرجی۔

دوم جیسے فُلْك کی جمع فُلك ـ نحویوں کا کہنا ہے کہ فُلك جمع میں ضمہ (اَسَد کی جمع) اُسْد کے ضمہ کی طرح ہے اور فُلك مفرد میں ضمہ واحد قُفْل کے ضمہ کی طرح ہے ـ یعنی ایک اعتبار سے یہی لفظ واحد ہے اور دوسرے اعتبار سے یہی جمع بھی ہے ـ قرآن میں یہ کلمہ واحد و جمع دونوں آیا ہے ـ

ثلاثی مجرد اسم، مذکر متحرک العین: عینِ متحرک مفتوح ہوگا یا مکسور یا مضموم اور بہر صورت فا مفتوح ہوگا یا مکسور یا مضموم ـ نو صورتیں ہوئیں ـ

فَعَل	فَعِل	فَعُل	فِعَل	فِعِل	فِعُل	فُعَل	فُعِل	فُعُل ـ
جَمَلٌ	فَخِذٌ	عَجُزٌ	عِنَبٌ	اِبِل	x	صُرَدٌ	x	عُنُق ـ

مگر ان میں سے دو وزن ساقط ہیں ـ (۱) فِعُل کے وزن پر کوئی عربی لفظ نہ آیا اور (۲) فُعِل کا وزن فعل مجہول کے لیے خاص ہے ـ اس وزن پر کوئی اسم نہ آیا ـ دُئِل کو دوسری زبان سے منقول مانا گیا ہے ـ

اب بقیہ سات اوزان کی جمعوں کا بیان ہوگا ـ

وزن اول: فَعَل: بفتح فا و فتح عین ـ اس کی جمع قلت اَفعال کے وزن پر آتی ہے ـ اجوف ہو یا غیر اجوف ـ جیسے جَمَل و أجمال، تاج و أتواج، قاع و أقواع، ناب و أنیاب ـ

اور نادرًا "أفْعُل" کے وزن پر آتی ہے ـ جیسے جَبَل و أجْبُل ، عَصَا و أعْصٍ (اصل: عَصَوٌ و أعْصِوٌ) زَمَن و أزمُن ـ اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ زمان کی جمع ہو جیسے مکان کی جمع أمکُن ـ

اجوف یائی میں جمع أنیُب اور واوی میں اَدْوُر، اَنْوُر، اَسْوُق بھی آئی ہے ـ

غیر اجوف میں فَعَل کی جمع کثرت فِعال و فُعول آتی ہے جیسے جَمَل و جِمال، ذَکر و ذُکور ـ فِعال کے وزن پر یہ جمع زیادہ آتی ہے ـ اور کبھی جمعیت کی تاکید کے لیے آخر میں تا بھی بڑھا دی جاتی ہے جیسے حِجارة، ذِکارة ، ذُکورة ـ

اجوف میں فَعَل کی جمع کثرت فِعْلان آتی ہے جیسے ـ تاج و تِیجان، جار و جِیران، قاع و قِیعان، ساج و سِیجان ـ یہ وزن بقلت صحیح کی جمع میں بھی آیا ہے جیسے شَبَث و شِبثان ـ

اجوف میں فَعَل کی جمع فُعْل بھی آئی ہے جیسے دَار و دُوْر ، ساق و سُوق، ناب و نِیب (اس کی اصل نُیْب ہے ـ اصل پر دلالت کے لیے یا کو باقی رکھنا تھا، اس لیے اسے واو سے بدلا نہ گیا بلکہ ماقبل کو کسرہ دے دیا گیا جیسے

الفاظ کے معانی: فُلْك: کشتی، کشتیاں ـ جَمَل: اونٹ ـ فَخِذ: ران ـ عَجُز: کسی چیز کا پچھلا حصہ ـ عِنَب: انگور ـ اِبِل: اونٹوں کی جماعت ـ صُرَد: ایک پرندہ ـ عُنُق: گردن ـ قاع: دامن کوہ میں چٹیل میدان ـ ناب: نوکیلا دانت ـ أدوُر: دار (گھر) کی جمع ـ أنوُر: نار کی جمع ـ أسوُق: ساق (پنڈلی) کی جمع ـ شَبَث: ایک کیڑا جس کے چھ لمبے پاؤں ہوتے ہیں، آنکھ نیلی، سر سیاہ، پشت اور پاؤں زرد ـ

بیضاء کی جمع میں بِیْضٌ۔)

ساق کی جمع فُعول کے وزن پر سُؤوق بھی آئی ہے، مگر یہاں واو مضموم کو ہمزہ سے بدلنا (جو جائز ہے) لازم کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح ناب کی جمع نُیوب بھی آئی ہے۔ مگر اجوف میں یہ وزن بہت کم ہے۔ وہاں فُعُل زیادہ ہے۔ غیر اجوف میں بھی فَعَل کی جمع فُعُل آئی ہے جیسے أَسَد و أُسْد، وَثَن و وُثْن۔

فَعَل کی جمعیں عام طور سے وہی آتی ہیں جو ذکر ہوئیں، قلیل طور پر کچھ دیگر اوزان پر بھی اس کی جمع آئی ہے۔ وہ یہ ہیں: (۱) غیر اجوف میں فُعْلان جیسے حَمَل و حُمْلان، سَلَق و سُلْقان (۲) فِعلان جیسے خَرَب و خِرْبان، بَرَق و بِرقَان، شبَث و شِبْثان۔ (۳) فِعْلَة جیسے جار و جِيرة، قاع و قِيْعَة، أخ و اِخوة۔ اَخٌ کی اصل اَخَوٌ ہے (۴) فِعْلیٰ جیسے حَجَل و حِجْلیٰ، یہ شاذ ہے۔ فَعَل کی جمع فِعْلیٰ میں صرف یہی ایک لفظ آیا ہے۔

مضاعف کی جمع قلت و کثرت میں صرف افعال کا وزن آیا ہے جیسے مَدَد و أمداد، فَنَن و أفنان، لَبَب و ألباب اسی طرح صحیح کے بعض الفاظ کی جمع میں صرف یہی وزن آیا ہے جیسے قلم و أقلام، رَسَن و أرسان، غَلَق و أغلاق۔

وزن دوم: فَعِل: بفتح فاو کسر عین، اس وزن کی جمع قلت و کثرت افعال کے وزن پر آتی ہے جیسے فَخِذ و أفخاذ، اور کبھی فُعول اور فُعُل کے وزن پر آتی ہے جیسے نَمِر کی جمع نُمور و نُمُر۔

وزن سوم: فَعُل: بفتح فاو ضم عین۔ اس کی جمع قلت و کثرت افعال کے وزن پر آتی ہے جیسے عَجُز و أعجاز۔ اور کبھی فِعال کے وزن پر بھی آتی جیسے سَبُع و سِباع۔ اور رَجْلة بروزنِ فَعْلة (رجُل بمعنی راجل: پیادہ کی) جمع نہیں بلکہ اسم جمع ہے۔ اس لیے کہ فَعْلة اوزان جمع میں نہیں۔

وزن چہارم: فِعَل: بکسر فا و فتح عین۔ اس وزن کی جمع قلت و کثرت افعال کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے عِنَب و أعناب اور کبھی اس کی جمع قلت أفْعُل کے وزن پر اور جمع کثرت فُعول کے وزن پر بھی آئی ہے۔ جیسے ضِلَع کی جمع أضْلُع اور ضُلُوع۔

فائدہ: کوئی وزن جب کثیر الاستعمال ہوتا ہے تو اس کی جمع کے اوزان زیادہ ہوتے ہیں اور کم استعمال ہوتا ہے تو کم۔ فَعْل (بفتح فا و سکون عین) بہ نسبت فَعَل (بفتحتین) کے کثیر الاستعمال ہے تو اس کے مضاعف کی جمع قلت و کثرت کے اوزان متعدد آئے ہیں جیسے صَكٌّ (دستاویز) کی جمع أصُكٌّ و صِكاك و صُكوك اور مضاعف بروزن

الفاظ کے معانی: حَمَل: بکری کا بچہ۔ سَلَق: نشیبی زمین۔ خَرَب: نر سُرخاب۔ ذکر الحُبارى. والشعر يكون فى الخاصرة و وسط المِرفق۔ بَرَق: هو الحمَل وزنا و معنى۔ حَجَل: چکور، طائر على قدر الحمام كالقطا، أحمر المنقار و الرجلين، و يسمى الكروان أيضا (انظر، ج ا ص ۱۹۹ و ج ۲ ص ۹۷ شرح رضی)۔ ضلع: پسلی۔

فَعَل (بفتحتین) کم آیا ہے تو اس کی جمع قلت و کثرت میں صرف ایک وزن افعال آیا ہے جیسے اَمداد و افنان اور فَعِل (بفتح فا و کسر عین) فَعَل سے بھی کم تر ہے تو اس کے صحیح و غیر صحیح سب کی جمع قلت و کثرت میں صرف افعال کا وزن آیا ہے اور ایک وزن نُمُور جو آیا ہے تو باب اُسُود سے تشبیہ کی بنا پر اور نُمْر اسی کا مخفف ہے۔

فائدہ: سیبویہ نے کہا: باب عِنَب (فِعَل) باب عَجُز سے زیادہ ہے اور باب کَبِد (فَعِل) باب عِنَب سے زیادہ، باب جَبَل (فَعَل) باب کَبِد سے زیادہ اور باب بَحْر (فَعْل) باب جبل سے زیادہ آیا ہے۔

وزن پنجم: فِعِل: بکسر فا و عین۔ اس کی جمع قلت و کثرت کے لیے صرف ایک وزن ہے آفْعال جیسے اِبِل و آبال۔ چوں کہ فِعِل کے وزن پر صرف چند کلمات آئے ہیں۔

وزن ششم: فُعَل: بضم فا و فتح عین۔ اس وزن کی جمع قلت و کثرت فِعلان کے وزن پر آتی ہے جیسے صُرَد و صِرْدان، نُغَر و نِغْران۔

نادراً اس کی جمع قلت و کثرت أفعال اور فِعال کے وزن پر بھی آئی ہے۔ جیسے رُطَب و أرطاب، رُبَع و أرباع و رِباع۔

وزن ہفتم: فُعُل: بضمتین۔ اس کی جمع قلت و کثرت أفعال کے وزن پر آئی ہے۔ جیسے عُنُق و أعناق۔ سیبویہ نے کہا: قلت استعمال میں باب عُنُق بھی باب عَضُد کی طرح ہے اور اس کی ایک ہی جمع أفعال قلت و کثرت دونوں میں آئی ہے۔

تنبیہ: یہ دس اوزان جو مذکور ہوئے ان میں اجوف واوی یا یائی کی جمع أفعُل کے وزن پر نہیں آتی، کیوں کہ حرف علت پر ضمہ ثقیل ہوتا ہے۔ اور أقوس، أثوب، أعيُن، أنيُب شاذ ہیں۔ اور اجوف یائی کسی وزن پر بھی ہو اس کی جمع فِعال کے وزن پر نہیں آتی۔ ہاں! اس وزن پر اجوف واوی کی جمع آتی ہے۔ جیسے حوض و حیاض، ثوب و ثیاب۔ اور فعول کے وزن پر اجوف واوی کی جمع نہیں آتی (جو آئی ہے وہ شاذ ہے) اور اجوف یائی کی جمع اس وزن پر آتی ہے جیسے سَیْل و سیول۔

ثلاثی مجرد، اسم، مؤنث کی جمع

ثلاثی مجرد اسم مؤنث کا عین ساکن ہوگا یا متحرک اگر ساکن ہو تو اس کی تین صورتیں ہیں (۱) فا مفتوح، فَعْلة (۲) فا مکسور فِعْلة (۳) فا مضموم، فُعْلة۔ اور اگر عین متحرک ہو تو چند صورتیں ہیں:

(۱) فا مفتوح، عین مفتوح فَعَلة (۲) فا مفتوح عین مکسور فَعِلة (۳) فا مضموم، عین مفتوح فُعَلة۔

الفاظ کے معانی: صُرَد: ایک پرندہ جسے لٹورا کہتے ہیں۔ نُغَر: بلبل۔ رُطَب: پکی تازہ کھجور۔ رُبَع: اونٹنی کا بچہ جو موسم ربیع میں پیدا ہوا اور پہلا بچہ ہے۔

۱- فَعْلَة: بفتح فا وسکون عین۔ اکثر اس کی جمع فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے قَصْعَة و قِصَاع ، رَکوة و رِکاء، دَبَّة و دِباب۔

اور کچھ دوسرے اوزان پر بھی اس کی جمع آئی ہے۔(۱) فِعَل جیسے هَضْبَة و هِضَب، حَلْقَة و حِلَق۔ (۲) فُعُول جیسے بَدْرَة و بُدُور (۳) فُعَل ۔ جب فَعْلَة اجوف واوی ہو تو اس کی جمع فُعَل آتی ہے جیسے دَوْلَة و دُوَل، نَوبَة و نُوَب – اور شاذ طور پر ناقص کی جمع بھی فُعَل آئی ہے جیسے قَرْيَة و قُرَی (اصل: قُرَيٌ) (۴) فِعَل – جب فَعْلة اجوف یائی ہو تو اس کی جمع فِعَل بکسر فا ہوگی۔ (بضم فا جائز نہیں) جیسے خَيْمَة و خِيَم – ضَيْعَة و ضِيَع – بعض صحیح الفاظ کی جمع بھی فِعَل آئی ہے۔

۲- فِعْلَة: بکسر فا وسکونِ عین۔اس کی جمع صحیح اور غیر صحیح سب میں فِعَل آتی ہے۔جیسے کِسْرَة و کِسَر، قِدّة و قِدَد، لِحْيَة و لِحًى، رِشْوَة و رِشًى۔

بعض نحویوں نے اس کی جمع فُعَل بضم فا بھی ذکر کی ہے جیسے لُحًى و حُلًى مگر بالکسر بہتر ہے۔ سیبویہ نے کہا: فِعْلة کی جمع سالم فعلات کم آتی ہے۔لفظ صحیح ہو یا غیر صحیح۔اس کے برخلاف فُعْلة کی جمع فُعَلات و فُعُلات زیادہ آتی ہے۔

فِعْلة کی جمع تکسیر بہت قلت کے ساتھ فِعال بھی آئی ہے جیسے لِقْحَة و لِقَاح، حِقَّة و حِقَاق۔

سیبویہ نے کہا: کبھی فِعْلة کی جمع أفْعُل بھی آتی ہے جیسے نِعْمَة و أنعُم، شِدَّة و أشُدّ مگر یہ بہت کم اور نادر ہے۔مبرد نے کہا: أنعُم ، نُعْم کی جمع ہے اسی طرح بُؤس کی جمع أبْؤُس ہے۔

۳- فُعْلَة: بضم فا وسکون عین۔ اکثر اس کی جمع فُعَل کے وزن پر آتی ہے اور کبھی یہی وزن جمع قلت میں بھی استعمال ہوتا ہے۔مگر ایسا کم ہے۔جیسے غُرفَة و غُرَف۔

اور کبھی غیر اجوف میں اس کی جمع فِعال کے وزن پر آتی ہے۔جیسے بُرمَة و بِرَام، بُرْقَه و بِراق، جُفْرة و جِفار۔ یہ وزن مضاعف کی جمع میں زیادہ آتا ہے۔جیسے خُلّة و خِلال ، قُلّة و قِلال ، جُبَّة و جِباب، قُبّة و قِباب۔

اور اجوف میں صرف فُعَل کے وزن پر جمع آتی ہے۔جیسے سُوْرة و سُوَر، دُوْلَة و دُوَل، اور حُجزة کی

الفاظ کے معانی: قَصْعَة: رکابی۔ رَکوة: را کی تینوں حرکتوں سے۔ چمڑے کا کوزہ جس میں پانی پیا جاتا ہے۔ دَبَّة: تودۂ ریگ۔ هَضبَة: پھیلی ہوئی پہاڑی، سخت اور بھاری چٹان۔ حَلْقة: کوئی متدیر چیز، جیسے لوہے یا سونے چاندی کا چھلا یا انسانوں کی محفل۔ بَدْرة: درہم و دینار کی تھیلی۔ ضَيْعة : جائداد غیر منقولہ، پیشہ۔ لِقْحَة : زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی یا وہ اونٹنی جسے بچہ جنے ہوئے بہت کم وقت گزرا ہو۔ حِقّة : وہ اونٹنی جو تین سال پورے کر کے چوتھے سال میں داخل ہو چکی ہو۔ بُرْمَة ۔ بضم اول وسکون دوم ۔ : پتھر کی دیگچی۔ بُرقة : ریت اور پتھر ملی ہوئی سخت زمین۔ جُفْرة ۔ بضم جیم۔ : سینے کا درمیانی حصہ، ہر چیز کا درمیانی اور بڑا حصہ۔ حُجزَة : ازار بند۔

جمع حُجُوز (بروزن فُعول) شاذ ہے۔

٤- فَعَلَة: بفتح فاو عین۔ اس کی جمع فِعَال کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے رَقَبَة و رِقَاب۔ ناقَة و نِيَاق۔ أَمَة و إِمَاء۔ اور أَفْعُل، فِعَل، فُعْل کے وزن پر بھی اس کی جمع آئی ہے۔ مگر ان اوزان پر اس کی جمع کم ہے۔ (۱) أَفْعُل جیسے أَكَمَة و آكُمٌ صحیح میں، ناقة و أَينق اجوف میں، أَمة و آمٍ ناقص میں۔ (۲) فِعَل جیسے تارة و تِيَر، قامة و قِيَم۔ (۳) فُعْل جیسے بَدَنة و بُدْن، خَشَبة و خُشْب، ناقة و نُوْق، لابة و لُوب، ساحة و سُوْح۔

٥- فَعِلَة: بفتح فاو کسر عین۔ اس کی جمع فِعَل (بکسر فاو فتح عین) کے وزن پر آتی ہے جیسے مَعِدة و مِعَد، نَقِمة، و نِقَم۔

٦- فُعَلَة: بضم فاو فتح عین۔ اس کی جمع فُعَل کے وزن پر آتی ہے جیسے تُخَمَة و تُخَم۔

ثلاثی مجرد، صفت، مذکر

صفت چوں کہ فعل سے مشابہت رکھتی ہے اور اسی کی طرح عمل بھی کرتی ہے اس لیے اُس میں اصل یہ ہے کہ اس کی جمع سالم آئے، جمع تکسیر نہ آئے۔ مگر فعل سے مشابہت کے باوجود اس میں شک نہیں کہ صفت، فعل نہیں بلکہ اسم ہے جیسے اسم جامد، اس لیے بعض صفات کی جمع تکسیر بھی آتی ہے۔ پھر صفت مشبہ کی جمع تکسیر بہ نسبت اسم فاعل کے زیادہ ہے اور اسم فاعل ثلاثی کی جمع تکسیر بہ نسبت اسم مفعول ثلاثی اور بہ نسبت اسم فاعل و اسم مفعول غیر ثلاثی کے زیادہ ہے۔ ان سب کی بنیاد فعل سے مشابہت کی کمی اور زیادتی ہے۔ یہ تمہید اس لیے ذکر کی گئی کہ آگے صفات کی جمع بہ نسبت اسم کے کم نظر آئے تو اس کمی کا سبب ذہن میں رہے۔

- صفت ثلاثی مجرد میں فَعْلٌ، فِعْل، فُعْل (بسکون عین و بحرکات ثلاثۂ فا) فَعَل، فَعِلٌ، فَعُلٌ (بفتح فا وحرکات ثلاثۂ عین) اور فُعُل (بضمتین) ان سات اوزان کی جمع تکسیر آئی ہے۔ اگرچہ ان میں سے بعض اوزان کی جمع تکسیر انتہائی قلیل ہے۔ باقی تین اوزان فُعَل، فِعِل، فِعَل کی جمع تکسیر مسموع نہ ہوئی۔ فُعَل جیسے حُطَم و خُتَع، فِعِل جیسے اِبِد و بِلِز (اس وزن پر صفت میں یہی دو لفظ آئے، تیسرا کوئی نہیں) فِعَل جیسے زِيَم، سِوًى، عِدًى۔

الفاظ کے معانی: أَكَمَة : پہاڑی، ٹیلہ۔ أَيْنُق : کی اصل أَنْوُق تھی، قلب مکانی سے أَوْنُق ہوا، پھر واو کو یا سے بدل دیا گیا۔ سیبویہ کا دوسرا قول یہ ہے کہ أَنوُق کا واو حذف کر دیا گیا پھر اس کے عوض فا سے پہلے یا لائی گئی تو یہ أَعْفُل یا أَيْفُل کے وزن پر ہے۔ آمٍ کی اصل أَءْمُوٌ ہے۔ ہمزہ میں أَمَن کا قاعدہ اور آخر میں أَدلٍ جمع دَلْوٌ کا اور قاضٍ کا قاعدہ جاری ہوا۔ تارَةٌ : بمعنی مرّة۔ بَدَنَة: ڈیل دار جانور (اونٹ اور گائے) جو قربانی کے لیے مکہ لے جائیں۔ لَابَة: سنگ لاخ۔ حُطَم : ہانکنے میں شدت برتنے والا چرواہا۔ خُتَع : ماہر اور تیز رفتار راہ نما۔ اِبِد جیسے أتان إِبِد : ہر سال بچہ دینے والی گدہی۔ بِلِز جیسے امرأة بِلِز : بھاری بھرکم عورت۔ زِيَم : متفرق لوگ۔ سِوى و سُوى جیسے مکان سُوًى۔ بضم و کسر سین۔ : برابر، متوسط جگہ۔ عِدًى جیسے قومٌ عِدًى : دشمن لوگ۔

جمع صفات کی تفصیل:

① **فَعْل:-** اس کی جمع زیادہ تر فِعال آتی ہے جیسے صَعْب و صِعَاب اور اجوف یائی کی جمع زیادہ تر اَفعال آتی ہے جیسے شیخ و اَشیاخ اور فُعلان، فِعْلان، فُعول، فِعَلة، فِعْلَة، فُعْل، فُعُل، فُعَلاء کے اوزان پر بھی اس کی جمع آئی ہے۔

مثالیں: فُعْلان ۔ بضم اول وسکون دوم۔ جیسے وُغْدان، فِعْلان ۔ بکسر اول وسکون دوم۔ جیسے ضِیفان۔ فُعُول بضمتین جیسے کُهُول، ضُیُوف، شیوخ فِعَلَة:۔ بکسر اول وفتح ثانی ۔ جیسے رِطلَة۔ فِعْلَة۔ بکسر اول وسکون ثانی ۔ جیسے شِیْخَة فُعْل۔ بضم اول وسکون ثانی۔ جیسے کُثٌّ، ثُطٌّ، جُوْن، خِیْلٌ، وُرْدٌ۔ فُعُل ۔ بضمتین ۔ جیسے سُحُل، صُدُق، فُعَلاءُ جیسے سُمَحَاء۔

② **فِعْل:-** اس کی جمع اَفعال آتی ہے جیسے جِلف و اَجلاف، نِقض و انقاض، نِضو و اَنضاء اس کی جمع اَفْعُل بھی آئی ہے جیسے جِلْف و اَجلُف مگر یہ اسم سے تشبیہ کی بنا پر آئی ہے۔ صفات میں یہ وزن نادر ہے۔

③ **فُعْل:-** یہ وزن فِعل بالکسر سے کم تر ہے اور فِعل بالکسر فَعْل بالفتح سے کم تر ہے۔ جیسے اسما میں فِعْل اور فُعْل کم ہیں۔

فُعْل بالضم کی جمع اسم کی طرح اَفعال کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے حُرٌّ و أحْرَار، مُرٌّ و اَمرار۔

④ **فَعَل:-** زیادہ تر اس کی جمع فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے حَسَن و حِسَان اور کبھی افعال کے وزن پر آتی ہے جیسے بَطَل و اَبطال۔

⑤ **فَعِل:-** اس کی جمع اَفعال کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے نَکِد و اَنکاد اور بقلت اس کی جمع فِعال، فُعُل، فعالی اور فَعْلی کے اوزان پر بھی آئی ہے۔

فِعال جیسے وَجِع و وِجاع، فُعُل جیسے خشِن و خُشُن فَعَالیٰ جیسے وجِع و وَجَاعی، حَبِط و حَباطی، حَذِر و حَذاری۔ اس وزن پر فَعْلان اور اس کے مؤنث فَعْلی کی جمع کثیر ہے۔ اور اکثر فَعلان و

الفاظ کے معانی: وُغْدان واحدہ وَغد : کم عقل لوگ۔ ضِیفَان، واحدہ ضیف : مہمان۔ رِطلَة، واحدہ رَطْل : نازک اندام جوان۔ شِیخَة واحدہ شیخ : سن رسیدہ یا صاحب علم شخص۔ کُثّ واحدہ کَثّ : گھنی داڑھی والا۔ ثُطّ واحدہ ثَطّ : جس کے رخساروں پر بال نہ ہوں۔ جُوْن واحدہ جَوْن : سرخی آمیز سیاہ، خالص سرخ، سفید۔ خِیْل واحدہ خَیِل : متکبر۔ وُرْد واحدہ وَرْد : گلابی گھوڑا۔ سُحْل و سُحُل، واحدہ سَحْل : ہلکا بنا ہوا کپڑا، سفید سوتی کپڑا۔ صُدْق و صُدُق واحدہ صَدْق : مقابلے کے وقت ثابت قدم، مضبوط ومعتدل نیزہ یا انسان اور ہر کامل شی۔ سُمَحاء واحدہ سَمِح : سخی، فیاض۔ جِلف: کمینہ، بدسلوک، کھال کھینچی ہوئی بکری۔ نِقض: ٹوٹی ہوئی عمارت۔ نِضْو: لاغر اونٹ۔ نَکِد : کمینہ، منحوس۔ وَجِع : بیمار، دکھی۔

فَعْلی کی جمع فِعال کے وزن پر ہوتی ہے۔ فَعْلی جیسے وَجِع و وَجْعی، ہَرِم و ہَرمی، زَمِن و زَمنی۔

⑥ **فَعُل:-** اس کی جمع افعال کے وزن پر آئی ہے جیسے یَقُظ و اَیقاظ، نَجُد و اَنجاد۔ فَعُل کے وزن پر یہی دو لفظ ایسے ہیں جن کی جمع تکسیر آئی ہے۔ باقی الفاظ کی جمع تکسیر نہ آئی، جمع سالم آتی ہے۔

⑦ **فُعُل:-** صفت میں یہ وزن انتہائی قلیل ہے۔ اس لیے اس کی جمع تکسیر صرف افعال کے وزن پر آئی، چوں کہ جمع میں یہ وزن سہل اور کثیر ہے۔ مثال: جُنُب و اَجناب۔

فائدہ: گزشتہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ صفات کی جمع میں وزنِ اَفعال سب سے زیادہ عام ہے۔ یہ ساتوں اوزان کی جمع میں آیا۔ اس کے بعد فِعال کا درجہ ہے جو تین اوزان کی جمع میں آیا۔ باقی اوزان برابر ہیں۔

فائدہ: اوزان صفات میں مذکر عاقل کی جمع سالم سبھی کی آتی ہے اور مؤنث کی جمع صرف الف و تا کے ساتھ آتی ہے۔ سیبویہ نے وزنِ فَعَلة کے بارے میں بتایا کہ اگر اس کے مذکر کی جمع تکسیر آتی ہے تو مؤنث کی بھی جمع تکسیر آئے گی جیسے حَسَن و حَسَنة کی جمع حِسان آتی ہے۔ اسی طرح جو صفت فَعْلَة کے وزن پر ہو اس کی جمع تکسیر فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے عَبْلَه و عبال، کمْشة و کِماش، جَعْدة و جِعاد۔ اور عِلْجة بروزنِ فِعْلة کی جمع عِلَج آئی ہے۔

ثلاثی مزید کی جمع

یہ گزر چکا ہے کہ ثلاثی مجرد کی طرح ثلاثی مزید کی بھی چار قسمیں ہوں گی کیوں کہ ثلاثی مزید اسم ہوگا یا صفت اور ہر ایک مذکر ہوگا یا مؤنث۔

اب یہاں حرف زائد کے لحاظ سے ثلاثی مزید کی اقسام بیان ہوں گی حرف زائد یا تو مدہ ہوگا۔ یا شروع میں ہمزہ ہوگا۔ یا آخر میں الف و نون زائدتان ہوں گے۔ یا یائے ساکنہ دوسری جگہ زائد ہوگی،

اول زائد مدہ جیسے فاعل، فعال، فعلی، فعلاء، فعالی۔ دوم جیسے اَفْعَل، سوم جیسے فعلان، چہارم جیسے فَیْعِل۔

قسم اوّل: حرف زائد مدہ ہو۔ اس کی چار صورتیں ہیں یوں کہ مدہ یا تو دوسری جگہ ہوگا، یا تیسری یا چوتھی یا پانچویں جگہ۔ جیسا کہ مثالوں سے ظاہر ہے۔

پہلے انہی چاروں صورتوں کا بیان ہوگا۔ مگر ان میں وہ کلمہ جس کی تیسری جگہ مدہ زائدہ ہو اس کی اور اس کی جمع کی،

الفاظ کے معانی: ہَرِم: انتہائی بوڑھا۔ زَمِن: اپاہج، آفت زدہ۔ یَقُظ: بیدار۔ نَجُد: بہادر۔ عَبْلَة: بھاری بھرکم عورت۔ کمْشة: تیز رو، کارگر۔ جَعْد: گٹھیلے بدن والا یا ہلکا پھلکا آدمی یا کوتاہ قد۔ جعد من الشعر: گھنگریالے بال (سَبِط: کھڑے بال) جَعْدة مونث جمع جعاد و جعدات۔ عِلْج: عجمی کافر، سخت موٹا، بڑا گورخر۔

صورتیں زیادہ ہیں۔ اس لیے اِن چار میں بھی سب سے پہلے اسی کا ذکر ہوگا۔

(۱) وہ ثلاثی مزید جس کا تیسرا حرف مدہ زائدہ ہو، اسم ہوگا یا صفت اور اسم، مذکر ہوگا یا مؤنث، اسی طرح صفت، مؤنث ہوگی یا مذکر۔

(الف) اسم مذکر کا مدہ زائدہ الف ہوگا، یا یا، یا واو۔ اگر الف ہو تو فا کلمہ مفتوح ہوگا یا مکسور یا مضموم یعنی فَعال، فِعال، فُعال۔

فَعَال: بفتح فا۔ اس کی جمع قلت عموماً اَفْعِلَة کے وزن پر آتی ہے جیسے زمان و أزمنة، مكان و أمكنة، فَدان (بتخفیف دال) و أفدنة، قَذال و أقذلة۔ اور بعض اسما میں کبھی یہی وزن جمع کثرت کے لیے بھی ہوتا ہے جیسے أزمنة و أمكنة۔

اور اس کی جمع کثرت زیادہ تر فُعُل (بضمتین) کے وزن پر ہوتی ہے جیسے قذال و قُذل، فدان و فُدُن۔ اس وزن میں بنی تمیم کے یہاں عین کو ساکن کرنا، جائز ہے، تو تخفیف کر کے قُذْل و فُدْن کہنا بھی درست ہے۔ کلمہ اگر ناقص ہو تو اس کی جمع قلت و کثرت دونوں میں اَفعِلة پر اکتفا ہوگا جیسے سَماء (بمعنی بارش) و اَسْمِيَة، دواء و اَدْوِيَة۔

اس کی جمع کثرت فُعُل کے وزن پر لاتے تو سُمٍ اور دُوٍ کہتے۔ جمع کثرت محض دو حرفی رہ جاتی۔

فَعال کی جمع فِعلان بھی آئی ہے مگر یہ بہت کم ہے جیسے غَزال و غِزلان۔

فِعَال: بکسر فا۔ اس کی جمع قلت اَفعِلة اور جمع کثرت فُعُل آتی ہے اور بنی تمیم کے طور پر بسکونِ عین فُعْل کہنا بھی جائز ہے۔ جیسے حِمار و اَحْمِرَة و حُمُر۔

کبھی جمع قلت کی جگہ بھی جمع کثرت ہی کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ثلاثة جُدُر و أربعةُ كتب، یہاں أجدِرة اور اكتبة نہیں بولا جاتا۔

اور مضاعف کی جمع قلت و کثرت دونوں صرف اَفْعِلة کے وزن پر آتی ہے جیسے خِلال و اَخِلّة، عِنان و اَعِنّة اسی طرح ناقص واوی و یائی دونوں کی جمع قلت و کثرت صرف افعلة کے وزن پر آتی ہے جیسے كساء و اكسية، رداء و اردية۔

اجوف واوی کی جمع افعلة اور فُعْل بسکون عین آتی ہے جیسے خِوَان و اَخْوِنة و خُوْن، بِوان و أبْوِنة، و بُوْن۔

اجوف یائی کی جمع فُعُل بضم عین آتی ہے جیسے عِيان و عُيُن اور بنی تمیم کے طور پر ساکن کر کے بولیں گے تو فا پر

الفاظ کے معانی: قذال : سر کا پچھلا حصہ، گدّی۔ فدان : ہل کے دونوں بیل، فدّان بتشدید دال بھی اسی معنی میں آتا ہے۔ اس کی جمع: فدادين۔ اب ایک خاص رقبۂ زمین (ایکڑ) کے معنی میں بھی بولا جاتا ہے۔ سُمٍ : کی اصل سُمُوٌ، دُوٍ کی اصل دُوُيٌ، دلو کی جمع أَدْلٍ کا اور قاضٍ کا قاعدہ جاری کر کے سُمٍ، دُوٍ ہوا۔ خلال : دانتوں کی صفائی کا تنکا، وہ لکڑی جو اونٹنی کے بچے کو دودھ پینے سے روکنے کے لیے اس کے منہ میں لگادی جاتی ہے۔ عنان : لگام۔ خِوان، بروزن كتاب و غراب : دسترخوان۔ بِوان، بروزن كتاب و غراب : خیمے کا ستون۔ عيان : حديدة الفدان.

کسرہ دیں گے تاکہ ی سلامت رہے۔تو عِیْن کہیں گے جیسے بیضاء کی جمع بیض بکسرِاوّل آتی ہے۔

کبھی فِعال کی جمع فِعلان بھی آتی ہے جیسے صِوار و صِیران۔

فُعَال: بضم فا۔اس کی جمع قلت بروزنِ أفْعِلَةٌ اور جمع کثرت بروزنِ فِعلان آتی ہے۔جیسے غراب و أغرِبة و غِرْبان۔

فُعلان (بضم فا) کے وزن پر اس کی جمع کثرت میں صرف دو لفظ آئے ہیں حُوار و زُقاق کی جمع حُوران و زُقّان۔

کبھی جمع قلت ہی جمع کثرت کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے جیسے فؤاد کی جمع أفئدة۔کبھی فُعال کی جمع فِعال کی طرح فُعُل کے وزن پر لاتے ہیں جیسے قُراد کی جمع قُرُد مگر یہ بہت قلیل اور نادر ہے۔اسی سے ذُباب کی جمع ذُبٌّ ہے۔اس میں بنی تمیم کے طور پر تخفیف ہوئی ہے، ورنہ بغیر ادغام کے ذُبُب کہا جاتا ہے۔فُعال کی جمع میں فِعْلة قلیل ہے جیسے غلام و غِلمة۔

بطور شاذ فُعال کی جمع فواعل بھی آئی ہے جیسے دُخان و عُثان کی جمع دواخن و عواثن۔اس وزن پر یہی دو لفظ ہیں۔تیسرا کوئی نہیں۔

مؤنث: فَعَال، فِعال، فُعال تینوں مؤنث معنوی ہوں تو ان کی جمع اَفْعُل کے وزن پر آتی ہے۔جیسے عَناق و اَعنُق، و ذِراع أذرُع، ، عُقاب و أعْقُب۔اور مکان (جو مذکر ہے) کی جمع أمكُن شاذ ہے۔

کبھی مؤنث فَعال کی جمع فُعُول ، فِعال کی فعائل، فُعال کی فِعْلان بھی آئی ہے۔جیسے عَناق و عُنوق، شِمال و شمائل، عُقاب و عِقبان۔

❁ اگر تیسرا مدہ زائدہ یا ہو تو اس میں حرکت فا کی تین صورتیں متصور ہیں فَعِیل، فِعِیل، فُعِیل۔مگر اخیر کے دو وزن کلام عرب میں نہ آئے تو صرف فَعیل بفتح فا باقی رہا۔

فَعِيل: اس کی جمع قلت أفْعِلة کے وزن پر اور جمع کثرت فُعُل یا فُعْلان کے وزن پر آتی ہے۔جیسے رَغیف و أرغِفة و رُغُف و رُغفان۔اور کبھی اس کی جمع اَفعِلاء کے وزن پر آتی ہے۔جیسے نصیب و اَنصباء، حبیب و اَحِبّاء اور کبھی فِعال کے وزن پر جیسے اَفِیل و اِفال۔اور فِعلان کے وزن پر اس کی جمع بہت کم آتی ہے جیسے ظَلیم و ظِلمان، عَریض و عِرضان، صبي و صِبیان۔

الفاظ کے معانی: صِوار، بروزن کتاب وغراب: نیل گایوں کا ریوڑ۔ حُوار : اونٹنی کا بچہ جو ابھی پیدا ہوا، یا وہ جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا۔ زُقاق : کوچہ، گلی۔ قُراد : چیچڑی جو اونٹ کے بدن میں لگ کر اس کا خون چوستی ہے۔ ذُباب : مکھی۔ دُخان : دھواں۔ عُثان : غبار۔ عَناق : بکری کا مادہ بچہ۔ ذِراع : ہاتھ (مونث)۔ عُقاب: شکاری پرندہ (مونث)۔ اَفِیل : اونٹ کا بچہ۔ ظَلیم : نر شتر مرغ۔ عَریض : بکرا۔

۞ تیسرا مدہ زائدہ واو ہو تو تین صورتیں متصور ہیں فَعُول، فِعُول، فُعُول مگر فِعُول اوزانِ عرب میں سے نہیں، فُعول ہے مگر واحد کے لیے نہیں اکثر جمع کے لیے ہوتا ہے۔ تو یہاں بھی صرف ایک وزن فَعُول بچا جیسے عَمُود۔

فَعُول: اس کی جمع قلت أفعِلة کے وزن پر اور جمع کثرت غیر ناقص واوی میں فُعُل کے وزن پر آتی ہے جیسے عَمُود و أعمِدة و عُمُد۔ اور ناقص میں زیادہ تر اس کی جمع أفعال کے وزن پر آتی ہے اور فُعُول کے وزن پر کم آئی ہے۔ جیسے فَلُوٌّ و أفلاءٌ ، عَدُوٌّ و أعداء، فُلِيّ بضم فا و کسر فا کے مثل قلیل ہے۔ اس میں تعلیل دِلِيّ کی طرح ہے۔ فَعول مؤنث معنوی کی جمع فَعائل آتی ہے۔ جیسے ذَنوب و ذنائب۔

مذکورہ پانچ اوزان (فَعال، فِعال، فُعال اور فَعِيل و فَعُول) کے ساتھ اگر تاے تانیث ہو تو ان کی جمع صرف فعائل کے وزن پر آئے گی۔

جیسے حَمامة و حمائم، رِسالة و رَسائل، ذُؤابة و ذوائب، كَتِيبة و كتائب، تَنُوفة و تنائف۔

جمع صفات

فَعَال: اس کی جمع فُعُل اور فُعَلاء کے وزن پر آتی ہے جیسے جَماد و جُمُد، صَناع و صُنُع، جبان و جُبَناء، اور اجوف واوی میں فُعْل بسکون عین آئی ہے جیسے نَوار و نُوْر، عَوان و عُوْن اور قلیل طور پر فَعال کی جمع فِعال بھی آتی ہے جیسے جَواد و جِياد۔

فِعَال: اس کی جمع فُعُل اور فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے كِناز و كُنُز (بمعنی پر گوشت) یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ ناقةٌ كِناز، و جملٌ كناز اسی طرح رجلٌ لِكاك (کم گوشت) و امرأةٌ لِكاك، جملٌ دِلاث (تیز رفتار) و ناقةٌ دِلاث۔

هِجان کے بارے میں خلیل اور سیبویہ کا مذہب یہ ہے کہ یہ واحد و جمع دونوں کے لیے ہے واحد "کتاب" کی طرح اور جمع "رِجال" کی طرح ہے۔

فُعَال: اس کی جمع فُعَلاء، فُعْلان اور فِعْلة آتی ہے جیسے شجاع و شُجعاء و شُجعان و شِجعة۔

فَعِيل: اس کی جمع فُعَلاء، فِعال، أفعِلة اور أفعِلاء کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے کریم و کُرَماء و کِرام، صَدِيق و أصدِقاء۔ فعيل مضاعف کی جمع فُعَلاء کے بدلے أفعِلاء کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے شدید و شِداد و أشِدّاء، شحيح و شِحاح، و أشِحّاء، اور صحیح کی جمع میں أفعلاء کا وزن کم آتا ہے۔ فعیل

الفاظ کے معانی: عمود : ستون۔ فَلُوٌّ : اونٹ کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو۔ ذَنوب: ڈول، حصہ اور نصیب۔ حَمامة : کبوتری۔ ذُؤابة : چوٹی، کسی چیز کا بالائی حصہ۔ كتيبة : لشکر۔ تَنوفة : بیابان، بے آب و گیاہ زمین۔ جَماد : جامد، بخیل۔ صَناع : کاریگر۔ جبان : بزدل۔ نوار : تہمت سے نفرت کرنے والی عورت، ہرنیوں، نیل گایوں میں سے بدک کر بھاگنے والی۔ عوان : درمیانی عمر والی۔

مضاعف کی جمع أفعلة کے وزن پر بھی آتی ہے۔ جیسے عَزیز و أعِزّة، حَبیب و أحِبّة۔ ناقص واوی ویائی کی جمع بھی فُعَلاء کے بدلے أفْعِلاء آتی ہے۔ جیسے أغنياء ، أشقياء ، أقوياء اوراجوف واوی ویائی کی جمع بجائے فعلاء و أفعلاء کے فِعال آتی ہے جیسے طويل و طِوال، قويم و قِوام۔

ان کے علاوہ کچھ دیگر اوزان پر بھی فعیل کی جمع آتی ہے:

(۱) فُعُل جیسے نذير و نُذُر، جديد و جدُد (۲) فُعلان جیسے شَجِيع و شُجعان ، ثنِيٌّ و ثُنيان (۳) فِعلان جیسے خَصِيٌّ و خِصْيان۔ (۴) أفعال جیسے شريف و أشراف۔ (۵) فُعُول جیسے ظريف و ظروف۔ یہ بعض نحاۃ کے نزدیک ہے۔

فائدہ: کبھی فعيل بمعنی فاعل بھی مذکر ومؤنث دونوں کے لیے آیا ہے۔ جیسے جديد، سَدِيس، ريحٌ خريق، رحمة الله قريب مگر سديسٌ اور خريق میں یہ لازم ہے۔

فَعُول: اس کی جمع اکثر فُعُل (بضمتین) کے وزن پر آتی ہے۔ وزن فَعُول اور اس کی جمع فُعُل مذکر ومؤنث دونوں کے لیے ہے۔ فَروقة (بہت ڈرنے والا مرد یا عورت) مَلُولة (بہت اکتانے والا مرد یا عورت) میں تا مبالغہ کے لیے ہے۔ جب اس کا استعمال تاے مبالغہ کے ساتھ ہوتا ہے تو اس کی جمع فَعولات (جیسے فَروقات) آتی ہے۔

اور وہ فَعُول جو مؤنث کے لیے خاص اور تا سے خالی ہو عموماً اس کی جمع فعائل کے وزن پر آتی ہے۔ جیسے عَجُوز و عجائز، قَلوص و قلائص، جَدود و جدائد۔ فَعول (بغیر تا) کی جمع سالم نہیں آتی۔

بطور شاذ اس کی جمع فُعَلاء و أفعال بھی آئی ہے جیسے وَدُود کی جمع وُدَداء ، اور عَدُوّ کی جمع أعداء۔

فعيل بمعنی مفعول: یہ مذکر ومؤنث دونوں کے لیے یکساں استعمال ہوتا ہے جیسے رجلٌ جريح و امرأةٌ جريح مگر موصوف مؤنث محذوف ہو تو اس صیغے میں تاے تانیث آئے گی۔ کہا جاتا ہے هذه قتيلة فلان و جريحتُه اور کبھی فعيل بمعنی فاعل سے لفظی مشابہت کے باعث موصوف مذکور ہونے کے باوجود اس میں تا آجاتی ہے جیسے امرأةٌ قتيلة جیسے کبھی فعيل بمعنی فاعل سے تا حذف ہو جاتی ہے جیسے مِلحَفةٌ جديد نحاۃ بصرہ کے نزدیک یہ جدّ يجِدّ جدّة (نیا ہونا) سے ہے۔ مگر اہل کوفہ کہتے ہیں کہ یہ جَدّ بمعنی قطع سے ہے اور جديد بمعنی مجدود (فعيل بمعنی مفعول) ہے۔

الفاظ کے معانی: ثَنِيّ : اونٹ جو پانچ سال کا ہو کر چھٹے میں داخل ہو چکا ہو۔ گھوڑا جو تین سال کا ہو کر چوتھے میں داخل ہو چکا ہو۔ گائے بکری جو دو سال کی ہو کر تیسرے میں داخل ہو چکی ہو۔ اگلے چار دانت، دو اوپر، دو نیچے۔ جدید : نیا، خوش بخت مرد، روے زمین، فربہ مادۂ خر۔ سدیس : ناقةٌ سدیس: وہ اونٹنی جو چھٹے سال میں ہو۔ ثوبٌ سدیس: وہ کپڑا جس کی لمبائی چھ ہاتھ ہو۔ سدیس کسی چیز کا چھٹا حصہ۔ ناپنے کا ایک پیانہ۔ خریق: ٹھنڈی سخت رو ہوا۔ نرم خرام ہوا (ضد) قلوص : جوان اونٹنی۔ جدود : وہ بھیڑ جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔

اس کی جمع فَعْلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح و جرحیٰ، قتیل و قَتْلیٰ مگر فَعْلیٰ کے وزن پر اس کی جمع اُس وقت آتی ہے جب لفظ ان آفات و مکارہ کے معنیٰ پر مشتمل ہو جن سے ذی حیات دو چار ہوتا ہے جیسے قتل و جرح وغیرہ۔ بلکہ جب یہ مضمون فعیل بمعنیٰ مفعول کے علاوہ میں موجود ہوتا ہے تو اس کی جمع بھی فعلیٰ کے وزن پر آجاتی ہے۔ جیسے مریض و مرضیٰ، زمِن (بروزن فَعِل) و زَمْنیٰ، میّت (بروزن فَیْعِل) و موتیٰ، أحمق (بروزن أفعل) و حَمْقیٰ۔ هالك (بروزن فاعل) و هلكیٰ۔

جو فعیل بمعنیٰ مفعول معنیٔ آفت و مکروہ سے خالی ہو اس کی جمع فعلیٰ نہیں آتی حمید کی جمع حَمْدیٰ نہیں ہوتی۔

فعیل کبھی معنیٰ اسمی کی طرف منتقل ہو جاتا ہے اور اس کے آخر میں تا لاحق ہو جاتی ہے جیسے ذبیحة، أكيلة، ضحِيّة، نطيحة ایسے الفاظ کی جمع بھی فَعلیٰ کے وزن پر نہیں آتی۔

فعیل مذکور کی جمع فُعَلاء جیسے قتیل و قُتَلاء، أسیر و أسَراءُ شاذ ہے۔ أسیر کی جمع أُساریٰ بھی آئی ہے۔

فعیل مذکور کی جمع سالم نہیں آتی اسی لیے جریحون اور جریحات نہیں کہا جاتا۔

فَعِیْلَة (مؤنث): فعیل صفت کی طرح فعیلة صفت کی جمع بھی فِعال آتی ہے جیسے صبیح و صبیحة کی جمع صِباح، ظریف و ظریفة کی جمع ظِراف ـــــ دوسری جمع فعائل ہے یہ فعیلة سے خاص ہے یعنی فعیل مذکر کی جمع میں یہ وزن نہیں آتا۔ نظیر کی جمع نظائر، کریه بمعنیٰ مکروہ کی جمع کرائه شاذ ہے۔

فعیلة بمعنیٰ مفعول ہو یا نہ ہو اس کی جمع فعائل آتی ہے۔ جیسے ذبیحة و ذبائح، کبیرة و کبائر۔

کبھی فعیلة کی جمع فعائل لانے کے بجائے فِعال ہی لائی جاتی ہے جیسے امرأة صغیرة، کبیرة، سمینة کی جمع میں صغار، کبار، سمان کہا جاتا ہے۔ نسوة صغائر کبائر سمائن نہیں کہا جاتا۔

فُعَلاء کے وزن پر فعیلة کی جمع میں صرف دو لفظ آئے ہیں۔ جیسے نسوة فقراء و سفهاء۔ خلیفة کی جمع خلفاء سے متعلق کہا گیا کہ یہ لفظ چوں کہ مذکر کے لیے ہے اس لیے اس کی جمع مذکر کی طرح لائی گئی جیسے کریم و کرماء اور خلیفة کی جمع اصل قاعدے کے مطابق خلائف بھی آئی ہے۔

❁ یہاں تک اُس مدہ زائدہ کا بیان تھا جو تیسری جگہ ہو۔ اب اُس مدہ زائدہ کا بیان ہوگا جو دوسری جگہ ہو۔ یہ الف ہوتا ہے۔ جیسے فاعل۔ اس کی کل چار صورتیں ہوں گی اسم یا صفت اور ہر ایک مذکر یا مؤنث۔

فاعل - اسم مذکر: فاعل بفتح عین و بکسر عین کی جمع قیاسًا فواعل کے وزن پر آتی ہے جیسے کاھِل و کواھل، خاتَم و خواتم اور بقلت اس کی جمع کسرہ کے اِشباع کے ساتھ فواعیل بھی آئی ہے جیسے طابق (بفتح و کسر با) کی جمع طوابیق، دانق (بفتح و کسر نون) کی جمع دوانیق۔

الفاظ کے معانی: کاھل: کاندھا۔ دونوں شانوں کا درمیانی حصہ۔

اور اس کی جمع فُعلان (بفتح فاو سکون عین) اور فِعلان (بکسر فاو سکون عین) بھی آئی ہے اوّل جیسے حاجر و حُجران —— دوم جیسے جانّ و جِنّان۔ فُعلان کے وزن پر جمع زیادہ ہے۔

جب معنی صفت والا فاعل، اسمی معنی میں منتقل ہوجاتا ہے تو اس کی جمع بھی اکثر فُعلان آتی ہے جیسے راکب و رُکبان، فارس و فُرسان، راعی و رُعیان۔ اور ایسے فاعل اسمی کی جمع کبھی فِعال بھی آتی ہے جیسے راعی و رِعاء، صاحب و صِحاب۔

اور فاعل اسمی کی جمع کبھی أفعِلة بھی آتی ہے جیسے وادی و أودِیة۔

فاعلة - اسم مؤنث: اس کی جمع بھی اکثر فواعل آتی ہے جیسے کاثبة و کواثب۔ کبھی اسی وزن پر فاعلاء کی بھی جمع لاتے ہیں۔ جیسے نافقاءُ، قاصِعاء، دامّاء، سابِیاء کی جمع نوافق، قواصع، دوامٌّ، سَوابِئ یا سَوَابِ۔

فاعل - صفت مذکر: اس کی جمع اکثر فُعَّل اور فُعّال کے وزن پر آتی ہے اور بکثرت فَعَلة کے وزن پر بھی آتی ہے مگر ناقص میں بضم فا قُضاة (اصل: قُضَیَةٌ بروزن فُعَلَةٌ) کی طرح جمع لاتے ہیں۔

اول دوم جیسے جاهل کی جمع جُهَّل و جُهّال، سوم جیسے فاسق و فَسَقَة۔ اجوف میں کبھی عین کو الف سے بدل کرلاتے ہیں جیسے بائع و باعة، قائد و قادة، (اصل بَیَعة و قَیَدَة)، ناقص کی مثال: قضاة، دُعاة، هُداة۔

فاعل صفت کی جمع کثرت فُعُل (بضمتین) کے وزن پر بھی آئی ہے جیسے فَعُول (بفتح فاو ضم عین) کی جمع فُعُل آتی ہے۔ مثال: بازل و بُزُل، شارفٌ و شُرُف۔ پھر بنی تمیم کے یہاں اس کے عین کو ساکن کر کے تخفیف بھی ہوتی ہے۔ مگر اجوف میں سب کے یہاں تخفیف ہوتی ہے۔ جیسے عائط و عُوْط، حائل و حُوْل (بسکون واو) عائط کی جمع عِیْط بکسر عین بھی آئی ہے۔ یہ اجوف یائی ہے۔ فا کو کسرہ دے دیا گیا تا کہ یائی کی یا باقی رہے جیسے بِیض جمع ابیض و بیضاء میں ہوا۔

اور فاعل کی جمع میں یہ اوزان بھی آئے ہیں: (۱) فُعلان جیسے شابٌّ و شُبّان، راعی و رُعیان

الفاظ کے معانی: حاجر: وادی کا پانی روکنے والی جگہ۔ جانّ: جن، پتلا تیز سانپ۔ راکب: بمعنی شتر سوار، اسمی معنی میں آگیا۔ اسی طرح فارس بمعنی اسپ سوار اور راعی بمعنی چرواہا۔ کاثبة: گھوڑے کے شانوں کا وہ درمیانی حصہ جو زین کے آگے ہوتا ہے۔ حدیث میں ہے: یَضَعُون رِمَاحَهم علی کواثبِ خَیلِهم۔ نافقاء: جنگلی چوہے کی وہ بل جس سے نکلنے کی جگہ چوہا کھولتا نہیں بلکہ وہاں رقیق مٹی کی تہ چھوڑ دیتا ہے جب کھلی بل (قاصِعاء) کی جانب سے کوئی اُسے پکڑنا چاہتا ہے تو یہ نافقاء کے منہ پر سا تر رقیق مٹی کو ٹھونگ سے مار کر باہر بھاگ جاتا ہے۔ قاصعاء: وہ بل ہے جس کا دروازہ کھلا رہتا ہے۔ اسی سے آتا جاتا ہے اور اسی میں رہتا ہے۔ دَامّاء: اس کی وہ بل ہے جو پوری کھودنے کے بعد اس کے منفذ پر مٹی ڈال دیتا ہے۔ سَابِیاء: بچہ دانی، وہ جلد جس میں پیٹ کا بچہ رہتا ہے۔ بازل: اصل میں اونٹ کو کہتے ہیں جب اس کا نوکیلا دانت نکل آئے یہ نویں سال ہوتا ہے پھر بطور تشبیہ مرد کامل کو رجلٌ بازل کہتے ہیں۔ شارف: پرانا تیر۔ بوڑھی اونٹنی۔ عائط: اجوف واوی و یائی، عاطَتِ المرأة و الناقة تعوط و تعیط، جو بانجھ پن کے بغیر برسوں حاملہ نہ ہو۔ حائل: جفتی کے باوجود جسے حمل نہ ہو۔

(۲)فِعَال جیسے جائع و جِیاع، نائم و نِیام راعی و رِعاء، صاحب و صِحاب (۳) فُعُول جیسے شاهد و شُهُود، حاضر و حُضُور، راکع و رُكُوع، جمع فاعل کا یہ وزن اُس وقت آتا ہے جب اس کا مصدر بھی فُعُول کے وزن پر آیا ہو۔

فاعل - صفت مذکر عاقل کی جمع فواعل کے وزن پر شاذ ہے چند الفاظ اس وزن پر آئے ہیں جیسے فارس و فوارس، حارس و حوارس، حاجب و حواجب (حجابة بمعنی دربانی سے) رافد و روافد، هالك و هوالك، شاهد و شواهد، خاشع و خواشع، ناكس و نواكس، غائب و غوائب۔

ہاں! فاعل جب غیر عاقل کی صفت ہو تو اس کی جمع فواعل کے وزن پر قیاسًا آتی ہے جیسے سیوف کی صفت میں صوارم و قواضب، اسی طرح جِمالٌ بوازل و أيامٌ مواضٍ۔

اور جب فاعل وصفی میں تاے ظاہرہ یا مقدرہ ہو تو اس کی جمع فَواعل اور فُعَّل کے وزن پر قیاسًا آتی ہے۔جیسے ضاربة و ضوارب، حائض و حُيَّض و حوائض۔ ناقة شارف کی جمع میں شُرَّف و شوارف۔

❁ وہ کلمہ جس کا چوتھا حرف الف تانیث ہو۔یہ اسم میں ہوگا یا صفت میں۔اور الف تانیث مقصورہ ہوگا یا ممدودہ۔

فعلی و فَعلاء - اسم: فُعلیٰ بالف مقصورہ کی جمع فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے أُنثی و إناث اور فَعْلاء بالف ممدودہ کی جمع فَعالیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے صَحْراء و صَحاری۔

صفت: صفت مؤنث بالف کی کئی صورتیں ہیں ① جس کا مذکر أفعل کے وزن پر آیا ہے اس کی دو قسمیں ہیں: (الف) وہ جس میں الف مقصورہ ہو۔جیسے صغری۔(ب) وہ جس میں الف ممدودہ ہو۔جیسے حمراء۔

② جس کا مذکر أفعل کے وزن پر نہیں آیا۔اس کی بھی دو قسمیں ہیں۔(الف) جس میں الف مقصورہ ہو۔اس کی دو قسمیں ہیں۔وہ جس کا مذکر فَعْلان کے وزن پر ہو۔جیسے عطشی وہ جس کا کوئی مذکر نہ ہو جیسے حَرمیٰ بفتح حا۔وہ بکری جو نر کی شہوت رکھتی ہو۔(ب) جس میں الف ممدودہ ہو جیسے بَطحاء، کشادہ سیلابی جگہ جس میں سنگریزے ہوں۔ عُشراء، وہ ناقہ جس کا حمل دس مہینے کا ہو چکا ہو۔

۱۔ فُعلی أفعل-اس کی جمع فُعَل کے وزن پر آتی ہے۔جیسے صُغری و صُغَر۔

۲۔ فَعلاءُ أفعل -اس کی جمع فُعْل کے وزن پر آتی ہے۔جیسے حمراء و حُمْرٌ۔

۳۔فَعْلی مؤنثِ فَعلان -اس کی جمع فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے عَطشی و عِطاش۔

۴۔فَعلی بلا مذکر-اس کی جمع فَعالیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے حَرمیٰ و حَرامیٰ۔

۵۔ مؤنث بالف ممدودہ (بلا مذکر) اس کی جمع فِعال کے وزن پر آتی ہے جیسے بطحاءُ و بِطاح، عُشَراء و عِشار۔

مؤنث بالف مقصورہ وممدودہ

① فُعلی مونث بالف مقصورہ جس کا مذکر أفعل ہو اس کی جمع تکسیر فُعَل آتی ہے جیسے صُغری و صُغَر اور جمع سالم فُعلیات بھی آتی ہے جیسے صُغْرَیات۔

② فَعلاء بالف ممدودہ جس کا مذکر أفعل ہو اس کی جمع سالم نہیں آتی، صرف جمع تکسیر فُعْل کے وزن پر آتی ہے جیسے حَمراءُ و حُمْر۔

③ ان کے علاوہ ایسا کلمہ جس کا چوتھا حرف الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو عموماً اس کی جمع سالم آتی ہے اور جمع تکسیر بھی آتی ہے۔

اس کی جمع تکسیر دو طرح آتی ہے۔ (الف) جمع منتہی الجموع (ب) فِعال کے وزن پر۔

(الف) آخر میں الف مقصورہ اسم میں ہو تو اس کی جمع فَعالِیٰ اور فَعالیٰ آتی ہے جیسے دَعوی کی جمع دَعاوِی و دَعاویٰ، فَتوی کی جمع فَتاوِیٰ و فَتاویٰ۔

اور الف مقصورہ صفت میں ہو تو اس کی جمع صرف فعالیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے حُبلی و حَبالیٰ، خُنثی و خَنائی، حَرمیٰ (بفتح حا) و حَرامیٰ۔

اور آخر میں الف ممدودہ ہو تو اس کی جمع فعالِیٰ اور فعالیٰ آتی ہے اور قلیل طور پر فعالِیُّ (بیائے مشدد) بھی آئی ہے۔ جیسے صحراء کی جمع صحارِیٰ، صحاریٰ اور صحارِیُّ۔

(ب) فِعال کے وزن پر جیسے أُنثی و إناث، عَطشی و عِطاش، بَطحاءُ و بِطاح، عُشَراء و عِشار۔

④ الف تانیث اگر کلمہ کا پانچواں حرف ہو اور الف مقصورہ ہو جیسے حُبارَیٰ تو اس کی جمع الف و تا کے ساتھ آئے گی جیسے حُبارَیات۔ اس کی جمع تکسیر نہ آئے گی۔

اور اگر الف ممدودہ ہو تو جمع سالم اور جمع تکسیر دونوں ہو سکتی ہے۔ جمع تکسیر فواعل کے وزن پر آئے گی۔ جیسے قَاصِعَاءُ، خُنفُساء، قُرِیثاءُ، بَرَاکاءُ، جَلُولاءُ کی جمع قواصع، خَنافس، قَرائث، بَرائك، جَلائل۔

⑤ اگر الف تانیث پانچویں حرف کے بعد ہو جیسے حَوْلایا (ایک شخص کا نام) تو اس کی جمع فعالِیٰ کے وزن پر آئے گی جیسے حوالِي۔

الفاظ کے معانی: قاصِعَاء : جنگلی چوہے کی بل، جس میں وہ رہتا ہے اور اس کا مدخل کھلا رہتا ہے۔ خُنفُساء : بضم خا و سکون نون و فتح فا و ضم فا- ایک بدبودار کیڑا۔ قُرِیثاء : بضم قاف و کسر را و سکون یا- اسی طرح کُرِیثاء - ایک سیاہ قسم کی کھجور۔ بَرَاکاء : جنگ میں سرگرمی و ثابت قدمی، میدان جنگ۔ جَلُولاء : -بفتح اول و ضم ثانی- سواد عراق کا ایک علاقہ جہاں مسلمانوں اور ایرانیوں کے درمیان ١٦ھ میں مشہور معرکہ ہوا، اس نام سے افریقہ کا بھی ایک مشہور شہر ہے جو عبد الملک بن مروان کے ہاتھوں فتح ہوا۔

وہ ثلاثی مزید جس کے شروع میں ہمزہ کی زیادتی ہو:

① أفعل اسمی، کے ہمزہ پر فتحہ ہو یا کسرہ یا ضمہ اس کی جمع أفاعل کے وزن پر آتی ہے جیسے أجدل و أجادِل، إِصبع و أصابع، أُبْلُم و أبالم، أحوص و أحاوص۔ اس لفظ کی جمع وصف اصلی کا اعتبار کر کے حُوص بھی آئی ہے۔

② أفعل وصفی کی جمع فُعْلٌ آتی ہے اور بکثرت فُعلان بھی آئی ہے۔ جیسے أحمر و حمر و حمران، أسود و سود و سودان، أبيض و بِيض و بيضان (ان دو لفظوں میں ب کو کسرہ دے دیا گیا تا کہ یا باقی رہے) أحمر و حمراء کی جمع سالم أحمرون و حمراوات نہیں آتی تا کہ أفعل التفضيل سے امتیاز رہے۔ ليس في الخضراوات صدقةٌ میں خضراء کی جمع سالم اس لیے آئی کہ یہ لفظ سبزی ترکاری کا اسم بن گیا تو اسم کی طرح اس کی بھی جمع سالم آ گئی گویا فرمایا گیا: ليس في البُقُول صدقة۔

③ أفعل التفضيل کی جمع أفاعل و أفعلون دونوں آتی ہے جیسے أفضل کی جمع أفاضل و أفضلون۔

فعلان: وہ کلمہ جس کے آخر میں الف و نون زائدتان ہوں، یہ اسم ہوگا یا صفت اسم کی جمع فَعالين کے وزن پر آتی ہے۔ فعلان کے فا پر فتحہ ہو یا ضمہ یا کسرہ اور عین ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے شيطان و شياطين، سُلطان و سلاطين، سِرحان و سراحين۔

اور جیسے وَرَشان (بفتحات) و وَراشين، سَبُعَان (بفتح سین وضم با) و سباعين، ظَرِبَان (بفتح اول وکسر دوم) و ظرابين۔

لیکن اس وزن پر اگر علم مرتجل ہو جیسے سلمان، عُثمان، غَطفان وغیرہ تو اس کی جمع تکسیر نہیں آتی بلکہ جمع سالم لائی جاتی ہے۔

فعلان کی جمع فِعال بھی آتی ہے جیسے سِرحان و سِراح۔ ظَرِبان کی جمع ظِربیٰ بھی آئی ہے جیسے حَجَل کی جمع حِجلیٰ۔ اس وزن پر صرف انہی دو لفظوں کی جمع تکسیر آئی ہے۔

فعلان، وصفی: فعلان وصفی جب بفتح فا ہو تو اس کی اور اس کے مونث کی جمع کبھی فَعالیٰ آتی ہے کبھی فِعال جیسے حَیران و حَیاریٰ، غضبان و غِضاب۔ کبھی فَعلان جس کا مؤنث فعلانة ہو اس کی جمع

الفاظ کے معانی: اَجدل: شکرا پرندہ، جدل بمعنی شدت سے لیا گیا ہے۔ اَبْلُم: گوگل کے پتے۔ اَحوص: اصل میں صفت کا صیغہ ہے حَوَص سے بنا ہے۔ تنگ گوشۂ چشم والا۔ پھر یہ متعدد افراد کا نام ہوا، ان میں سے ایک احوص ابن جعفر ابن کلاب ہے۔ سِرحان: بھیڑیا۔ وَرَشان: کبوتر جیسا ایک پرندہ، مؤنث ورشانة۔ سَبُعان: دِیار بنی قیس میں ایک مقام۔ ظَرِبان و ظَرباء: بلی کے برابر ایک جانور، جس کی سونڈ لمبی، پیٹھ کالی، پیٹ سفید ہوتا ہے بہت بدبودار، بہت گوز مارنے والا ہوتا ہے، جب یہ گو کا شکار کرنا چاہتا ہے تو اس کی بل میں گوز مارتا ہے، وہ بدبو کی شدت نہ برداشت کر کے باہر آ جاتا ہے پھر یہ گو کو پکڑ کر کھا جاتا ہے۔

فِعال اور فَعالی دونوں آجاتی ہے جیسے ندمان کی جمع نِدام و نَدامی۔

فُعلان بضم فا کی جمع فَعالیٰ نہیں آتی، فِعال آتی ہے جیسے خُمصان و خِماص اور عُریان کی جمع عِراء بھی نہ آئی، اس کی جمع کے لیے عاری کی جمع عُراۃ سے کام لیا جاتا ہے اس لیے کہ عریان اور عاری ہم معنیٰ ہیں۔

فَعلان بفتح فا جس کا مونث فَعْلیٰ ہو اس کے بعض الفاظ کی جمع بضم فا بھی آتی ہے جیسے کسلان و کُسالیٰ، سکران و سُکاری، عَجلان و عُجالیٰ۔غیر فعلان کی جمع میں دو لفظ ایسے ہیں جو لازمًا بضم فا آتے ہیں: أُساری، أسیر کی جمع اور قُدامیٰ ، قادِمۃ کی جمع (پرندے کے اگلے پر)

❁ وہ کلمہ جس کا دوسرا حرف یاے زائدہ ہو اور عین مکسور ہو جیسے فیعِل کے وزن پر میّت، جیّد، بیّن۔اس کی جمع أفعال، فِعال، أفْعِلاء کے وزن پر آتی ہے جیسے أموات، جِیاد، أبْیِناءُ۔

ثلاثی نوع دوم: وہ کلمات جن کی جمع سالم مذکر و مؤنث پر اکتفا ہوتا ہے، جمع تکسیر نہیں آتی ہے۔اور چند کلمات کی جمع تکسیر بطور شاذ آئی ہے۔

فَعّال، فُعّال، فِعّیل: اول بفتح فا و تشدید عین، دوم بضم فا و تشدید عین، سوم بکسر فا و تشدید و کسر عین۔ یہ تینوں مبالغہ کے اوزان ہیں ان کی جمع تکسیر نہیں آتی بلکہ جمع سالم مذکر کے لیے واو اور نون کے ساتھ، مؤنث کے لیے الف اور تا کے ساتھ آتی ہے۔جیسے شرّاب کی جمع شرّابون و شرّابات ، حُسّان کی حُسّانون و حُسّانات، فِسّیق کی فِسّیقون و فِسّیقات۔

اسی طرح فُعّل (بضم فا و تشدید و فتح عین) جیسے زُمّل و جُبّأ اور فُعّیل (بضم فا و تشدید و فتح عین) جیسے زُمّیل و سُکّیت کی جمع سالم آتی ہے، جمع تکسیر نہیں آتی۔

اوزان مبالغہ میں فَعال، فِعال ، فَعول، اور مِفعَل، مِفعال، مِفعِیل کی جمع تکسیر آتی ہے، جمع سالم نہیں آتی۔اور یہ اوزان مذکر و مونث دونوں کے لیے یکساں ہوتے ہیں۔پہلے تین کا ذکر جمع صفات کے تحت آچکا۔مِفْعَل کی جمع مفاعل، مفعال و مفعیل کی جمع مفاعیل آتی ہے۔جیسے مِدْعَس و مَداعس، مِهْذار و مهاذیر، مِعْطِیر و مَعَاطیر، مسکین بروزن مفعیل کی جمع سالم مسکینون و مسکینات شاذ ہے۔

مضروب، مُکرِم، مُکرَم جیسے الفاظ جن کے شروع میں میم ہے اور اسم فاعل یا اسم مفعول ہیں، ان سب کی جمع سالم آتی ہے۔جمع تکسیر نہیں آتی۔

چند الفاظ کی جمع تکسیر خلاف قیاس آئی ہے۔

الفاظ کے معانی: خُمصان: دبلے پیٹ والا۔مؤنث خُمصانۃ۔ شَرّاب : بہت پینے والا۔حُسّان : بہت خوبی والا۔فِسیق : بہت نافرمانی والا۔زُمّل و زُمّیل : بزدل، گھٹیا۔جُبّأ : بزدل۔سُکّیت : وہ گھوڑا جو مقابلے کی دوڑ میں دسواں ہو۔یہ آخری ہوتا ہے۔اس کے مابعد کا شمار نہیں ہوتا۔ مِدْعس : بڑا نیزہ باز۔مِهذار: بہت بیہودہ گو مرد یا عورت۔مِعْطِیر : بہت عطر لگانے والا یا لگانے والی۔

۱- عُوّار (بزدل) بروزن فُعّال کی جمع عَوَاوِیر ۲- ملعون و ملاعین ۳- مشؤوم و مشائیم ۴- میمون و میامین ۵- مکسور و مکاسیر ۶- مسلوخة و مسالیخ ۷-۸ مُفْعِل کے وزن پر بعض اسم فاعل جیسے مُوْسِر و مُفطِر اور مُفْعَل کے وزن پر بعض اسم مفعول جیسے مُنْکر کی جمع میاسیر، مفاطیر، و مناکیر۔

۹- وہ مُفْعِل جو مؤنث سے خاص ہونے کے باعث تاے تانیث سے خالی ہوتا ہے اُس میں اکثر یہی ہے کہ اس کی جمع تصحیح نہیں لائی جاتی بلکہ جمع تکسیر استعمال ہوتی ہے، جیسے مُطفِل، مُشْدِن، مُرْضِع کی جمع مطافل، مشادِن، مَراضع، ان جمعوں میں یا بڑھا کر مطافیل، مشادین، مراضیع کہنا بھی جائز ہے۔

رباعی کی جمع: ① رباعی مجرد (جَعفَر، زِبْرِج، بُرثُن، دِرْهَم، قِمَطْرٌ - اور بُرقَع برقول اخفش۔) کی جمع فعالل کے وزن پر آتی ہے۔

② رباعی مزید جس کے آخر سے پہلے حرف مد ہو (جیسے عُصفور، قِرطاس، قندیل) اس کی جمع فعالیل کے وزن پر آتی ہے۔

③ (الف) جو رباعی سے ملحق ہو جیسے کوثر، جدول، عِثْيَر، اس کی جمع رباعی کی طرح فعالل کے وزن پر آئے گی۔

(ب) جو ملحق نہ ہو مگر رباعی کی طرح بغیر کسی حرف مد کے چار حروف پر مشتمل ہو جیسے تَنْضُب، مِدْعس اس کی جمع بھی رباعی کی طرح ہوگی۔

(ج) جو رباعی مزید کی طرح ہو اور ماقبل آخر کسی حرف مد یا حرف لین پر مشتمل ہو اس کی جمع فعالیل کی طرح ہوگی۔ جیسے قِرْوَاح، قُرْطاط، مِصْباح، کَلُّوب، کُلّاب، إصْباَح، اِجْفِيْل، اُمْلُود، سِنَّور، سُکَّيت۔

کبھی چار حرفی لفظ مُعَرّب کی جمع منتہی الجموع لا کر اس کے آخر میں تا لاحق کی جاتی ہے۔

جیسے موازجة، صوالجة، طیالسة، جواربة۔ ان کے واحد: مَوزَج بمعنی موزہ صولج و صوجان، طَیلَسان و طَیْلَس (سیاہ اونی چادر) جَورَب: موزہ۔ کہا گیا کہ یہ "گورپا" کا معرب ہے۔

اسی طرح چار حرفی اسم منسوب کے آخر میں تا لاحق کی جاتی ہے۔ مگر اول اکثر ہے اور ثانی وجوبًا۔ جیسے أشعثی،

الفاظ کے معانی: مطفل : ذات طفل من الإنسان و الوحش۔ بچے والی۔ مُشْدِن : ذاتُ شادن، شادن ہرنی کا بچہ، مُشدن بچے والی ہرنی۔ مُرضع : دایہ۔ جعفر : چھوٹی نہر۔ زِبرِج : نقش ونگار یا موتیوں سے آرائش۔ سونا۔ رقیق بادل۔ بُرثُن : درندوں پرندوں کا پنجہ۔ قِمَطْر : بستہ جس میں کتابیں رکھی جاتی ہیں۔ کوثر : بڑی کثرت والا۔ جنت کی ایک کا نہر کا نام۔ جَدول : چھوٹی نہر۔ عِثْيَر : بر وزن دِرْهم : غبار۔ تَنْضُب : ایک خاردار درخت۔ مِدْعَس : نیزہ، قِرْوَاح : - بکسر اول وسکون دوم: لمبے پیروں والی اونٹنی۔ قُرطاط : - بضم وکسر اول وسکون ثانی بہر دو صورت: مصیبت۔ نمدہ جو اونٹ کے کجاوے کے نیچے رکھا جاتا ہے۔ کَلُّوب، و کُلّاب : مہمیز یعنی وہ لوہا جو گھوڑا سدھانے والے کے موزے پر لگا رہتا ہے۔ اِجْفِيل : شتر مرغ جو ہر چیز سے ڈرتا بدکتا ہے۔ بزدل۔ عمر دراز عورت۔ اُملود : نرم و نازک شاخ یا انسان۔ سِنَّور : بلی۔ سُکَّيت : مقابلے میں سب سے پیچھے (یعنی دسویں نمبر پر) رہنے والا گھوڑا۔

مُهَلَّبِي، مَشهدی کی جمع أشاعثه، مَهالِبة، مَشاهدة، بر بري کی جمع بَرابِرة میں نسبت اور عجمہ دونوں جمع ہیں۔

جمع خماسی: اسم خماسی کی جمع تکسیر ناپسندیدہ ہے اس کے باوجود اگر اس کی جمع لانا چاہیں تو پانچویں حرف کو حذف کر کے رباعی کی طرح اس کی جمع لائیں گے۔ تو سَفَرْجَل کی جمع سَفارِج، جَحْمَرِش کی جَحَامِر ہوگی۔

❁ بعض الفاظ ایسے ہیں جو قلیل وکثیر سب کے لیے بولے جاتے ہیں اور خاص مفرد کو بتانا ہوتا ہے تو ان کے آخر میں تا لگا دی جاتی ہے۔ جیسے تَمْرٌ و تَمْرة، طَلْح و طَلْحة، نَخْل و نَخْلَة، نَمْل و نَمْلة۔ ایسے اسم کو اسم جنس کہا جاتا ہے۔ اسے جمع بتانا درست نہیں اس لیے کہ جمع کا اطلاق ایک دو پر نہیں ہوتا۔ اور اسم جنس ایک دو پر بھی بولا جاتا ہے۔ ہاں بعض اسم جنس ایسے بھی ہیں جن کا اطلاق ایک دو پر نہیں ہوتا۔ جیسے کَلِم اور أکَم ایک کے لیے کلمة اور أکَمَة ۔مگر یہ استعمال کی بات ہے اصل وضع میں ایسا نہیں۔ اور ایسے الفاظ چند ہی ہیں۔

جمع کثرت کے لیے اسم جنس بغیر تا کے استعمال ہوگا اور جمع قلت کے لیے الف وتا کے ساتھ آئے گا جیسے نَمْلَةٌ، نَمْلٌ، نَمَلات۔

ثلاثی میں اسم جنس کے اوزان یہ ہیں: (۱) فَعْلة جیسے تَمْرة (۲) فِعْلة جیسے سِدْرَة (۳) فُعْلة جیسے دُرَّة (۴) فَعَلَة جیسے بَقَرَةٌ (۵) فَعِلة جیسے کَلِمَة (۶) فِعَلة جیسے عِنَبَة (۷) فَعُلَة جیسے سَمُرَة (۸) فُعُلة جیسے هُدُبة (۹) فُعَلَة جیسے رُطَبَة۔

کبھی اسم جنس کے بعض الفاظ کی جمع تکسیر بھی آتی ہے۔ جیسے بَهْمة و بِهام، طَلحة و طِلاح ، خَيْمة و خِيام، رَوضة و رِياض، صَعْوة و صِعاء۔ (یہ سب جمع فَعْلة کی مثالیں ہیں) سِدْرة و سِدَر، دُرّة و دُرر (یہ جمع فِعْلة و فُعْلة کی مثالیں ہیں) أکَمَة و إکام۔ ثَمَرة و ثِمار۔ (یہ جمع فَعَلة کی مثالیں ہیں)

سیبویہ نے کہا ہے کہ کبھی فَعْلة تا کے ساتھ ہو تو بسکون عین ہوتا ہے اور تا سے خالی ہو تو بفتح عین ہوتا ہے جیسے حَلْقة و حَلَق، فَلْكة و فَلَك۔

غیر ثلاثی مجرد میں اسم جنس کی مثالیں: نَعام و نَعامة، سَفرجل و سفرجلة، کبھی بعض الفاظ کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہوتا ہے جیسے حَلْفاء ، طرفاء، بُهْمى، اگر ایک فرد کو بتانا ہو تو آخر میں تا نہ لگائیں گے بلکہ لفظ واحد بطور صفت لائیں جیسے طرفاء واحدة، بُهمى واحدة۔

اسم جنس زیادہ تر مخلوقات میں ہوتا ہے۔ بہت قلیل طور پر مصنوعات میں بھی آیا ہے جیسے سفينة و سفين ،

الفاظ کے معانی: سَفَرْجَل: بہی ،ایک پھل۔ جَحْمَرِش: بوڑھی عورت۔ طَلح: کیلا۔ ببول کا درخت، کھجور کا شگوفہ۔ نَخل: کھجور کا درخت۔ نَمل: چیونٹی۔ أکَمَة: ٹیلہ، پہاڑی۔ سِدْرة: بیر کا درخت۔ سَمُرَة: ببول کا درخت۔ هُدُبة: کپڑے کا جھور۔ رُطَبة: پکی تازہ کھجور۔ بهمة: گائے، بھیڑ، بکری کے بچے۔ حلقة: دائرہ، چھلا۔ حلفاء: ایک نوکیلی بوٹی، طرفاء: جھاؤ کا درخت۔ بُهمى: ایک پودہ۔ سفينة: کشتی۔

لبنة و لَبِن، قَلَنسُوة و قَلَنْس، بُرَة و بُرَى۔

❁ کچھ الفاظ ایسے ہیں جو تا کے ساتھ ہوں تو جمع کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور تا سے خالی ہوں تو مفرد کے لیے آتے ہیں جیسے کَمْأَة و کَمْءٌ، جَبْأَة و جَبْءٌ. سیبویہ نے کہا: کمأة، کمءٌ کی جمع نہیں بلکہ اسم جمع ہے اس لیے کہ فَعْل کی جمع فَعْلة کے وزن پر نہیں آتی۔

❁ کچھ الفاظ وہ ہیں جو واحد کے وزن پر ہوتے ہیں مگر جمع کے معنی رکھتے ہیں، ایک اور دو پر ان کا اطلاق نہیں ہوتا۔ یہ دو قسم کے ہیں (۱) جن کے لفظ سے کوئی مفرد نہ آیا جیسے اِبل، غَنَم، خَیْل، نَفَر، رَهْط، قَوم، یہ جمع نہیں بلکہ بالاتفاق اسم جمع ہیں۔ (۲) جن کے لفظ سے کوئی مفرد آیا ہے جیسے رَکْب، حَلَق، جامِل، سَراة، فُرْهَة، غَزِیٌّ، تُؤام، انھیں بعض نحاۃ نے جمع کہا ہے مگر صحیح یہ ہے کہ یہ جمع نہیں بلکہ اسم جمع ہیں۔

جموع شاذّۃ: جیسے اَراهط، اَباطیل، اَحادیث، اعاریض، اقاطیع، اهالی، لیالی، حمیر، اَمکُن۔

یہ سب لفظاً ومعنیً جمع ہیں اور ان کا واحد بھی ان کے لفظ سے آیا ہے مگر اُس لفظ واحد کی جو جمع قیاسًا ہونی چاہیے اُس کے برخلاف یہ جمعیں آئی ہیں۔ مثلا اَراهِط کا واحد رَهْط ہے، رَهْط کی جمع اَرْهُط ہونا چاہیے۔ اَباطیل کا واحد باطل ہے اس کی جمع بواطل ہونا چاہیے احادیث کا واحد حدیث ہے اس کی جمع حُدُث یا حُدْثان ہونا چاہیے۔ ہاں اُحْدُوْثَـةٌ کی جمع احادیث موافق قیاس ہے۔ اَعاریض کا واحد عَروض ہے۔ قیاسًا اس کی جمع عرائض ہونا چاہیے۔ اقاطیع کا واحد قطیع ہے اس کی جمع قُطُع یا قُطْعان ہونا چاہیے۔ اهالی کا واحد اَهْل ہے اس کی جمع آهُل یا اِهال ہونا چاہیے۔ لیالی کا واحد لیل اور اَراضی کا واحد ارض ہے۔ حمیر کا واحد حمار، امکن کا واحد مکان ہے۔

جمع الجمع: کبھی جمع کی جمع لائی جاتی ہے۔ جمع تکسیر جیسے اَکالب، اَناعیم، جمائل۔ جمع تصحیح جیسے جِمالات، کلابات، حُمُرات، بُیوتات، جُزُرات۔

جمع کی جمع لانا کوئی امر قیاسی عام نہیں بلکہ جن الفاظ میں مسموع ہے انہی پر اکتفا ہوگا۔

❁❁❁❁❁❁

الفاظ کے معانی: لَبِنة: کچی اینٹ۔ قلنسوة: ٹوپی۔ کمأة: ایک پودہ جسے شحم الأرض بھی کہتے ہیں، ہندی میں، سانپ کی چھتری بولتے ہیں۔ جبأة: سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری۔ رکب: سوراوں کی جماعت۔ جامل: اونٹوں کی جماعت۔ سَرَاة: معزز، سردار لوگ۔ فرهة: تیز چست لوگ۔ غَزِیّ: جنگ جو، لڑنے والے۔ تُؤام: جڑواں بچے۔ رهط: آدمی کی قوم اور قبیلہ، صرف مردوں پر مشتمل تین سے دس تک کی جماعت۔ اعاریض، واحدہ عروض: مصرع اول کا آخری رکن۔ اقاطیع: واحدہ قطیع: بکریوں چوپایوں کا ریوڑ، گلہ۔ اَکالِب جمعُ اکلب، واحدہ کلب: کتا۔ اناعیم جمع انعام، واحدہ نعم: اونٹ گائے بکری۔ جمائل جمع جِمالَة، واحدہ جمل: اونٹ۔ جِمالات جمع جِمال، واحدہ جمل: اونٹ۔ حُمُرات جمع حُمُر، واحدہ حمار: گدھا۔ جُزرات جمع جُزُر واحدہ جزور: ذبح کیا ہوا اونٹ۔

فہرست مضامین قواعد الصرف ۔ دوم

Scanned with CamScanner